خطوط ماجدی

www.KitaboSunnat.com

مولانا عبدالماجد دریابادی

www.KitaboSunnat.com

ادارہ
تصنیف و تحقیق
پاکستان
۸۶-۱۸۰ کراچی ۳۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

خطوطِ ماجدی

مولانا عبدالماجد دریابادی

www.KitaboSunnat.com

ادارہ
تصنیف وتحقیق
پاکستان ۱۸۰۸۶ کراچی ۳۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2206

جملہ حقوق محفوظ

مجموعہ : خطوط ماجدی

مصنف : مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم

مرتب : ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری

ناشر : ادارہ تصنیف وتحقیق پاکستان
علی گڑھ کالونی ۔ کراچی ۴۱

مطبع : المخزن پرنٹرز ۔ پاکستان چوک ۔ کراچی

اشاعت اول : فروری ۱۹۸۶ء

تعداد اشاعت : پانچ سو

قیمت :

ملنے کے پتے

مکتبہ شاہد علی گڑھ کالونی ۔ کراچی ۴۱

معیار ادب ۵/۱۲۶، ۵ ۔ ڈی ۔ نیو کراچی

سنی پبلی کیشنز الوہاب مارکیٹ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

پاک اکیڈمی، مسجد باب الاسلام بالمقابل آرام باغ کراچی

اور

[illegible] ہمالیہ، تار[illegible]ٹرل پاکستان چوک کراچی

LIBRARY
Lahore Islamic University
Book No. 000161
1 Babar Block, Garden Town, Lahore

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

به تقریب

صد سالہ یوم پیدائش

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ

وطن آبائی

دہلی مرحوم (پنڈت کا کوچہ)

سلامٌ علی نجد، ومن حلّ بالنجد

وطن مادری: مدینہ طیبہ

دارم دلے گرداں کہ من قبلہ نمائی خوانمش
رو سوئے ابروش کند ہر چند می گردانمش

ولادتِ باسعادت

ذوالحجہ ۱۳۰۵ھ مطابق اگست ۱۸۸۸ء

بمقام مکہ معظمہ زاد اللہ شرفا وکرامۃ، محلہ قدوۃ، متصل باب السلام

بوادٍ غیر ذی زرع عند بیتک المحرم

وفاتِ حسرت آیات

۲ شعبان المعظم ۱۳۷۷ھ مطابق ۲۲ فروری ۱۹۵۸ء بروز ہفتہ

به مقام دهلی (دارالحکومت ہند)

آزاد نیشنل کمیٹی، پاکستان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹-بے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
نمبر 06116

فہرست

مقدمہ — ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری

خطوط

مولانا غلام رسول مہر	۲۲	عبدالرؤف عباسی	۷۱
ایک مظلوم بیوہ اور اس کا بھائی	۲۶	محمد مقتدا خاں شیروانی	۷۳
خواجہ حسن نظامی	۳۷	جعفر علی خاں اثر لکھنوی	۷۹
مولانا اشرف علی تھانوی	۳۸	ڈاکٹر محمد حسن	۸۶
شوکت تھانوی	۴۰	شاہد احمد دہلوی	۸۷
ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی	۴۲	حکیم محمد زمان حسینی	۸۸
مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی	۴۶	خواجہ محمد شفیع	۹۰
ڈاکٹر مختار الدین احمد	۴۹	مفتی محمد رضا انصاری	۹۵
عبدالعزیز کمال	۵۱	شیخ ممتاز حسین جونپوری	۹۸
غلام یزدانی	۵۴	خلیل الرحمن اعظمی	۹۸
میکش بدایونی	۵۴	حکیم بنیاد علی	۹۹
صادق الخیری	۵۵	نادم سیتاپوری	۹۹
مسعود حسن رضوی ادیب	۵۶	ڈاکٹر آفتاب احمد ردولوی	۱۱۴
سید آل عبا مارہروی آوارہ	۶۸	سید علی عباس حسینی	۱۱۵
مولانا صبغت اللہ شہید انصاری	۶۸	شیخ قدیر الزماں	۱۱۷
وارث کامل	۷۱	ڈاکٹر یوسف حسین خان	۱۱۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر عبدالوہاب بخاری ۱۱۹
بابائے اردو مولوی عبدالحق ۱۲۰
احمد جمال پاشا ۱۲۲
صدر مجلس استقبالیہ اردو کانفرنس ۱۲۲
مولانا جمال الدین عبدالوہاب فرنگی محلی (جمال میاں) ۱۲۳
بیگم چودھری الطاف حسین ۱۲۳
خفائی ۱۲۵
سید مصباح الدین ۱۲۵
حمید نظامی ۱۲۵
صدق جائسی ۱۲۷
ایڈیٹر رہنمائے دکن ۱۲۹
غلام محمد ۱۳۰
مولانا شاہ وصی اللہ ۱۳۱
ظفر الحسن نشاط ۱۳۲
ڈاکٹر رام کرشن راؤ ۱۳۲
مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ۱۳۳
محمد احسن خاں ۱۳۵
حیات اللہ انصاری ۱۴۰
مولانا شاہ معین الدین ندوی ۱۴۵
ڈاکٹر خورشید احمد ۱۴۶
شان الحق حقی ۱۴۸
ضیاء علی خاں ۱۵۸
فراق گورکھپوری ۱۵۹
پروفیسر احتشام حسین ۱۵۹
علامہ نیاز فتح پوری ۱۶۰
وارث علی شاہ ۱۶۰
مرزا سعید الظفر چغتائی ۱۶۰
قادر جاوید ۱۶۱
ڈاکٹر شجاعت علی سندیلوی ۱۶۲
سید عبدالرحمٰن ۱۶۳
خلیق الرحمٰن قدوائی ۱۶۴
حبیب انصاری ۱۶۴
شیخ نصیر الدین قدوائی ۱۶۴
محمد ہاشم انصاری فرنگی محلی ۱۶۵
ڈاکٹر شوکت سبزواری ۱۶۵
رئیس احمد جعفری ندوی ۱۶۶
زوار حسین زیدی ۱۶۶
مولانا عبدالرؤف جھنڈے نگری ۱۶۷
مولانا امین احسن اصلاحی ۱۶۷
پنڈت آنند نرائن ملا ۱۶۹
ڈاکٹر سید معین الرحمٰن ۱۷۰
قاضی محمد اطہر مبارک پوری ۱۷۲
سید صباح الدین عبدالرحمٰن ۱۷۴
حبیب احمد صدیقی ۱۷۴
شاہ غلام حسنین ۱۷۵
فرحت انوار ۱۷۶
نامعلوم ۱۷۶
عبدالصمد ۱۷۷
خواجہ غلام السیدین ۱۷۷
حکم چند نیر ۱۷۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرزا جمیل احمد ایڈووکیٹ ۱۷۸
شفاء الملک حکیم عبداللطیف ۱۸۰
وفا ملک پوری ۱۸۱
سید الطاف علی بریلوی ۱۸۲
مولانا شاہ معراج الحق مچھلی شہری ۱۸۳
شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا ۱۸۳
ڈاکٹر اسرار احمد ۱۸۴
لئیق احمد ۱۸۵
شہباز حسین ۱۸۵
نند کشور وکرم ۱۸۶
مہذب لکھنوی ۱۸۶
محمد طفیل ۱۸۷
عبیداللہ ۱۸۸
سید ظہور الاسلام ندوی ۱۸۸
عشرت علی صدیقی ۱۸۹
حکیم عبدالحمید ۱۹۱
عبداللطیف اعظمی ۱۹۱
مولانا اسدالقادری ۱۹۶
پروفیسر عبدالقوی دیسنوی ۱۹۶
مالک رام ۱۹۷
عثمان احمد ۱۹۸
ضیاء احمد بدایونی ۱۹۹
میکش اکبر آبادی ۲۰۱
حاجی اصطفاخاں ۲۰۲
قاری محمد طیب قاسمی دیوبندی ۲۰۳
طاہر محسن کاکوروی ۲۰۵
شورش کاشمیری ۲۰۸
پروفیسر عطاء اللہ ۲۲۱
نیپالی ۲۲۱
پروفیسر آل احمد سرور ۲۲۲
جوش ملیح آبادی ۲۲۵
شمس تبریز خاں ۲۳۰
ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری ۲۳۲
پروفیسر محمد اشرف خاں ۲۴۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیغامات

مولانا ابوالکلام آزاد	۲۴۵
حکیم محمد اجمل خاں	۲۴۶
پروفیسر احتشام حسین	۲۴۶
مولانا احسن مارہروی	۲۴۷
آفق لکھنوی	۲۴۸
اکبر الہ آبادی	۲۴۹
امجد حیدر آبادی	۲۵۰
بابائے اردو مولوی عبدالحق	۲۵۱
جگر مرادآبادی	۲۵۳
مولانا حسرت موہانی	۲۵۴
خواجہ حسن نظامی	۲۵۵
حفیظ جالندھری	۲۵۶
رفیع احمد قدوائی	۲۵۷
ڈاکٹر محی الدین زور	۲۵۷
سید سلیمان ندوی	۲۵۸
علامہ شبلی نعمانی	۲۵۹
قاضی عبدالغفار	۲۶۰
علی عباس حسینی	۲۶۰
اسد اللہ خاں غالب	۲۶۱
تلوک چند محروم	۲۶۱
محسن کاکوروی	۲۶۲
منور لکھنوی	۲۶۳
میر تقی میر	۲۶۳
نیاز فتح پوری	۲۶۴
وزیر لکھنوی	۲۶۴

عذر: اس مجموعے میں ہر مکتوب الیہ کے پہلے خط کی تاریخِ تحریر کو بنیاد بنا کر ترتیب قائم کی گئی تھی۔ لیکن کاپی جوڑتے ہوئے بعض سیٹ آگے پیچھے ہو جانے کی وجہ سے پیشِ نظر ترتیب قائم نہ رہ سکی۔ (شاہجہانپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمہ

(۱)

۱۸۹۲ء میں دریاباد، ضلع بارہ بنکی (اودھ) کے شیخ زادوں کے خاندان اور عبدالقادر ڈپٹی کلکٹر کے گھر میں ایک بچہ پیدا ہوا تو کون کہہ سکتا تھا کہ یہ بچہ جب اپنی عمر طبعی کو پہنچ کر اس دنیا سے رخصت ہوگا تو اپنے وقت کا نامور ادیب، صاحب طرز انشاپرداز اور بے باک صحافی ہوگا۔ اس وقت جب کہ مولانا سیتاپور میں زیر تعلیم تھے اور میٹرک کے امتحان میں بھی ابھی کئی سال باقی تھے ڈراموں میں حصہ لیتے تھے اس وقت جن لوگوں نے انھیں دیکھا تھا، انھیں کیوں کر خیال آسکتا تھا کہ یہ لڑکا ایک دن قومی تحریکات میں حصہ لے گا اور سیاسی زندگی کے ابتلا اور آزمایشوں سے بھی گزرے گا اور برٹش استعمار اس کی تیکھی چتون سے لرز اٹھے گا۔ اور کون شخص یہ گمان کرسکتا تھا کہ وہ نوجوان جس کی پوری تربیت دینی ماحول میں ہوئی تھی اور جس کی ننھیال اور ددھیال کی خواتین و مرد اپنی دین داری اور تقویٰ کی وجہ سے معروف تھے، اپنے عہد شباب میں کفر و الحاد میں معروف ہوگا اور پھر ایک وقت آئے گا کہ وہ بلند پایہ مفسر قرآن ہوگا! لیکن زمانہ عجائبات سے کبھی خالی نہیں رہا۔ یہ اعجوبہ شخصیت بھی ہماری آنکھوں نے دیکھی جو اپنے انھیں خصائص کی بنا پر زندگی کی مختلف مجلسوں میں لوگوں کی نظر توجہ کا مرکز رہی ہے۔ جو اپنی آزاد خیالی اور عقلیت پرستی کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی تنقید سے باز نہ آیا تھا اور کسی بزرگ کی نصیحت کو درخور اعتنا نہ سمجھتا تھا، اس کے نزدیک وقت کے ایک شیخ طریقت سے 'نسبت و ارادت' دنیا کی سب سے بڑی سعادت ٹھہری۔ یہ جامع جہات اور جامع حیثیات شخصیت مولانا عبدالماجد دریابادی کی تھی۔

مولانا دریابادی کی شخصیت دریاباد کے دو علمی خاندانوں کا مجمع البحرین تھی۔ یہ دونوں خاندان جو ان کی ننھیال اور ددھیال کے خاندان تھے جو علمی، دینی اور تہذیبی روایات کے حامل تھے۔ اگر ایک دور کو جسے ہم زندگی کا اضطراری دور کہہ سکتے ہیں، نظر انداز کر دیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ ان کی شخصیت کی تعمیر میں ان دونوں خاندانوں کی بہترین علمی اور دینی روایات نے حصہ لیا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے دادا مفتی مظہر کرم مشاہیر علما، بزرگان دین اور مجاہدین آزادی میں سے گزرے ہیں۔ لکھنؤ کے علما کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔ تحصیل علمی سے فراغت کے بعد انگریزی ملازمت اختیار کر لی۔ جہاد آزادی ۱۸۵۷ء کے دوران میں وہ شاہجہان پور (یوپی) میں سر رشتہ دار عدالت تھے اس لیے شاہجہان پور میں تحریک آزادی کو پروان چڑھانے میں ان کا خاص حصہ رہا۔ تحریک آزادی میں ناکامی کے بعد گرفتار ہوئے اور سات سال کے لیے انھیں جزیرۂ انڈمان بھیج دیا گیا۔ لیکن ان کی علمی قابلیت اور خدمت کی بنا پر جلد ہی رہائی مل گئی۔ مولانا دریابادی کے ددھیالی بزرگوں میں کئی اور نامور شخصیتیں گزری ہیں۔

ان کی ننھیال بھی ایک علمی خانوادہ تھی۔ ان کے نانا اور ایک بزرگ حکیم عبدالعزیز دریابادی کا ان کے زمانے کے نامور اطبا میں شمار ہوتا تھا۔ حکیم عبدالعزیز تو ملی خدمت گزاروں کی اس جماعت سے تعلق رکھتے تھے جنھوں نے ندوۃ العلماء لکھنؤ کے قیام میں کوشش کی تھی۔

مولانا دریابادی کے والد مولوی عبدالقادر بھی بڑے نیک بزرگ تھے۔ شروع ہی سے سرکاری ملازمت میں تھے۔ اپنی محنت، دیانت داری، انسانیت اور خدمت خلق کی خوبیوں کی بنا پر بلاتفریق مذہب ہندوؤں اور مسلمانوں میں عزت و احترام کی نظروں سے دیکھے جاتے تھے۔ ترقی کر کے ڈپٹی کلکٹر کے عہدے تک پہنچ گئے تھے۔ آخر عمر میں حج کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ مکہ معظمہ میں انتقال فرمایا۔ مولوی عبدالقادر کے دو بیٹے تھے۔ بڑے کا نام عبدالمجید تھا۔ انھوں نے تحصیل علمی کے بعد سرکاری ملازمت کر لی اور ڈپٹی کلکٹر کے عہدے تک پہنچے۔ ۱۹۶۰ء میں انتقال ہوا۔ چھوٹے بیٹے کا نام عبدالماجد تھا جو اپنی جوانی میں فلسفی عبدالماجد کے نام سے اور پھر مولانا عبدالماجد دریابادی کے نام سے مشہور ہوئے۔

شیخ زادوں کا یہ خاندان جس میں مولانا دریابادی کی ولادت ہوئی بارہ بنکی کا وہی خاندان ہے جو قدوائی خاندان کے عرف سے مشہور ہے۔ ان کی ابتدائی اردو اور فارسی کی تعلیم گھر پر ہوئی۔ مرزا محمد ذکی اور مولوی عظمت اللہ فرنگی محلی سے عربی زبان کی تحصیل بھی کی تھی لیکن تکمیل نہیں کی۔ اردو اور فارسی کی مبادیات سے گزرنے کے بعد انھیں اسکول میں داخل کرا دیا گیا۔ ۱۹۰۸ء میں سیتاپور سے جہاں ان کے والد بسلسلۂ ملازمت مقیم تھے، میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ میٹرک کرنے کے بعد وہ لکھنؤ آ گئے اور کیننگ کالج سے بی اے پاس کیا۔ ایم۔ اے کے لیے علی گڑھ تشریف لے گئے۔ داخلہ لیا کچھ دنوں قیام کیا لیکن حالات نے مساعدت نہ کی اس لیے واپس آ گئے اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مزید تعلیم کا خیال ترک کر دیا۔ کالج میں فلسفہ ان کا خاص مضمون تھا۔ فلسفے کے مطالعے اور انہماک نے ان کی مذہبی زندگی کی عمارت مسمار کر دی۔ وہ اپنی عقلیت پسندی اور فلسفے کے سامنے مذہبی تعلیمات، دینی عقائد حتیٰ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو بھی خاطر میں نہ لاتے تھے۔ ان کی کتاب "سائی کلوجی آف لیڈرشپ" شائع ہوئی تو اس میں ان کی آزاد خیالی اور بے باکی زبان وقلم حد سے تجاوز کر چکی تھی۔ مولانا محمد علی نے اس پر لکھا کہ "آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو باتیں لکھی ہیں ان میں اس چیز کا خیال رکھنا ضروری تھا کہ اتنے کروڑ مسلمان جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا آقا مانتے ہیں تو کوئی بات تو آپ میں ضرور ہوگی۔ پھر بحیثیت انسان کے آپ کو کئی کروڑ مسلمانوں کے جذبات کا احترام کرنا تھا۔" مذہب کے باب میں ان کی سنجیدگی اور جذبات کی شدت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ انٹرمیڈیٹ کے امتحان کا فارم پُر کرتے وقت مذہب کا خانہ خالی چھوڑ دیا تھا۔ اپنے آپ کو مسلمان کہلوانا گوارا نہ کیا۔ منافقت انھیں پسند نہ تھی۔

مطالعہ کا شوق مولانا دریابادی کو بچپن ہی سے تھا اور بقول خود ان کو جو کچھ اہم علم ملا پڑھ ڈالا۔ ایک ادیب کی حیثیت سے ان کی شخصیت کی اٹھان نہایت شاندار تھی بقول مولانا سعید احمد اکبرآبادی "مولانا کی تصنیفی زندگی کا آغاز ایک فلسفی اور اردو شعر وادب کے ایک نقاد کی حیثیت سے ہوا مطالعہ کے دھنی اور رسیا، نظر میں وسعت اور ذہانت وفطانت خداداد، اس زمانے کے باکمال ارباب قلم کی صحبت ومعیت، پھر سب سے بڑی بات یہ کہ انشاء وتحریر کا ایک منفرد اسلوب ان سب چیزوں نے مل جل کر عنفوان شباب ہی میں اردو زبان کا ایک ممتاز ادیب اور مصنف بنا دیا۔" ادبی زندگی کا آغاز تو بارہ سال کی عمر میں ہو گیا تھا جب وہ ساتویں جماعت کے طالب علم تھے پہلا مضمون "اودھ اخبار" (لکھنؤ) میں چھپا تھا، نویں جماعت میں تھے جب ایک یونانی ڈرامہ کا اردو میں ترجمہ کیا لیکن باقاعدہ ادبی زندگی کا آغاز قیام لکھنؤ کے زمانے سے ہوتا ہے مطالعہ کے شوق اور اہل علم کی صحبت نے ان کے ادبی ذوق کو چمکا دیا تھا۔ لکھنؤ اہل علم وادب کا مرکز تھا، صبح وشام ان سے ملنا جلنا تھا، رات دن بحث ومباحثے تھے، دار العلوم ندوہ کے اصحاب درس وتدریس خصوصاً علامہ شبلی سے تعلقات تھے، فرنگی محل کے مولانا عبد الباری کے ہاں آنا جانا تھا، اکبر الہ آبادی سے تعارف تھا، مولانا محمد علی اور شوکت علی سے بھی تعلقات تھے۔ ان کے علاوہ مرزا ہادی رسوا، عبد الحلیم شرر، آثر لکھنوی، عزیز لکھنوی، مرزا عسکری،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امیر احمد علوی وغیرہ سے قریبی روابط اور ان کی محفلوں میں آنا جانا تھا۔ مشہور فلسفی ظفر حسین توان کے کالج کے ساتھیوں میں سے تھے۔ ابوالکلام آزاد، سید سلیمان ندوی، عبدالسلام ندوی، عبدالباری ندوی سے برابر کے دوستانہ روابط تھے اور صبح و شام کا ملنا جلنا تھا۔ ان صحبتوں نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ پڑھنے اور لکھنے کا عمل ساتھ ساتھ جاری رہا۔ ان علمی صحبتوں میں ان کی زبان منجھ گئی اور اعتماد پیدا ہو گیا۔ یہ اعتماد انھیں اپنے مطالعے پر بھی تھا، اپنی رائے اور فکر پر بھی تھا اور اپنی زبان اور قلم پر بھی طبیعت کی تیزی نے قلم میں بھی جولانیاں بھر دی تھیں، وہ اپنے وقت کے بڑے بڑے اہل قلم کو بھی خاطر میں نہ لاتے تھے۔ شبلی کی الکلام چھپی تو الناظر میں کئی قسطوں میں اس پر ایک زبردست تنقید لکھی۔ ادھر شبلی مرحوم کی علمی صحبتوں میں شریک تھے۔ اخبار میں تنقید چھپ رہی تھی۔ تنقید پر صاحب تحریر کے نام کی جگہ چونکہ "ایک طالب" چھپتا تھا اس لیے ایک مدت تک کسی کو پتا نہ چل سکا کہ یہ طالب علم کون ہے۔ شبہ ہوا تو مولوی عبدالحق کی طرف جو بعد میں بابائے اردو کے لقب سے ملقب و مشہور ہوئے۔

مولانا دریابادی کی زندگی کا یہ جذباتی دور تھا۔ جن بزرگوں اور دوستوں سے تعلقات تھے انھیں دریابادی کی یہ آزاد خیالی پسند نہ تھی، قلق تھا کہ ذہانت برباد اور صلاحیتیں رائیگاں جا رہی ہیں۔ لیکن مقصد چوں کہ اصلاح تھا اس لیے انقطاع تعلقات کی نوبت نہ آتی تھی۔ یقین تھا کہ بچپن کی تعلیم و تربیت اور ابتدائی دینی ماحول کا اثر اپنا رنگ ضرور دکھائے گا۔ ہر بزرگ نصیحت و وعظ کے بہترین موقع کی تلاش میں تھا۔ بہر حال وہ دورِ سعادت بھی آ گیا۔ اس میں سب سے بڑا حصہ تو ان کی فطرت کی سعادت اور قلب کی سلامتی کا تھا۔ ظاہری اسباب میں شبلی نعمانی کی سیرت النبی اور قرآن مجید کے انگریزی ترجمے کا حصہ تھا۔ اب تک سیرت کی جو کتابیں ان کے مطالعے میں آئی تھیں ان کا اسلوب و معیار مولانا کی عقل اور انداز فکر کو مطمئن نہ کر سکا تھا۔ سیرت النبی اسلوب و معیار کا ایک شاہکار تھی اس نے مولانا کے دماغ کو آسودہ کیا اور دماغ سے اس کا اثر دل نے قبول کیا۔ حضرت اکبر اور محمد علی کے نصائح نے اپنا رنگ دکھایا مولانا محمد علی نے انھیں لکھا کہ تم عربی کے طالب علم رہے ہو، قرآن مجید کو الہامی کتاب سمجھ کر نہ سہی عربی ادب کی بہترین کتاب سمجھ کر پڑھو۔ زبان و ادب سے تمہیں دلچسپی بھی ہے۔ حضرت اکبر الہ آبادی نے بھی انھیں اسی قسم کی بات لکھی کہ تم قرآن کو اللہ کی کتاب نہیں مانتے اس لیے اس کے آداب تلاوت کے بھی تم مکلف نہیں ہو سکتے اس لیے اگر کسی وقت بے وضو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی تم اس ادب کے شاہکار اور انقلاب آفریں کتاب کو بیٹھے یا لیٹے ہوئے پڑھ لیا کرو تو اس میں مضائقہ نہیں۔ کیا ہی اچھے ہمارے بزرگ تھے اور کتنا دل پذیر ان کا اسلوب وعظ تھا۔ جدید کے بانیوں سے اگر ان کا سابقہ پڑتا تو پہلے ان کے خلاف کفر کا فتویٰ صادر ہوتا پھر مناظرے کی دعوت دی جاتی اور پھر مباہلہ کا چیلنج دیا جاتا۔

فلسفہ اور تصوف کا قریبی تعلق ہے۔ تصوف بھی ایک فلسفہ ہی تو ہے۔ فلسفہ کے ذوق و انہماک نے انھیں تصوف اور روحانیت کی طرف متوجہ کیا۔ رفتہ رفتہ مولانا کو دماغ کے ساتھ دل اور عقل کے ساتھ جذبات کی اہمیت کا اندازہ بھی ہو گیا۔ تصوف و روحانیت کے ذوق نے اصحاب دل کی صحبتوں کی طرف متوجہ کیا اور بالآخر ایک دن حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ سے بیعت کا رشتہ قائم ہو گیا۔

ان کے شیخ طریقت یہی بزرگ تھے لیکن انھوں نے روحانی فیض وقت کے ایک دوسرے شیخ مولانا اشرف علی تھانویؒ سے اٹھایا لیکن محبت انھوں نے مولانا محمد علی اور اکبر الہ آبادی سے بھی اسی طرح کی جس طرح ایک مرید اپنے پیر و مرشد سے کرتا ہے۔ چنانچہ "اکبر نامہ یا اکبر میری نظر میں" اور "مکاتیب اکبر"، "محمد علی: ذاتی ڈائری" (دو حصوں میں) اور "حکیم الامت: نقوش و تاثرات" ان کی بلند پایہ ادبی تصانیف اور ان اکابر کو ان کا خراج عقیدت ہے۔

صحافی کی حیثیت سے مولانا کا مقام بہت بلند تھا۔ مولانا آزاد، محمد علی، ظفر علی خاں، مولانا غلام رسول مہر، صحافیوں کے اس طبقہ علیا سے تعلق رکھتے ہیں جنھوں نے صحافت سے علم اور ادب کا رشتہ قائم کیا اس سلسلے کی آخری کڑی مولانا دریابادی تھے۔ ۱۹۲۵ء میں "سچ" کے اجرا سے ان کی صحافیانہ زندگی کا باقاعدہ آغاز ہوا تھا، "سچ" کے بعد "صدق" کے نام سے اخبار جاری کیا، تقسیم ملک کے بعد اس کا نام بدل کر انھوں نے "صدق جدید" کر دیا تھا۔ اور زندگی کے آخری دنوں تک اس سے ان کا مدیرانہ تعلق رہا۔ اور ان کے رشحات فکر و قلم سے "صدق جدید" کے صفحات مزین ہوتے رہے ہے۔

روزنامہ "حقیقت" لکھنؤ کے اجرا میں ان کی مساعی کا حصہ تھا۔ ۱۹۲۰ء میں وہ چند ماہ تک مولانا محمد علی کے ہمدرد دہلی سے بھی وابستہ رہ چکے تھے۔ ہندوستان کے مشہور علمی رسالہ "معارف" اعظم گڑھ کی مجلس ادارت میں تو وہ ہمیشہ رہے لیکن مولانا سید سلیمان ندوی کی غیر حاضری کے زمانے میں اس کی پوری ادارتی ذمہ داریاں بھی ان پر تھیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا حیوانات قرآنی" اور "ارض القرآن یا جغرافیہ قرآنی" ان کی دو اور تصانیف قرآن سے ان کے کمالِ ذوق و شغف کو ظاہر کرتی ہیں۔ لیکن ان کی معرکہ آرا تالیف "تفسیر ماجدی" ہے مولانا کی تفسیر کو جدید تعلیم یافتہ طبقے کے لیے نہایت مفید قرار دیا گیا ہے۔ مولانا دریا بادی چونکہ خود تشکیک و الحاد کے دور سے گزر چکے ہیں اس بے راہ روی میں سب سے بڑا حصہ جدید تعلیم، فلسفیانہ اندازِ فکر اور مجرد عقلیت پرستی کا تھا اس لیے جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کی نفسیات کا ان سے بہتر تناقض کون ہو سکتا تھا۔ مولانا نے اپنی تفسیر میں جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کے دل کے چوروں کی نشان دہی کی ہے اور ان کا علاج و تدارک بھی پیش کیا ہے، تحقیقی اور تعلیمی نقطۂ نظر سے بھی تفسیر مولانا کا بہت بڑا کارنامہ ہے۔ اس باب میں مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی رائے بہت اہمیت رکھتی ہے وہ لکھتے ہیں۔

> "تفسیر ماجدی کے بعد جن حضرات نے قرآن مجید کی تفسیر یا اس کی تفہیم کے سلسلے میں ان موضوعات پر لکھا ہے اس میں انھوں نے درحقیقت مولانا ہی کی خوشہ چینی کی ہے۔ مولانا کے خامۂ زرنگار سے جو مضمون نکل گیا سدا بہار ہو گیا لیکن علمی، تحقیقی اور ادبی حیثیت سے تفسیر ماجدی مولانا کا وہ عظیم الشان کارنامہ ہے جس کی آب و تاب وقت گزرنے کے ساتھ اور بڑھے گی اور آئندہ نسلیں شکر گزاری کے ساتھ انھیں یاد کریں گی۔"

لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ علم و ادب کا ذوق رکھنے والوں میں مولانا کے جن کمالات اور خصائص نے انھیں مقبول بلکہ محبوب بنایا ہے وہ ان کی ادبی تحریریں ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ شروع میں ان کا ذوق فلسفیانہ رہا۔ فلسفہ سے پیچھا چھوٹا تو مذہبیت نے ان پر قبضہ جما لیا، لیکن مجموعی طور پر ان کا تعلق زندگی بھر صحافت سے رہا۔ انھوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ "خالص ادبی زندگی پہلے بھی نہ تھی اس دور میں فلسفہ غالب تھا اور بعد کو مذہب غالب آ گیا۔ ادبی حیثیت ضمنی اور ثانوی جب بھی رہی اور اب بھی ہے۔" لیکن ان کی خالص ادبی تحریریں بھی ان کی صحافتی اور فلسفیانہ و مذہبی تحریروں سے کم نہیں ہیں۔ یوں تو ان کی ہمہ قسم کی تحریریں اپنا بلند پایہ ادبی معیار رکھتی ہیں لیکن ان کی ادبی تحریریں واقعی اردو ادب کا شاہکار ہیں۔ ان تحریروں میں ان کی زبان، اسلوب اور فکر و انشا کی معجز نمائیاں حدِ کمال کو پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے بے شمار تنقیدی مضامین بھی لکھے اور آخر عمر تک وہ کتابوں پر جو مختصر تعارفی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا دریابادی کو اختصار و ایجاز میں اعجاز کی حد تک کمال حاصل تھا۔ وہ روزمرّہ کی چھوٹی چھوٹی باتوں سے حکمت کے ایسے نکتے پیدا کرتے تھے کہ حیرت ہوتی تھی۔ گرد و پیش کے واقعات پر خواہ سیاسی ہوں، خواہ تہذیبی و معاشرتی وہ چھوٹے چھوٹے جملوں اور روزمرّہ کی زبان اور بول چال کے اسلوب میں نہایت خوب صورتی کے ساتھ فکر انگیز تبصرہ کرتے تھے۔ ان کے طنز کا کوئی جواب نہ تھا ان کی نگاہیں واقعات کے پس منظر اور تحریر و بیان سے دل کے چور کا پتا چلا لیتی تھیں۔ حالات و واقعات پر یہ تبصرے "صدق جدید" میں مستقل طور پر "سچی باتیں" کے عنوان سے صفحۂ اوّل و دوم کی زینت بنتے تھے۔ مولانا کی ان سچی باتوں کی مقبولیت کا دائرہ ہندوستان سے پاکستان تک وسیع تھا۔ پاکستان کے بعض اخبار ہر ہفتے، نہایت پابندی کے ساتھ اپنے صفحات میں انھیں شائع کرتے تھے، ادبی لحاظ سے بھی "سچی باتیں" اردو کے طنزیہ ادب میں خاصے کی چیز شمار کی جاتی ہیں۔

۲۰ویں صدی کے آغاز تک فلسفہ اور نفسیات کے موضوع اور مباحث پر اُردو میں لکھنے والوں کی بڑی کمی تھی۔ مولانا دریابادی کی ذات گرامی کی بدولت یہ کمی بڑی حد تک پوری ہوئی۔ انھوں نے فلسفہ و نفسیات کے موضوع پر کئی کتابیں تصنیف بھی کیں اور متعدد بلند پایہ کتابوں کا ترجمہ بھی کیا۔ چنانچہ فلسفۂ جذبات، فلسفۂ اجتماع، مکالماتِ برکلے، مبادیِ فلسفہ (دو حصے) فلسفہ اور اس کی تعلیم، ہم آپ، کتابیں بہت مشہور ہیں۔ اخلاق و تصوف کے موضوع پر ان کی تصانیف میں تاریخِ اخلاقِ یورپ (دو حصے) تصوفِ اسلام، فیہ ما فیہ (ملفوظات مولانا روم) قابلِ ذکر ہیں۔

جوں جوں مولانا دریابادی کی عمر پختہ ہوتی گئی ان کا ذوق قرآن اور سیرت سے بڑھتا گیا اور اسی ذوق کا نتیجہ تھا کہ انھوں نے قرآن اور سیرت پر بلند پایہ تالیفات اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ سیرت پر ان کی جو معرکہ آرا کتاب ہے فی الحقیقت وہ بھی قرآن سے ان کے ذوق و شغف ہی کا نتیجہ ہے اس کتاب میں انھوں نے سیرت نبوی کو قرآن کی روشنی میں مرتب کیا ہے۔ سیرت نبوی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جو اس میں نہ آگیا ہو اور کوئی بات ایسی نہیں جو انھوں نے قرآن سے اخذ نہ کی ہو۔ اسی طرح "بشریتِ انبیاء علیہم السلام" ان کی ایک مختصر کتاب ہے جس میں قرآن مجید کی روشنی میں حضرات انبیائے کرام کے مرتبۂ بشریت کی تحقیق پیش کی گئی ہے۔ قرآن کی شخصیات پر ایک مفید اور معلومات افزا کتاب "اعلام القرآن یا قرآنی شخصیتیں" ہیں۔ "الحیوانات فی القرآن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ لکھا کرتے تھے وہ تبصرہ نویسی کی نہایت عمدہ مثالیں ہیں۔ وہ چند سطروں میں کتاب کی خوبیوں اور خامیوں کا اظہار کرتے تھے اور یہ جملے ادب و انشا کا شاہکار ہوتے تھے۔ ادب کے یہ شہ پارے ابھی مرتب کرنے کی طرف کسی نے توجہ نہیں کی لیکن جو چیزیں ابھی تک مرتب ہو کر عوام و خواص سے خراج تحسین وصول کر چکی ہیں اور جن کے وجود نے مولانا کی انشا پرداز انہ حیثیت کو مستحکم اور ایک نقاد کی حیثیت سے مولانا کی شخصیت کو تسلیم کرا لیا ہے ان میں سے انشائے ماجد، مضامین ماجد، مقالات ماجد، نشریات ماجد، مثنوی بحر الحجت (از انشا) کی ترتیب اور اس کا مقدمہ وغیرہ خاص طور پر اہمیت رکھتی ہیں۔

مولانا دریابادی کے چونکہ وقت کے تمام مشاہیر اہل علم و ادب سے تعلقات تھے پھر یہ کہ انھوں نے ایک نہایت کامیاب صحافیانہ زندگی گزاری تھی اس لیے انھیں بہت بڑے بڑے لوگوں سے مراسلت کا موقع ملا تھا اور اس طرح ان کے پاس مکاتیب کا بہت بڑا ذخیرہ جمع ہو گیا۔ ان تمام خطوط کی ترتیب و اشاعت کا تو انھیں موقع نہیں ملا لیکن مولانا سید سلیمان ندوی، اکبر الہ آبادی، مولانا شبلی، مولانا محمد علی وغیرہ کے خط انھوں نے کئی مجموعوں میں شائع کر دیے ہیں ان کی دو کتابیں اور جو بہت پسند کی گئیں وہ "سفر حجاز" اور "ڈھائی ہفتہ پاکستان میں" ہیں۔

لکھنؤ کی ادبی صحبتوں کا اثر تھا کہ شاعری کے کوچے میں بھی قدم رکھا۔ اور اگرچہ شاعری میں وہ نہ کامیاب ہوئے نہ شاعر کی حیثیت سے مشہور ہوتے لیکن اس کوچے کے راہ و رسم سے ناواقف بھی نہ تھے۔ شاعری کے شوق کا زمانہ وہ ہے، جب مذہب کی طرف نیا نیا رجحان پیدا ہوا تھا۔ اور قوالی کا ذوق مزاج میں رچ بس رہا تھا چنانچہ قوالی کے طرز پر کچھ کلام کہا۔ مولانا محمد علی کی نعتیہ غزلوں سے بھی متاثر ہوئے اور ان پر تضمین کی۔ کچھ چیزیں قوالوں کی بدولت عوام تک پہنچیں اور خوب واہ واہ ہوئی۔ لیکن مولانا نے بہت جلد محسوس کر لیا کہ قدرت نے انھیں شاعری کے لیے نہیں بلکہ نثر نگاری کے لیے پیدا کیا ہے۔ خود ان کا ادبی ذوق اتنا پاکیزہ اور تنقیدی شعور اتنا بلند تھا کہ خود اپنی نظر میں اپنا کلام نہ جچا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کلام محفوظ بھی نہ رہا ممکن ہے تلاش سے الناظر لکھنؤ اور اس دور کے دوسرے اخبارات و رسائل میں کچھ دستیاب ہو جائے۔ ادبی تحریکیں میں "زود پشیماں" کے نام سے ایک ڈرامہ ۱۹۱۸ء کی یادگار ہے۔ استاد مکرم پروفیسر سید سخی احمد ہاشمی نے مولانا کی تصانیف کی ایک فہرست ۱۹۶۵ء میں مرتب کی تھی اس میں مولانا کی ۴۳ کتابوں کے نام درج ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں بھی مولانا کی کئی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

افسوس کہ اردو کا یہ سپاہی، مسلمانوں کا یہ محسن، اردو ادب کی یہ مایۂ ناز شخصیت، بے مثال ادیب اور انشا پرداز، بلند پایہ صحافی، بہت بڑا مفسر اپنے وطن مالوف دریا باد میں ۶ر جنوری ۱۹۷۷ء کو اس دار فانی سے رخصت ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

(۲)

مولانا دریا بادی کی کئی حیثیتیں تھیں اور وہ اپنی ہر حیثیت میں ایک ممتاز مقام کے مالک تھے وہ ایک صاحبِ نظر فلسفی تھے۔ اگرچہ فلسفے کا ذوق دینی ذوق میں اضافہ کے ساتھ گھٹتا رہا تھا اور دورِ آخر میں تو ان کی فلسفے سے دلچسپی بہت کم ہو گئی تھی۔ وہ بڑے کامیاب صحافی تھے۔ انھوں نے حقیقت، ہمدرد، سچ، صدق اور صدق جدید میں بڑی کامیاب اردو صحافت کے نمونے چھوڑے ہیں آخر الذکر تین کلیتاً انھی کی ملکیت اور انھی کے زیرِ ادارت تھے۔ ان کے شذرات خاص طور پر مشہور تھے اور بڑے ذوق اور دلچسپی کے ساتھ پڑھے جاتے تھے، وقت کی سیاسی، سماجی، ادبی، تعلیمی، تہذیبی مسائل پر ان کے خیالات، ان کا اسلوب خاصے کی چیز ہوتے تھے۔ نئی کتابوں پر ان کی تنقید اور تبصرے، نہ صرف کتاب کے تعارف میں بلکہ اپنے ایجاز، بلاغت، فکر آفرینی اور نکتہ سنجی میں لاجواب ہوتے تھے۔ وہ نہایت مختصر لفظوں میں کتاب کی خوبیوں اور خامیوں کی نشان دہی کر دیتے تھے۔ ان کے رسائل اخبار و معلومات کے لیے نہیں، صرف ان کے شذرات (سچی باتیں) اور نقد و تبصرہ کے لیے پڑھے جاتے تھے۔

مولانا دریا بادی ایک نامور مفسر بھی تھے۔ وہ چونکہ زندگی کے ابتدائی دور میں فلسفہ گزیدہ رہ چکے تھے اور تشکیک و الحاد کی مختلف منزلوں سے گزر کر ایمان و یقین کے لذت آشنا ہوئے تھے اور جدید تعلیم اور افکار و فلسفہ کی ان کمین گاہوں سے بخوبی واقف تھے، جہاں سے چھپ کر، خاموشی سے ایمان و یقین پر حملہ کیا جاتا ہے، جدید نفسیات بھی چونکہ ان کا موضوع رہا تھا، اس لیے انھوں نے اپنی تفسیر میں ان پہلوؤں اور گوشوں کو خاص طور پر نمایاں کیا ہے اور اس چیز نے اردو ادب انگریزی کے تفسیری لٹریچر میں ان کی تفسیر کو نمایاں مقام کا حامل بنا دیا ہے۔

مولانا دریا بادی کی ہر تحریر اگرچہ ادبی خصائص کی حامل ہوتی تھی لیکن خالص ادبی موضوعات پر اور تنقیدی مضامین بھی انھوں نے کچھ کم نہیں لکھے۔ بعض مثنویات بھی تحقیقی تنقیدی شان سے مرتب کیں۔ ان کے شذرات (سچی باتیں) کا ذکر ادب کے خاص شہ پاروں کے ضمن میں ضرور ہونا چاہیے۔ مولانا دریا بادی اردو کے عدیم المثال ادیب اور انشا پرداز تھے۔ زبان پر عبور اور اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باریکیوں پر نظر رکھتے تھے، الفاظ کے جوہر شناس تھے اور اس دور میں رعایت لفظی، مراعاۃ النظیر، حسنِ تعلیل، محاورہ اور روزمرہ اور لکھنوی اسکول کے خاص مختارات، ضلع جگت وغیرہ کے استعمال میں وہ اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔ طنز کے وہ بادشاہ تھے اور ان کی تحریروں میں طنز کی بہترین مثالیں ملتی ہیں۔

ان کی ادبی تحریروں کا بہت بڑا حصہ خطوط کی شکل میں ہے۔ انھوں نے اپنی زندگی میں اپنے بزرگوں، خوردوں اور برابر والوں کو جو خطوط لکھے تھے، ان کی تعداد ہزار کی دھائیوں میں شمار کی جائے گی۔ خطوط کے دو مجموعے چھپ چکے ہیں، تیسرا مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں ان کے بہت سے نئے خطوط بھی شامل ہیں اور ابھی ہزارہا خطوط ان کے ذاتی ذخیرے میں موجود اور اخباروں، رسالوں میں منتشر اور دقت کے اہل علم واصحابِ نظر نے سرمایۂ دل اور حرزِ جاں بنا رکھے ہیں۔

خطوط نگاری میں ان کا ایک خاص اسلوب ہے۔ اس طرز نگارش میں دقت کا کوئی ادیب اور انشا پرداز ان کا شریک نہیں۔ انھوں نے جو خاص اسلوب اور طرز انشا ایجاد کیا تھا وہ ان کے ساتھ اپنا کوئی مقلد چھوڑے بغیر صفحۂ دہر پر نقش ہوگیا۔ ان کا اسلوب اب شاید کوئی اختیار نہ کرسکے گا۔ اس لیے کہ اب نہ کسی میں زبان کا وہ ذوق پایا جاتا ہے، نہ زبان پر نظر و عبور کا وہ عالم ہے، نہ کسی کے علم و مطالعہ میں وہ گہرائی وگیرائی ہے اور اس لیے کہ وہ دور بیت گیا جب مختلف علوم وفنون کی جامع شخصیات پیدا ہوتی تھیں اور وہ سانچے ٹوٹ گئے جن میں اخلاق و تہذیب اور ذوق علمی و ادبی کی جامع صفات و جامع جہات شخصیات ڈھلا کرتی تھیں۔

اردو خطوط نگاری کی تاریخ اور مختلف ادبا و فضلا کے خصائصِ نگارش پر نظر ہو تو اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ مولانا دریابادی اس میدان میں، اپنے خصائص میں منفرد ہیں۔ ان کے خطوط کے جو دو مجموعے مکتوبات ماجدی اور رقعات ماجدی شائع ہوئے ہیں، وہ اپنی خوبیوں میں بے مثال ہیں۔

مکتوباتِ ماجدی، ان کے عزیزوں نے مرتب کیا ہے۔ اس میں ان خطوط کا انتخاب ہے، جو انھوں نے اپنے بزرگوں، دوستوں، عزیزوں اور خوردوں کو لکھے تھے اور جن کی نقول مولانا کے ذخیرۂ علمی میں محفوظ رجسٹروں میں موجود تھیں۔ یہ خطوط بین الدفتین دو حصوں میں ہیں۔ پہلے حصے کا عنوان "دل آویز خطوط" اور دوسرے حصے کا نام "دل دوز خطوط" ہے۔ یہ خطوط تاریخی ترتیب سے مرتب کیے گئے ہیں۔ حصہ اوّل کے خطوط علمی، ادبی، لسانی، مذہبی، تاریخی افکار اور بعض نج کے مسائل سے پُر ہیں۔ ان میں معلومات کے ایسے جواہر ہیں کہ تاریخ ادب وزبان اور مذہبی لٹریچر کے ہزارہا صفحوں کے مطالعے کے بعد بھی، ان میں بہ مشکل بعض تک رسائی ہوسکے گی۔ دوسرے حصے میں جو خطوط

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں وہ عزیزوں، دوستوں، نیازمندوں وغیرہ کو ان کے متعلقین کے انتقال پر یا ان کے متعلقین کو ان میں سے کسی کے انتقال پر لکھے گئے تھے۔ ان دونوں حصوں کے خطوط کے مطالعے سے مولانا کی جو تصویر ذہن میں بنتی ہے، وہ نہایت سنجیدہ، متین، بزرگ، مشفق، ہمدرد، غم گسار اور زیادہ سے زیادہ ایک شائق علم و معلومات اور محقق زبان اور صحتِ الفاظ و محاورہ کے جویا کی ہے۔ حصہ اوّل میں افکار و مسائل کے تنوع کے باوجود سنجیدہ فضا قائم رہتی ہے۔ حصہ دوم میں چونکہ تمام خطوط تعزیتی ہیں، اس لیے ان میں مضمون کی اتنی یکسانیت ہے کہ کسی کے ماں، باپ، بھائی، بیوی، بچے کے انتقال کے چند خطوط پڑھ چکنے کے بعد آگے بڑھتے ہیں تو پڑھے ہوئے کو پڑھنے کا احساس ہوتا ہے۔ دوسروں کے ایسے خطوط کے مقابلے میں ان میں اسلوب کی ندرت بلاشبہ اپنے اندر ایک کشش رکھتی ہے۔

مولانا دریابادی کے خطوط کا دوسرا مجموعہ "رقعاتِ ماجدی" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ اس میں نہ صرف رنگا رنگ افکار ہیں، بلکہ اس میں مولانا کے نفس و اخلاق کی بلندی، ذہن و دماغ کی رنگا رنگی، معاصر شخصیتوں کے بارے میں ان کے آرا اور نفرتوں اور محبتوں کا بھی پتا چلتا ہے۔ اوّل الذکر مجموعے کے خطوط چونکہ ذوقِ مجلس آرائی کی تسکین کے لیے لکھے گئے تھے اور دوسرے مجموعے کے خطوط چونکہ خلوت کے راز و نیاز کی باتوں پر مشتمل ہیں۔ ان میں مخاطب پہ یہ اعتماد جھلکتا ہے کہ وہ ان اسرارِ درونِ پردہ کو افشا نہ کرے گا ایسے خطوط میں بعض ایسی باتیں بھی زبانِ قلم پہ آجاتی ہیں جو یا تو دل کا بھڑاس نکالنے کے لیے ہوتی ہیں یا تفننِ طبع کے طور پہ کبھی زبانِ قلم پہ آجاتی ہیں۔ لیکن ان کے گھٹیا اور غیر ذمہ دارانہ ہونے پر اس کا اپنا دل بھی گواہی دیتا ہے۔ اگر ایسے موقع پہ کوئی سنجیدہ اور نہ بڑا نہ سہی کم از کم برابر کی شخصیت اور مخلص دوست مخاطب ہو اور وہ ٹوک دے کہ یہ بات آپ کے شایانِ شان نہیں، تو وہ خود، نہ صرف خجل ہو جاتے بلکہ مخاطب کا شکرگزار بھی ہوا اور اگر کسی خط یا تحریر میں ہو جو چھپی نہ ہو تو وہ اسے فوراً قلم زد کر دے۔ البتہ کوئی ناآشنائے تہذیب اور مقلدِ محض مخاطب ہو تو اس کی زبان پر بے ساختہ دلہ دا اور سبحان اللہ کی صدا سے تحسین و آفرین آجائے گی۔ ترتیب و تدوین مقصود ہو تو اس پر کوئی تائیدی حاشیہ چڑھا کر اس مرحوم مکتوب نگار کی رسوائی کا سرو سامان خود اپنے ہاتھوں سے محنت اٹھا کر جمع کر دے گا۔

دوسرے مجموعے میں متعدد مضامین ایسے ہیں جو حضرت مولانا دریابادی کی شان، مفسرانہ ثقاہت اور مومنانہ وقار اور سنجیدگی کے خلاف ہیں مناسب ہوتا کہ فاضل مرتب ایسے جملوں کو حذف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر دیتے جیسا کہ مولانا مرحوم کا اپنا شعار تھا فاضل مرتب نے غور نہیں فرمایا اور انھیں جوں کا توں چھاپ دیا۔ بلکہ ان پر حاشیوں میں مضمون کی سنگینی کو اور نمایاں کر دیا۔ لیکن وہ اصحابِ ذوق مولانا دریا بادی کے محققوں، زبان و ادب کے شائقوں اور مشاہیر علم و ادب کے خطوط سے دل چسپی رکھنے والوں کے نزدیک بہت شکریے کے بھی مستحق ٹھیرے ہیں۔ اگر یہ خطوط من و عن شائع نہ ہوتے تو مولانا دریا بادی کے افکار و آرا اور نفس و اخلاق کے مطالعے کا ایک بڑا اور وسیع میدان نظروں کے سامنے نمایاں نہ ہوتا۔ اور ہم یہ معلوم نہ کر سکتے کہ مکتوب نگار کا قلب محبتوں ہی کا نہیں نفرتوں کا بھی خزینہ ہے، ان کی زبان دعاؤں ہی سے نہیں دشنام سے بھی آشنا ہو سکتی ہے، ان کا قلم اپنے خوردوں کے لیے دعاگو کے الفاظ ہی رقم نہیں کرتا اپنے معاصر کے لیے سب و شتم کے نقش و نگار بھی بنا سکتا ہے، کسی بات پر ان کا دماغ ہی مشتعل نہیں ہوتا بلکہ دل میں کدورت بھی جگہ پا سکتی ہے۔ اس مجموعے کے ان خصائص نے ادب میں ان خطوط کی اہمیت اور مکتوب نگار کے تشخص اور افکار و اخلاق کے مطالعے میں ان کی افادیت کو بہت بڑھا دیا ہے۔ اس اعتبار سے مکتوبات ماجدی پر رقعات ماجدی کی فوقیت قائم ہو جاتی ہے۔

اس مجموعے کے بعض خطوط میں سید سلیمان ندوی کی زندگی کے بعض گوشوں، خصوصاً مولانا اشرف علی تھانوی سے بیعت کے بعد ان کے ذوق دینی میں انقلاب اور ان کی علمی زندگی میں جو زوال آیا تھا، بلکہ اس کا جو اندوہناک خاتمہ تھا، اس پر روشنی پڑتی ہے۔ مولانا دریا بادی کی اس بارے میں رائے نہایت قیمتی ہے۔

فاضل مرتب نے اس مجموعے کا نام "رقعات ماجدی" رکھا ہے۔ انھوں نے غور نہیں فرمایا کہ اردو میں "رقعہ" کا ایک خاص مفہوم ہے اور مولانا دریا بادی کے یہ خطوط، خطوط ہیں، رقعات نہیں۔

یہاں میں نے "رقعات ماجدی" کی جس خوبی کی طرف اشارہ کیا ہے، اسے مثالوں سے واضح کرنا مناسب نہیں۔ اس سے لطف اندوز ہونے کے لیے مجموعے ہی کا مطالعہ کرنا چاہیے البتہ اس مجموعے (خطوط ماجدی) میں رقعات ماجدی کا ایک خط بہ طورِ نمونہ شامل کر لیا ہے، اس سے اس گلستان کی بہار کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

اس مجموعے میں کچھ خطوط مکتوبات ماجدی سے اور بیشتر مخطوط اخبارات و رسائل سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع کر کے مرتب کر دیے ہیں، اس کے بعد بھی بے شمار خطوط مختلف مجموعوں، رسالوں وغیرہ میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ان کے لیے ایک اور مجموعۂ مکاتیب کا انتظار کرنا چاہیے۔

اس مجموعے کے خطوط سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس میں نہ مکتوباتِ ماجدی کی طرح سنجیدہ فضا ہے نہ رقعاتِ ماجدی کی طرح صرف خلوت کی باتیں ہیں، بلکہ یہ مجموعہ مولانا دریابادی کی خطوط نگاری کی تمام خوبیوں کا جامع ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خطوط

مولانا غلام رسول مہر (لاہور) (۱)

برادرم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مدرسۃ البنات، مدینہ منورہ کی ایک رپورٹ ارسال خدمت ہے۔ اگر "انقلاب" میں اس کے تذکرہ کے لیے وقت و گنجایش نکل سکے تو میری ممنونیت کے علاوہ مدینہ طیبہ کی بھی ایک خدمت کا اجر حاصل ہو جائے گا۔ والسلام

عبدالماجد دریا باد، ۱۲ اگست ۲۹ء

(۲)

مولانا مہر مرحوم مسلم کانفرنس میں شرکت کے لیے لکھنؤ گئے تھے اور سلیم پور ہاؤس میں ٹھہرے تھے۔ مولانا دریابادی نے "ہاؤس آف لارڈز" اسی کو کہا ہے مولانا ظفر الملک علوی اس زمانے میں قید تھے۔ راجہ صاحب سے مراد راجہ صاحب سلیم پور ہیں۔

برادرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ

اتفاق سے کل صبح سے اپنی ذاتی ضروریات سے میں بھی لکھنؤ آیا ہوا ہوں۔ ابھی محض اتفاقیہ مولوی غلام محمد نعلوی سے معلوم ہوا کہ آپ یہیں رونق افروز ہیں۔ آپ اس وقت تو ماشاء اللہ "ہاؤس آف لارڈز" میں ہیں، وہاں مجھ گمنام و گوشہ نشین کی کہاں گزر اور نہ اب اس قسم کے جلسوں وسوں سے مطلقاً دلچسپی باقی رہی ہے البتہ آپ سے ملنے کو بے اختیار جی چاہتا ہے۔

ایک ایکسپریس ٹرین یہاں سے لاہور کے لیے ۱۰ بجے شب کو چھوٹتی ہے۔ اگر اس میں تشریف لے جانا ہے تو چھ بجے چائے غریب خانہ پر نوش فرمایئے، اگر خدانخواستہ ۲ بجے کے میل ہی سے جانا قطعی ہو تو پھر میں اسٹیشن ہی پر ملاقات کی کوشش کروں۔ "کوشش" اس لیے کہہ رہا ہوں کہ آج دو بجے کا وقت جیل میں ظفر الملک صاحب سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملنے کا مقرر ہوا ہے وہاں سے بروقت واپسی اپنے اختیار کی چیز نہیں۔

یہاں میں دفتر "سچ" میں نہیں بلکہ ایک ذاتی مکان، موسوم بہ "خاتون منزل" (سابق عمارت ندوۃ العلماء) قریب قیصر باغ میں بھانجے میں مقیم ہوں۔ راجہ صاحب کے ہاں کا شوفر اس پتہ سے پہنچا دیں گے بشرطیکہ آپ شام تک ٹھہریں۔ اگر اس میں بھی زحمت ہو تو اس وقت آپ کی رہبری کے لیے میں آدمی بھیج دوں۔

مولانا شبلی مرحوم غزل بہت کم کہتے تھے، ان کی غزل کا شعر اس وقت یاد آ رہا ہے ؎

شبلی کا گھر بھی خانۂ دشمن کے پاس ہے
محشر خرام! اور بھی دو اک قدم سہی !!

والسلام

عبدالماجد دریابادی
۲۹ رجون ۳۰ ء

(۳)

وعلیکم السلام

یورپ ابھی ماہیت خواب کے بارہ میں خود ہی متفق نہیں ہے۔ ان کے اطباء کا ایک بڑا گروہ اس کا قائل ہے کہ حالتِ نوم کی نعیت دماغی کا نام خواب ہے۔ سائیکالوجی کے قدیم ماہرین یہ کہتے تھے کہ حالت نوم میں جس قسم پہنچائی جائے گی انسان پر حاوی ہوں گے۔ انہیں کے مطابق مگر زیادہ مبالغہ آمیز صور و اشکال کے ساتھ مناظر خواب نظر آئیں گے آخری اور اس وقت سب سے زیادہ مقبول نظریہ، آسٹریا کے نامور سائیکالوجسٹ (Trend) کا ہے کہ

"Dream is the fulfilment of suppersssed wish"

یعنی حالت بیداری میں جو خیالات، جذبات و خواہشات شعور (Conciousness) کے سامنے آتے ہوئے خود جھجکتے ہیں، وہ حالت نوم میں شعور خفی (Sub-Conciousness) کے سامنے ابھر آتے ہیں اور یہی خواب ہے۔

اسلام نے کہیں یہ تصریح ماہیت خواب بیان نہیں کی ہے۔ قرآن کے مطالعہ سے تین قسم کے خواب متبادر ہوتے ہیں۔

۱۔ "اضغاث احلام" محض خیالات پریشان، جس طرح بیداری میں اکثر بے سروپا خیالات آتے رہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔ خواب مبنی بر حقیقت یا تعبیر طلب۔ مثلاً شاہ مصر کا خواب، یا یوسفؑ کے رفقائے زندان کا خواب جس شخص کا قلب و نفس جس قدر زائد مطہر و مزکّی ہوگا، اسی قدر ان خوابوں کے معنی سمجھ سکے گا۔

۳۔ انبیاء کا خواب (مثلاً حضرت خلیل اللہ کا اپنے صاحبزادہ کو ذبح کرتے دیکھنا) جو بمنزلہ وحی کے ہوتے ہیں۔ حدیث میں رویائے صادقہ و صالحہ کو اجزاء نبوت میں سے ایک جزو قرار دیا گیا ہے۔ یہ بھی حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص جس قدر زائد راست گو ہوگا، اسی قدر صحیح خواب دیکھے گا۔

میری فہم ناقص میں یہ آتا ہے کہ بعض حقائق غیبی پر، بیداری کی فعلیت حواس ظاہری، پردہ ڈالے رہتی ہے۔ حالتِ نوم میں جب یہ فعلیت حواس رک جاتی ہے اور قلب کو یکسوئی کا موقع ملتا ہے، تو بعض دفعہ وہ حقائق اپنے تئیں بے نقاب کر دیتے ہیں۔ صوفیہ کرام، بجائے خواب کے مراقبہ وغیرہ کے ذریعہ سے یہ کیفیت بالقصد اپنے اوپر طاری کر لیتے ہیں۔ ہپناٹزم و کلیروائنس وغیرہ انہیں کیفیات عالیہ کے نقوشِ سفلیہ ہیں۔ والسلام

عبدالماجد، دریاباد۔ ۱۶ر جون ۳۴ء

(۴)

چوہدری محمد حسین مرحوم نے حضرت علامہ کے مکاتیب کی فراہمی کا انتظام کیا تھا۔ اس سلسلے میں مولانا عبدالماجد کو مہر صاحب نے خط لکھا تھا۔ مولانا نے خطوط بھیج دیے۔ ساتھ ہی فرمایا کہ صاف نقل میرے پاس آجائے تو میں حواشی لکھ دوں گا۔ مشرقی سے مراد علامہ مشرقی ہیں اور اس جھگڑے کی طرف اشارہ ہے جو علامہ مشرقی اور یوپی کی کانگریسی حکومت کے درمیان تقسیم سے پیشتر ہوا تھا۔ "انقلاب" نے اس سلسلے میں مشرقی کی حمایت کی تھی۔

برادرم السلام علیکم

حضرت اقبالؒ کے جو مکاتیب محفوظ رہ گئے، حسب ارشاد حاضر خدمت ہیں۔

چودھری محمد حسین صاحب سے بڑھ کر اہل اس خدمت کا اور کون ہوگا۔ لیکن بہر حال عجلت ہونی چاہیے اب بھی تاخیر بہت زائد ہو چکی ہے۔

ان مکتوبات کی اصل جب مجھے واپس مرحمت ہو، تو بہتر یہ ہوگا کہ ان کی صاف شدہ نقل بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ آئے تاکہ میں جا بجا ان پر حواشی لکھ دوں۔ خطوط کی تلمیحات واشارات تو صرف مکتوب الیہ ہی سمجھنے والے ہوتے ہیں۔ والسلام

عبدالماجد، دریا باد - ۴ر اکتوبر ۳۹ء

کانگریسی حکومت سے مقابلہ ضرور کیا جائے، لیکن اس کے لیے صحیح Issues کی کیا کمی ہے، جو خواہ مخواہ مشرقی ہی کی ہمدردی کا غلط سہارا ڈھونڈا جائے۔ آپ کے اخبار میں قاضی قدوۃ کو عہدِ جہانگیری کا عالم بتایا گیا ہے، قاضیؒ کا زمانہ اس سے بہت قبل کا ہے۔ ہم قدوائیوں کی خاندانی روایات کے بموجب، حضرت قاضیؒ، خواجہ اجمیرؒ کے ہمعصر تھے۔

دریا باد

(۵)

۱۰ر ستمبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

کرم گستر!

السلام علیکم

"نقش آزاد" کے تبصرے اور تذکرے فلاں اور فلاں پرچے میں دیکھ کر صدق کی زبان سے

ع

ہم سے پردہ رہا غیروں سے ملاقات رہی

والسلام دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

دریا باد

(۶)

۱۶ر اگست ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

برادرم و مہر عالم!

وعلیکم السلام

مولانا[1] کے کسی مقالے متعلق "مریم زمانی" کا علم مجھے آج پہلی بار آپ سے ہوا۔ یہ میرے ذہن میں بالکل نہ تھا۔ عزیز کا دیوان "گل کدہ" اسی زمانے میں نکلا۔ مولاناؒ نے اس کے دو لفظوں "مستی" اور "تحریک"، پر گرفت کی تھی کہ ان میں پہلوئے ذم نکلتا ہے (یہ پہلوئے ذم کی بحث خلص لکھنوی مذاق کی تھی) اور حیرت ہے کہ مولانا نے صرف چند ماہ کے قیام لکھنؤ میں ان باریکیوں پر بھی عبور حاصل کر لیا تھا۔ عزیز خود مستند اہل زبان تھے ان غریب کو بھی وہ نکتے نہ سوجھے جو مولانا کو سوجھ گئے تھے۔ بحث میں حصہ معشوق حسن صاحب اطہر ہاپوڑی (شاگرد داغ) اور شاعروں اور ادیبوں نے بھی لیا تھا کچھ مضمون "مخزن" میں نکلے تھے اور کم سے کم ایک مضمون لکھنؤ کے رسالہ

---

[1] مولانا سے مراد مولانا ابوالکلام آزاد ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبحِ اُمید (ایڈیٹر چکبست لکھنوی) میں ادیب کے فرضی نام سے۔
اس رسالہ کی جلدیں لکھنؤ کی جس لائبریری میں ہیں اتفاق سے اس کی اس وقت بورہی ہے اس لیے کتابیں فوراً نہیں نکل سکتی ہیں۔
کراچی کے ابوسلمان[1] صاحب تو ابوالکلامیات کے ماہر ہیں ان سے دریافت فرمایئے میرے خط کا تو شاید جواب نہ دیں معتوب نہ ہوتا تو خود ہی لکھتا۔
مسودہ کی واپسی کا منتظر ہوں۔[2]

والسّلام عبدالماجد

ایک مظلوم بیوہ اور اس کا بھائی

مولانا دریابادی کے یہ خطوط اور الم ناک داستان مولانا دریابادی کی مطلقہ اور مولوی عبدالرحمٰن نگرامی کی بیوہ کی طرف سے "عبدالماجد دریابادی بے نقاب" کے عنوان سے ایک کتابچے کی صورت میں چھاپ دی گئی تھی۔ اس سلسلے کا ایک خط خواجہ حسن نظامی کے نام ہے مولانا عبدالماجد دریابادی کی زندگی کا یہ نہایت اہم اور افسوس ناک واقعہ ہے۔ مولانا نے اور مولانا کے حلقے کے لوگوں نے پوری کوشش سے اس پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی۔ لیکن ایک سیرت نگار اور تحقیق کا ذوق رکھنے والے کے لیے اس واقعے سے آنکھیں بند کرکے گزر جانا ممکن نہ تھا۔ پروفیسر تحسین فراقی کے ذوق تحقیق و تالیفِ سیرت نے اسے ڈھونڈ نکالا۔ آں موصوف کے شکریے کے ساتھ یہاں اسے شامل کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میری شادی تیرہ سال کی عمر میں میرے حقیقی ماموں زاد بھائی مولانا عبدالرحمٰن صاحب ندوی نگرامی مرحوم سے ہوئی تھی۔ شادی کے چھٹے سال مولانا موصوف کا انتقال ہوگیا[1] اس وقت میری عمر ۱۹ سال کی تھی اور میری گود میں دو سال کی ایک بچی بھی تھی جس کا نام آصفہ ہے۔ شوہر کے انتقال کے تقریباً تین سال بعد میرے والدین کو میرے

---

[1] ابوسلمان سے مقصود ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہاں پوری ہیں [2] سید سلیمان ندوی، مولانا آزاد اور الہلال میں ان کے مضامین سے متعلق مہر صاحب نے ایک خط لکھا تھا۔ مولانا دریابادی نے صدق میں شائع کرنے کی اجازت چاہی، مہر صاحب نے وہ خط واپس منگوایا کہ اشاعت کے نقطۂ نظر سے اس پر ایک نظر ڈال لوں۔ اس وقت تک یہ خط (مسودہ) واپس نہ پہنچا تھا۔ پھر جب پہنچا تو اس کی اشاعت مناسب نہ سمجھی گئی۔ [1] ۳ مارچ ۱۹۲۶ء کو نمازِ فجر کے بعد بہرائچ میں انتقال ہوا، جہاں وہ اپنے ایک عزیز کے پاس جو طبیب بھی تھے، علاج کے لیے گئے تھے۔ نعش نگرام لے جائی گئی وہیں تدفین ہوئی انتقال کے وقت عمر کُل ستائیس سال کی تھی۔ مرحوم ندوہ کے ذہین ترین فرزند تھے۔ نیکی اور شرافت کا مجسمہ اور حلقۂ ندوہ کی محبوب شخصیت تھے۔ سید سلیمان ندوی نے یادِ رفتگاں میں اور مولانا دریابادی نے معاصرین میں محبت کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نکاحِ ثانی کی فکر ہوئی۔ مختلف جگہوں سے پیام بھی آتے لیکن کوئی قابلِ اطمینان نہ تھا۔

مولوی عبدالماجد صاحب دریابادی جو بہت سی کتابوں کے مصنف اور اخبار "سچ" کے مالک اور ایڈیٹر ہیں میرے مرحوم شوہر کے بظاہر پکے دوست بنے ہوتے تھے اور مرحوم کے انتقال کے بعد سے ہم لوگوں کے ساتھ ہمدردی اور خلوص کا اظہار کیا کرتے تھے اس لیے ہم لوگ ان کو نہایت نیک خصلت حلیم الطبع اور بزرگ جانتے تھے۔

میری بیوگی کے کچھ عرصے کے بعد مولوی عبدالماجد اور میرے بڑے بھائی منشی حبیب الرحمٰن صاحب کے درمیان میری شادی کی بابت خط و کتابت شروع ہوئی اور انہوں نے میرے عقد ثانی کے لیے سخت سے سخت تقاضا کیا جس کی تفصیل کی اس مختصر [تحریر] میں ضرورت نہیں۔

اس کے بعد عبدالماجد کا ایک خط آیا جس میں انہوں نے لکھا "ڈرتے ڈرتے ایک صاحب کا نام پیش کرتا ہوں، ایک صاحب ایک بیوی رکھتے ہوتے دوسری بیوی کے خواستگار ہیں اگر آپ لوگ منظور کریں تو بہتر ہے۔"

اس وقت میرے والد مرحوم زندہ تھے انہوں نے ایسے رشتے کو کسی طرح گوارا نہ کیا۔

ہمارے یہاں کے انکار پر عبدالماجد نے میرے بھائی کو کئی مرتبہ لکھا کہ اپنی بہن (یعنی مجھ کو) کو میری بیوی سے ملا دیجیے ہم لوگوں سے جو اُن کے تعلقات تھے اس کے موافق یہ کوئی نامناسب بات نہ تھی اور نہ مجھے کچھ شبہ تھا کہ میری تقدیر کچھ اور رنگ لاتے گی۔ میں اپنے چھوٹے بھائی اور بہن کو ہمراہ لے کر لکھنؤ گئی اور ان کی والدہ، بیوی اور بہن سے خاتون منزل میں مل آئی وہاں کسی قسم کی کوئی ایسی گفتگو نہیں ہوئی جس سے مجھے کچھ عبدالماجد کے دل کا حال معلوم ہوتا۔

اُن لوگوں سے ملے ہوتے مجھے مشکل سے دو ہفتے گزرے ہوں گے کہ عبدالماجد کا ایک طول طویل چار صفحے کا خط بھائی صاحب کے نام آیا جس کا خلاصۂ مطلب یہ ہے "آپ کی بہن اور میری بیوی سے ملاقات ہوئی (دوران گفتگو میں کچھ الفاظ والدہ آصفہ (یعنی میں) نے ایسے استعمال کیے جن کا میرے دل پر گہرا اثر پڑا، وہ یہ کہ زندگی کے ساتھی سبھی ہوتے ہیں، لیکن مرنے کے بعد سچے اور وفادار دوست بھی نایاب سا ہو جاتے ہیں" ان لفظوں نے میرے دل پر گہرا اثر کیا اور میں اب سب سے پہلے اپنا ہی نام پیش کرتا ہوں۔ میرے دو بچیاں ہیں چھوٹی مجھے زیادہ محبوب ہے جس طرح میری دو آنکھیں ہیں اسی طرح دو بیویاں ہوں گی آصفہ سلمہا کو مسرت اپنی تیسری بچی کی جگہ رکھ سکتا ہوں۔ لیکن میں ایک غریب آدمی ہوں، مشکل سے تا حال دال روٹی کھا سکتا ہوں لہٰذا امیرانہ ٹھاٹھ سے نہیں رکھ سکتا۔ غصہ ور بھی ہوں تاہم اُن کے ساتھ نباہ کر دوں گا۔ میرے میاں بیوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے تعلقات ایسے خوشگوار ہیں کہ لوگوں کو رشک آتا ہے۔ میری اہلیہ بیمار بھی رہتی ہیں۔ عقدِ ثانی مسنون بھی ہے"
یہ خط پڑھ کر بھائی صاحب نے مجھ سے شادی کی بابت رائے لی، میں نے انکار کر دیا لیکن بھائی صاحب اور والدہ صاحبہ نے سمجھا بجھا کر راضی کیا چنانچہ اکتوبر سنہ ۳۰ء میں میں عبدالماجد کی نفس پرستیوں کا شکار بنی۔ یہ شادی میرے سسرال والوں سے پوشیدہ طور پر دریاباد میں ہوئی تھی کیونکہ وہ لوگ غیر خاندان ہونے کی وجہ سے اس شادی کے سخت مخالف تھے۔ مہر صرف ایک ہزار روپے تھا۔ شادی کا ہونا تھا کہ عبدالماجد کے رجسٹری خطوط بکثرت نگرام آنے لگے جن میں یہی لکھتے رہے کہ جلد بھیجئے میں اعلان کے ساتھ دوبارہ نکاح کروں گا۔

چنانچہ میں اپنے چھوٹے بھائی کے ہمراہ مع اپنی بچی آصفہ کے دریاباد گئی وہاں اعلان کے ساتھ دوبارہ پھر نکاح ہوا۔ میرا قیام تقریباً ایک ماہ عبدالماجد کے یہاں دریاباد میں رہا۔ اب میری مصیبت کا آغاز ہوتا ہے۔

میرے دریاباد جانے کے دوسرے ہی روز میرے مرحوم شوہر کے چچازاد بھائی مولوی مطلوب الرحمٰن صاحب میری لڑکی آصفہ سلمہا کو نگرام لے جانے کی غرض سے دریاباد پہنچے اُن کو دیکھ کر آصفہ دوڑ کر مجھ سے لپٹ گئی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اس کے اس طرح کے رونے پر میری جو حالت تھی اس کا میری ہی جیسی مصیبت زدہ عورت اندازہ کر سکتی ہے میں نے اپنے غمگین اور درد بھرے دل کو سنبھالا اور اسے تسلی دے کر رخصت کیا۔ تقریباً ایک ماہ بعد عبدالماجد کی اجازت سے میں اپنی چھوٹی بہن کی شادی میں دریاباد سے سندیلے آئی کیونکہ اعزا اور سسرال والوں کے اختلاف کی وجہ سے ہم لوگوں کو وطن (نگرام) چھوڑنا پڑا اور سندیلے میں جہاں میرے بڑے بھائی ملازم ہیں سکونت اختیار کرنی پڑی یہیں سے ۲۹ نومبر سنہ ۳۰ء کو میری چھوٹی بہن کی شادی بجھوسرائے کی گئی۔

سندیلے میں تقریباً ڈھائی ماہ مجھے رہنا پڑا۔ اس عرصے میں عبدالماجد کے خطوط میرے پاس بہت کم آتے تھے۔ میری طبیعت اکثر گھبراتی رہتی تھی۔ اس وجہ سے میں اور بھی جلد جلد خط بھیجا کرتی تھی۔ عبدالماجد نے مجھے لکھا "اتنی جلدی خط بھیجنے کی کیا ضرورت ہے ہفتے میں ایک بار خط آنا چاہیے"[1] عبدالماجد کی اس تحریر سے مجھے رنج ضرور ہوا، لیکن کیا کر سکتی تھی خاموش ہو گئی اس کے بعد عبدالماجد نے للہ کرایہ بھیج کر مجھے لکھا کہ اپنے بھائی کے ساتھ دریاباد چلی آؤ چنانچہ میں جنوری میں وہاں پہنچ گئی، دو ہفتہ کے بعد عبدالماجد نے مجھ سے کہا کہ

[1] اس میں زیادہ دخل ان کے انضباط اوقات کو ہوگا جیسے دریابادی نے لکھا ہے کہ شادی کے بعد بیوی نگرامی نہ انھیں سیرتاً پسند آئی نہ صورتاً یہ بے رخی اسی کا نتیجہ ہو سکتی ہے (تحسین فراقی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"میں باہر (حیدرآباد) جارہا ہوں تم اپنے بیکے چلی جاؤ" یہ الفاظ سُن کر مجھے صدمہ ہوا اور میں نے کہا کہ میں ابھی سندیلہ نہیں جاؤں گی کیونکہ مجھے آئے ہی کتنے دن ہوئے ہیں۔

عبدالماجد کے بڑے بھائی عبدالمجید، سہارنپور میں ڈپٹی کلکٹر ہیں۔ انہوں نے بھی اس سے پہلے مجھے سہارنپور بُلایا تھا۔ اس لیے عبدالماجد نے مجھے سہارنپور بھیج دیا۔ دو مہینے میں سہارنپور رہی۔ اس درمیان میں عبدالماجد کے خطوط اُن کے بھائی عبدالمجید کے پاس تو برابر آیا کرتے تھے لیکن انہوں نے مجھے کوئی خط نہ لکھا ان کی بے رخی سے جو کچھ خیالات میرے دل میں پیدا ہوتے وہ ظاہر ہیں۔

تھوڑے دنوں کے بعد میرے بھائی صاحب نے مجھے بُلانے کے لیے عبدالماجد کو خط لکھا۔ عبدالماجد نے بھائی صاحب کو جو جواب دیا قابل ملاحظہ ہے "میں نے تو مہینہ سوا مہینہ ہوا جب ہی والدہ آصفہ سے سندیلہ جانے کو کہا تھا لیکن انہوں نے خود ہی عذر کیا اور سہارنپور چلی گئیں ہے۔ گویا اس کے یہ معنی ہیں کہ میں بغیر ان کی اجازت کے سہارنپور گئی حالانکہ یہ بالکل غلط ہے بلکہ عبدالماجد نے خود ہی مجھے سہارنپور بھجوایا تھا۔ سہارنپور سے ماہ مارچ میں عبدالمجید صاحب مجھے راستہ میں سندیلے چھوڑتے گئے یہاں ایک ماہ تک عبدالماجد کا کوئی خط میرے پاس نہیں آیا میں روزانہ خطوط بھیجتی رہتی تھی۔ خدا خدا کر کے ایک خط آیا جس کے الفاظ یہ تھے "تمہارے جو خطوط میرے پاس آتے ہیں وہ خط ہی تو ہوتے ہیں یا کوئی تار ہوتے ہیں" اس کو دیکھ کر میرا دل مُرجھا گیا۔ وہ خرچ کے لیے دس روپیہ ماہوار مجھے برابر بھیجتے رہے۔ جب سندیلہ آئے ہوئے مجھے چار ماہ ہوگئے تو میرے اضطراب اور بے چینی کی کوئی حد نہ رہی میں نے مجبور ہو کر خود ہی لکھا کہ میں دریاباد آنا چاہتی ہوں اس کے جواب میں عبدالماجد نے لکھا "ابھی موقع نہیں ہے جب موقع ہوگا بلا لوں گا" ماہ جون میں عبدالمجید صاحب نے میرے بھائی صاحب کو ایک گھنٹہ کے لیے سہارنپور بُلایا جولائی میں بھائی صاحب گئے تو اُن سے کہا کہ "عبدالماجد تو کچھ بولتے نہیں، ان کی بیوی (عفت) کی صحت روز بروز خراب ہوتی جاتی ہے اس لیے ہم لوگوں کا ارادہ ہے کہ آپ کی بہن کو الگ کر دیا جائے" بھائی صاحب یہ الفاظ سُن کر حیران رہ گئے ان کی عجیب حالت ہوئی۔ عبدالمجید کو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا اور سندیلہ واپس آئے یہاں آکر تمام واقعہ بیان کیا۔ کیا بتاؤں یہ الفاظ سُن کر میری والدہ محترمہ کا کیا حال ہوا۔ اور اپنی حالت میں تحریر ہی نہیں کر سکتی لیکن ساتھ ہی اس کے مجھے پھر خیال ہوا کہ ممکن ہے انہوں نے مجھے علیحدہ مکان میں رہنے کے لیے کہا ہو۔ غرض میں اپنے درد بھرے دل کو طرح طرح سے تسلی دیتی رہی۔

اس کے چند ہی روز کے بعد طلاق نامہ آگیا۔ اس وقت میری عجیب حالت تھی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے مجھے اندھیری فضا میں پھینک دیا ہے میری نظروں میں تمام عالم سونا ہو گیا چاروں طرف گہری تاریکیاں نظر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آسکے گی۔

باوجود داعزہ کے شدید اختلاف کے جو خطوط تعزیت میں آتے ان میں سے ایک خط میرے حقیقی ماموں مولانا محفوظ الرحمٰن صاحب کا ملاحظہ کے لیے نقل کیا جاتا ہے۔

نورچشم میاں حبیب الرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالےٰ

دعا ہا، خدا کرے خوش رہو، آباد رہو، کل علی گڑھ سے عزیزی فرید سلمہ کا خط بزبانی ایھن سلمہ حالات سندیلہ سے پرغم والم موصول ہوا، کل سے اس وقت تک کئی بار تم کو خط لکھنے بیٹھا لیکن قلم نے یارانہ دیا کہ تم کو کیا لکھوں۔ آہ، یہ خبر خبر نہ تھی بلکہ ایک صاعقہ تھی جس نے تن بدن کو جھلسا ڈالا۔ ابتداءً تم لوگوں کی کوتاہ فہمی اور تمہارے عورتوں کی رائے کے پابند ہونے نے معاملہ کو ایک ناگوار اور ذلت آمیز طریقے سے تکمیل کو پہنچایا، اب اس نااہل اور ناخدا ترس انسان نے اس خاندان کی عزت وافتخار پر زبردست کاری ضرب لگائی ہے۔ اگرچہ اس وقت ہمارے آپ کے رسمی تعلقات تلخ ہیں لیکن قدرتی واسطے کسی کے توڑے نہیں ٹوٹتے۔ اس ناگوار خبر نے کل گھر بھر کو بے چین بنا دیا ہے۔ یقیناً کل روز قیامت بہ ظلم کا معاملہ رب العزت کے حضور پیش ہوگا پھر میاں ماجد دیکھیں وہاں کیا جواب دے کر سرخروئی حاصل کریں گے۔ ظلم کی ٹہنی ہری نہیں ہوتی۔ ان کو خدا کے غضب سے ڈرنا چاہیے تھا۔ آہ ثم آہ۔

ایسی نامبارک حالت میں ظاہر ہے کہ اہل معاملہ کا کیا حال ہوگا اور ان کی پریشانی کا اثر اس معصوم بچہ پر کیا پڑتا ہوگا۔ ہر ایک کو اس واقعہ سے متاثر پاکر اس کے قلب نازک کی کیا کیفیت ہوگی۔ یہ نقشہ ہر وقت ہم لوگوں کے پیش نظر ہے اور مجھے خطرہ ہے کہ اس کی صحت پر اس کا ناگوار اثر پڑے گا۔ والدعا فقط

محمد محفوظ الرحمٰن عفی عنہ،

از نگرام ۲۵ رجولائی ۳۱ء

طلاق نامہ پہنچنے کے تقریباً ایک ہفتے کے بعد عبدالماجد کا ایک خط میرے نام آیا، اس میں لکھا تھا: "میں عرصے تک تمہاری خدمت جاری رکھوں گا اور میرا ارادہ ہے کہ تمہارا ہاتھ کسی شریف کے ہاتھ میں دے دوں گا" یہ خط پڑھ کر میرے تن بدن میں آگ لگ گئی، لیکن کیا کر سکتی تھی، خون کا گھونٹ پی کر رہ گئی۔

اس کے بعد بھائی صاحب نے عبدالماجد کے پاس خط لکھا جس کا مختصر مضمون یہ ہے۔ کہ آپ نے ہم لوگوں کے ساتھ بدعہدی کی ہم لوگوں پر ظلم کیا اور بالکل ذبح کر دیا۔ اور زندہ درگور کر دیا ہے آپ کو معلوم ہے کہ باوجود اعزہ کی شدید مخالفت کے ایسا کیا گیا تھا، صرف والدہ رافت سلمہا کی صحت کے خیال سے ایسا کرنا کسی طرح آپ کے مناسب نہ تھا۔ کہ ایک مجبور و لاچار ہستی کو پامال کر دیا گیا۔ شریعت میں یہ فعل نہایت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبیح اور مبغوض ہے۔ اس کا آپ نے کچھ خیال نہ کیا" ـــــ اس کے جواب میں عبدالماجد کا جو خط بھائی صاحب کے پاس آیا، بعینہٖ نقل کیا جاتا ہے؛

بسم اللہ

دریاباد ۱۴ر جولائی ۱۳۶۱ء

منشی حبیب الرحمٰن صاحب! وعلیکم السلام

آپ کے دو خط ملے ایک بھائی صاحب کے نام، دوسرا خود میرے نام میں چار روز کے بعد ابھی لکھنؤ سے واپس آیا ہوں اس لیے جواب آج سے قبل لکھنا ممکن نہ ہوا۔

آپ کو رنج و صدمہ ہونا قدرتی ہے۔ اور ایسی مغلوبیت کی حالت میں، انسان ایک بڑی حد تک عند اللہ و عند الناس معذور ہو جاتا ہے لیکن اس ممانعت کے لیے بھی کچھ حدود ہوتے ہیں بار بار ہم لوگوں کو گردن کاٹنے، ذبح کرنے قتل کر ڈالنے، ظلم کرنے بد عہدی کرنے تلوار چلانے کا مجرم قرار دینا، والدہ رافت سلمہا کی علالت کی بحث چھیڑنا یہ سب ان حدود سے تجاوز کر جاتا ہے۔ اسباب افتراق کی تفصیل اب تک میں نے آپ ہی لوگوں کی دلشکنی کے خیال سے نہیں کی تھی۔ ایسا نہ ہو کہ آئندہ مجبوراً اسے بھی کرنا پڑے ـــــ صورت حال جو آپ نے تحریر کی ہے۔ وہ تمام تر خلاف واقعہ ہے۔ آئندہ اس قسم کے خطوط لکھ کر مجھے مجبور نہ کیجیے کہ تمام سچائیوں کو ظاہر کروں۔

اپنے اعزہ کی جو شکایتیں آپ نے لکھی ہیں ممکن ہے صحیح ہوں، لیکن ظاہر ہے کہ ان معاملات سے ہمارا کیا واسطہ؟ اور ہم لوگ بجز زبانی ہمدردی و اظہار تاسف کے اور کیا کر سکتے ہیں؟ جو کچھ کیا گیا ہے آپ یقین کریں یا نہ کریں مگر واقعہ یہ ہے کہ اس میں بڑی حد تک آپ لوگوں کی بہتری اور بھلائی کو ہی پیش نظر رکھا گیا ہے ـــــ یہ مسئلہ آپ کو کسی نے غلط بتا دیا ہے کہ طلاق ہر صورت میں عند اللہ مبغوض ہے۔ طلاق تو خود حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔ اور صحابہ کرامؓ نے بہ کثرت طلاقیں دی ہیں مطلقہ کے ساتھ نکاح بھی ان حضرات نے بہ کثرت کیے ہیں۔ اسے عیب تو ہماری موجودہ سوسائٹی نے بنا دیا ہے، جس میں عقد بیوہ، تعدد ازدواج وغیرہ بھی داخل عیوب ہیں۔ شریعت نے جس طلاق کو ناپسند کیا ہے وہ ہے جو شوہر بلاوجہ معقول عورت کو ستانے کے لیے یا محض اپنی نفس پرستی کے لیے دیتا ہے نہ کہ وہ طلاق جس کا مقصد یہ ہو کہ زن و شوہر دونوں ایک دوسرے کی صحبت ناموافق سے آزاد ہو جائیں، یہ تو عین رفع ظلم ہے نہ کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظلم ـــــ آپ نے جس جذبہ ہمدردی کا واسطہ دلایا ہے یہ اسی کا تقاضا ہے، جو افتراق و قطع تعلق پر مجبور کر رہا ہے۔ ظلم اگر مقصود ہوتا تو اس کی متعارف صورتیں دوسری ہیں، جن سے میں آپ بھی ناواقف نہیں ہو سکتے۔

عبدالماجد

یہ خط دیکھ کر مجھے اور بھی صدمہ ہوا کہ واللہ اعلم وہ کون سی سچائیاں ہیں، اور اسباب افتراق کی جو جانے کیا تفصیل ہے۔ میں تو بالکل بے قصور ہوں، مجھ سے کوئی ایسی شدید خطا سرزد نہیں ہوئی کہ یہ نوبت آئی ـــــ اس کے بعد میں نے خود ایک خط لکھا کہ آخر مجھے دنیا کیا کہے گی اور خدا جانے میرے متعلق لوگوں کا کیا گمان ہو عبدالماجد نے میرے خط کا جو جواب دیا بعینہٖ نقل کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ

دریا باد ۲۱/ جولائی ۳۱ء

والدہ آصفہ سلمہا۔ وعلیکم السلام۔ کئی دن ہوئے خط ملا تھا۔ اللہ کی مشیت میں جو ہوتا ہے وہی ہو کر رہتا ہے۔ بندہ کا کام یہ ہے، کہ جو کچھ بھی پیش آئے، اس پر صبر کرے۔ تم نے لکھا کہ لوگ تم پر طرح طرح کی تہمتیں لگائیں گے ان تہمتوں کی تردید میں جو کچھ میں لکھ بھیجوں۔ جھوٹی تہمت لگانے والے خود اپنا نامۂ اعمال سیاہ کریں گے میں نے کئی دن ہوتے تمہارے بھائی کو لکھا تھا کہ تکمیل ضابطہ کے لیے مہر کی کل رقم کی رسید میرے پاس بھیجدیں تو بقیہ رقم فوراً بھیج دوں رسید ابھی تک آئی نہیں۔ رقم تیار رکھی ہے۔ صرف تمہاری رسید کا انتظار ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک بیوی حضرت سودہؓ کی طلاق واپس لی ہے، باقی دو بیویاں ایسی اور ہوئی ہیں جنہیں طلاق دے کر واپس نہیں لی ہے۔ شرعاً یہ ایسی کوئی بری بات نہیں ہے صرف ہمارے موجودہ رواج نے اسے اتنا بڑا بنا رکھا ہے جیسے دوسرے عقد کو برا سمجھ لیا گیا ہے۔

عبدالماجد

جو خط عبدالماجد کا میرے بھائی صاحب کے نام ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس معاملہ میں میں خطاوار ہوں اور اگر افتراق کی تفصیل اور سچائیاں ظاہر ہوں تو مجھے شرمندہ ہونا پڑے۔ اس کے ہفتہ بھر ہی کے بعد میرے نام جو خط آیا ہے اس سے میں ہر قصور سے بالکل بری الذمہ قرار دی جاتی ہوں۔ اب کون کہہ سکتا ہے کہ صحیح بات عبدالماجد کے نزدیک پہلی ہے یا دوسری ـــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا بیویوں کو طلاق دینا یہ میری تسلی کے لیے لکھا گیا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم پر صلوات بھیجنے کے لیے طلاق مبغوض نہ ہوگی، دنیاوی رسمیں بُری سہی مگر شریفوں کے جذبات کے موافق جیسی ہو سکتی ہیں ظاہر ہے ـــــ عبدالماجد تے مہر کے روپیے بھی بھائی صاحب کے پاس روانہ کیے تھے۔ لیکن میں نے واپس کر دیے ـــــ اس کے بعد میں نے تھانہ بھون مولانا اشرف علی صاحب کے پاس اور دارالعلوم دیوبند مولانا حسین احمد صاحب کے پاس خطوط بھیجے کیونکہ عبدالماجد مولانا اشرف علی صاحب کے معتقد اور مولانا حسین احمد صاحب کے مرید ہیں۔ ان حضرات کے پاس خطوط بھیجنے کی غرض صرف یہ تھی کہ ممکن ہے اس مصیبت قبیحہ سے نکلنے کی کوئی صورت پیدا ہو جاتے تے مولانا اشرف علی صاحب نے تو میرے خط کا کوئی جواب ہی نہیں دیا۔ مولانا حسین احمد صاحب نے جو خطوط مجھے اور بھائی صاحب کو تحریر فرمائے وہ نقل کیے جاتے ہیں۔ اصل خطوط میرے پاس محفوظ ہیں۔

محترمہ من سلمکم اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کا والانامہ حسرت اور رنج سے بھرا ہوا پہنچا۔ نہایت زیادہ قلق اور افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی دستگیری فرماتے آمین ـــــ میں مولانا عبدالماجد صاحب کو لکھ رہا ہوں۔ مگر وہ فرماتے ہیں کہ پہلے مجھے بہت سی باتوں کا وہم وگمان بھی نہ تھا جو کہ بعد از عقد پیش آئیں۔ وہ آپ کے کسی معاملہ میں بدخلقی وغیرہ کے شاکی نہیں ہیں۔ انہوں نے نکاح سے پہلے مدت دراز تک فکر و غور اور جد و جہد جاری رکھا کہ کوئی مناسب اور مفید موقعہ ہاتھ آ جائے جہاں پر آپ کا عقد ثانی ہو جائے مگر وہ اس میں کامیاب نہیں ہوتے۔ تب انہوں نے ارادہ کیا تھا کہ میں خود ہی عقد کر لوں اور جیسا کہ انہوں آپ سے وعدہ کیا تھا۔ اسی ارادے میں پختہ تھے مگر عقد کرتے ہی ان پر چاروں طرف سے مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑے وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ گھاٹی اس قدر دشوار گزار ہوگی۔ بالآخر وہ صبر نہ کر سکے۔ اور یہ معاملہ پیش آیا۔ خط و کتابت میں جو آخری جواب ہوگا میں پھر پیش کروں گا ـــــ محترمہ من! قسمت کی بات کوئی نہیں جانتا۔ راضی بہ تقدیر رہنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کے لیے بہترین صورت پیدا کر دے۔ خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو جیے۔ والسلام

۲۰ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

دوسرا خط ملاحظہ ہو۔

محترمہ من سلمکم اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کا والانامہ باعث سرفرازی ہوا تھا۔ چونکہ میں تقریباً دو ماہ سے پھوڑے پھنسی وغیرہ میں مبتلا ہوں۔ ادھر مشاغل تدریس وغیرہ سے فرصت نہایت کم ہوتی ہے۔ اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔ مولانا عبدالماجد کا والانامہ آیا تھا، وہ اپنی انتہائی مجبوریوں

www.KitaboSunnat.com

کا ذکر کرتے ہیں ان کو اس قسم کی مجبوریوں کا خیال تک بھی نہ تھا۔ یہاں تک مجھ کو ان کے پہلے کلمات سے اور اب کے کلمات سے پتہ چلتا ہے وہ یہی ہے کہ ان کو آپ سے پہلے بھی ہمدردی ہی نے مجبور کیا تھا کہ عقد کریں۔ ان کی ہرگز نیت نہ تھی کہ خدانخواستہ وہ جدا کریں گے۔ مگر یہ واقعات اعزہ واقارب اور خصوصًا والدہ ماجدہ وغیرہ کے احکام کے ایسے پیش آئے کہ سوائے سر جھکانے کے کوئی چارہ کار ہی نہ رہا مجھ کو بھی سخت افسوس ہے کہ ایسا واقعہ کیوں پیش آیا اور ان کو بھی بہت ہی زیادہ رنج اور الم ہے۔ مگر تقدیرات الٰہیہ میں کس کا چارہ ہے۔ آپ کے لیے اگر خوش قسمتی مقدر ہوتی تو مولانا عبدالرحمٰن صاحب ہی کا انتقال کیوں ہوتا۔ مالک قضا وقدر نے جس طرح چاہا مقرر فرمایا، کسی کا اس میں کیا اختیار ہے۔ آپ نے بہت بڑا جہاد کیا تھا کہ نکاح ثانی قبول فرمایا۔ اب یہ دوسرا جہاد پیش آیا۔ اللہ تعالےٰ آپ کی دستگیری فرمائیے اور دین و دنیا میں آپ کی فائز المرامی اور خوش کامی کی صورت ظہور میں لائیے۔ اب بجز صبر وشکر کیا چارہ ہو سکتا ہے۔ مولوی صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ میں مصارف روانہ کرتا ہوں مگر آپ کی طرف سے واپسی ہوتی ہے[1] اس لیے میں عرض کرتا ہوں کہ وہ جو کچھ اخراجات کے لیے روانہ کریں قبول فرمالیا کریں کیا عجب ہے کہ وہ اپنی زندگی بھر آپ کی اس قسم کی خبر گیری فرماتے رہیں۔ آپ کو اب بجز صبر کیا چارہ ہے میں اللہ تعالےٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ کریم و کارساز آپ کی پردۂ غیب سے اعانت فرمائے۔ آمین

از دیوبند

۱۹ جمادی الاول ۱۳۵۰ھ — ننگ اسلاف — حسین احمد غفرلہ

اسی سلسلے میں بھائی صاحب کے پاس جو مولانا حسین احمد صاحب کا خط آیا وہ بھی درج ذیل کیا جاتا ہے۔

محترم المقام جناب فیض مآب منشی حبیب الرحمٰن صاحب زید مجدہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ والانامہ باعث سرفرازی ہوا۔ میں نے مولانا عبدالماجد صاحب سے اس امر میں خط وکتابت کی۔ یوں تو اسرار کا جاننے والا خالق کون ومکان ہی ہے مگر جہاں تک ان کی پہلی اور اب کی تحریرات اور زبانی گفتگوئیں بتلاتی ہیں ان کی نیت بد نہ تھی اور اس عقد ثانی میں ان کو محض ہمدردی اور خبر گیری ہمشیرہ محترمہ کی مقصود تھی، اسی کے ساتھ ساتھ عقد ثانی کا اجر بھی منظور تھا۔ اگرچہ انہوں نے اس امر میں مستقبل کی دشواریوں کو سوچا سمجھا تھا مگر ان کو اندازہ میں غلطی ہوئی۔ جس قدر وہ سمجھے ہوئے تھے اس کے متعلق ان کا گمان تھا کہ میں تحمل کر لوں گا، مگر خلاف امید ان کو اس قدر مشکلات کا سامنا ہو گیا جن کو تحمل کرنا ان کی طاقت سے باہر تھا۔ اور پھر بھی ایک عرصہ تک وہ برداشت فرماتے رہے مگر جبکہ بالکل ہی مجبور ہو گئے اس

---

[1] بالکل غلط ہے صرف مہر کے روپیے جس کو رقم کے لفظ سے مولوی صاحب نے تعبیر کیا ہے روانہ کیے تھے وہ میں نے واپس کر دیئے تھے۔ عبدالماجد نے طلاق کے بعد میرے پاس ایک پیسہ نہیں بھیجا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقت بجز اس صورت مکروہہ کے کوئی مفر ان کو نظر نہ آیا۔ انہوں نے اپنی قدیمی سسرال والوں کے جور و جفا کو برداشت کیا اور کسے اعزہ واقارب کے طعنوں اور تشنیعوں کو جھیلا۔ قریب کے رشتہ داروں کی بھی مگر والدہ ماجدہ کے احکام کا ٹال دینا سخت دشوار اور دین ودنیا کی بربادی کا باعث تھا جناب کو معلوم ہے کہ حکم شرعی کی وجہ سے انسان مجبور ہو جاتا ہے کہ اگر والدین بلاسبب بھی لڑکے کو حکم کریں تو اس پر ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی عزیز اہلیہ سے جدائی اختیار کرلے اگرچہ انہوں نے عقد سے پہلے اپنی قدیمی اہلیہ اور والدہ ماجدہ اور بڑے بھائی وغیرہ کو راضی کر لیا تھا مگر بعد از عقد یہ سب کچھ دنوں میں بدل گئے اور ایسی ایسی مشکلات ان کے سامنے آگئیں کہ ان کے موجود ہوتے ان کا اپنے وطن اور گھر بار میں رہنا اور زندگی بسر کرنا دشوار تر بلکہ تقریباً محال ہو گیا یہ سب بھی جھیل جاتے اگر والدہ ماجدہ کا حکم نہ ہوتا۔ میں مولوی صاحب موصوف کو جھوٹا نہیں سمجھتا۔ مجھ سے اس امر کے متعلق بہت زیادہ رد وقدح کی، اور نوشت وخواند کی نوبت آچکی ہے۔ ادھر آپ کی مشکلات بھی واقعی اور بہت زیادہ رنجدہ ہیں افسوس یہ تقدیری معاملات ہیں ان میں دم مارنے کی گنجائش نہیں۔ جس طرح آپ نے ایک ایسے ہونہار قابل بھائی کی نوجوانی کی موت پر صبر کیا اور یہی وہ مصیبت تھی جو کہ تمام مصائب کی سرچشمہ بلکہ تمام خاندان کے لیے ایک ناقابل تلافی مصیبت تھی تو پھر اس مصیبت پر بھی صبر فرمائیں۔ میں جہاں تک خیال کرتا ہوں مولوی صاحب موصوف دروغ گو مکار، شہوت پرست نہیں ہیں مگر تقدیری معاملات کے سامنے بڑوں بڑوں کو گھٹنے ٹیکنے پڑتے ہیں اور جن باتوں کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا ان کو برداشت کرنا ہوتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو وجود خالق کا اقرار کرنا مشکل ہو جاتے۔ آپ کی عالی ظرفی اور شرافت کا مقتضیٰ یہی تھا جو جناب نے کیا کہ ایسی گندگی کو اچھالنے سے پرہیز فرمایا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عنایت فرمائے اور آپ کی مشکلات کو دور فرمائے۔ دعوات صالحہ اور خدمات لائقہ سے فراموش نہ فرمائیں۔

والسلام

از دیوبند ۱۹ جمادی الاول ۱۳۵۰ھ

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

میری حالت شدت رنج وغم سے بالکل دیوانوں جیسی ہو گئی، مجھ میں بالکل سکت نہ رہی، ہاتھ، پیر اور بقیہ تمام جسم ٹھنڈا ہو گیا تھا لکھنؤ میں ڈاکٹر عبدالعلی صاحب کا علاج ہوا۔ میں اپنی اس ردی حالت سے ذرا بھی متفکر نہ تھی۔ میری دلی تمنا یہی تھی کہ موت آکر جلد میرے مصائب والآلام کا یک لخت خاتمہ کردے ڈاکٹر عبدالعلی صاحب کے علاج سے مجھے قدرے سکون ضرور ہوا۔ لیکن اب چار پانچ دن سے میری حالت روزبروز بالکل ردی ہوتی جاتی ہے، اٹھنے بیٹھنے سے بالکل معذور ہوں۔ اب چارپائی پر سے ہلنے کی طاقت بھی نہیں ہے، ابتدا میں دق جیسی کیفیت تھی، حرارت قائم ہو گئی تھی، کھانسی بے حد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھی مگر اب چار پانچ روز سے بلغم کے ساتھ کچھ خون کی آمیزش ہے، علاج ہو رہا ہے لیکن بظاہر کوئی امید نہیں خداوند کریم سے میری دلی تمنا یہی ہے کہ مجھے جلد از جلد ان دنیاوی مصائب سے نجات دے اور اپنے حبیب پاک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں ایمان کے ساتھ اپنی اس ادنیٰ کنیز کو آغوش رحمت میں لے کر خاتمہ بالخیر کرے۔ آمین یارب العالمین۔ ان تمام واقعات میں سب سے زیادہ قابل لحاظ یہ امر ہے کہ عبدالماجد اپنے پیر مولوی حسین احمد صاحب کو تو طلاق کی وجہ یہ بتلاتے ہیں کہ والد نے مجبور کیا اور میرے بھائی کو جو خط لکھا ہے اس میں یہ تحریر فرماتے ہیں کہ اسباب افتراق کی تفصیل اب تک میں نے آپ ہی لوگوں کی دلشکنی کے خیال سے نہیں کی تھی، ایسا نہ ہو کہ آئندہ مجبوراً یہ بھی کرنا پڑے ..... آئندہ اس قسم کے خطوط لکھ کر مجھے مجبور نہ کیجیے کہ تمام سچائیوں کو ظاہر کروں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان دونوں تحریروں میں سے ایک بھی سچی نہیں لیکن عبدالماجد نے یہ چال چلی کہ ادھر تو اپنے پیر کو بھی خوش رکھنا چاہا اور ادھر میرے اعزہ کو ایسا خط لکھا، جس سے وہ ڈر جائیں، اور اس معاملہ کو آگے نہ بڑھائیں، دوسرا جھوٹ انہوں نے اپنے پیر سے یہ بولا کہ وہ مصارف روانہ کرتے ہیں لیکن میں واپس کر دیتی ہوں۔ حالانکہ یہ بھی بالکل غلط ہے۔ علاوہ اس کے یہ امر بھی قابل غور ہے کہ کیا پہلے نکاح کے وقت عبدالماجد ایسے مدعی زہد و اتقا نے اپنی والدہ سے اجازت نہ لی تھی، یقیناً لی ہے، پھر نکاح کے بعد ان کی مخالفت کیسی۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے پیر مولوی حسین احمد صاحب کو (ناراضی والدہ کا) جو سبب بتایا وہ بھی بالکل بے بنیاد ہے۔

بہرحال میں ان تمام واقعات کو پبلک اور علماء دین و اکابر ملت کے سامنے رکھ کر متمنی ہوں کہ وہ خود فیصلہ کریں اور دیکھیں کہ دنیا میں ایسی بزرگ صورت، گلیم پوش، تسبیح خواں صورتیں بہت سی ہوتی ہیں جن کے دل خواہشات نفسانی، مکر و فریب اور نفاق سے بھرے ہوتے ہیں۔ اور وہ اسی طرح مخفیہ طور پر ظلم کرتے رہتے ہیں جن کا علم کسی کو نہیں ہوتا۔

میرا ارادہ نہ تھا کہ یہ واقعات ملک کے سامنے پیش کیے جاتے کیونکہ عبدالماجد کے مظالم سے مجھ پر تو جو کچھ مصیبت گزرنا تھی گزر رہی ہے۔ دق، مسل جیسے لاعلاج مرض میں مبتلا ہو کر زندگی کے دن گن رہی ہوں لیکن میں چاہتی ہوں کہ میرے اس جانگداز واقعہ سے میری بہنیں اور ان کے والدین عبرت حاصل کریں اور ایسی مقدس ہستیوں سے بچنے اور بچانے کا ہمیشہ خیال رکھیں اور ملک کو بتائیں کہ ایسے لوگوں سے بچنے کی کیا صورت ہو سکتی ہے۔

لہ مرحومہ کی یہ دعا بارگاہ خداوندی میں مستجاب ہوئی اور وہ جلد ہی اس زخم کو سینے سے لگائے ہوئے خدا کو پیاری ہو گئیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فاعتبروا یا اولی الابصار

زندہ در گور

از بیوۂ مولانا عبد الرحمن صاحب ندوی نگرامی مرحوم

مورخہ ۲۳ فروری ۱۹۳۶ء

نگرام ہاؤس۔ نظیر آباد
لکھنؤ

باہتمام

کے۔ بی۔ اگروال اشانتی پریس۔ الہ آباد

خواجہ حسن نظامی (دہلی)

مولانا عبد الرحمن نگرامی کی بیوہ سے مولانا عبد الماجد دریابادی کے نکاح، پھر طلاق پر ان کے خلاف جو تحریک اٹھ کھڑی ہوئی تھی، اس میں لکھنؤ کے ایک رسالے اور خواجہ حسن نظامی کے ہفت روزہ "منادی" روزنامچہ" دہلی نے خاص حصہ لیا۔ مولانا دریابادی نے معاملے کی صفائی اور اپنے دفاع میں متعدد حضرات کو خطوط لکھے تھے۔ ان میں مولانا حسین احمد مدنی کو خط لکھا کہ والدہ ماجدہ کے حکم کی تعمیل میں طلاق دینی پڑی، حافظ عزیز حسن بقائی کو لکھا کہ میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جو شرع کے خلاف ہو، لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر خواجہ عبد الرشید کو خط لکھا کہ پہلی بیوی کی توجہ حاصل کرنے کے لیے نکاح کیا تھا، مقصد حاصل ہو گیا تو طلاق دے دی، مطلقہ کے بھائی کو دھمکی آمیز خط لکھا۔

"اسباب افتراق کی تفصیل اب تک میں نے آپ ہی لوگوں کی مل بھگتی کے خیال سے نہیں کی تھی، ایسا نہ ہو کہ آخر کو مجبوراً یہ بھی کرنا پڑے۔"

معلوم ہوتا کہ مولانا کے عذر کو کسی نے تسلیم نہیں کیا۔ سب کا فیصلہ یہی تھا کہ مولانا نے بے ضرورت نکاح کیا اور بے سبب طلاق دی اور اپنے اس فعل کے جواز کے لیے شریعت کا نام استعمال کیا[1] اس سلسلے میں انہیں مختلف خطابات سے نوازا گیا۔ مولانا دریابادی نے خواجہ حسن نظامی

ماخذ: ہفت روزہ روزنامچہ دہلی، بابت یکم مئی ۱۹۳۶ء

[1] خواجہ حسن نظامی نے اس واقعے کو حضرت مولانا دریابادی کے ذوق تفریح، عیش طبعی سے تعبیر کیا بلکہ مولویوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نام مندرجۂ ذیل خط میں ان خطابات کو خود ہی نقل کر دیا ہے۔

بسم اللہ

ایڈیٹر روزنامچہ کے نام نہیں، بلکہ رین بسیرے والے خواجہ حسن نظامی کے نام

اے جفا ئے تو ز دولت خوب تر   وانتقام تو ز جاں محبوب تر

عاشقم بر قہر و بر لطفت[عہ] بجد   اے عجب من عاشق ایں ہر دو ضد

ناخوش تو خوش بود بر جان من   جاں فدائے یار دل رنجان من

(عارف رومی)

از سابق "فلسفی شاہ" وغیرہ وغیرہ

حال "ظالم و جلاد، مفتری، کذاب، نفس پرست و عیاش وغیرہ

دریاباد

۲۲ اپریل ۳۲ء

مولانا اشرف علی تھانوی (تھانہ بھون، ضلع سہارنپور)

مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر (ضلع اعظم گڑھ) کے رسالے "الاصلاح" میں کوئی مضمون نکلا تھا، اس کے بعض خیالات کی بنا پر تھانہ بھون سے کفر کا فتویٰ جاری کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں مولانا دریابادی نے مولانا اشرف علی تھانوی کو خط لکھا کہ یہ تو وہی عمل ہے جس کا الزام آپ بریلوی حضرات کو دیتے ہیں۔ یہ دو خط ہیں جو "حکیم الامت" کی تالیف کے وقت چھوٹ گئے تھے مکتوب نگار نے ان کے تمہیدی نوٹ میں لکھا تھا کہ انھیں "حکیم الامت" کے دوسرے ایڈیشن میں بہ طور ضمیمہ شامل کر لیا جائے۔ افسوس کہ کتاب کے پاکستانی ایڈیشن میں یہ پھر چھوٹ گئے۔ اس فتوے پر مولانا شبیر احمد عثمانی اور مولانا تھانوی کے دستخط

اور پیروں کے جرائم میں شمار کیا ہے۔ وہ اس سلسلے میں آگے بڑھ گئے اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑھاپے میں ایک معتقد کی، اپنے ہی زیر تربیت و تعلیم بیٹی سے نکاح پڑھوا لینے اور مولانا شوکت علی کی اپنی ۲۳ سالہ انگریز سیکرٹری سے، جسے ان کے بیٹے، زاہد علی پسند کرتے تھے، نکاح کر لینے کے واقعات کو بیان کیا ہے۔ زاہد علی صاحب اپنی والدہ کو بمبئی سے بھگا لائے تھے اور کراچی میں سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون کے مکان پر رکھا تھا۔

عہ مثنوی میں "لطفت" اور "ناخوش تو" کی جگہ "لطفش" اور "ناخوش او" ہے، مکتوب نگار نے بہ تصرف حسبِ حال کر لیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھے۔ بعد میں دونوں نے اس سے رجوع کر لیا تھا[1]

۲۶ر جولائی ۱۹۵۸ء (۱)

سیدی و مطاعی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مولانا سید سلیمان ندوی اور مولانا مناظر احسن صاحب کی مطبوعہ تحریریں برغرض ملاحظہ ارسالِ خدمت ہیں۔

مشیت میں جو کچھ ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔ میں نے بہت چاہا کہ قبل اس کے کہ ادھر سے سلسلۂ تحریر شروع ہو آپ کا اور مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کا بیان شائع ہو جاتے۔

فتویٔ تکفیر کی زد میں میرا تو خیر ذکر ہی کیا، مولانا سید سلیمان، مولانا سید مناظر احسن، حضرت مولانا حسین احمد، تمام علماء ندوہ اور بہت سے علماء دیوبند سب ہی آ رہے ہیں۔

ایک اہلِ علم نے جو میری ہی طرح جناب والا اور حضرت مولانا دونوں سے یکساں اخلاص و عقیدت رکھتے ہیں۔ بڑی حسرت و دلسوزی سے کہا کہ اب تک تو ہم اسی کو رو رہے تھے کہ دیوبند اور تھانہ بھون کی سیاسیات الگ الگ ہیں۔ اب دنیا پر اس کا بھی اعلان ہو کر رہا کہ دونوں کا دین بھی الگ الگ ہے۔

منصبِ مفتی سے جناب نے جو ارشاد فرمایا وہ ضابطہ سے بالکل درست سہی۔ لیکن پھر آخر بریلی والے کیوں بدنام ہیں۔ وہ بھی تو یہی کرتے ہیں کہ صاحب تقویۃ الایمان، حفظ الایمان وغیرہ کے اور سارے عقائد سے۔ اور ان کے تقویٰ و تقدس سے قطع نظر کر کے درمیان سے ایک آدھ فقرہ یا ایک آدھ لفظ لے لیتے ہیں۔ اور اسی پر تکفیر کر ڈالتے ہیں۔

رسالہ الاصلاح نے اب کی یہ کیا ہے کہ خود جناب ہی کے ایک وعظ کا بڑا طویل حصہ جو احتیاط در بارۂ تکفیر میں ہے۔ نقل کر دیا ہے میں نے خود بھی کلید مثنوی ہیں یہ مضمون پڑھا تھا (اصل الفاظ یاد نہیں خلاصۃً لکھ رہا ہوں) کہ مولانا کا کوئی ایک شعر جو خلافِ شریعت نظر آئے۔ اس پر رائے نہ قائم کی جائے۔ بلکہ سارے کلام کو ملحوظ رکھ کر کی جائے۔ ابھی دو ہی چار مہینہ کی بات ہے کہ مولانا سید سلیمان نے اپنی شدید علالت کے دوران میں جناب کو خواب میں دیکھا تھا اور کہتے تھے کہ معلوم ہوتا ہے یہ حضرت مجھے چھوڑیں گے نہیں۔ یعنی بغیر اپنے حلقہ

---

[1] مولانا تھانوی کے جوابی خطوط کے لیے دیکھیے "حضرت تھانوی کے مدد اور مکتوب" صدق جدید، ۸ر اگست ۱۹۵۸ء ص ۲ تا ۸۔ ۲ے اشارہ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کی طرف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ارادت میں پیچھے نہ رہیں گے۔

کہاں میرا دل اس سے باغ باغ ہو رہا تھا۔ کہاں آج یہ دن دیکھنا نصیب ہو رہا ہے!

والسلام

محتاج دعا، عبدالماجد

(۲)

مکتوب نگار کے آخری جملوں سے مولانا تھانوی کو اس مطلب کا شبہ ہوا کہ میں تو انہیں آپ کا مرید بنانے کی فکر میں تھا، آپ نے ان پر کفر کا فتویٰ لگا کر انہیں اپنے سے اور دور کر دیا۔ مکتوب الیہ نے اس کی تردید کی تھی۔ یہ معذرت نامہ اس شبہ کے عذر میں ہے۔

سیدی و مطاعی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

یہ پہلا والا نامہ ملفوف ہے۔ آخری سرخ نشان زدہ عبارت سے شبہ ایسا ہو رہا ہے کہ گویا میں نے جناب کے کسی عمل کے اخلاص میں اشتباہ ظاہر کیا تھا۔ اور اسے لوگوں کے معتقد رکھنے، بنانے پر محمول کیا تھا۔

استغفر اللہ۔ یہ خیال تو آپ کے ادنیٰ خدام کے لیے بھی نہیں رکھتا چہ جائے کہ خود جناب سے متعلق۔ اس تصور ہی سے تکلیف ہو رہی ہے کہ میری کسی عبارت سے ایسا سمجھا ہی کیوں گیا۔ مولانا سلیمان کے خواب کا ذکر اور دوسرے تذکرے تو انتہائی حسرت کے اظہار کے لیے تھے کہ دین کے دو مخلص خادموں میں تعلقات یگانگت کی بنیاد پڑ کر پھر رکاوٹ پیدا ہو گئی اور "تنازعنا فی صدور ہم من غل" کا نظارہ بجائے دنیا کے پھر آخرت پر اٹھ رہا۔ کوئی شخص باپ اور بڑے بھائی کے درمیان ایک مدت تک ان کے بچھڑے رہنے کے بعد خوشگواری دیکھے گا۔ تو طبعاً مسرت ہو گی۔ اور جب پھر انقباض پائے گا تو اپنا دل بھی حسرت سے مرجھا جاتے گا۔ اس کا یہ مطلب تو نہیں ہو سکتا کہ باپ کو کسی درجہ میں بھی منافقت رکھنا چاہیے۔ والسلام

محتاج دعا

عبدالماجد

شوکت تھانوی

(۱)

اس خط میں "منشی جی" سے اشارہ شوکت تھانوی کے مزاحیہ سیریل کی طرف ہے جو لکھنؤ ریڈیو سے نشر ہوتا تھا اور "رنگ ترنگ" سے اشارہ عبدالرؤف رئیس اعظم دھوی کے مجموعۂ کلام کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے جس پر تھانوی صاحب مولانا سے مقدمہ لکھوانا چاہتے تھے۔

دریا باد

۲۲ مارچ ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

بندہ نواز!

وعلیکم السلام

میں تو منتظر خود "منشی جی" کی آمد کا تھا بہ نفس نفیس اصالۃً بلاشرکت غیرے و آمیزش۔ وہ آتے تو سہی لیکن اس سج دھج سے کہ کسی کا ہاتھ پکڑے ہوتے لا رہے ہیں اور کسی کے عصائے پیری بنے ہوتے ہیں!

یہ منشی جی وکیل کب سے ہو گئے۔ خود "مختار" تو ہمیشہ سے تھے یہ "مختاری کا جبہ کب سے پہن لیا۔؟

"دلخواہ" سونگھ لیا، "گلرنگ" کے "رنگ و بو" کی سیر کر لی۔ آپ کے شاعر صاحب تضمین کے کلام کا انتخاب خوب اور بہت خوب کرتے ہیں یہ دلیل ہے ان کی سخن فہمی، سخن گوئی کی۔

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۲)

تھانوی صاحب نے "مدظلہ" کے عنوان سے نقوش لاہور میں مولانا دریابادی پر مضمون لکھا تھا اس سے مطلع ہو کر یہ خط لکھا:

دریا باد

۲۷ فروری ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

"مدظلہ" کی طرف

سے

عزیزی سلمہٗ کو

تو تبسم بھی شریکِ نازِ ہوا

آج کچھ اور بڑھائی گئی قیمت میری

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

شوکت تھانوی کا ایک مضمون "سانپ مار خاں" پڑھ کر مولانا دریابادی نے یہ خط لکھا ۔

دریاباد
۲۲ / مارچ ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

عنوان "سانپ مار خاں" پڑھ کر

یہ سانپ "کے لیے "مار" کیا خوب
بہ قول شخصے "وہ مارا"

عبدالماجد

(۳)

دریاباد
یکم مارچ ۱۹۵۷ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

فرمایئے آپ بدستور لاہور ریڈیو میں ہیں نا! ماشاء اللہ یہ مضمون ہے کہ
ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
بہرحال اڑتی سی خبر کان میں پڑی ہے کہ آپ حال میں اڑ کر چاٹگام پہنچے تھے اور عنقریب لندن کی پرواز کے لیے "پر تول" رہے ہیں، "اللہ ری" "بلند پروازیاں"

والسلام
دعاگو: عبدالماجد

ڈاکٹر نور الحسن ہاشمی[1]

(۱)

"عزیز" اللہ محرم مکتوب الیہ نے اپنے دو مضمون صدق میں اشاعت کے لیے بھیجے تھے۔ ارتضی علی مکتوب الیہ کے چچا تھے ۔

دریاباد ضلع بارہ بنکی ۱۴ / دسمبر ۱۹۴۵ء

عزیزی سلمہ! وعلیکم السلام

خط میں تو کوئی بات جواب طلب نہیں

[1] ڈاکٹر صاحب کے نام یہ خطوط خود انہوں نے صدق جدید ۱۲ / ستمبر ۱۹۶۲ء میں شائع کرا دیئے تھے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غریب کی آمد آمد، اچھا مضمون ہے صدق کے پاس باہر کے مضامین کا ایک انبار عظیم ہوا ہے۔ گنجایش ہوتی تو ضرور درج کر دیتا۔ محرم کے طنز میں تلخی آ گئی ہے اسے کوئی مشکل سے چھاپے گا اور مقصد اصلاح بھی اس سے حاصل نہ ہوگا۔

میاں سلیمان کی شادی معلوم نہیں کہاں ہوئی۔ دعوت نامہ تو آیا تھا۔

یکم جنوری سے انشاء اللہ دریاباد کی طرح سندیلہ کے مسافروں کی بھی مشکل آسان ہو جائے گی۔ پنجاب ایکسپریس حسب اوقات سابق چلنے لگے گا (علاوہ موجودہ دہرہ ایکسپریس کے)۔

بھائی ارتضیٰ علی صاحب کا وہی حال ہوگا۔ عرصہ سے کچھ سنا نہیں

آغاز یہ تھا کو دل بڑھا تھا ۔۔۔ جو بُت تھا نگاہ پہ چڑھا تھا

انجام یہ ہے کہ مر رہے ہیں ۔۔۔ اللہ اللہ کر رہے ہیں (اکبرؔ)

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۲)

دریاباد ضلع بارہ بنکی ۔۔۔ مورخہ ۵ ستمبر سنہ ۶۶ء

عزیزم! السلام علیکم

پروفیسر عبدالرحمٰن بارکر کی خبر آمد لکھنؤ کل سہ پہر کو "قومی آواز" سے معلوم ہوئی۔ لکھنؤ سے دور رہنے کا خمیازہ ایسے ہی موقعوں پر اٹھانا پڑتا ہے۔ اب تو شاید چلے گئے ہوں گے۔ معلوم کب آئے؟ کہاں ٹھہرے تھے؟ علم ہو جاتا تو ضرور ان سے ملنے پہنچ جاتا۔ دو ڈھائی برس ہوئے میری ان کی مراسلت اردو میں ہوئی تھی۔ ان کا مفصل خط بہت اچھا تھا ٹھیٹھ مشرقی طرز کا لکھا ہوا۔ اگر اب بھی ہوں تو میرا سلام پہنچا دیا جائے اور یہ مصرع بھی

ع بھول جانا ہمارا یاد رہے۔

لکھنؤ میں وہ مسلمان کس کے ہاتھ پر ہوئے تھے؟ اور محرکات اسلام کیا ہوئے تھے؟ یعنی پڑھ پڑھ کر؟ اسی طرح کے معلومات بطور خود ان سے حاصل کر لیجیے گا۔ یہاں سے کہاں گئے؟

(۳)

جس تحریر میں مکتوب الیہ کی نظم "نور علی نور" پر پسندیدگی کا اظہار فرمایا ہے۔ علی احمد مکتوب الیہ کے عزیز، دوست اور مولانا دریابادی کے عقیدت مند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد، ضلع بارہ بنکی ۶/۱ اپریل ۱۹۵۵ء

عزیزی سلمہ اللہ! السلام علیکم

لکھنؤ ریڈیو کی فرمائش ۲۷ کی شام سکے لیے پہنچی۔ اول تو ۲۲ کو سیر ا پروگرام لاہور وغیرہ کے لیے (ڈیڑھ ہفتہ کا) ہے خیر اس کے لیے تو یہ ممکن تھا کہ ۲۰ ہی کو۔ اچھے ریکارڈ کرا لیتا لیکن بڑی پیخ یہ نکلی کہ گفتگو نہیں، مباحثہ ہے! ـــــ مباحثہ میرے لیے تکلیف وہ چیز ہے بڑا وقت اسی میں صرف ہو جاتا ہے۔ ایک بار مجھے ظفر حسن خاں اور آپ یا عبد الاحد خاں خلیل کے ساتھ گتھا دیا گیا تھا۔ بجائے ۱۵ منٹ کے ۴۵ منٹ لگ گئے اور جب بھی کسی مشکل سے ختم ہو پایا۔

ظاہر ہے کہ اس کے لیے script تیار کر کے کیسے لا سکتا ہوں۔ وہ تو عین اسی وقت تیار ہوگی۔ اس دردِ سر کے پیشِ نظر میں تو انکار لکھے بھیجتا ہوں۔

محض اسکرپٹ تیار کرنی ہوتی تو ایسا انداز رکھتا کہ بحث و مباحثہ کی گنجایش ہی اُس میں بہت کم نکل سکتی۔ ریڈیو کا خط ۳ کی شام کو ملا تھا۔ ۴ کو صبح اگر جواب لکھتا تو بھی آج ہی ۶ کو وہاں پہنچا۔

والسلام

دعاگو: عبد الماجد

۱۔ نظم زبانی ہی سُن کر پسند آئی معارف میں پڑھ کر اور زیادہ لطف آیا۔ ماشاء اللہ و جزاک اللہ۔ نور علی نور۔ علی احمد سے داد زبانی کہلا بھیجی تھی۔

(۴)

سید مزمل حسین مرحوم مکتوب الیہ کے بڑے بھائی اللہ مکتوب نگار کے رشتے میں بھانجے، معتقد اور انہی کے ہم عمر تھے۔

دریاباد، ضلع بارہ بنکی ۲۷ رمئی ۱۹۵۵ء ۵ بجے شام

عزیزم سلمہ اللہ، وعلیکم السلام

بچی کی شادی اللہ ہر طرح مبارک کرے ـــــ اللہ کی شان کہ ابھی کل تک جو خود ایک کم سن لڑکا تھا، آج باپ ہے اور باپ ہی نہیں بلکہ بیٹی شادی کے قابل ہو گئی اور عنقریب خود نانا یا دادا بن جانے والا ہے۔ تقریبات میں شرکت کا اتفاق اب کم ہی ہوتا ہے۔ آپ عزیز کے یہاں شرکت کو یوں بھی سوچ رہا تھا کہ معلوم ہوا کہ میاں مزمل علیل ہو کر آئے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب تو حاضری لازمی ہو گئی تہنیت پر اضافہ عیادت کا۔ انشاء اللہ آؤں گا ۔ دعاگو،
عبدالماجد

(۵)

دریا باد ۔ضلع بارہ بنکی ۳ مارچ ۱۹۶۷ء

عزیزم ! السلام علیکم
کچھ متفرق اوراق ایک اُردو ڈکشنری کے لکھنو میں ایک کباڑیے کی دوکان سے مل گئے تھے ۔ میں نے یہ گمان کر کے کہ Plattes کے ہوں گے خرید لیے اور انہیں مجلد کرا لیا ۔ یہاں آ کر جو مقابلہ کیا تو وہ گمان غلط نکلا ۔

آپ اپنے ہاں کے ذخیرہ سے پتہ لگا کر لکھیے کہ یہ کس ڈکشنری کے ہیں ؟
Fallon کی دونوں ڈکشنریاں اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں ، اگر مل سکتی ہیں تو کہاں سے ملیں گی ۔

ایک کام اور یاد پڑ گیا ۔ عبدالرحمان بار کر وقتاً فوقتاً لکھنو آتے رہتے ہیں ، مجھے اطلاع ہمیشہ بعد از وقت ملتی ہے ایک بار انہیں امریکہ خط لکھا کہ ۔

رحمتیں ہیں تری اغیار کے کاشانوں پر

آپ لکھنو آتے ہیں اور اسی "نواح کے سودا برہنہ پا" کو ہمیشہ نظر انداز کر جاتے ہیں جواب میں بڑے طنطنہ کا آیا کہ اب کی آؤں گا تو ضرور ملوں گا ، مگر آئے تو پھر بھول گئے ۔ اب آنعزیز کے علم میں ان کی کبھی آمد ہو تو ذرا یاد کر کے انہیں یاد دلا دی جائے ۔ والسلام
عبدالماجد

(۶)

مکتوب الیہ نے اپنے دوسرے بیٹے سعید الحسن ہاشمی کا رشتہ مولانا مرحوم کی نواسی صفیہ بنت عبدالعلیم قدوائی سے تجویز کیا تھا ۔ مولانا نے آنندو عبدالعلیم قدوائی سے اس سلسلے میں مراسلت کی ہدایت فرمائی زاہدہ مولانا کی چھوٹی صاحب زادی جو عبدالعلیم کو بیاہی تھیں ۔

دریا باد ضلع لکھنو ۶ جنوری ۱۹۷۳ء

عزیزم ۔ وعلیکم السلام
انشاء اللہ میاں سعید کی جو سعادت مندیاں سننے میں آئی ہیں ، وہ تو بیگانہ کو یگانہ بنا دینے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والی ہیں چہ جائے کہ جو عزیز تر پہلے سے ہو، اُسے عزیز تر بنا لینے میں تامل کس کو ہو سکتا ہے۔
اللہ کا شکر گزار ہونا چاہیے، اپنے فرزند کے حقیقی والدین کو اور شکر گزار تر رہنا چاہیے ایسے سعید کے مجازی والدین کو۔

بہ مسرت تمام اس رشتہ کی سفارش علیم وزاہدہ سلمہا سے کیے دیتا ہوں۔ البتہ ان لوگوں کا سبیتا جلدی کا معلوم نہیں ہوتا وقت وہ لوگ ضرور کچھ چاہیں گے آنعزیز کی معقولیت کا۔ مقبولیت کا۔ مجبوریت کا۔ تھوڑا بہت علم ہے، اگر اُدھر کی اس معذوری کا خیال رکھ لیا جائے تو انشاء اللہ ایک مزید تجربہ شرافت نفس، بلکہ کرامت نفس کا ہو جائے گا

آئندہ مراسلت بہتر ہوگا۔ کہ براہ راست میاں علیم سلمہٗ سے رہے۔ والسلام
دعاگو: عبدالماجد

مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

السلام علیکم

مسلم کانفرنس[1] لکھنؤ میں آپ کی تقریر پڑھ کر ع

غازی چہ توئی رواست کافر بودن

جزاک اللہ خیر الجزاء۔ والسلام

دعاگو و دعاخواہ:
عبدالماجد
یکم جنوری ۱۹۴۸ء

ڈاکٹر مختار الدین احمد آرزو

آرزو صاحب!

(۱)

آپ کے ذوق ادب کا قائل تو میں میگزین کا پہلا نمبر پڑھ کر ہو ہی چکا تھا۔ آپ کی جرأ کا قائل ہونا پڑ رہا ہے کہ آپ اس "ترقی" اور "ترقی پسندی" کے دور میں غالب مرحوم کا نام زند

ماخذ: جمعیت علمائے ہند کی بنیادی خدمات، ص ۲۸

[1] یہ کانفرنس ۲۷، ۲۸ دسمبر ۱۹۴۷ء کو جمعیت علمائے ہند کے زیر اہتمام مولانا ابوالکلام آزاد کی صدارت میں ہو جس میں مولانا سیوہاروی نے نہایت پرجوش اور فکر انگیز تقریر سے پیش آمدہ حالات میں مسلمانوں کی رہ فرمائی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فکریں لگے ہوتے ہیں!

کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانہ میں!

پ کو یارانِ طریقت کی اس پستی کا بھی ڈر نہیں، کہ یہ گر کے مُردے اکھیڑنا نہیں تو اور کیا ہے!

غالب بیچارہ حمد و نعت کہنے والا، توجہ در تصوف یا مسلک کو نئی نئی طرح پر نظم کرنے والا، قدیم عاشقانہ غزل گوئی کا دم بھرنے والا، "بورژوا" سوسائٹی کا شاعر، وزن و قافیہ کی پابندیوں میں جکڑا ہوا، عریانی و فحاشی کے آرٹ سے ناآشنا، صنعت بے بحری سے بے بہرہ، رکاکت و ابتذال سے محروم، اس قابل ہی کب تھا، کہ آج کوئی اس کے نام کو جگاتے اور اس کے حق میں فاتحہ خیر کو ہاتھ اٹھاتے!

حضرتِ غالب کا مرتبہ فارسی شاعری میں بھی یقیناً بہت بلند تھا، لیکن مجھ بے بصر تنگ نظر کے علم میں تو اردو میں جہاں تک غزل گوئی کا تعلق ہے، کوئی شاعر اس پایہ کا نہ غالب سے قبل پیدا ہوا تھا، نہ غالب کے بعد آج تک ہوا ہے۔ گو اس میں شبہ نہیں کہ بعض بعض متاخرین نے اپنے اندر غالبیت خوب خوب پیدا کر لی تھی۔

اور یہ کم سواد، بے استعداد، تو حضرت غالب کی شاعری ہی کی طرح اُن کی اردو نثر کا بھی دلدادہ بلکہ قتیل ہے۔ خصوصاً جب سے کہ اُن کے خطوط کا مجموعہ مرتبہ مولوی مہیش پرشاد ہماری نظر سے گزرا ہے۔ البتہ عبدیت سطر سطر سے نمایاں ہے۔ غالب اس آئینہ میں ایک مکمل انسان، ایک عبدِ خالص نظر آتے ہیں اور اسی حقیقت کی جلوہ آرائی انشا پردازی کا منتہائے کمال ہے؛

دُعاگو: عبدالماجد

دریا باد، ۲۳ مئی ۴۹ء

(۲)

برادرم، وعلیکم السلام

دیدار آرزو میں تو میں خود ہی حسرت مجسم بنا رہا! غالب کے لیے مضمون کی فرمایش مجھ مطلوب ہے؛ وقت کس کے ہاں سے لاؤں۔ آپ کا کارڈ میری ہی غفلت سے انبار کاغذات کے نیچے دب گیا تھا۔ اتفاق سے آج نظر پڑ گئی، دل نے بڑی شرمندگی محسوس کی۔ بہرحال چند سطریں الٹی سیدھی گھسیٹے دیتا ہوں۔ الفاظ اگر نہ چلیں تو ہاشم سلمہ سے پڑھوا لیجیے گا۔ والسلام

دُعاگو: عبدالماجد

دریا باد، ۲۲ مئی ۴۹ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برادرم، وعلیکم السلام

علی گڑھ اور اکبر نمبر نکالے ! اللہ اکبر !

ہفتہ بھر شدید خانگی تردّدات میں مبتلا رہا۔ بیوی، محبوب بیوی (محبوبیت کے لیے قید کسی سن و سال کی نہیں۔) موت و زیست کی کشمکش میں تھی۔ اللہ نے دوبارہ زندگی دی۔ میرا ایک قدم لکھنؤ میں، ایک دریاباد میں۔

"خطوط مشاہیر" کے نام سے تاج کمپنی نے میری ترتیب کی ہوئی ایک کتاب ۳، ۴ سال ہوئے شائع کر دی ہے۔ اس کتاب کا سب سے بڑا حصہ اکبر نامہ میں ہے۔ کچھ کم چھوٹے بڑے دو سو خطوط کا مجموعہ۔ اسی میں سے کسی خاص خط کا فوٹو اگر منظور ہو تو تلاش کر کے وہ اصل خط آپ کو بھیج دوں۔

خود حضرت اکبر کی جوانی کا ایک بہت اچھا فوٹو میں نے ان کے صاحبزادہ عشرت حسین مرحوم کے کمرہ میں دیکھا تھا۔ اسے حاصل کیجیے۔ ممکن ہے نعیم الرحمٰن صاحب ایم اے (شعبۂ فارسی، عربی، الٰہ آباد یونیورسٹی) کے ذریعہ سے مل جائے۔ عام طور پر ایک ہی فوٹو ان کی ضعیفی کے زمانے کا ملتا ہے، جس سے چہرہ کی ذہانت ظاہر نہیں ہوتی۔

خواجہ حسن نظامی، ملا واحدی، حسرت موہانی، ماہر القادری، طالب الٰہ آبادی، نوح ناروی، حکیم عبدالقوی (ایڈیٹر روزنامہ "تنویر" لکھنؤ) مولوی صبغۃ اللہ فرنگی محلی، شاہ معین الدین احمد ندوی ان سب کو لکھیے۔ بعض سے مضامین حاصل ہوں گے۔ بعض سے معلومات۔ ا اور ۲ سے دونوں۔ سرسید کے آخری دور میں حضرت اکبر علی گڑھ میں منصف تھے۔ اسی دور کے لوگوں کا پتہ چلائیے۔

حضرت اکبر پر اتنا زائد اور اتنے مختلف عنوانات سے لکھ چکا ہوں کہ اب فوراً تو ذہن کسی طرف متوجہ نہ ہو سکا۔ آگے اللہ مالک ہے۔ غالب نمبر پر لکھنے کی نوبت دیکھیے کب آتی ہے؟ والسلام

دعاگو، عبدالماجد

۱۲ر جنوری ۶۰ء

(۴)

عزیز مکرم۔ وعلیکم السلام

کیا کہوں آپ سے کتنا شرمندہ ہوں ——— کارڈ دب گیا تھا اور اسی نے شنبے کی شام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا مشتاق بنا دیا تھا۔ ریڈیو ایک عرصہ سے اپنے پاس نہیں۔ ایک عزیز کے پاس ہے اُن کے ہاں کہلا دیا تھا۔

لیکن ادھر تو زکام و نزلہ نے زور کیا ادھر اس سے بڑھ کر یہ کہ معاً بعد مغرب تیز و تند ابر و باد شروع ہو گیا اور خفیف ترشح ہو گیا۔ بس عین وقت پر ہمت جواب دے گئی۔ اور سب سے بڑھ کر ہمت شکن یہ خیال رہا کہ ایسے میں سنائی کیا دے گا

غرض یہ کہ اب تو اس محرومی کی تلافی کی کوئی صورت بجز اس کے نہیں کہ آپ خود ہی اس مسودہ کی نقل عنایت فرمائیں۔ والسلام

دریاباد ۔ ۲۲ دسمبر ۵۲ء دعاگو عبدالماجد

(۵)

برادرم سلمہ اللہ۔ وعلیکم السلام

ڈاکٹریٹ مبارک ہو ـــــــــ اللہ اسے دنیا و آخرت دونوں میں نافع کرے۔

مقالہ کس عنوان پر تھا، یہ خیال نہ آیا۔

شعبۂ عربی نیا تقرر اور زیادہ قابلِ مبارکباد ہے۔ اُستادوں کے دیندار ہونے کی ضرورت تو ہمیشہ ہی سے تھی اب کئی گنی اور بڑھ گئی ہے۔

آپ کا ۳ ر کا لکھا ہوا کارڈ ۵ ر کی شام کو ملا (حالانکہ امکان ۴ ر کی شام کو ہی مل جانے کا تھا)

ظاہر ہے کہ حسرت ہی بڑھانے والا ہوا۔ والسلام

دریاباد، ۷ ر فروری ۵۳ء دعاگو: عبدالماجد

(۶)

برادرم۔ السلام علیکم

جی ہاں۔ آپ کے متعلق یہ دونوں خوشخبریاں پہلے پڑھ چکا تھا ـــــــــ اور دل مسرور ہو چکا تھا۔

اللہ نے دین کی خدمت کا ایک بہترین موقع آپ کو دے دیا ہے۔ اس سے پورا فائدہ اٹھائیے اور ہر لمحہ اپنے کو دین کا خادم سمجھیے۔ انگریز کہیں اور کسی حال میں ہو پر اپنے کو انگریز ہی سمجھتا ہے اور یہی حال روسی، امریکی، جرمن سب کا ہے۔ کاش ہم بھی اپنے کو ہمہ وقت اور ہر حال میں مسلمان سمجھنے کی عادت ڈال لیں۔

علم کی خدمت وطن کی خدمت یہ بھی بڑی خدمتیں ہیں لیکن سب دین کی خدمت کے ماتحت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آج ۵ ہے۔ آپ سفر پر روانہ ہو چکے ہوں گے۔ دیکھیے یہ نیاز نامہ آپ کو کب اور کہاں ملتا ہے؟

اپنا مستقل پتہ ضرور لکھ بھیجیے گا۔

گب وغیرہ دوسروں سے بہت غنیمت ہے۔ ان کی کتاب محمڈن ازم پر ریویو عرصہ سے کرنا چاہ رہا ہوں۔ اگر لکھا گیا تو آپ کو بھیج دوں گا۔ انشاء اللہ۔

یہ اردو کچھ جانتے ہیں؟ نہ جانتے ہوں تو اس راہ پر انھیں لائیے۔ بغیر اردو کے بذاتِ خود پاکستانی اسلامیات کو کیسے سمجھ سکیں گے؟

جی ہاں لندن میں تو مسلمان کثرت سے ہیں۔ ضرور ذبیحہ کا انتظام ہوگا۔ آکسفرڈ میں بے شک دشواری ہے۔ ذبح کا طریقہ یہود کے ہاں تو اب تک قائم ہے۔ خدا کرے وہاں بھی کوئی یہودی ذابح مل جائے۔ بس اتنا کافی ہے۔

سب سے زیادہ دشوار سوال جیسا کہ آپ نے خود لکھا ہے۔ چربی کا ہے۔ اس کا حل یہاں سے تو کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ سوا اس کے کہ بجز گائے وغیرہ کے مکھن کے ہر روغنی چیز ہی سے پرہیز کیا جائے ـــــ ڈاکٹر حمید اللہ پیرس میں ہیں اور ماشاء اللہ ہر طرح دیندار ہیں۔ ان سے مراسلت کر کے اس کا حل دریافت کیجیے۔ اور مجھے بھی لکھیے ـــــ سفارت خانہ پاکستان وغیرہ میں کچھ مسلمان تو ضرور دیندار قسم کے ہوں گے۔ انہوں نے بھی کچھ حل نکالا ہی ہوگا۔ اور ووکنگ والے بھی اس حد تک تو مسلمان ہی ہیں۔

احوالِ غالب خوب رہی۔ ماشاء اللہ۔ ریویو اس وقت لکھ رہا تھا۔ گنجائش شاید اسی ہفتہ کے پرچہ میں نکلے۔ تراشہ پبلشر کو پہنچے گا۔

مدت قیام کتنی ہے؟ واپسی میں گب کو بھی علی گڑھ کی دعوت دیجیے گا۔ کچھ خیال پڑتا ہے کہ وہ پاکستان اور ہندوستان آ چکے ہیں۔

حسب فرصت وہاں کے حالات ضرور لکھیے گا جو میرے کام کے ہوں۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

دریاباد ۔ ۵ / اکتوبر ۵۳ء

(۷)

برادرم سلمہ اللہ! السلام علیکم۔

ڈیلی میل پا کر دل سے دعائیں نکلیں۔ جزاک اللہ۔ ایسے ہی کرم کا آئندہ بھی منتظر رہوں گا۔ اپنی خیریت، مشاغل اور ہر ایسی چیز جو صدق یا معارف کے کام کی ہو۔ ان سب کا مشتاق رہوں گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس شرط کے ساتھ کہ آپ کے وقت اور جیب پر بار نہ پڑنے پائے۔
بحمداللہ آج ۱۸ روزے مئی کے مہینہ میں ہم کم ہمتوں اور ناتوانوں کے بھی ہو گئے۔ والسلام۔
دریا باد - ۲۲ رمئی ۵۴ء دعاگو و دعا خواہ : عبدالماجد

(۸)

برادرم! وعلیکم السلام
مرحبا و جزاک اللہ۔ پراگریسو اسلام، کا ذکر انشاء اللہ کر دیا جائے گا۔ 'نیوز آف دی ورلڈ'، ڈیلی میرر، وغیرہ کا عطیہ لطف بالائے لطف۔ آنکھیں مدت سے انہیں دیکھنے کے لیے ترسی ہوئی ہیں۔
امریکن میگزین بھی اگر آسانی سے مل جائیں تو سبحان اللہ......
دریا باد - ۲۲ ردسمبر ۵۴ء شکر گزار و دعاگو، عبدالماجد

(۹)

برادرم! وعلیکم السلام
خوب مفصل و تاثر نامہ ملا میری عین خواہش کے مطابق، فجزاک اللہ۔ گبوم کی کتاب، پراگریسو اسلام کے دو نمبر، اور متعدد لندنی پرچے سب پہنچ گئے تھے۔ اور سب کی رسید بھی فوراً لکھ چکا تھا۔ حیران رہ گیا یہ سن کر کہ وہ خط نہیں پہنچا۔ خدا کرے بعد کو پہنچ گیا ہو۔
آپ کے اس مکتوب فرنگ کا بیشتر حصہ صدق میں انشاء اللہ نکلے گا۔ اس کے قبل والا مکتوب تو نکل ہی چکا ہے۔ لندنی پرچوں کے لیے شکر گزار خاص طور پر ہوا۔ اب ان پرچوں کو ہندوستان میں آنکھیں ترستی رہتی ہیں۔
آپ کے لیے دعا زبان سے نہیں دل سے نکلتی ہے۔ اللہ خیریت دارین کے ساتھ وطن واپس لائے۔
آپ کا آکسفرڈ کا پتا بھول گیا۔ یعنی کالج کا نام یاد رہا۔ دفتر بھیجے دیتا ہوں اگر وہاں درج ہوا تو وہیں ڈاک میں پڑجائے گا۔

والسلام

دریا باد - ۱۷ رجنوری ۵۵ء دعاگو و محتاج دعا: عبدالماجد

عبدالعزیز کمال

(۱)

کرم گستر! وعلیکم السلام
صحیح پتا اسی کارڈ میں درج ہے۔ لکھنؤ کے پتے سے خط بہت دیر میں ملتا ہے۔
حضرت جوہر کا تو کہنا ہی کیا، باقی شبلی و اکبر بھی، میرے حق میں بڑے مہربان تھے چھوٹوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سکے دل بڑھانا، اُن کی ہمت افزائی کرتے رہنا، بزرگوں کے معمولات میں داخل ہے، اور تینوں حضرات میرے بزرگ ہی تھے۔ اُن کے حوصلہ افزایانہ الفاظ میں میری اہلیت کو ذرا بھی دخل نہیں۔

۲- آپ جو دریافت فرمانا چاہیں بے تکلف دریافت کر سکتے ہیں۔

۳- اُس زمانہ میں تو میں اسرار خودی کے کوچہ ہی سے سرے سے نابلد تھا۔ انگریزیت اور الحاد میں غرق تھا۔ کئی سال بعد جب ذرا ہوش آیا، جب سے اقبال ہی کو حق پہ سمجھا ہوں۔ اکبر یوں بھی دوسرے شاعروں کا کلام کم ہی پڑھتے تھے اور اقبال تو اُن کے خورد ہی تھے۔ اس وقت کی عام فضا سے متاثر ہو کر حضرت اکبر بھی انہیں تصوف کا دشمن سمجھے، حالانکہ اقبال منکر تصوف کے نہیں بلکہ صرف رواجی اور غیر اسلامی تصوف کے تھے۔ بہر حال غلطی اور غلط فہمی کے شکار اکابر ہی ہیں جانتے ہیں۔

والسلام

۹ر اپریل ۱۹۵۱ء — دعاگو عبدالماجد

آپ کے محکمہ میں ایک افسر میرے ایک عزیز بھی تھے۔ اِس وقت مری میں تعینات ہیں۔

(۲)

۲۷ر اپریل ۱۹۵۱ء

مکرم گستر! وعلیکم السلام

۱- اُن عزیز کا نام فہیم الزمان ہے۔ مری میں R.P.A.S کے چیف انسٹرکٹر ہیں۔

۲- تصویر کو نہ پوچھیے۔ چند برسوں کے اندر خدا معلوم کس کس طرح اپنے کو بچایا ہے۔ ریڈیو میں جب تقریر کرنے جاتا ہوں، تو وہاں تو یہ بلا اکثر ہی مسلط ہوتی رہتی ہے۔

شرعی ناجوازی کے علاوہ اس میں دخل طبعی کراہت کو بھی ہے۔ اپنی صورت مجھے نہایت درجہ ناپسند ہے۔ ایک عمر ہو گئی جب سے آئینہ نہیں دیکھا۔ اتفاقی نظر پڑ جانے سے تکلیف ہی ہوتی تھی، تو تصویر کیا کھنچواتا۔

جن حضرات کے نام آپ نے لیے اُن میں اِس اعتبار سے مستند صرف مولانا سلیمان ندوی ہیں۔ وہ اب سالہا سال سے اس باب میں محتاط ہیں۔ کوئی چوری چھپے کھینچ لے تو اور بات ہے۔ اِس سے تو مولانا شبیر احمد عثمانیؒ تک نہ بچ سکے تھے۔

باقی گناہ کبیرہ کے درجہ میں میں بھی تصویر کو نہیں رکھتا۔ حدیث میں ممانعت کی بھی تاویلیں ہو سکتی ہیں، گو ضعیف۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ اقبالؒ کے سلسلہ میں آپ نے جو کچھ کہا، بالکل صحیح ہے۔ راہ میں منزلیں بہت سی آئیں۔ کم و بیش سب جگہ ٹھہرے۔ لیکن منزلِ مقصود قرآن ہی رہی۔

"اور بجنل" فلسفہ اپنے اصلی اور لفظی معنی میں کسی کا بھی نہیں۔ خورد بینی مطالعہ کے بعد ہر ایک کسی نہ کسی کا خوشہ چین ہی نظر آتا ہے۔ اقبال کی طالب علمی کے زمانہ میں برٹرانڈ رسل، وارڈ اور میکنگر لے کا تھا۔ ان سے کچھ نہ کچھ متاثر ہونا لازمی تھا۔ اور بس۔

۴۔ سنہا کی کتاب پر ریویو وغیرہ پڑھے تھے۔ اصل کتاب کا مطالعہ خیال میں نہیں آتا۔ مدت سے فلسفہ کا مطالعہ بہت کم ہو گیا ہے۔ اتنے دنوں پڑھا، کچھ بھی حاصل نہ ہوا بجز الفاظ و اصطلاحات کے۔ پیاز کی طرح چھلکے ہی چھلکے۔ اب بجز بہت سی مخصوص کتابوں کے فلسفہ بالکل نہیں پڑھتا، صرف قرآن مجید اور اس کی شرحیں کافی ہیں، یا پھر دل بہلانے کے لیے ادبیات۔

۵۔ "آج کل" (دہلی) والا مضمون میں نے نہیں پڑھا۔ اپنے متعلق کوئی بھی مضمون نہیں پڑھتا۔ اپنی صورت کی طرح اپنی سیرت سے بھی کچھ مستقل بیزاری ہی رہتی ہے۔ ع

غیر کیا خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے

۵۔ انگریزی اور اردو دونوں ترجمے تاج کمپنی ہی کے بس میں ہیں۔ والسلام

دعاگو عبدالماجد

(۳)

۲۹ رمئی ۱۹۵۱ء

مکرم گستر! وعلیکم السلام

ہر کسے از ظنِ خود شد یارِ من

وز درونِ من نہ جست اسرارِ من!

آپ نے بھی حُسنِ ظن، مبالغہ کی انتہا کر دی۔ اور اپنے مفروضات در مفروضات سے خدا معلوم مجھے کہاں سے کہاں پہنچا دیا!

جواب نہیں، کیا عرض کروں، بجز اس دعا کے کہ اللہ آپ پر رحم فرمائے۔ اور آپ کی رہنمائی کسی واقعی اور حقیقی نائب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک کر دے۔

تصویر کی ممانعت تو حدیث سے بالکل ثابت ہے۔ میں نے اس کے صرف معصیت کبیرہ سمجھنے سے انکار کیا تھا۔ اور یہ کیا پتا کہ میں جو بچا رہا، اس میں دخل میری ذاتی کوشش کو ہی ہے — کہ اس پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

اُسکے کوئی سوال کیسے اُٹھایا جائے ؟

حدیث نفس ممانعت میں وارد ہے۔ باقی حکمت ممانعت کا سوال بالکل الگ ہے۔ تاویل و توجیہہ ہر شخص اپنے ذہن کی رسائی کے مطابق کر سکتا ہے۔

رہا مسئلہ خود اعتمادی و خودداری کا، تو میں نے تو قرآن ہی میں پڑھا ہے کہ خدا کے رسول معصوم تک اپنے لیے یہ سمجھے ہیں کہ حشر میں خدا معلوم کیا معاملہ ان کے ساتھ ہو۔ لما ادری ما یفعل بی تو پھر صحابہ کا کیا ذکر! اور مجھ جیسے تباہ کار و نامہ سیاہ کا نام بھی اس سلسلہ میں آنا سنجیدگی و متانت کے حدود سے تجاوز کر جاتا ہے ! والسلام

دعاگو عبدالماجد

<u>غلام یزدانی</u>

مخدوم، مکرم ۔ السلام علیکم

خدا کرے آپ بخیریت ہوں اور دکن میں بلند ہوں۔ مدت دراز ہوئی، یعنی وسط ۴۲ء میں آپ کوئی مجموعہ مرزا فرحت اللہ بیگ مرحوم و مغفور پر شائع کر رہے تھے۔ اور مجھے حکم دیا تھا کہ میں بھی کچھ اپنے معروضات پیش کر دوں۔ تعمیل ارشاد اسی وقت کر دی گئی تھی۔ پھر جب سے کچھ پتا نہ چلا کہ آپ کی ان کوششوں کا حشر کیا ہوا۔ کل محض اتفاق سے اپنے پرانے کاغذات میں اس تحریر کی نقل نکل آئی۔ اس سے یہ خیال تازہ ہو گیا۔

اب تو مدت کے بعد ہمارے یو۔ پی کی طرح حیدرآباد میں بھی کچھ تھوڑی بہت جان پڑتی ہوئی معلوم ہو رہی ہے۔

دُعاگو : عبدالماجد

دریاباد ۔ بارہ بنکی، ۱۹؍ اپریل ۵۱ء

<u>میکش بدایونی</u>

مہربان بندہ وعلیکم السلام

رُباعیاں پہنچیں ۔ ماشاء اللہ و سبحان اللہ ۔ صدق کی محدود گنجایش کے مدِنظر ہوا ایک تو اس میں انتخاب کر کے ان شاء اللہ دے دی جائیں گی اور باقی کے لیے کوشش ہو گی کہ کسی اور پرچہ میں نکل جائیں ۔ والسلام

دُعاگو : عبدالماجد

دریاباد ۸؍ اپریل ۵۳ء

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱)

صادق الخیری (دہلی)

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی۔ ۱۷ راگست ۳۹ء

عزیز مکرم! السلام علیکم

اب کے پرچہ اچھا نکلا۔ اس معیار کو قائم رکھیے۔ آپ کے والد مرحوم ہوا کے رخ پر چلنے والے تاجر نہ تھے مصلح تھے۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھنے کی ہے اور ضرورتِ اصلاح اب پہلے سے کہیں زائد ہے:

نوا را تلخ تر می زن چو ذوق نغمہ کم یابی!

موقع ملا تو آج شام کو آپ کی زبان سے نکلے ہوئے بول ریڈیو پر سنوں گا "عورتوں کی جرنلزم" پر مشرقی (یا میری زبان میں عصمتی) نقطۂ نظر سے تقریر کرنے والی آپ کے علم میں کوئی خاتون ہیں؟ لکھنؤ ریڈیو اسٹیشن والوں نے مجھ سے مشورہ کیا ہے کیپٹن A.M. LUDIVINCI کی کتابیں موقع ملے تو ضرور مطالعہ کر ڈالیے:-

Truth about child birth, The women vindication, Future of women

وغیرہ نیز "یونیورسل ہسٹری آف دی ورلڈ" میں مضمون Feminine Influence in Politics

والسلام، عبدالماجد

(۲)

خط کی پہلی ہی سطر میں انجمن خدام الدین کے رسالے اسلام کا ذکر آیا ہے۔ یہ رسالہ خواجہ عبدالوحید مرحوم کی ادارت میں نکلتا تھا۔

دریاباد، ضلع بارہ بنکی ۲۴ راگست ۳۹ء

عزیز گرامی! وعلیکم السلام

لاہور کا انگریزی جریدہ اسلام آپ کی نظر سے گزرتا ہوگا۔ احتیاطاً ایک نمبر بھیج رہا ہوں۔ اس نمبر میں شذرات Ludiminci کی ایک کتاب پر مبنی ہیں۔ اکثر شذرات ایسے ہی ہوتے ہیں۔

کٹنگز کے لیے آپ نے خوب یاد دلایا۔ ان شاء اللہ اب خیال رکھوں گا۔ میں نے دریافت کیا تھا کہ کوئی خاتون آپ کے علم میں اگر ایسی ہوں جو عورتوں کی جرنلزم پر مشرقی،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامی نقطۂ نظر سے بول سکیں تو ان کا پتا لکھ دیجیے۔ اس کا کچھ جواب نہ ملا۔ اب ایک خاتون کو میں نے خود سوچا ہے۔ دیکھیے تجربے کے بعد کیسی نکلتی ہیں۔

میں ریڈیو عموماً صرف رات کے ۹ بجے سے ۱۰ بجے تک سنتا ہوں تازہ خبروں اور ولایتی تقریروں کے لیے آپ کا نام دیکھ کر، اسی روز شام کو وقت نکالا۔ افسوس ہے کہ فضا بہت خراب تھی۔ تڑتڑ گھر گھر، برابر لگا ہوا۔ یوں تو الفاظ بہت صاف آ رہے تھے لیکن معاً اس شور میں دب جاتے تھے۔ گویا گل مل ملا کر ۳-۵ منٹ آپ کی تقریر سنی ہوگی۔

subjucation of women کا حال نہ پوچھیے۔ کالج کے زمانے میں (۱۹۱۰ء تا ۱۹۱۲ء) میں مل کے عشاق میں تھا۔ سطروں کی سطریں حفظ تھیں۔ خود یہ کتاب بھی بار بار پڑھی، بلکہ ترجمہ بھی اس کا شروع کر دیا تھا۔ اب اُن "ایام جاہلیت" پر ہنسی آتی ہے۔

ہاں، خوب یاد آیا۔ میں نے مدت ہوئی اپنا انگریزی پارہ قرآن آپ کو بھیجا تھا۔ اب یقیناً خالی ہوگا۔ اس کی ضرورت کئی بار پڑی۔ اگر بہ آسانی واپسی ممکن ہو تو سپرد ڈاک کر دیا جائے وقت ہو تو جانے دیجیے۔

والسلام، عبدالماجد

(۳)

دریاباد۔ بارہ بنکی۔ ۱۴ راگست ۱۹۴۲ء

عزیز مکرم! وعلیکم السلام

محبت نامہ بڑی مدت کے بعد ملا۔ دل خوش ہو گیا۔ کتابیں رکھ لی ہیں۔ صدق میں ریویو ان شاء اللہ ضرور کر دیا جائے گا۔ خود اب fiction کی کتابیں صرف ضرورتاً ہی پڑھتا ہوں، ورنہ جی بالکل نہیں لگتا۔ والسلام

دعاگو، عبدالماجد

مسعود حسن رضوی ادیب (لکھنؤ)

(۱)

رزم نامہ اور شاہی اسٹیج پر اردو انعامی کمیٹی کے فیصلے پر دو ہزار کے انعام پر مبارک باد کا خط۔ بزم نامے سے مراد شاہی اسٹیج ہے جس میں واجد علی شاہ کے زمانے کی اندر سبھاؤں کے تفصیلی حالات ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد ۵ مارچ ۵۲ء

کرم گسترا السلام علیکم

دونوں کتابوں پہ دو ہزار کے انعام کی خبر تو اس سے قبل ہی مل چکی ہو گی۔ مبارکباد پیش کرنا محض رسم ادا کرنا ہے۔ رزم نامہ کی داد دل سے دیتا ہوں۔ صدق میں بھی لکھ چکا ہوں واقعی آپ کی زندگی کا ایک کارنامہ ہے۔ لیکن اس رزم نامہ کے ساتھ اس دوسرے بزم نامے کے لیے کیا عرض کروں۔ تلاش و تحقیق بلکہ توفیق اس کی بھی قابل داد کیا قابل رشک لیکن اس سب کا آخر کیا حاصل؟ دنیا اگر ان خوردبینی جزئیات سے بے بہرہ رہ جاتی تو کیا مضائقہ تھا۔

لاشۂ بے جان کو بنا سنوار کر رکھنے لباس فاخرہ پہنانے عطر لگانے کا مصرف مجھ کم فہم کی سمجھ میں تو آیا نہیں۔ کاش اتنا وقت عزیز آپ نے کسی اعلیٰ موضوع پہ صرف کیا ہوتا۔

اس جسارت بلکہ گستاخی کے حق میں میرا اخلاص شاید کچھ شفیع ہو جاتے۔

دعاگو: عبدالماجد

(۲)

کرم گسترا وعلیکم السلام

بڑے انتظار کے بعد آج اپنے عریضہ کی رسید مجھ کو ملی، میں تو مایوس ہو چکا تھا۔

یہ آخر آپ لوگوں کو تپلون کا کیا شوق چرایا ہے! اپنی لنگوٹی کی خیر منائیے!

چھ ممبر تو آپ کے اُس دورِ اتحاد و شرافت میں بھی نہ ہو سکے تھے چہ جائیکہ اب اس کے خواب دیکھیں! پورے چھ نام پیش کر کے تو اپنے کو شکست دینا ہے۔

زیادہ سے زیادہ دو کی گنجائش نکل سکتی تھی ورنہ میں تو توحید ہی کا قائل ہوں۔ میرے مذہب میں تو دوئی کی بھی گنجائش نہیں۔ اس شرک جلی پہ آمین کیسے کہہ سکتا ہوں! زیادہ سے زیادہ اتفاق رائے جس ایک نام پر ہو سکتا ہے وہ ڈاکٹر صدیقی ہی کا نام ہے۔

سفر سے معذوری اپنے ضعف ہمت کی بنا پر ہے، دین کی کسی سختی کی بنا پر نہیں۔ جو عالی ہمت ہیں وہ اس سے بھی کڑے موسم میں روزے رکھ کر جہاد کر سکتے ہیں۔

اکیڈمی کی سرکاری نامزدگیوں پر صدق میں جو نوٹ لکھا تھا، حاضر خدمت ہے۔ یہ تراشہ بھیجنے لگا تو اسی نمبر میں تفسیر سورۂ قریش پر بھی نظر پڑ گئی، وہ بھی ملفوف ہے۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

دریاباد، ۱۲ مئی ۵۲ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳)

مولانا کے سننے میں یہ خبر آئی تھی کہ مسعود صاحب اور حیات اللہ انصاری صاحب انجمن ترقی اردو کی مالی مدد کے لیے اردو بازار میں دہی بڑے کی دکان لگانے والے ہیں۔

دریا باد

۲۸ر دسمبر ۱۹۵۵ء

بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

اردو بازار میں دکانداری تک میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن خدا کے لیے کہیں دہی بڑے کچالو یا چنا جور گرم کی دکان نہ کھول بیٹھیے گا۔

آتے وہ یاں خدا کرے پر نہ کرے خدا کہ یوں

دکان لگانا ہی ہے تو یا تو کباب پراٹھے گرما گرم یا پھر شیرماں کشمیری چائے یا دونوں ناممکن ہوں تو پھر گوٹا مالا۔ بہرحال بازاریت میں بھی بالکپن نہ چھوٹنے پائے۔

تقلید میں بھی کچھ رہے ایجاد کا مزہ

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۴)

زیر نظر خط میں "رزم نامہ" "واقعات کربلا" میں مکتوب الیہ کی مرتبہ اودھ شاہی اسٹیٹ "ریاست اودھ کے حالات" میں مکتوب الیہ کی دوسری تالیف کا ذکر آیا ہے۔ انعامی کمیٹی کی مجلس سے مراد حکومت یوپی کی مقرر کردہ اس کمیٹی کی میٹنگ ہے جو کتابوں پر انعامات کے فیصلے کے لیے بنائی گئی تھی۔

دریا باد

۱۰ر مئی ۱۹۵۸ء

کرم گستر! السلام علیکم

"رزم نامہ" عرصہ ہوا پڑھ لی تھی اور اپنے تاثرات اسی وقت سپرد قلم کر دیے تھے لیکن صدق میں گنجائش کا انتظار ہفتوں نہیں مہینوں کرنا ہوتا ہے۔

آپ کے حسن انتخاب، حسن ترتیب کا کیا کہنا اور کلام کا کمال یہ ہے کہ مجھ جیسا بدعقیدہ اور "واقعات" کی تاریخیت سے بڑی حد تک منکر شخص بھی گہرا اثر قبول کیے بغیر نہ رہ سکا۔ آنکھ میں آنسو آ گئے۔

جی نہیں "شاہی اسٹیج" نہیں آئی مجھے زیادہ انتظار تو آپ کی دوسری کتاب تذکرۂ نادر کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا اس انعامی کمیٹی کی مجلس دیکھیے اب کب تک ہوتی ہے ابھی تو کتابیں بھی نہیں وصول ہوئی ہیں۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۵)

اس خط میں سرکاری کونسل سے اشارہ یوپی کی قانون ساز اسمبلی کی طرف ہے اور ہوشیار جنگ سے اشارہ مکتوب نگار کے دوست نواب ہوشیار جنگ کی طرف ہے انھوں نے "مشاہدات" کے عنوان سے جو اپنی خود نوشت لکھی ہے اس میں حیدرآباد کی مجلسی معاشرتی زندگی کی بہت سے جھلکیاں موجود ہیں جس سے کسی حد تک یہ ضرورت پوری ہوتی ہے جس کی طرف مکتوب نگار نے اشارہ کیا ہے شاہانِ اودھ کی زندگی کے بارے میں ایسی کوئی کتاب تیار نہیں ہو سکی جس کی آرزو مولانا دریابادی نے کی تھی۔

دریاباد ۴ر نومبر ۵۸ء

کرم گستر! السلام علیکم

کے خبر تھی کہ آپ کا اِس اردو کمیٹی سے استعفا خود اسی کمیٹی کی موت کا پیش خیمہ ہو گا پھر گورنمنٹ تو جیسے کوئی بہانہ ڈھونڈھ رہی تھی میں نے ایک خط سکریٹری صاحب کو ضابطہ سے لکھا اور کچھ تھوڑی بہت کوشش کسی ذریعہ سے کرائی۔ دونوں صورتیں بالکل بے نتیجہ رہیں۔ ممکن ہو تو زراحیات اللہ انصاری صاحب کو کھڑکھڑائیے۔ قومی آواز کے ایڈیٹر بھی ہیں اور سرکاری کونسل کے ممبر بھی۔

ہاں صاحب آپ لکھنؤ میں رہتے ہیں کسی صاحب کو پکڑ کر شاہان اودھ کی پوری زندگی پر کتاب لکھوایئے جس میں نہ مدح ہو نہ ہجو محض واقعاتی (OBJECTIVE) حیثیت سے جس میں صبح و شام دن رات کے حالات درج ہوں۔ کھاتے کیا تھے اور کیوں کر؟ دلچسپیاں کیا کیا رہتی تھیں؟ امیروں، وزیروں، عام رعایا کے ساتھ برتاؤ کیا رہتا تھا؟ دربار کے آداب کیا تھے؟ عبادات، عقائد، مذہبی تقریبات کا کیا رنگ تھا حمام، بیت الخلا، کے آداب کیا تھے؟ لکھنے پڑھنے کا شوق کہاں تک تھا؟ شادی، بیاہ، جنسی زندگی کی تفصیلات وقس علی ہذا۔

ہوش بگرامی مرحوم سے میں نے وعدہ لے لیا تھا کہ اس قسم کی ایک مکمل کتاب وہ نظام دکن امرا حیدرآباد، والیان بھوپال ورام پور پر اپنی ذاتی معلومات سے لکھ دیں گے۔ خیر وہ بے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چار سے تو گزر ہی گئے۔

اب کسی اور سے یہ کام شاہان اودھ سے متعلق لیجیے۔ کچھ دن بعد کوئی اتنا جاننے والا بھی باقی نہ رہے گا۔

دعاگو، عبدالماجد

(۶)

مولانا دریابادی نے لکھنؤ ریڈیو سے "میری ادبی زندگی کے ناقابل فراموش واقعات" کے عنوان سے ایک تقریر کی تھی جسے مکتوب الیہ نے بہت پسند کیا، اس کی تعریف میں ایک خط لکھا جس میں کوئی شعر بھی نقل کیا تھا۔ مولانا کا یہ خط اسی خط کا جواب ہے۔

دریاباد ۳۰ر اگست سنہ۶۰ء

کرم گستر! السلام علیکم

کشمیری بھانڈوں کا شعر صاحب عوامی اسٹیج و شاہی اسٹیج کی زبان سے سن کر اگر بے ساختہ داد نہ لکھ بھیجوں تو ظلم ہے شعر سنانے والے اور سننے والے دونوں پر۔

کاہے کو کشمیری بھانڈوں کو کوئی ادیب اب تک ایسا قدرداں ملا ہوگا۔ والسلام

دعاگو، عبدالماجد

(۷)

زیر نظر خط میں ذکر پروفیسر احتشام حسین صدر شعبہ اردو، الہ آباد یونیورسٹی کا آیا ہے۔ مرحوم اپنی شرافت کے لیے مشہور اور مولانا دریابادی کے بڑے عقیدت مند تھے۔ آگے چل کر ذکر مولانا دریابادی کے کالج کے ساتھی اور دوست ظفر حسین خاں کا آیا ہے، جن کی کتاب "انواع فلسفہ" دارالمصنفین، اعظم گڑھ نے شائع کی ہے۔

دریاباد ۳۱ر اکتوبر سنہ۶۰ء

کرم گستر! السلام علیکم

۲۷ر کو لکھنؤ ریڈیو دہلی کی فرمائش پر اپنی ادبی ملاقات ریکارڈ کرا آیا۔ تجربہ محکمہ والوں کی طرف سے بڑا ہی تلخ بلکہ صبر آزما رہا۔

وہ تری گلی کی قیامتیں کہ لحد سے مردے نکل پڑے
یہ مری جبین نیاز تھی کہ جہاں دھری تھی دھری رہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا منظر۔ اب دہلی سے جب کبھی کوئی فرمائش آجاتی ہے یہی صورت پیش آتی رہتی ہے۔ لکھنؤ اور دہلی کی رقابتوں کی روایت اور جہاں کہیں ختم بھی ہو چکی ہو بہرحال لکھنؤ ریڈیو میں زندہ ہے — ہر گریہ کے عقب میں خندہ۔ ان تلخیوں کے ساتھ اپنے احتشام صاحب کی شرافت، معقولیت، انسانیت کا بھی تجربہ ہو گیا۔ لڑائی میری طرف سے لڑتے رہے — اور ہر قدم پر اپنے کو پیچھے کر کے مجھی کو آگے گیا۔

نفس مکالمہ کا ہر استفسار، استفبار، استقلام، استفہام پروفیسرانہ تھا اور میری گزارش طالب علمانہ۔ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پسا۔ میرے ساتھ ان کی تقریر پر بھی سنسری نشتر اچھا خاصا چلا۔ بہرحال کٹی پٹی، لنڈی منڈی لولی لنگڑی تقریر جیسی بھی ریکارڈ ہو پاتی ہے انشاء اللہ ۸ر نومبر کی رات ½ ۹ بجے دہلی سے آئے گی۔ آپ کی قدر افزائی کے اعتماد پر یہ رام کہانی آپ لکھ بھیجی۔

مکرر ظفر حسین خاں صاحب کو بلرام پور اسپتال کمرہ ۹ میں دیکھ آیا بے چارے سخت علیل ہیں۔ والسلام

عبدالماجد

(۸)

اردو کے مسئلے کا جائزہ لینے کے لیے حکومت یوپی نے جو کمیٹی تشکیل دی تھی، اس کے مرتبہ سوال نامے کا ذکر اس خط میں آیا ہے۔ انجمن سے مراد انجمن ترقی اردو، لکھنؤ ہے، جس کی طرف سے جواب بھیجا جانا تھا۔ دوسری خاص بات جس کی طرف اشارہ مقصود ہے، یہ ہے کہ پروفیسر آل احمد سرور نے ظفر حسین خاں کے انتقال پر ہماری زبان علی گڑھ میں جو تعزیتی نوٹ لکھا تھا، اس میں مرحوم کو علامہ شبلی کا شاگرد لکھ دیا تھا، حالانکہ حقیقت یہ نہ تھی۔

دریاباد ۷ر اگست ۱۹۶۱ء

برادرم! السلام علیکم

اگر بہ آسانی ممکن ہو تو جو جواب اردو سوال نامے کا آپ کی انجمن کی طرف سے جائے وہ میری نظر سے بھی گزر جائے۔ عجب کیا جو میں اس کی تائید کر دینا کافی سمجھوں۔

+ اللہ اعلم میری جانشینی کس کے حصے میں آئی۔ پرسوں لکھنؤ جا کر مرحوم ظفر حسین خاں کی قبر پر فاتحہ پڑھ آیا۔ بالکل پائینتی ان کے بچہ کی قبر کا کتبہ بڑا موثر نظر آیا۔ سرور صاحب نے خدا معلوم یہ کہاں سے لکھ دیا کہ مرحوم مولانا شبلی کے شاگرد تھے۔ والسلام،

دعاگو: عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۹)

زیرِ نظر خط میں یو پی گورنمنٹ کی اس کمیٹی کا ذکر آیا ہے جو آچاریہ کرپلانی کی صدارت میں وزیرِ اعلیٰ یو پی، سی بی گپتا نے اردو کے مسائل کا جائزہ لینے کے لیے قائم کی تھی۔ مولانا دریا بادی اس کمیٹی کے رکن تھے، لبعد میں اس سے مستعفی ہو گئے تھے۔ اوپر کے خط میں جس جانشینی کا ذکر آیا ہے، وہ اس کمیٹی سے مولانا دریا بادی کے استعفے کے بعد کا مسئلہ ہے۔

دریا باد ! ۷ر اکتوبر ۶۱ء

کرم گستر! السلام علیکم

کل سرکار کے ہاں سے اطلاع آئی کہ تمہارا استعفا اس لسانی کمیٹی سے منظور کر لیا گیا اور اب تمہاری جگہ کسی اور ممبر کے انتخاب کی ضرورت نہیں۔ سچ کہا جس نے کہا تھا ؎

گھبرا کے اور غیر کے پہلو سے لگ گئے
دیکھا اثر یہ نالۂ بے اختیار کا

اور اس نے بھی سچ کہا جس نے یہ کہا ؎

یہ جانتا اگر تو لٹاتا نہ گھر کو میں

والسلام
عبد الماجد

(۱۰)

پرنس معظم جاہ حیدرآباد (دکن) کے حالات میں "دربار دُربار" مصنفہ صدق جائسی کی طرف اشارہ ہے۔

دریا باد بسم اللہ

۸ر ستمبر ۱۹۶۲ء

محترم ! السلام علیکم

دربار دُربار مل وسط۔

خدا خدا کر کے اس طوفان کا زور گھٹا۔

اے سبحان اللہ یہ "طوفان" کی مناسبت سے "گھٹا"، کیا خوب! دیکھیے اس داد پر مجھ غریب پر منبر بس پڑیے گا۔ والسلام

دعاگو عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۱)

اس خط میں مبارکباد مکتوب الیہ کے کسی منصب پر تقرر پر ہے اور مراد اس بیان کی معقولیت کی ہے جو لکھنؤ میں محافل میلاد کے قیام و اہتمام کے سلسلے میں شیعوں اور سنیوں میں پیدا ہو جانے والے اختلاف کے سلسلے میں تھا۔

دریاباد ۸ر ستمبر ۶۳ء

کرم گستر! السلام علیکم

تقرر جدید پر مبارکباد کئی دن سے پیش کرنے والا تھا بس رہ ہی رہ گیا۔ صدق کا نوٹ بھی لکھنؤ سے اس خط کے ساتھ موصول ہو جاتے گا۔

لکھنؤ کی محفل میلاد کے سلسلے میں آپ کا بیان خوب نکلا۔ پہلا بیان تو محض غنیمت کے درجہ کا ہے۔ لیکن آپ کا بیان واقعی قابلِ داد ہے۔ اس نے یہ خط لکھنے پر فوراً آمادہ کیا۔ والسلام

دعاگو و دعاخواہ:
عبدالماجد

(۱۲)

حامد علی خاں امروہہ کے رہنے والے، لکھنؤ کے مشہور بیرسٹر اور ابتدائی دور میں کانگریس کے حامیوں میں سے تھے۔ کرامت حسین مشہور قانون داں اور کرامت حسین گرلز کالج لکھنؤ کے بانی تھے۔ حامد علی خاں کی کتاب "لنگویج کنٹروورسی" پر ڈاکٹر محمد ہاشم قدوائی نے یہ نوٹ تحریر کیا ہے: "وہ اینٹونی میکڈانلڈ گورنر صوبہ یو پی نے سنہ ۱۹۰۰ء میں عدالتوں میں دیوناگری رسم الخط میں درخواستیں قبول کرنے کی اجازت دے دی تھی۔ وہ بڑے ہندی نواز اور اردو مخالف تھے۔ اس کے خلاف محسن الملک کی قیادت میں اُردو کی حمایت میں تحریک شروع ہوئی۔ گورنر نے ایم اے او کالج کی ایڈ بند کر دینے کی دھمکی دی اور محسن الملک کو انجمن حمایت اُردو کی صدارت سے استعفا دینا پڑا۔ یہ کتاب حامد علی خاں نے اسی موضوع کے متعلق مرتب کی تھی اور اس میں اردو رسم الخط کی حمایت میں مضامین اور مراسلات کو جمع کیا تھا۔"

۱۴ر جون سنہ ۶۴ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حامد علی خاں مرحوم کی ایک کتاب جسٹس کرامت حسین پر تھی میرے ہاں سے مدت ہوئی غائب ہوگئی۔ اب اس کی ضرورت آپڑی ہے۔ عجب نہیں کہ شیعہ کالج لائبریری میں ہو اور آپ کے تعلقات شیعہ کالج سے ضرور قائم ہوں گے۔ اگر آپ کے ذریعے سے دو چار دن کے لیے حاصل ہوسکے تو کسی کو بھیج کر آپ سے منگوالوں۔

ہاں صاحب کئی سال ہوتے میں نے انھیں حامد علی خاں کی ایک انگریزی کتاب آپ کی خدمت میں پیش کی تھی۔ نام غالباً The Language Contraversy تھا اور ناگری رسم الخط سے متعلق مراسلات اور مضامین کا مجموعہ تھی۔ آپ نے واپس تو یقیناً فرمادی ہوگی۔ لیکن احتیاطاً ذرا ایک بار پھر نظر ڈال لیجیے گا۔ والسلام

دعاگو عبدالماجد

(۱۳)

حکومت ہند نے مولانا کو عربی میں نیشنل اسکالر کے اعلیٰ ترین علمی اعزاز سے نوازا تھا اس کے ساتھ ڈیڑھ ہزار سالانہ کی پنشن بھی تھی جو بعد میں تین ہزار کر دی گئی تھی۔ مسعود حسن صاحب نے اس اعزاز کے ملنے پر مبارک باد کا خط لکھا تھا، زیر نظر خط اسی کے جواب میں ہے۔

دریاباد ۲۴ر اگست ۶۶ء

برادرم وعلیکم السلام

سرکاری سند سے کہیں بڑھ کر قابلِ قدر تو آپ سے مخلص اہل علم حضرات کا اخلاص و حسنِ ظن ہے۔ رہی اہلیت اور نا اہلی تو نا اہل ترین تو میں خود ہی ہوں۔ یہ محض کسی کی صفت ستاری ہے جو ہر عیب پر پردہ ڈالے ہوتے ہے۔

والسلام، دعاگو:
عبدالماجد

(۱۴)

اس خط میں اولاً ذکر اس سرکاری تقریب کا آیا ہے جو سال گزشتہ علمی اور دیگر خدمات کے صلے میں اعزاز پانے والوں کو عطائے اسناد کے لیے منعقد کی گئی تھی۔ مولانا دریابادی نے صفوں کی ترتیب پر اپنے تکدر کا اظہار کیا ہے۔ آخر میں ذکر مولانا کے ہمسایہ سید ضیاء الدین حسین نیوتنی ضلع اناؤ ریٹائرڈ پوسٹ ماسٹر اور سید آل رضا مشہور اور خوش گو شاعر کا آیا ہے۔ جو جسٹس محمد رضا جج اودھ چیف کورٹ کے بیٹے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد ۱۹ / اپریل ۱۹۶۷ء

مخلص نوازادو علیکم السلام

آپ کے وفور اخلاص نے دوبارہ آپ سے تہنیت نامہ لکھوا دیا۔ یہ کوئی نیا اعزاز نہیں وہی پیا تا ۱۵ / اگست والا ہے اس کی باضابطہ عطا تے سند کی تقریب اب ہوئی تھی آگے کی صفوں کی صفیں پدم بھوشن پدم شری وغیرہ سے بھری ہوئی تھیں۔ انھیں میں فلاں گویئے فلاں سازندے فلاں سارنگیے بھی تھے اور آخری بالکل آخری صف ہم خاکسار "اہل علم" کے لیے تھی۔ دو سنسکرت والے اور ایک ایک عربی و فارسی والے کے لیے۔ منظر صبر آزما ہونے کے ساتھ ساتھ تجربہ آموز بھی رہا۔

صدق جائسی مرحوم کی صاحب زادی کا خط آیا تھا کہ مرحوم کا دیوان بھی تیار ہے اور دربار دُر بار کے دوسرے حصے بھی، کچھ تم ان پر لکھ دو۔ جواب لکھ دیا کہ دربار کی حد تک تو حاضر ہوں۔ باقی دیوان پر لکھنے کے لیے مجھ سے کہیں زیادہ اہلیت جناب مسعود حسن رضوی رکھتے ہیں۔ دو ہفتے کے بعد یہ خط مردہ خطوط سے زندہ ہو کر واپس آیا کہ مکتوب الیہ کا پتہ نہیں چلا۔ حالانکہ پتہ انھیں کیپٹن سنگھ کا لکھا ہوا تھا۔

ہاں صاحب میرے گھر میں ضیاء الدین حسین مرحوم کی بھانجی ہیں۔ گویا نیوتنی ان کا ننھیال ہے۔ اکثر ذکر اپنی ایک خالہ کا کرتی رہتی ہیں بڑی محبت سے۔ یہ سیلا آل رضا کی والدہ تھیں اور بیان کرتی ہیں کہ آپ کی بھی کوئی قریبی بہن ہوتی ہیں۔ یہ بیان صحیح ہے؟ محض لتنے کے لیے خط کی ضرورت نہیں۔ لیکن بہرحال اسے ذہن میں رکھیے آئندہ جب کبھی کسی ضرورت سے لکھیے تو اس میں اس کا جواب بھی ہو۔ والسلام

عبدالماجد

(۱۵)

اس خط میں تفسیر ماجدی کے دوسرے دہلی ایڈیشن کی طرف اشارہ ہے۔

دریاباد ۱۸ / اپریل ۱۹۶۹ء

برادرم السلام علیکم

تفسیر جلد اول کو نکلے ہوئے اب کئی مہینے ہو چکے۔ جی بے اختیار چاہا کہ آپ کی نظر سے ضرور گزر کر رہے۔ بے تکلف ایک نسخہ ارسال خدمت ہے۔ اسے مہینہ دو مہینے جب تک جی چاہے بہ اطمینان اپنا ہی نسخہ تصور فرمائیں۔ افسوس ہے کہ شیعہ تفسیروں تک دست

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رس نہ ہو سکی ۔ صرف طبری کے مطالعہ کا موقع کبھی کبھی ملا ۔ وہ بھی بہت کم ۔

والسلام

عبدالماجد

(۱۶)

مسعود حسن صاحب کے تعلقات حسینی صاحب سے بھی بہت قریبی تھے اس لیے اُن کے نام بھی مولانا نے تعزیت نامہ لکھا ۔

دریا باد ۔

۲۹ ستمبر ۱۹۶۹ء

بسم اللہ

بندہ مہربان! السلام علیکم

علی عباس حسینی مرحوم کی سناونی کل دوپہر کو سُنی اور دل دھک سے ہو کر رہ گیا ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ تعزیت آپ کو پیش کر رہا ہوں

مرحوم میرے مخلصوں میں تھے ۔ تہذیب و شائستگی کی تصویر بڑے شریف نستعلیق مجھ سے کچھ دن کچھ برائے نام پڑھ لکھ لیا تھا وہ رشتہ آج تک قائم رکھے رہے بڑے ہو کر میرے سامنے چھوٹے ہی بنے رہے ۔ قبر پر چل کر فاتحہ پڑھنا ہے اور آپ اس کی رہنمائی اگر کر سکیں تو بہت خوب ۔ ۵ ر اکتوبر کو انشاء اللہ لکھنؤ پہنچ جاؤں گا اور قیام کچھ روز رہے گا جس دن اور جس وقت آپ کو سہولت ہو کچھ قبل سے اطلاع کر دیں خط سے یا ٹیلی فون سے ۲۲۲۷۳ ۔ آپ کے ہاں حاضر ہو جاؤں گا ۔

والسلام دُعا گو،

عبدالماجد

(۱۷)

مقامی اخبارات میں مسعود حسن صاحب کی بیوی کے انتقال کی خبر پڑھ کر یہ خط لکھا ۔

لکھنؤ ۔

۲۴ ر اکتوبر ۱۹۶۹ء

بسم اللہ

صورت از بے صورتی آمد برون

باز شد انا الیہ راجعون

برادرم! السلام علیکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابھی ابھی سانحہ کی خبر پڑھی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن
رفیقۂ حیات کی جدائی اور وہ بھی یوں آناً فاناً جس درجہ کا صدمہ بشر کے لیے ہے، وہ میری بھی تازہ آپ بیتی ہے۔ اس لیے ہمدردی اور تعزیت آپ کے ساتھ رسمی نہیں بلکہ سو فی صدی دلی رکھتا ہوں۔ اللہ ہی آپ کو صبر عطا فرمائے۔
کل انشاء اللہ فاتحہ سوئم میں حاضری دوں گا۔

والسلام، دعاگو:
عبدالماجد

(۱۸)

دریاباد ۲۰/دسمبر ۱۹۷۱ء

برادرم! السلام علیکم
امراؤ جان ادا کے نئے ایڈیشن پر تبصرہ دو نمبروں میں خدمت گرامی میں پیش کر چکا ہوں۔
افسوس ہے کہ اس کی چھپائی میں متعدد غلطیاں رہ گئی ہیں۔
بہر حال بہ نظر اصلاح دیکھ لیجیے گا اور اگر تحریر میں زیادہ زحمت نہ ہو تو میری غلطیوں پر مجھے مطلع کر دیجیے گا۔

والسلام، دعاگو:
عبدالماجد

(۱۹)

اس خط میں ذکر اس پنج ہزاری انعام کا ہے جو حکومت یوپی کی طرف سے ہر سال اردو، ہندی وغیرہ کے مسلم الثبوت ادیب کو اس کی ادبی خدمات کے صلے میں حکومت کی مقرر کردہ انعامی کمیٹی کی سفارش پر دیا جاتا تھا۔ مولانا دریابادی اس کمیٹی کے ممبر رہے تھے۔ ۱۹۷۲ء کے انعام کے حق دار مسعود حسن رضوی صاحب قرار پائے تھے۔

۱۴/اپریل ۱۹۷۳ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم
"پنج ہزاری"، اللہ مبارک کرے۔
یہ انعام اگر وہی ہے جو ہندی سمیتی بابو سمپورنانند کے زیر صدارت بہترین اردو والے کو ہر سال دیا کرتی تھی تو اس کے سلسلے میں خواہ مخواہ اتنی دیر ہو گئی۔ یہ تو آپ کو شروع میں آج سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کئی سال قبل مل جاتا تھا۔

میں اپنی جگہ پر بھی شرمندہ ہوں کہ میں نے آپ کا نام کیوں نہ پیش کیا۔ یہ تو میرے فرائض میں داخل تھا۔

والسلام دعاگو:

عبدالماجد

سید آل عبا مارہروی آوارہ

سید صاحب گورنمنٹ ہائی اسکول، سیتاپور میں مولانا کی طالب علمی کے زمانے میں طالب علم تھے اور اسی وقت سے دوستانہ تعلقات تھے۔ ان کی ایک تقریر لکھنو ریڈیو سے نشر ہونے والی تھی مولانا نے اسی کو سننے کے لیے وقت نکالنے کا اظہار کیا ہے۔

دریاباد

۱۷ جولائی ۱۹۵۳ء

برادرم! وعلیکم السلام

"آوارگی" کے پردے میں یہ ردائے آل عبا" خوب نکلی۔ سبحان اللہ!

ہماری کم نگاہی تم کہاں تھے ہم کہاں سمجھے

دل نے کہا، فرقہ "ملامتیہ" ابھی زندہ ہے۔

کل اٹھارہ جولائی کی شب میں وقت نکال کو ضرور آپ کی پیش کردہ "بی بھٹیاری" سے دل بہلاؤں گا اور جی میں آئی تو پھر آپ کے اسٹیشن ڈائرکٹر کو اپنے تاثرات بھی بھیجوں گا۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

مولانا صبغت اللہ شہید انصاری فرنگی محلی (لکھنو) (۱)

مولانا شہید انصاری مولانا دریابادی کے بے تکلف اور مخلص دوست تھے۔ ان کی اہلیہ کی وفات پر مولانا نے یہ خط تحریر فرمایا، اس خط میں حق" سے مراد لکھنو کا مشہور روزنامہ ہے جو اس زمانے میں نکل رہا تھا، مولوی ہاشم، مولانا شہید کے صاحبزادے ہیں، رافت مولانا کی بڑی صاحبزادی جو حکیم عبدالقوی دریابادی کو بیاہی ہیں، باغ ملا انوار حضرات فرنگی محل کا خاندانی قبرستان ہے اور حمیرا مرحومہ (۱۹۲۸ء) مولانا شہید کی بڑی صاحبزادی تھیں جو مفتی محمد رضا انصاری کو بیاہی گئی تھیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد
۱۳؍اگست ۱۹۵۲ء
۵ بجے شام

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

کیا عرض کروں کہ حق ۱۲؍اگست میں ابھی خبر صاعقہ اثر دیکھ کر دل پہ کیا گزر گئی! اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

کتنی دلچسپ پرانی یادیں تازہ ہوگئیں ــــــ اب ان سب پر حسرت اور ۳۰، ۳۵ کی رفاقت ٹوٹنا کوئی معمولی بات ہے۔

تعزیت کن الفاظ میں کروں اور کیا کہہ کر خود آپ کو اور پھر مولوی ہاشم سلمہٗ کو تسکین دوں! خبر پڑھتے ہی اخبار ہاتھ سے جھٹک کر معاً دعائے مغفرت کی اور اس کے بعد یہ کارڈ لکھنے بیٹھ گیا۔ یہ کارڈ اب کل صبح ڈاک میں پڑے گا اور آپ کو کہیں پرسوں ملے گا۔

بہر حال آپ کو مبارک ہو کہ جس نے اپنی محبوبہ خدیجۃ الکبریٰ کا جنازہ اٹھایا، کفنایا دفنایا اس کی سنت کا اضطراری اتباع آپ کو نصیب ہوگیا۔

آپ کی زندگی میں ایک مستقل خلا پیدا ہوگیا، لیکن آپ کو کیا خبر کہ کتنا اجر بے حساب بھی آپ کے لیے مقدر ہو چکا ہے!

رافت سلمہا لکھنؤ میں ہیں اسی ڈاک سے ابھی انھیں بھی لکھے دیتا ہوں کہ فرنگی محل فوراً جاکر حاضری دیں ــــــ میں خود عنقریب لکھنؤ آنے کو تیار ہو رہا ہوں تو سوچتا ہوں کہ بجائے فرنگی محل کے باغ ملا انوار ہی میں حاضری دوں مرحومہ کی خاکی آرام گاہ پر اور آپ کو بھی وہیں زحمت دوں۔

مرحومہ اس وقت کیسی باغ باغ ہو رہی ہونگی اپنے والد ماجد سے، اپنی والدہ ماجدہ سے اپنے بھائی مرحوم سے، حمیرا مرحومہ سے اور سب سے مل کر۔

آپ بھی ان کی خوشی کا تصور کرکے اپنے کو خوش کرنے کی کوشش کیجیے۔ اس دنیا کم بخت میں رکھا ہی کیا ہے بجز تکلیفوں اور مصیبتوں کے۔ اب انہیں ہر بیماری ہر تکلیف سے آزادی مل گئی۔

گھر میں اور لڑکیاں سب اپنی ایک عزیزہ قریب ہی کی فرقت کا صدمہ محسوس کر رہی ہیں۔

والسلام

دعاگو و شریک غم: عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

مولانا شہید انصاری کے مرسلہ آموں کے تحفے کے جواب میں۔

دریا باد

۱۸ر جولائی ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

برادرم!

وعلیکم السلام

ضلع کے اس پورے ملیح آباد کا جواب میرے قلم کی دست رس سے باہر ہے۔

والسلام و دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

(۳)

مکتوب الیہ ڈھاکے میں اپنے بیٹے مولوی حبیب فرنگی محلی سے ملاقات کے بعد لکھنؤ لوٹے تھے، اس پر مولانا نے انہیں مبارک باد دی اور ان کے تحفہ پنیر (Cheese) کا شکریہ ادا کیا۔

دریا باد

۲۶ر فروری ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

برادرم!

السلام علیکم

مع الخیر مراجعت وطن پر دلی مسرت محسوس ہوئی اور مبارک بادیوں بھی پیش کرتا اس "پنیر" کے تحفہ نے اب لازم کو الزم اور واجب کو واجب تر کر دیا جزاک اللہ وہاں تو انشاء اللہ سب خیریت ہی ہوگی۔

ملاقات آپ سے مہینوں نہ سہی لیکن احساس قرب اور امکان ملاقات خود کچھ تھوڑی نعمت ہے۔؟

"بازاریت" کی صحت میں شبہ میں اپنے قصور فہم سے نہ سمجھ سکا، لاحقہ "یت"، تو ہر اردو لفظ میں لگا کر حاصل مصدر بنایا جا سکتا ہے ——— خواہ اصلاً وہ کسی زبان کا بھی لفظ ہو۔ جیسے انگریزیت، عیسائیت، شہریت وغیرہا۔

عید سے ایک ہفتہ بعد انشاء اللہ لکھنؤ آنے کا پروگرام ہے۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وارث کامل صاحب مدیر "مدینہ" (بجنور)

برادرم السلام علیکم

ذاتی طور پر آپ کا ہم خیال ہوں۔ لیکن اخبار میں لکھنے کے لیے وقت کی ضرورت ہے۔

ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

اور وقت نکالنے سے بالکل معذور ہوں۔

صدق کے علاوہ مستقل مصروفیت قرآن مجید کی ہے۔ اُردو تفسیر کی نظرِ ثانی کر رہا ہوں۔ کئی گھنٹے روزانہ اس کی نذر ہوتے ہیں۔ کام ہے کہ پھیلتا اور نکلتا ہی چلا آتا ہے اور حیرت ہوتی ہے کہ پہلی بار اتنی چیزیں چھوٹ کیسے گئی تھیں ——— کثرت سے آئی ہوئی فرمائشیں اس پر مستزاد۔

خیریت نامہ پاکر خوشی ہوئی۔ بُوئے اخلاص اس سے چھن چھن کر آرہی ہے۔ یُوں بھی آپ کی تحریریں مخلصانہ معلوم ہوئیں ——— اور یہ نعمت اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے۔ والسلام

دُعاگو، معذرت خواہ : عبدالماجد

دریاباد، ۱۸ر مارچ ۵۴ء

عبدالرؤف عباسی (لکھنو)

(۱)

عباسی صاحب صدق جدید کے پیش رَو "صدق" ہفتہ وار کے منیجر تھے۔ پھر اپنا روزنامہ حق لکھنو سے جاری کیا۔ مولانا دریابادی سے اخلاص رکھتے تھے۔ انہیں اپنے ہاں محفلِ میلاد کی صدارت کے لیے بلایا تھا۔

دریاباد۔

۲۵ر اکتوبر ۱۹۵۵ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

"امرِ حق" سے سرتابی کی مجال کسے لیکن گوش "حق نیوش" میں عرض ہے کہ ۳۰ کی صبح سے مجھے لکھنؤ میں موجود ہونا ہے اور یہ پروگرام دو ہفتہ قبل سے طے ہو چکا ہے۔ اب کیا صورت رہ جاتی ہے کہ حاضری ۲۹ کو بھی رہے اور ۳۱، کو بھی۔ یوں بھی مسندِ صدارت ترک کیے ہوئے ہوں۔

والسلام

معذرت خواہ ؛

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

مکتوب الیہ کے بھائی کے انتقال پر تعزیت نامہ

دریاباد۔
۲۴ر اگست ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن حادثہ کی خبر کل سہ پہر قومی آواز میں پڑھی۔ یہ کارڈ پہلی ڈاک سے روانہ ہے

بھائی کی جدائی کا صدمہ خانگی صدمات میں سے ایک سخت ترین صدمہ ہے۔ خصوصاً جب مرحوم بھائی عاشق زار بھی ہو۔ میں اس صدمے کا مزہ چکھے ہوتے ہوں۔

بہر حال اب دعائے مغفرت کے بجز اور ممکن ہی کیا ہے اللّٰھم اغفر لہ وارحمہ

والسلام

عبدالماجد

(۳)

مکتوب الیہ کے بھتیجے ہم نام بھتیجے عبدالرؤف جونیر کے انتقال پر۔ مرحوم امریکہ کے ایک اخبار سے بہ حیثیت صحافی وابستہ تھے۔ وہیں کار کے ایک حادثے میں انتقال ہوا تھا۔

دریاباد
۲۰ر دسمبر ۱۹۷۰ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

خدا کرے بمبئی سے واپسی مع الخیر ہوئی ہو اور مرض میں نمایاں افاقہ ہوگیا ہو، آپ لوگوں پر جو آسمان ٹوٹ پڑا اس پر سوا اس کے اور کیا عرض کیا جاسکتا ہے کہ اللہ کو کوئی بڑا امتحان لینا اور اسی کی مناسبت سے جزائے عظیم دینا مقصود ہے جب ہی اتنی حیرت انگیز، حسرت انگیز، عبرت انگیز موت واقع کر دکھائی گئی۔ بچے اور بوڑھے اپنے اور پرائے سب ہی انگشت بدنداں! پردیس کی موت اور وہ بھی ایسی بے کسی سے خود ہی ایک سرمایۂ مغفرت ہے اور موت کس کی؟ ایک جوان صالح کی۔ اپنے سارے کنبے کی پرورش کرنے والے اور اپنی ملت کی قلمی خدمت میں لگے رہنے والے کی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ بال بال مغفرت فرمائے اور آپ سب لوگوں کے لیے کوئی سبیل معاش جلد سے جلد نکال دے۔

اس جنوری میں لکھنؤ حاضری کا قصد ہے اور پہلا کام آپ کی خدمت میں تعزیت اور عیادت دہرے فریضے کے لیے حضوری ہے۔

مرحوم جب مجھے خط لکھتے یا جب ملتے تو اس ادب و احترام اور اس اخلاص و محبت سے کہ بالکل سگے بھتیجے کا لطف آجاتا دل سے دعائیں بے اختیار نکل رہی ہیں ——

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

محمد مقتدا خاں شروانی (علی گڑھ) (۱)

دریاباد

۹ر جنوری ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

محترم! السلام علیکم

جی آپ کے قلم کا کیا کہنا۔ پڑھنے والوں کا دل باغ باغ کر دیا، ایسی شگفتہ و شاداب تحریریں اب کم ہی دیکھنے میں آتی ہیں۔ اہل قلم کے مقتدا جو ٹھہرے۔ قلم پہ پوری رعنائی و برنائی اس سن میں آئی! بہ قول شخصے سے

بڑھاپے میں بھی جواں ہو رہا ہوں

لیکن پھر بھی بہ قول شخصے ہی

دین اللہ کی ہے اس میں اجارہ کیا ہے،

والسلام دعاگو:

عبدالماجد

(۲)

مولانا شبلی پر مکتوب الیہ کے مضمون کے جواب میں۔

دریاباد

۲۵ر فروری ۱۹۵۸ء

بسم اللہ

حضرت والا! وعلیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ ماشاء اللہ پیدائش کے وقت سے مقتدا شہرے آپ کی ہر قراءت پر ہم مقتدیوں کو آمین کہنا واجب خواہ بالجہر ہو یا بالسر۔

والسلام دعاگو و دعا خواہ:

(۳)

مکتوب الیہ کی مصنفہ و مرسلہ مثنوی "نان و حلوا" کے جواب میں

دریا باد
۶ر دسمبر ۱۹۵۸ء

بسم اللہ

معلی الالقاب ! السلام علیکم

تحفۂ لطیف دلذیذ کا کیا کہنا۔ صاحب "نان و حلوا" کہیں سُن پاتے تو منہ میں پانی بھر آتے سو جان سے للچا تے۔

مثنوی کی بلاغت و معنویت۔ سبحان اللہ! لیکن عنوان ثانی ذرا عام فہم و سلیس بھی ہوتا تھا مثلاً مثنوی شیر مال و قورمہ۔ مثنوی بریانی و زردہ وغیرہ اور سب سے بڑھ کر مثنوی اشتیاق آفریں برائے دل حزیں۔

والسلام دعاگو:

عبدالماجد

(۴)

مکتوب الیہ نے اطلاع دی تھی کہ انہوں نے علی گڑھ ہی میں "شوشو کمپنی" کے نام سے اپنے بیٹے کو جوتے کی دکان کھلوادی ہے "کیلوہ" کے عنوان سے روشنائی پر ایک نظم بھی ارسال کی تھی نیز مولانا دریابادی کو ان کے خط کی خوبی کی بناء پر "موزوں رقم" کے خطاب سے نوازا تھا۔

دریا باد
۷ر اپریل ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

والا مناقب ! وعلیکم السلام

"چار" صاحب زادہ کے سیلے یہ "شوشو" کا شوشہ آپ نے خوب چھوڑا۔ اور اس ضلع میں ایک بات نوک کی رکھ لی زمانے کے سر پر ایک ٹھوکر جمادی۔ "داستان کیلوہ" کا کیا کہنا۔ پڑھنے والے کو چارہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ شروع سے آخر تک ہر شعر پر یہی کہتا رہے۔

رقیبوں، حریفوں کے چہرے پہ خوب ہی سیاہی مل دی یا "کیلوہ" کی مناسبت سے یوں کہیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیلے کہ ان کے تابوت میں کیل ٹھونک دی۔

اس بدخط کو سوزنِ رقم کا خطاب دے کر آپ نے ادھر تو یکسوئی حاصل کر لی ادھر معترض کا گلا ناپ دیا۔

دعاگو،

عبدالماجد

(۵)

دریاباد

۲۴ر فروری ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

مخدوم و مقتدا! وعلیکم السلام

آپ کے اشہب قلم نے ضلع کے سبزہ زار میں ماشاء اللہ وہ جولانیاں دکھائی ہیں وہ کلیلیں بھری ہیں وہ وہ کاوے کاٹے ہیں، وہ وہ طرارے بھرے ہیں کہ میری ہمت تو تقلید کی بن نہیں پڑتی۔ اس میدان کے غازی مرد تو آپ ہی ٹھہرے۔ میرا ابلق خامہ اگر داد کی منہ زوری کا حوصلہ کرے تو پہلے ہی قدم پر ٹھوکر کھائے۔ داغ پر داغ اٹھاتے۔ ایک ہی گردنی میں درست ہو جاتے نعل در آتش ہو کر زبان بند کرتا ہوں۔ قافیہ تنگ ہے۔ زیہمار آگے قدم بڑھانے کی ہمت نہیں کرتا۔ اللہ آپ کا کارساز ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(۶)

دریاباد۔

بسم اللہ

۱۱ر اپریل ۱۹۶۰ء

کرم گستر! السلام علیکم

نظم نے مولوی نذیر احمد مرحوم کی یاد تازہ کر دی۔ وہی رنگت وہی ڈھنگ وہی ساز وہی آہنگ، تیسرے شعر کے پہلے مصرع میں ٹیک کے معابعد "لینا" کیا خوب ایک نئی صنعت "ضلع ذولسانین"

والسلام

عبدالماجد

دریاباد

(۷)

۵ر دسمبر ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

بندہ نواز! وعلیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس دورِ ظلمت میں آپ کو "النور"[1] کی خوب سوجھی۔ میں نے اُس وقت پسند کی ضرور ہو گی لیکن اتنے عرصے کے بعد کہاں یاد ——

والسلام

عبدالماجد

(۸)

دریاباد
۲۸ ستمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

کرم گستر!
وعلیکم السلام

عرض سے طول کے عمق کا کیا کہنا۔ سطح بلند پر زاویہ نظر ہے۔ نقطہ رکھنے کی گنجایش نہیں ہے۔ خط ختم کیے دیتا ہوں کہ کہیں مقالہ اقلیدس کی شکل نہ اختیار کر لے۔

دعاگو:

عبدالماجد

(۹)

علی گڑھ کے سفر میں مکتوب الیہ کا کلام سن کر اور علی گڑھ کی گزک سے لطف اندوز ہو کر شکریے کا خط۔ لکھنؤ کی زبان میں گزک کو "تل شکری" کہتے ہیں۔

دریاباد
۴ / دسمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

کلام حسن کرچ

قیامت ڈھائے گا جنت میں یہ بوڑھا جواں ہو کر
تل شکری کھا کر ـــ

نیشکر اس کے کیا مقابل ہو
آم بھی اس گزک کے آگے ہیچ

والسلام

عبدالماجد

---

[1] مراد مولوی سلیمان اشرف صدر شعبہ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی پرانی تصنیف جو تحریک ترک موالات کی مخالفت میں تھی۔ مکتوب الیہ نے یہ کتاب مولانا مرحوم کو بھیجی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۱)

دریاباد
۱۱ر جنوری ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

۱۶ر دسمبر ۱۹۶۲ء کی شام ایک خوشگوار شام تھی جب چھتاری کمپاؤنڈ علی گڑھ میں ایک مقتدا کے چلاتے ہوئے شبینہ اسکول کو ایک مقتدی نے دیکھا اور دیکھا کیا یہ کہیے کہ چند منٹ کی سرسری سیر میں اس کی چند جھلکیاں دیکھ لیں! مسلمان بچوں اور بچیوں کا یہ منظر کہ بجائے سینما دیکھنے یا تاش و شطرنج وغیرہ میں وقت کی دولت لٹانے کے دینی تعلیم اور درس قرآن میں مشغول! بس آنکھوں میں نور اور دل میں سرور پیدا کرنے کو کافی تھا۔

علی گڑھ جس کا ترجمہ غالباً سید محمود مرحوم نے حصار مرتضوی کیا تھا آخر علی گڑھ ہے اور اس کا فیض حدودِ یونیورسٹی تک محدود نہیں شہر بھر اسی اجالے میں ہے اور دینی تعلیم کی نورانیت تو دوسرے مادی علوم سے کچھ بڑھ ہی کر ہے۔ اللہ تعالےٰ اس کے جواں ہمت کارکن کو عمر خضر عطا فرمائے[1]

میکشوں کے سر پہ یارب پیر میخانہ رہے

والسلام

عبدالماجد

(۱۲)

دریاباد
۷ر نومبر ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

حضرت سلامت!

السلام علیکم

"خیر مقدم" پڑھا۔ قلم اٹھلاتا ہوا، گنگناتا ہوا نہیں صاف رقص کرتا ہوا نظر آیا۔ کیا قلم کی حد تک رقاصی آپ کے مذہب میں جائز ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(۱۳)

دریاباد
۲۹ر مارچ ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

گرم گستر ہنر پرور!

وعلیکم السلام

یہ بے ہنر تو اپنے ہنر کی ہر تحسین کو بہ حکم عقل تحسین ناشناس ہی کے حکم میں رکھتا ہے پھر بھی نفس

---

[1] جواں ہمت کارکن سے اشارہ محمود مکتوب الیہ کی طرف ہے۔ [2] مکتوب الیہ کی نظم کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا تقاضا ہے کہ کچھ قدر افزاؤں کو اس سے مستثنیٰ رکھا جائے اور اس مستثنیٰ جماعت کا "مقتدا" آپ سے بڑھ کر کون ملے گا۔

دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۱۳)

دریاباد

۱۷ر اپریل ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

ہم سب کے امام و مقتدا! السلام علیکم

خط پر خط پہنچ رہے ہیں۔ اور ہر دفعہ لطف عبارت سے محظوظ کر رہے ہیں جواب میں کوئی بات عرض کرنے کی نہ سوجھی۔ کیوں خواہ مخواہ طول دوں ——

والسلام

عبدالماجد

(۱۴)

دریاباد

۵ر نومبر ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

مقتدی کا سلام مقتدا کو

ارذل کا خطاب افضل سے۔

لکھنؤ میں صوبہ حج کمیٹی میں آپ کی ذات برادری کے ایک صاحب سے ملاقات ہوئی آپ کا ذکرِ خیر چھیڑ کر اکبر کا مصرع آپ کی شان میں بلکہ آپ کی آن میں انہیں سنایا۔

ع قیامت ڈھائے گا جنت میں یہ بوڑھا جواں ہو کر

سُن کر پھڑک گئے اور کیسے نہ پھڑکتے اللہ نے تخلیق ہی آپ کی ایسی کی ہے پڑھے لکھوں کی زبان میں ایک عجوبۂ عالم اور نخاس والوں کی بولی ٹھولی میں بوڑھے بالم۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جعفر علی خاں اثر لکھنوی

(۱)

خط میں جلال لکھنوی کی کتاب سرمایۂ زبان اردو پر مکتوب الیہ کی تنقید کی طرف اشارہ ہے۔

دریاباد

۱۴ اپریل ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

"علی گڑھ میگزین" کا "مجاز نمبر" ابھی نظر سے گزرا۔ عالم "مجاز" میں "حقیقت" ایک ہی نظر آئی اور وہ ہے آپ کا مضمون "لکھنؤ کی زبان" یا "سرمایہ زبان اردو پر تنقید۔" ماشاء اللہ و سبحان اللہ۔ مدت کے بعد زبان پر ایسا محققانہ مضمون نگاہ سے سامنے آیا۔ بے اختیار آپ کو لکھنے کا دل چاہا۔ اللہ آپکی عمر و صحت میں برکت عطا فرمائے۔ میرا تو ارادہ ہے کہ آپ کی یہ ساری تحقیقات اصل کتاب پر بہ طور حواشی نقل کرالوں۔

صرف گھما گھم اور گھما گھمی کے سلسلے میں جو ارشاد ہے اس سے پوری طرح مستفید نہ ہو سکا۔ پنواڑی کا بھی دونوں معنوں میں استعمال اس ہیچمدان کی نظر سے گزرا ہے۔ دعاگو:

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

۱۴ ستمبر ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

انشاء اللہ ۱۷ ستمبر (دوشنبہ) کی سہ پہر کو تقریباً ۵ بجے آدھ گھنٹے کے لیے حاضر خدمت ہوں گا۔ برسات کا موسم ہے ایسا نہ ہو کہ عین وقت پر شدید بارش ہو جائے اور مجھے شرمندگی سے "پانی پانی" ہونا پڑے۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۳)

دریاباد

۱۷ اکتوبر ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

اس روز یقین فرمائیے کہ آپ کی گفتگو سے بہت کچھ مستفید ہو کر آیا۔ پھر گفتگو کی لذت پر مزید کی حلاوتیں مستزاد ——— دماغ اور معدہ دونوں اپنے اپنے حصہ سے بہرہ ور۔

یہ فرمائیے کہ امدہ مدیخ (ادل) اور فسانۂ آزاد میں جو کثرت سے ترکیب بایں سر مثل کی آتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ اس میں سرپل کی ماہیت کیا ہے اور صحیح تلفظ کیا رکھتا ہے۔ کسی لغت وغیرہ میں اس کا نظر سے گزرنا یاد نہیں پڑتا۔

والسلام دعاگو: عبدالماجد

(۴)

۱۰ر دسمبر ۵۶ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

کل اتفاق سے لغات النساء مولفہ مولوی سید احمد دہلوی صاحب فرہنگ آصفیہ میں نظر گھما گھمی پر پڑ گئی۔ تلفظ وہی ہے جو آپ نے بیان فرمایا تھا یعنی گھما گھمی، نہ کہ گھما گھمی۔ جی میں آیا کہ بہ تاکید آپ کو لکھ بھیجوں۔

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۵)

"نوبہار" اثر لکھنوی کا مجموعۂ کلام ہے جو اس زمانے میں شائع ہوا تھا۔

۱۴ر اپریل ۵۸ء

مخلص نوازا السلام علیکم

"نوبہار" کا کیا کہنا۔ وقت نکال کر ایک، ایک شعر بغیر درمیان سے کچھ چھوڑے پڑھتا جاتا ہوں۔ اتنی توجہ کم ہی کسی کتاب کے حصے میں آتی ہے۔

ص۲۰ پر اس شعر نے غضب ہی ڈھا دیا۔ اس سے بڑھ کر شعر تو اس دیوان میں بھی عاشقانہ رنگ میں نہ ملے گا ؎

چپ بھی رہتے ہو تو گفتار کا ہوتا ہے گماں
شاذ اس طرز کی شیریں سخنی ہوتی ہے

سبحان اللہ، ماشاء اللہ۔ تصوف و معرفت کے شعر بھی ایک سے بڑھ کر ایک ہیں اس سلسلہ سے الگ۔ بارک اللہ۔

والسلام۔

دعاگو: عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۶)

اثر لکھنوی نے مولانا دریابادی سے یقیناً اپنی پسند کے اشعار کے انتخاب کے لیے کہا ہوگا۔

یکم مئی ۵۸ء

ذرہ نواز او علیکم السلام

آپ خواہ مخواہ میری عزت افزائی کے درپے ہیں۔ بہرحال جوں توں ڈرتے جھجکتے تعمیل ارشاد کردی ہے۔ ایسا تو کوئی شاعر آج تک ہوا ہی نہیں جس کا ہر شعر یکساں مرتبے کا ہو۔ غالب کا سا نغز گفتار اور پھر منتخب شائع شدہ کلام اس پر بھی پڑھنے والا اپنے رنگ کے شعر بس کچھ ہی پاتا ہے۔

ایک صاد، علامت میری پسند کا ہے اور ڈبل صاد علامت بہت زیادہ پسند کی ہے۔ باقی ناپسند کا کوئی سوال تو آپ کے کلام میں پیدا ہی نہیں ہوتا۔

مرزا احمد ہادی رسوا مرحوم سے میں نے کسی مشکل شعر کا مطلب دریافت کیا جواب میں لکھا کہ میں کبھی شعر پر غور و فکر نہیں کرتا۔ بس جو شعر پہلی ہی نظر میں پسند آگیا چن لیتا ہوں۔ باقی کو یہ سمجھ کر چھوڑ دیتا ہوں کہ میرے لیے نہیں ہیں۔ سات خوب اور میرے دل کی کہی۔ جس شعر کے سمجھنے میں زور لگانا پڑے وہ شعر نہ رہا فلسفہ ہوگیا۔ جواب میں غیر معمولی دیر ہوگئی، معافی چاہتا ہوں۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۷)

"چغتائی" سے اشارہ مرزا سعید الظفر چغتائی کی طرف ہے۔ مولانا دریابادی کے ہم وطن اور ان کے پاس روز کے آنے جانے والوں میں تھے۔ اثر مرحوم کے ہاں بھی ان کا آنا جانا تھا "کاپی" سے مراد اثر صاحب مرحوم کی بیاض ہے جو انہوں نے مولانا کو انتخاب کلام کے لیے بھیجی تھی۔

۱۳ر جون ۵۸ء

کرم گستر! السلام علیکم

قلمی کلام کے مطالعہ سے اب فرصت ہوئی۔ چغتائی اگر شام کو آتے تو کاپی ان کے حوالے کردوں گا سرخ م بناتا گیا ہوں کوئی دس شعر ایسے نظر آتے کہ طبیعت بے اختیار پھڑک اٹھی ان پر دہرے م بنا دیے ہیں۔ اشارۃً وہ شعر حاضر ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) جس نے دیکھا وہ دیکھتا ہی رہا الخ
(۲) اس کے مائل کثرت ہوتی 〃
(۳) سارا عالم آئینہ ہے 〃
(۴) میری مرضی ہو جہاں 〃
(۵) نگاہ مل نہ سکی حشر 〃
(۶) جب کہا اس نے مدعا کہیے 〃
(۷) عدل کے بدلے مطلب 〃
(۸) نہ پڑی فرد عمل میری 〃
(۹) شوق بڑھتا گیا گناہوں کا 〃
(۱۰) میر کی ایک عمر وفا میری الخ

آپ کے عاشقانہ کلام سے تو خبر توقع ہی یہ تھی لیکن حیرت ہے کہ آپ کو تصوف اور معرفت سے اتنا درک کہاں سے حاصل ہو گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس دریا کے شناور ہیں۔ بچپن سے سنتا آیا تھا کہ شیعہ حضرات تصوف کے دشمن ہوتے ہیں۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۸)

دریاباد
۷ر اکتوبر ۱۹۵۸ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

خدا کرے ہر طرح بخیریت ہوں۔

(۱) فسانۂ آزاد میں کئی جگہ محاورہ آیا ہے "حکم بس آیا داخل ہے" "حکم بس آیا ہی چاہتا ہے کے محل پر "داخل" کا یہ استعمال مجھے نامانوس معلوم ہوا۔

(۲) شعر یا غزل لکھنے کے بجائے فعل کہنا تو برابر استعمال میں ہے لیکن اپنے لڑکپن میں مجھے یاد پڑتا ہے یہی فعل کہنائیں نے کتاب کی تصنیف کے لیے بھی سنا ہے۔ مثلاً یہ کتاب کس کی کہی ہوئی ہے؟

ان دونوں محاوروں سے متعلق براہ کرم اپنی تحقیق سے مستفید فرمائیں۔ والسلام دعاگو:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۹)

اثر مرحوم نے اپنا لغت "فرہنگ اثر" خود شائع کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ مولانا دریابادی کی رائے اس کے برعکس تھی۔ وہی مخلصانہ مشورہ اس خط میں دیا اور چند اشاعتی اداروں کے نام بھی تحریر کر دیے جو اس لغت کی اشاعت پر آمادہ ہو سکتے تھے۔

۱۲/ اپریل ۶۰ء

بندہ نواز! وعلیکم السلام

آپ کی کتاب لغت کا کیا کہنا۔ بے پڑھے ہوئے بھی اس پر ایمان بالغیب رکھتا ہوں لیکن بجائے اس کو خود چھپوانے کی زحمت میں پڑنے کے کیا کسی ناشر کے حوالہ کر دینا بہتر نہ ہوگا۔ ظاہر ہے کہ نقد نذرانہ یا رائلٹی یہ لوگ کچھ زیادہ نہ دے سکیں گے تاہم یہ کیا کم ہے کہ آپ کو سارے خرخشوں سے نجات مل جائے گی۔ ذیل کے ادارے ضرور قابل غور ہیں ان میں جس کسی سے بھی معاملت طے ہو جائے راجہ رام کمار پریس سابق نول کشور پریس۔ کتاب گھر مسعود حسن رضوی والا۔ دانش محل امین الدولہ پارک۔ فروغ اردو امین آباد۔ انجمن ترقی اردو علی گڑھ جس کے سرور صاحب سکریٹری ہیں۔ چھپ جانے کے بعد یو پی سرکار کی انعامی کمیٹی سے قدر دانی یقینی ہے لیکن خود میری صدارت کی مدت تھوڑی رہ گئی ہے۔ کتاب کا نام معلوم نہیں آپ نے کیا رکھا ہے؟

ایک خیال ناقص اور عرض کروں۔ کتاب میں تنقید و تبصرہ سب ہی لغات پر ہو۔ فرہنگ آصفیہ، جلال، امیر اللغات وغیرہ سب پر محدود محض نور اللغات پر نہ رہے ورنہ لوگ خواہ مخواہ ایک شخصی بحث بنا لیں گے۔ غالب سے یہی غلطی قاطع برہان تصنیف کرتے وقت ہو گئی تھی۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۱۰)

۲۹/ اگست ۶۱ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

خدا کرے آپ ہر طرح صحیح تندرست اور بہ عافیت ہوں۔ ذیل کے دو فقروں میں فصیح اور فصیح تر آپ کسے قرار دیں گے۔؟ "وہ اپنے کو ڈاکٹر کہلاتا ہے" "وہ اپنے کو ڈاکٹر کہواتا ہے" فسانۂ آزاد میں کہوانا بار بار آیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعاگوئے صحت وعافیت:

عبدالماجد

(۱۱)

۵ ستمبر ۶۱ء

مخدوم ومکرم! السلام علیکم

ایک زحمت آج پھر دے رہا ہوں۔

(۱) اسرار جان ادا (مرزا رسوا) میں مَیں نے سلام کی جمع مونث پڑھی تھی "لوگ اُن کو سلامیں کرتے تھے" میں سمجھا چھاپنے کی غلطی ہے اب بجنسہٖ یہی جملہ فسانۂ آزاد میں پڑھا۔ اب تو چھاپنے کی غلطی تسلیم کرنا مشکل ہے۔

(۲) "اس ہفتے میں وہ آپ کے داخل ہے"، یعنی اس ہفتے وہ آیا چاہتا ہے یا پہنچا چاہتا ہے۔ داخل کی یہ ترکیب کئی جگہ فسانۂ آزاد میں بھی نظر آئی اور سمجھ میں نہ آئی۔

(۳) اور خود آپ کے مضمون میں میر انیس کا یہ مصرع منقول دیکھا۔

گویا علی کھڑے ہیں مہیا جہاد پر

یعنی مہیا مستعد آمادہ کے معنی میں ہے۔ دو تین لکھنوی صاحبان مثلاً مرزا محمد عسکری مرحوم جھوائی ٹولوی سے دریافت کیا سب نے اس مفہوم سے لاعلمی ظاہر کی۔ جواب صرف اسی صورت میں مرحمت فرمائیے کہ لکھنے پڑھنے سے صحت پر کوئی بُرا اثر نہ پڑ رہا ہو ورنہ ہرگز میری طرف سے کوئی تقاضہ نہیں۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۱۲)

"فرہنگ اثر" شائع ہو گیا۔ مولانا دریابادی کی نظر سے گزرا۔ یہ خط اسی خوشی اور شکریے کے اظہار کے لیے لکھا گیا۔ فیلن اور پلیٹس مشہور اردو انگریزی لغات نویس ہیں۔

۱۸ ستمبر ۶۱ء

مخدوم ومکرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

عطیہ گرامی موصول ہوا کیا کہنا ماشاء اللہ وسبحان اللہ۔ یہ تو پورا ایک دفتر نکلا۔ لحیم، شحیم، ضخیم، میں سمجھے ہوا تھا کہ کوئی رسالہ ہو گا مختصر سا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہر حال سراپا سپاس ہوں۔ صدق میں گو اب تبصرے نہیں نکلتے۔ تاہم اس کا مختصر تعارف تو ضروری ہے گنجایش جب بھی نکل سکے۔

سرسری نظر جہاں جہاں پڑی داد ہی دیتے بنی۔ جھنڈولیا، درجھنڈے گرڈنا، جھانپو، تینوں لغت خوب نکلے۔

آپ یہ کتاب نہ لکھ جاتے تو اپنے اوپر بھی ظلم کرتے اور سارے اردو ادب پر بھی۔ اللہ اس طرح کی صحیح خدمت اردو کے لیے آپ کی عمر وصحت میں زیادہ سے زیادہ برکت عطا فرماتے۔

کتاب میں بار بار نام فیلن اور پلیٹس کے آتے ہیں اگر شروع میں ان کا مختصر تعارف آجاتا تو ناظرین کے لیے بہتر ہوتا۔ والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۱۳)

۵ / نومبر ۱۹۶۱ء

کرم گستر! السلام علیکم

خدا کرے آپ ہر طرح بہ خیر ہوں۔

اہل دہلی کی تحریروں میں برابر بجائے کھلانے کے کھولنے کا استعمال دیکھتا ہوں۔ ایک آدھ لکھنوی کی تحریر میں بھی دیکھا ہے آپ کے نزدیک کھوانا کہاں تک صحیح ہے۔

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

(۱۴)

بسم اللہ

دریاباد

۳ / جون ۱۹۶۳ء

مخدوم ومکرم! السلام علیکم

آپ کی زبان پر مجرمانہ (میم کے ساتھ) یا جرمانہ (ب کے ساتھ) ہے؟ آپ کی زبان پر تلفظ باہر (بروزن ساغر) ہے یا باہر (بروزن ماہر)۔ خدا کرے آپ ہر طرح بخیر وعافیت ہوں۔ والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۵)

اثر لکھنوی کے انتقال پر ان کی بیوہ کے نام تعزیتی خط

دریا باد۔

۹ر جون ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

خاتون محترم!

السلام علیکم

اپنے مرحوم شوہر نامدار کی وفات پر دلی تعزیت قبول فرمایئے۔ اللہ ان کے مرتبے عالی کرے۔ اپنے رنگ میں فرد تھے۔ سخن گوئی، سخن فہمی تعادی کہنا چاہیے ان پر ختم تھی اور میرے لیے تو سراپا محبت واخلاص تھے۔ جب کبھی حاضر ہوتا بغیر کھلائے پلائے اور وہ بھی پورے تکلف اور اہتمام کے ساتھ واپس نہ آنے دیتے۔

صدمہ تنہا آپ کے اور قریبی عزیزوں کے لیے نہیں، ہم سب شریک غم وماتم ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

والسلام

عبدالماجد

ڈاکٹر محمد حسن (دہلی)

جواہر لال یونی ورسٹی کے استاد ڈاکٹر محمد حسن تھیٹر قائم کرنا چاہتے تھے اور اسے حیدرآباد، بمبئی وغیرہ لے جانا چاہتے تھے مولانا دریابادی کا ڈراما "زود پشیمان" بھی پیش کرنا چاہتے تھے۔ اس سلسلے میں مولانا سے تعاون کی درخواست کی تھی۔

دریا باد

بسم اللہ

۱۴ر مئی ۱۹۵۶ء

کرم گستر!

تسلیم

آپ کا خط پاکر آپ کی ستم ظریفی کا قائل ہوگیا۔ تھیٹر کو فروغ دینے کی کوشش میں ترغیب و تحسین کی توقع مجھ دقیانوسی مُلا مدیر صدق سے!

عشق و رمز دوری عشرت گہ خسرو کیا خوب!

کہیں میرے پیام کو اپنے کسی کے اشتہار کا جزو بنانے کا تو ارادہ نہیں؟ "زود پشیمان" بالکل نو عمری کی تصنیف ہے اور وہ بھی بڑی حد تک قلم برداشتہ۔ شیکسپیر کا نشا اس وقت سوار تھا اور دو چار کتابیں فن پر الٹی سیدھی پڑھ ڈالی تھیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب اگر کتاب پر نظرِ ثانی کروں تو پچاس فیصد بدل ڈالوں۔ ایسی کتاب کو آپ یاد ہی کیوں دلاتے ہیں جس کے ذکر ہی سے شرمندہ ہوا جاتا ہوں۔

والسلام دعاگو:
عبدالماجد

شاہد احمد دہلوی (کراچی) (۱)

۲ جولائی ۱۹۵۶ء کو لکھنؤ ریڈیو سے ڈپٹی نذیر احمد کی توبۃ النصوح پر مولانا دریابادی کی ایک تقریر نشر ہوئی تھی، جو شاہد صاحب نہ سن سکے تھے۔ خط میں ذکر اسی کا ہے۔

دریاباد
۱۲ جولائی ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

یہ کیا غضب ہوا کہ وہ نشریہ آپ ہی تک نہ پہنچا! کوئی سنتا نہ سنتا ایک آپ ہی تو سن لیتے۔ داغ نے تو آرزو کی تھی۔

میری فریاد دوسرا نہ سنے
تم سنو اے بتو خدا نہ سنے

(اور دوسرے مصرع کی گستاخی اللہ معاف کرے) یہاں اس کے بالکل الٹا ہوا چھاپنے میں وہ بات آدھی بھی نہیں رہ سکتی۔ اس کا تعلق سننے سے تھا پڑھنے سے نہیں، میں ٹاک سنانے کے لیے تیار کرتا ہوں بہ طور مقالہ یا مضمون پڑھنے کے لیے نہیں۔

خیر اب تو جو ہونا تھا ہو چکا۔ سوچ رہا ہوں کہ صاف کروا کے یہاں وہاں کے کسی رسالہ کے حوالہ کر دوں۔

اتفاق سے تازہ ساقی ابھی ابھی ملا۔ ہر مضمون اور ہر رسالہ پڑھنے کی ہمت کہاں سے لا سکتا ہوں لیکن ساقی ان چند رسالوں میں ہے جن پہ ایک نظر ضرور ڈال لیتا ہوں۔ گستاخی معاف ہو تو اپنے سن کی بڑائی سے فائدہ اٹھا کر کچھ عرض کر دینا چاہتا ہوں۔

(۱) فسانۂ آزاد پر مضمون بہ حیثیت مجموعی بہت اچھا ہے قابل داد ہے لیکن احکامات کے بجائے یہ "احکامات" کیا؟ اور محل مدح پر "خامہ فرسائی" کیسی؟ اسی طرح "مکو" کا استعمال ایسے فقروں میں کہ دل کو بہلایا۔ ایڈیٹر کو ذی مروت زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲) جوش اپنے فن کے استاد سہی اور زبان کے ماہر لیکن لغزش استادوں اور ماہروں سے بھی ہو جاتی ہے پہلی رباعی کے پہلے مصرع میں "گویا" کا محل استعمال سمجھ میں نہ آیا۔

(۳) صفحہ ۱۳ کے متعدد مصرعے میری فہم سے بالا تر نکلے اور پھر مصرع ثانی میں تو ایک کھلا ہوا کرشمہ ایڈیٹر کی مروت کا ہے۔ کسی شعر میں کوئی بات قابلِ داد نہ معلوم ہوئی۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

۱۲ر اکتوبر ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

ابھی ابھی فرحت انوار سلمہا کے خط سے آپ کے ہاں کے سانحہ کی خبر ملی۔ اللہ آپ لوگوں کو صبر و تسکین عطا فرمائے اور مرحوم کو خود آپ لوگوں کے لیے وسیلۂ رحمت و مغفرت بنا دے مومن کی تو کوئی ادنیٰ سی تکلیف بھی بغیر اجر کے نہیں رہتی چہ جائیکہ ایسا صدمہ جانکاہ ——— اجر جزیل ایک اسی صدمہ سے آپ کا حصہ ہو گیا۔

ہم اور آپ بوڑھے اور بچے سب ایک ہی منزل کے لیے رواں دواں ہیں، دلی خوشی یہ سن کر ہوئی کہ آپ نے اس موقع پر صبر جمیل سے کام لیا۔ آزمائش بڑی اور کڑی تھی مبارک ہو کہ آپ اس امتحان میں پورے اترے۔ والسلام

دعاگو، عبدالماجد

مولانا حکیم محمد زماں حسینی (کلکتہ)

مکتوب الیہ کے والد کے انتقال پر مولانا دریابادی کا تعزیتی خط۔

دریاباد

۱۴ر اگست ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

کرم فرما! وعلیکم السلام

بے شک اس وقت آپ کا دل دکھا ہوا ہو گا اس دکھے ہوتے دل کے جذبے کو کام میں لائیں اور اپنے اور ان مرحوم اور ساری امت کے حق میں دعائے خیر فرمائیں ——— قلب شکستہ کی دعا کا کیا کہنا۔ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ ہر منہ مانگی مراد حاصل بلکہ اس سے بھی سوا!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ انشاء اللہ خود صاحب علم و فہم ہیں۔ لقمان کو حکمت کون سکھا سکتا ہے۔ صبر جمیل کے لیے یہ اکسیر آیتہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ کے دونوں اجزا کے معانی کا استحضار رہے جب ہم خود اپنے لیے نہیں اللہ کے لیے ہیں تو ہمارے باپ اور بھائی اور بیٹے ہمارے ہوتے کب؟ سب کے سب اللہ ہی کی ملک۔ جس کی چیز تھی اس نے جب چاہی واپس لے لی اور پھر ظاہری جدائی کی مدت کتنی؟ ہم سب کے سب ہی ایک منزل کی طرف دوڑتے بھاگتے تو چل ہی رہے ہیں اور آگے پیچھے پہنچ ہی رہے ہیں۔ پھر بے صبری کاہے کی؟ یہ دونوں جس کے دل میں اُتر گئے تو پھر اسے آگے کسی صبر کی ضرورت ہی نہیں ——— اور آپ تو خوش قسمت ہیں کہ اتنا موقع آپ کو ان مرحوم کی خدمت کا مل گیا۔ اس سمے صلی اللہ علیہ وسلم کا قول یاد کر لیجیے جس نے کہا ہے کہ رب کی خوشی باپ کی خوشی میں اور رب کی ناخوشی باپ کی ناخوشی میں ہے

والسلام دعاگو و دعاخواہ: عبدالماجد

(۲)

بھائی کی وفات پر مولانا دریابادی کا تعزیتی مکتوب۔

دریاباد

۱۹ر جولائی ۱۹۵۸ء

بسم اللہ

وعلیکم السلام

کرم گستر!

بھائی اور پھر اکیلے بھائی کی مفارقت کا صدمہ یقیناً بہت سخت ہوتا ہے چہ جائیکہ جب مفارقت بالکل اچانک اور غیر متوقع ہو۔ سینے میں ایک خلا ہو گیا ہوگا جس کی تڑپ ہر وقت بے چین رکھتی ہوگی۔

آیتہ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کے معنی و مفہوم کا مراقبہ ایسے ہی موقعوں کے لیے ہے۔ انشاء اللہ تسکین اسی سے ہوگی۔

جس نے وقت ڈالا ہے وہی وقت کاٹے گا بھی۔

صدمے بھی بہ قدر ظرف ہی دیے جاتے ہیں۔ آپ کو جو جر بے حساب ملنے والا ہے اس کا ابھی آپ کو اندازہ ہی نہیں ہو سکتا ——— انتظار کی بڑی سے بڑی مدت بھی پلک جھپکتے ختم ہو جاتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنے رشتے کے بھائیوں اور عزیزوں کا دل سے غم و حزن محسوس فرمایا ہے یہ اضطراری اتباع سنت مبارک ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والسلام، دعاگو و دعاخواہ :

عبدالماجد

(۳)

مکتوب الیہ کے فرزند مولوی حکیم محمد عرفان الحسینی کے مولانا محفوظ الرحمٰن نامیؔ کی تیسری صاحبزادی سے رشتہ ازدواج کے قیام پر مولانا دریابادی کی مبارک باد۔

دریاباد

۶ر نومبر ۱۹۶۳ء

کرم گسترا وعلیکم السلام

تقریب عقد، اور وہ بھی خاندان "نامی" میں اللہ ہر طرح مبارک و مسعود کرے اللّٰھم ألّف بینھما الخ یہیں سے پڑھے دیتا ہوں اس کو جسمانی حاضری کا بدل سمجھا جائے۔ والسلام

عبدالماجد

خواجہ محمد شفیع دہلوی (لاہور)

(۱)

دریاباد

۱۵ر اگست ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

برادرم ! وعلیکم السلام

خوشی اس کی ہے کہ دریافت خیریت سے خود آپ کی خیریت دریافت ہوگئی "مذکور" میری خیریت تھی اور مقدر آپ کی خیریت۔ فالحمد للہ ہندوستان آنے کا ارادہ کبھی نہیں ہوتا! آپ دلی کو کبھی تو آ کر دیکھ جایئے سہاگن نہ سہی بیوہ سہی

والسلام دعاگو و دعاخواہ :

عبدالماجد

(۲)

خط کی طویل بحث کا پس منظر یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے لکھا تھا کہ میں نے ایم سلسلے (اردو) میں داخلہ لیا ہے۔ وہ تذکرہ ہے سے مراد پاکستانی حکام کے غلط طرز عمل کا تذکرہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد

۱۷ر نومبر ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

عزیزم!

السلام علیکم

بات آج سے کوئی پچاس سال قبل کی ہے۔ میرا بچپن تھا۔ داغ مرحوم کا آخر زمانہ تھا۔ ریاض الاخبار کا شباب تھا۔ داغ کی غزل شائع ہوئی۔ مطلع تھا۔

دلبر سے جدا ہونا یا دل کو جدا کرنا

اس سوچ میں بیٹھا ہوں آخر مجھے کیا کرنا

ریاض نے اعتراض کیا کہ "کیا کرنا" نہ دلی کا محاورہ ہے نہ لکھنؤ کا۔ داغ نے نج کے خط میں جواب دیا کہ "یہ میری زبان ہے۔ کیا اعتراض میری زبان پر بھی ہے؟" ریاض نے بھی نج کے خط میں جواب دیا کہ "آپ کی زبان پر میری مجال کیا ہے جو اعتراض کر سکوں، لیکن سوال یہی ہے کہ آپ کی زبان ہے بھی؟ اگر آپ کی زبان ہے تو اپنے ہزارہا اشعار میں سے کہیں اس کی سند دکھا دیجیے، فوراً مان لوں گا۔ ہوا یہ ہے کہ دکھنیوں کے درمیان سالہا سال گھرے رہنے سے آپ نادانستہ ان کا محاورہ باندھ گئے"۔ داغ اس پر لاجواب ہو گئے۔ تو یہی معاملہ آپ کے "داخلہ لینے" کے ساتھ ہے۔ اگر اسے آپ نے دلی والوں سے سنا ہے اور اسے صحیح سمجھتے ہیں تو یہ سند بالکل کافی ہے۔ باقی اسکول اور کالج کے لڑکوں کی اردو تو انگریزی اردو یا صاحبانہ اردو ہے۔

اردو جاننا اور چیز ہے اور اردو سے متعلق جاننا اور۔ آپ کے چاروں استادوں میں مجھے علم نہیں کہ اردو جاننے والے کوئی صاحب ہیں یا نہیں ہاں اردو سے متعلق بے شک بہت کچھ جانتے ہوں گے اور اپنے لکچروں میں لسانی معلومات کا انبار لگا دیتے ہوں گے جیسا کہ ہر فرنگی محقق کر سکتا ہے۔ یہ چیزیں بھی سیکھنے کی ہیں اور ایسے استادوں سے ضرور سیکھیے لیکن نفس اردو کی بول چال کا جہاں تک تعلق ہے بس اپنے شہر کی جگہوں کو اپنی درس گاہ سمجھیے۔

"امراؤ جان ادا" میں اس مقام پر میں بھی ذرا کھٹکا تھا لیکن یہ سمجھ کر گزر گیا تھا کہ بازاری خاگینہ بہت ثقیل ہوتا ہوگا ایک پیسہ میں بہت سا ملا ہوگا اور ادھر امراؤ جان ادا کی نزاکت اور نفاست اتنے کی بھی روادار نہ ہوئی ہوگی۔

"خوگینہ" سے میں واقف نہیں۔ نور اللغات وغیرہ میں بھی درج نہیں شاید کسی مخصوص و محدود طبقہ کی بولی ہوگی۔

06116

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیجیے خط بڑا لمبا ہو گیا "تذکرہ" کا تذکرہ اس لیے اس میں قصداً نہیں کرتا پھر کبھی۔ اور وہ کوئی خوشگوار موضوع میرے لیے ہے بھی نہیں۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۳)

خواجہ صاحب نے مثنوی میر حسن کے بعض اشعار کے معنی دریافت کیے تھے

دریاباد

۲۰ ر جنوری ۱۹۵۷ء بسم اللہ

برادرم سلمہ اللہ تعالیٰ! وعلیکم السلام

(۱) واچھڑے قدیم زبان میں کلمۂ داد و تحسین یا کلمۂ استعجاب تھا۔ کیا خوب کے معنی میں میرے نسخہ میں دوسرا مصرع یوں ہے۔

کہیں ہو ئی دی اور کہیں واچھڑے

(۲) "موترے" وہی موتھرے ہے گھوڑوں کے پیر کی بیماری میرے نسخہ میں شعر کے الفاظ یوں ہیں:

نہ ہڈوں کا نہ موترے کا خلل
نہ پتّان اوپر ستارے کا بل

(۳) میرے نسخہ میں یہ شعر یوں ہے:

ہوئی دست بازو کی سرسائیاں اوڑائی گئیں ہاتھ کی گھائیاں

"سرسائی سرپہ وار کرنے کو کہتے ہیں۔ اور گھائیاں اڑانا" پٹے بازوں کی اصطلاح میں کسی معین ضرب کا نام ہے۔

(۴) میرے نسخہ میں دوسرا مصرع یوں ہے:

لوگ لچھی کے لے پیرلو

معنی وہی ناچ کی ایک قسم کے معلوم ہوتے ہیں۔

(۵) "جریب تا پنا" منقول از نوراللغات جلد ۲ ص ۳۱۲

بادشاہی جلوس میں ہاتھی کے پیچھے ریشم کی ڈوری پڑی رہتی تھی فیل بان اس کو ہاتھ میں لپیٹتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتا تھا جب کوس پورا ہو جاتا دربان ایک چھڑی لے کر بادشاہ کو مخبر کرتا جس سے مراد ہوتی کہ سواری کوس بھر آئی۔ ریشم کی اسی ڈوری کو جریب کہتے ہیں۔

(۶) جی ہاں "قدر" گوٹ کے معنی میں ہے۔

(۷) بڑھا کر لکھیے سات سے تو قلم اس کا مطلب مجھ پر بھی نہ واضح ہوا۔ لکھنؤ ہی میں ایک صاحب منشی شیخ ممتاز حسین جونپوری[1] پرانے آدمی ہیں ادیب و منشی خوش نویسی کے ماہر ان سے لکھ کر دریافت کرتا ہوں۔

(۸) شلق عالموں کی زبان میں ایک نقش کا نام ہے جس میں تو خانے ہوتے ہیں کلام کا سیاق بھی یہی چاہتا ہے کہ بات عالموں کی اصطلاح میں چل رہی ہے۔ اپنا بھی پرانی زبان کو سمجھنا اتنا مشکل ہو جاتا ہے۔ جتنا کسی غیر زبان کا۔ آئندہ کبھی اس قسم کی خدمت لینا ہو تو صفحہ فصل وغیرہ کا حوالہ ضرور دیا جائے۔ بڑا وقت مجھے اپنے نسخہ میں ان اشعار کے ڈھونڈھنے میں لگ گیا۔

والسلام، دعاگو،

عبدالماجد

(۴)

خواجہ صاحب کے والد خواجہ عبدالمجید مرحوم کے انتقال کی خبر پڑھ کر یہ تعزیت نامہ تحریر کیا

دریاباد

۱۶ر اکتوبر ۱۹۵۷ء

بسم اللہ

برادرم!

وعلیکم السلام

دعائے مغفرت کل سہ پہر کو خط پاتے ہی کر دی تھی۔ خط قبل عصر ملا تھا اس وقت سے اب تک یاد کر کے ہر نماز کے بعد اور اس وقت بھی کر رہا ہوں۔

(۲) مرحوم کی خوش نصیبی تھی کہ اولاد سعید آپ کی سی چھوڑی وطن سے صدہا میل دور دارالہجرت میں وفات بجائے خود ایک علامت مقبولیت کی ہے۔

آپ بھی خوش نصیب ہیں کہ اتنے عرصے خدمت کا موقع پایا۔

باقی یہ سایہ تو جس سن میں اٹھے گا بہر حال صدمہ ہی کا باعث ہوگا اور یہی صدمہ ہر اجر اُخروی کی بنیاد ہے۔

---

[1] شیخ صاحب نہ صرف خوشنویسی کے ماہر تھے بلکہ دوسرے اصناف کے بھی محقق تھے۔ لکھنؤ کی پرانی چیزوں سے سب سے زیادہ واقف اور مرزا محمد ہادی رسوا کے خاص دوستوں میں تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی والدہ ماجدہ اور بھائی بہنوں سب کو میرا پیام تعزیت پہنچا دیجیے آپ کا بڑا فریضہ انہیں لوگوں کے ساتھ حسن سلوک بہ قدر ان کے مراتب رہ گیا۔

اصل حقیقت کے اعتبار سے غم اور سوگ کون کس کا کرے جب کہ آگے پیچھے سب ہی تیزی کے ساتھ ایک منزل کی طرف رواں دواں ہیں۔

گھر کی ذمہ داریاں اب ساری آپ ہی پر آپڑی ہوں گی۔ باپ کا سایہ بڑا ہی بابرکت ہوتا ہے۔

اب اسے ڈھونڈھ چراغِ رُخ زیبا لے کر

اسی یقین میں شک نہ لائیے گا کہ اللہ ہر مسلمان کا والی و ناصر ہے۔ والسلام دعاگو:

عبدالماجد

(۵)

آخر مارچ ۱۹۶۱ء میں دہلی میں انڈو پاک کلچرل کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس کے روح رواں ڈاکٹر تارا چند تھے انھیں کی دعوت پر مولانا مرحوم دہلی تشریف لے گئے تھے اور خواجہ صاحب جن سے مولانا مرحوم کے مخلصانہ تعلقات تھے اسی کانفرنس میں شرکت کے لیے تشریف لائے تھے مکتوب میں اسی سفر کا ذکر ہے اور ملاقات نہ ہونے پر افسوس۔

دریا باد

۱۶ اپریل ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم!

السلام علیکم

یہ لطیفہ بلکہ المیہ سنیے کہ آپ ۱۳ مارچ کو دہلی میں موجود اور میں جاکر پھر محروم دید واپس آیا ——— سکندر کو بھی آب حیات تک پہنچ کر مایوس ہی واپس ہونا پڑا۔

مجھے خیال بھی نہ تھا آپ دہلی میں موجود ہوں گے آپ کا نام تو واپس آکر اخبارات میں میں بسلسلۂ مشاعرہ پڑھا۔

میرا ابھی دہلی جانا برسوں کے بعد ہوا تھا ایک ہی دن ٹھہر کر چلا آیا۔ دہلی کے تاثرات خواجہ دہلوی کے قلم سے پڑھنے کے قابل ہوں گے۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مفتی محمد رضا انصاری فرنگی محلی (لکھنؤ)

(۱)

مفتی صاحب نے مولانا دریابادی کو اپنے ہاں لکھنؤ میں صبح کی چائے پہ مدعو کیا تھا اور اس موقع پہ مولانا ابوالحسن علی ندوی معروف بہ علی میاں صاحب کو اور قومی آواز کے ایڈیٹر حیات اللہ انصاری کو بھی بلا لینے کی اجازت طلب کی تھی۔ مولانا شہید سے مراد مولانا صبغت اللہ شہید انصاری فرنگی محلی ہیں۔ "لانفرق بین احد منکم" کو قرآن کی آیت نہ سمجھ لیا جائے۔

دریاباد

۵ر ستمبر ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

عزیزم!

وعلیکم السلام

دوشنبہ کی صبح کا وقت تو شہید صاحب کے لیے بک ہو چکا تھا۔ ان کی منظوری سے بہ آسانی اپنے ہاں منتقل کرا سکتے ہیں۔ لانفرق بین احد منکم

مولانا علی میاں صاحب اور حیات اللہ انصاری کا اجتماع پر لطف رہا۔ دین و دنیا ایک ہی دسترخوان پہ۔ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ کی عملی تفسیر۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۲)

مولانا مفتی عبدالقادر فرنگی محلی کے انتقال (۲۵ر اگست ۱۹۵۹ء) پر مرحوم کے بھتیجے مفتی محمد رضا انصاری کے نام مکتوب تعزیت۔

دریاباد، بارہ بنکی

۲۶ر اگست ۵۹ء

عزیزم سلمہ! السلام علیکم

ع "جس وقت کا دھڑکا تھا، وہ وقت آ گیا آخر"

اللہ کا چاہا آخر پورا ہو کر رہا۔ اور وہی ہمیشہ بہتر ہوتا ہے جو اس کا چاہا ہوتا ہے۔ لیکن بندہ بیچارہ بھی کیا کرے اس کی آہ و فغاں، گریہ و زاری، ماتم و شیون، سب قدرتی ہیں۔ عزیزوں قریبوں، مخلصوں متوسلوں کے دل میں ٹیس ہی ایسی اٹھتی ہے۔

اور پھر مرحوم کی تو ذات ایسی تھی کہ دور دور کے لوگ بھی اس صدمہ کو اپنا ہی صدمہ سمجھیں گے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

000161

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہم اغفر لہ وارحمہ، اللہ بال بال مغفرت ورحمت سے مالا مال فرمائے۔
کل اسی وقت نماز جنازہ اس کی پڑھائی جا رہی ہوگی جو خود بیشمار جنازے پڑھا چکا، اور کل تک خود دوسروں کی مغفرت کی دعائیں کرتا رہا تھا۔ کل سہ پہر کو برابر یہی خیال آتا رہا خبر وفات اسی وقت معلوم ہوتی تھی، کل یہاں مغرب کے وقت جماعت سے دعا کرا دی تھی۔
اللہ آپ سب عزیزوں کو صبر جمیل کی توفیق فرمائیں۔
ان شاء اللہ ۲۹ کی شام کو یا ۳۰ کو صبح ضرور مزار پر فاتحہ پڑھ آؤں گا اور اگر وقت ملا تو فرنگی محل بھی حاضری دے لوں گا۔ والسلام

دعاگو، عبدالماجد

(۳)

دریاباد۔
۱۱ جون ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

عزیزی سلمہ! السلام علیکم

مولوی سید امین الحسن بسمل موہانی مرحوم میرے عزیز ترین دوستوں میں تھے اور فرنگی محل کے مرید۔ ان کے بجائے سید ظہور الحسن موہانی شرکت عرس فرنگی محل کے لیے آج ہی کل میں حیدرآباد سے لکھنؤ پہنچ رہے ہوں گے (میرے خط میں تھا کہ ۱۳ کو پہنچ جائیں گے)۔ بس دوسرا ورق کاٹ کر ان کے حوالہ کر دیا جائے۔

"علاوہ" کا استعمال موقع نفی پر ذرا نازک ہے۔ اچھے اچھے اس میں چوک جاتے ہیں، "علاوہ ایک سبیل کے اور کوئی سبیل موجود نہ تھی" یہ موقع علاوہ کا نہیں بجز یا سوا کے کا ہے علاوہ کے معنی بشمول کے ہیں، حذف کے نہیں۔

"قومی آواز" نے بدسلوکی کی ادبی بدعت جاری کر کے اب اس سے بھی بڑھ کر بدعت ہم جنسی کی شروع کی ہے[1] — اردو میں چلتے ہوئے لفظ اس گندے مفہوم کے لیے ہیں اگر انہیں چھوڑنا ہی ہے تو "تلذذ بالمثل" سے کام لینا تھا۔ "ہم جنسی" تو اس موقع کے لیے سو فی صد مہمل ہے۔ والسلام

دعاگو و دعا خواہ:
عبدالماجد

---

[1] انگریزی لفظ Homosexuality یا اغلام کا ترجمہ قومی آواز نے ہم جنسی سے کیا تھا اس پر ٹوکا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۴)

جوش صاحب پاکستان سے لکھنؤ گئے تھے، مولانا دریابادی ان سے ملنا چاہتے تھے۔ رند خراباتی سے وہی مراد ہیں۔ مفتی صاحب کے جوش سے غیر معمولی تعلقات تھے اس لیے انہیں کو اس سلسلے میں خط لکھا۔

دریاباد

یکم ستمبر ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

عزیزم!

وعلیکم السلام

ایک رند خراباتی اور پھر کافر عشق (مسلمانی مرا درکار نیست) کے نعرہ زن کا تعارف و تذکرہ مفتی شہر کے قلم سے خوب اور بہت خوب رہا۔ داد قبول ہو۔

لیکن یہ کچھ نہ بتایا کہ وہ حضرت ہیں کہاں؟ ملنا چاہوں یا خط لکھوں تو کس پتے سے؟ میں تو ملیح آباد تک جانے کو تیار ہوں ـــــ یہ جاننے کا ہمہ تن منتظر ہوں۔

تحریریں وہ جو کچھ بھی غضب ڈھاتے ہوں میرے سامنے تو اپنی موثر نعتیہ نظم انہوں نے بڑے ادب کے ساتھ سنائی ہے اور ایک سے زائد بار۔

جی نہیں مولانا فرنگی محلی کا ذکر اگر کہیں آس پاس بھی اس کتاب میں ہوتا تو میں ضرور ظاہر کر دیتا کتاب میری پہلے کی دیکھی ہوئی ہے۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

(۵)

دریاباد۔

۱۱ر جنوری ۱۹۷۳ء

بسم اللہ

عزیزم سلمہٗ!

السلام علیکم

ابھی دس بجے دن کو جب مرحومہ کا سوئم ہو رہا ہوگا[1] ـــــ مولوی عظمت اللہ مرحوم کی خبر وفات پڑھی[2]۔ مرحوم میرے استاد محض رسمی قسم کے نہ تھے حقیقی اور بڑے شفیق استاد تھے۔ عربی ٹوٹی پھوٹی جو کچھ بھی آئی انہیں کی بدولت آئی۔ اللہ تعالیٰ مغفرت کر دے۔

---

[1] مکتوب الیہ کی کسی قریبی عزیزہ کا سوئم۔

[2] مرحوم مولانا کے سیتاپور گورنمنٹ ہائی اسکول میں عربی کے استاد تھے اور اسی زمانے میں مولانا کی مضمون نگاری کی ہمت افزائی کی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قریب کے سارے عزیزوں کو تعزیت رسانی کا مزید اجر حاصل کیجیے۔

والسلام، دعاگو و طالب دعا:

عبدالماجد

شیخ ممتاز حسین جون پوری (لکھنؤ)

شیخ صاحب نہ صرف ادبیات کے محقق تھے بلکہ لغویات پر سند کا درجہ رکھتے تھے۔ کاش ان کے جواب کا پتا بھی چل سکتا۔

دریاباد

۲۰ رجنوری ۱۹۵۷ء

بسم اللہ

گرم گسترا!

السلام علیکم

میر حسن کی مثنوی سحرالبیان میں ایک شعر صفحہ ۳۲۰ پر ہے ہے

ہوا جب کہ نو خط وہ شیریں رقم

بڑھا کر لکھے سات سے نو قلم

سیاق شہزادہ کی خوش نویسی کا ہے۔ دوسرے مصرع میں، میں یہی سمجھا "سات سے نو قلم" یقیناً خطاطی ہی کی کوئی اصطلاح ہوگی۔ آپ کچھ مدد فرما سکتے ہیں۔

مرزا رسوا صاحب کا کلام جتنا "امراؤ جان ادا" اور "ذات شریف" میں ملتا ہے وہ اگر یکجا ہو جاتا تو بہت کچھ تھا پھر آگے دیکھا جاتا۔

والسلام

عبدالماجد

خلیل الرحمن اعظمی (بسم اللہ علی، علی گڑھ)

مکتوب الیہ نے اپنی کتاب پر تبصرہ نکلنے پر صدق جدید کا متعلقہ شمارہ بھیجنے کے لیے درخواست کی تھی۔

دریاباد

۲۵ رمارچ ۱۹۵۷ء

بسم اللہ

مع بسم اللہ محل تیسے خط مع بسم اللہ کے گنبد میں پہنچا۔

تبصرہ دفتر سے ناشر کے نام اسی وقت روانہ کر دیا جاتا ہے، اب اس وقت دفتر لکھے

www.KitaboSunnat.com

بھیجتا ہوں کہ ایک تراشہ آپ کو بھی بھیج دیا جاتے۔

دعاگو،

عبدالماجد

حکیم بنیاد علی (میرٹھ)

اپنے دواخانے (دارالشفاء مصطفائی) کے شربت "روح پرور" کے تحفے کے جواب میں شکریے کا خط۔

دریاباد

۳۰/اپریل ۱۹۵۷ء

بسم اللہ

شربت "روح پرور" واقعی اس موسم میں ایک تحفۂ روح پرور ہے اور پھر ایک نہیں دو دو بوتلیں، اجر کو اضعافاً مضاعفہ کرنے والی۔ جنتان، ذواتا افنان و مدہامتان[1] کی شان لیے ہوئے۔

والسلام

دعاگو عبدالماجد

نادم سیتاپوری (۱)

نادم صاحب نے دریافت کیا تھا کہ مولانا دریا بادی کے تصنیفی شعور کی رہنمائی اور تربیت میں کن کتابوں اور مصنفوں نے حصہ لیا؟ نیز ان کی پہلی تصنیف کون سی ہے اور ان کی رہ ...

۱۵/اکتوبر ۱۹۵۷ء

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

کرم گستر! وعلیکم السلام۔ جوابات عرض ہیں۔

۱۔ سب سے بڑھ کر مولانا شبلی، ان سے کم درجہ میں کچھ اور لوگ ہیں۔

۲۔ سب سے بڑھ کر مولانا شبلی کی "الکلام" اور رسائل۔ ان سے بھی قبل کے دور میں مولانا ثناء اللہ امرتسری اور مرزا غلام احمد قادیانی کی مناظرانہ کتابیں، آریہ وغیرہ کی رد میں[2]۔

---

[1] یہاں سورۂ رحمٰن کی تین آیتوں کے الفاظ جمع ہیں۔ وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (آیت ۶۲) ذَوَاتَا أَفْنَانٍ (آیت ۴۸) مُدْهَامَّتَانِ (آیت ۶۴)

[2] نادم صاحب کے نام خطوط پر بیشتر حواشی ان کے اپنے قلم سے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ پھر وہی مولانا شبلی، جب کالج کی زندگی شروع ہوئی تھی تو لکھنؤ میں مولانا سے ذاتی نیاز مندی اور حاضر باشی بھی رہی۔ ادبی اور شعری مذاق جو کچھ بھی پیدا ہوا مولانا ہی کا فیض ہے۔

۴۔ مستقل پہلی تصنیف "فلسفۂ جذبات"۔ اس سے بھی پیشتر دو مقالے جو ایک ناشر نے رسالے کی صورت میں شائع کر دیئے تھے، ایک محمود غزنوی دوسرا غذائے انسانی۔

۵۔ اس کا جواب مشکل ہے۔ یوں تو ظاہر ہے اپنی سب سے بڑی خدمت تفسیر قرآن (اردو، انگریزی) کو سمجھتا ہوں۔ باقی حکیم الامت، محمد علی کی ذاتی ڈائری اور سفر حجاز ہی شاید کچھ وزن و قیمت رکھتی ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

یکم نومبر ۱۹۵۷ء دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

برادرم! وعلیکم السلام

۱۔ جی ہاں[1] "الناظر" میں وہ سلسلہ مضامین ایک طالب علم کے فرضی نام سے اپریل ۱۹۱۰ء سے جنوری ۱۹۱۱ء تک سات نمبروں میں جاری رہا تھا اور بڑے بڑے لوگوں نے اس وقت بڑی ہمت افزائی کی، میں اس وقت انٹر کا طالب علم تھا۔

۲۔ علمی مضامین اس سے قبل بھی لکھ چکا تھا سہ روزہ "وکیل" امرتسر میں ۱۹۰۸ء و ۱۹۰۹ء میں۔

۳۔ والد مرحوم[2] کا قیام سیتاپور میں ۱۹۱۱ء تک رہا غالباً اکتوبر تک! آغاز قیام ۱۸۹۹ء سے ہوا۔

۴۔ میری تعلیم تھرڈ کلاس (برانچ اسکول) سے لے کر دسویں درجہ تک وہیں ہوئی ۱۹۰۸ء میں میٹریکولیشن وہیں سے کیا۔ ہیڈ ماسٹر برابر بابو گھمنڈی لال رہے۔ والد مرحوم کے تعلقات علاوہ اپنے افسران اور ہمسر حکام کے۔ پبلک سے بہت گہرے اور مخلصانہ رہے۔ میر مظفر حسین[3]

---

[1] مولانا شبلی کی "الکلام" پر ایک طالب علم کے نام سے مولانا نے یہ تنقید کی تھی۔ بہ قول دریابادی مولانا شبلی کے نام کی صرف آڑ تھی یہ تنقید دراصل اسلامی بنیادی عقائد وجود باری رسالت وغیرہ پر تھی (آپ بیتی ص ۲۱۳) [2] مولانا کے والد مولوی عبدالقادر صاحب مرحوم پنشنر سیتاپور میں تحصیل دار رہے پھر ڈپٹی کلکٹر۔ ریٹائرمنٹ کے بعد کچھ دنوں تک میونسپل بورڈ سیتاپور کے سیکرٹری بھی رہے۔ [3] اپنے عہد کے ایک مشہور وکیل جن کی فیاضی اور دریا دلی کے افسانے سیتاپور اور اس کے پاس پڑوس میں آج تک مشہور ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سید نذیر احمدؒ۔ عبدالمجید خان۔ مولوی ہادی علی خان۔ سید رضی۔ منشی احمد حسن لاہرپوری۔ حکیم انوار حسین خیرآبادی۔ آغا میر محمد ہاشم۔ سید محمد احمد (ریٹائرڈ سب جج) (اور) حکیم مہدی کے نام اس وقت یاد آگئے۔ ہاں حافظ امیر احمد لاہرپوری بھی ہیں۔

شہر کے علاوہ خیرآباد۔ لاہرپور۔ ہرگاؤں۔ محمود آباد والوں سے بھی بہت تعلقات تھے۔ نیز رئیسوں میں راجہ سورج بخش سنگھ (تعلقہ دار کملاپور) اور پرسینڈی کے ٹھاکر .... ہیں۔ راجہ صاحب محمود آباد سے خصوصی تعلقات دوستی و بزرگی کے تھے۔

۶۔ اپنے استادوں میں بابو گھمنڈی لال، ماسٹر دولت رام (حکیم) محمد زکی، مولوی عظمت اللہ فرنگی محلی کو بڑے شکریہ کے ساتھ یاد رکھتا ہوں۔ نیاز احمد مرحوم۔ اعجاز احمد۔ دوست محمد۔ راج نرائن ہرکولی۔ آغا احسن بھی تھے۔

۷۔ بھائی صاحب بحمداللہ بخیریت ہیں۔ گو کمزور بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔
خدا کرے کہ آپ کی سب باتوں کا جواب آگیا ہو۔

والسلام

عبدالماجد

(۳)

۱۱ر نومبر ۱۹۵۷ء

برادرم! وعلیکم السلام

۱۔ جی ہاں جسٹس سید محمودؒ[۱] مرحوم کا نام آپ نے خوب یاد دلایا .... ہی میں رہتے تھے بعد کو اسٹیشن والی کوٹھی (بیگم باغ) میں اٹھ گئے تھے۔ انتقال جون ۱۹۰۳ء میں عین نماز جمعہ کے وقت

---

[۵] میرے حقیقی چچا، سیتاپور کے مشہور وکیل اور اپنے زمانے کی ایک ہر دلعزیز شخصیت۔ اول میونسپل بورڈ کے ممبر، ثانیاً چیئرمین آنریری اسسٹنٹ کلکٹر اور آنریری مجسٹریٹ رہے۔ مولانا کے والد مولوی عبدالقادر مرحوم سے خصوصی تعلقات تھے۔ [۲] سردار محمد ہاشم خاں ایک تاریخی شخصیت۔ ان کے پوتے آغا سید احمد رضا مرحوم سابق صدر پاکستان اسکندر میرزا کے ہم زلف تھے [۳] سیتاپور کے ایک مشہور طبیب! (نادم سیتاپوری)

[۱] سید محمود آخر عمر میں سیتاپور اپنے چچا زاد بھائی سید محمد احمد خاں سب جج کے پاس چلے آتے تھے، یہیں ۱۹۰۳ء میں انتقال ہوا۔ لاش علی گڑھ بھیجی گئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا۔ باوجود دائم الخمر ہونے کے بڑے پختہ مسلمان تھے۔

۲۔ جی ہاں۔ وہ ..... زکی نہیں۔ یہ حکیم مرزا محمد ذکی لکھنوی مرحوم ابن مرزا محمد تقی ..... کے باشندے تھے ان کے چھوٹے بھائی آج بھی لکھنؤ کے ایک بڑے طبیب ہیں۔ حکیم محمد تقی شفا منزل گھسیاری منڈی۔ میرے عربی کے سب سے پہلے استاد اور شفیق استاد تھے۔ عادات و اطوار مزاج کے لحاظ سے خالص لکھنوی۔ ذہانت کو بہت ہی بیجا مصرف میں صرف کرنے والے۔

۳۔ جی ہاں۔ سید اعجاز احمد وہی ہیں پہلے کہیں سب انسپکٹر تھے۔ بھگوان دین وکیل کا نام بھی آپ نے خوب یاد دلایا۔ دوست محمد خاں محلہ عالم نگر کے رہنے والے تھے۔ پستہ قد۔ چیچک رو۔ فٹ بال کے اچھے کھلاڑی۔ ایک نام امراؤ مرزا عشق[1] کا رہ گیا تھا اب غالباً مرحوم ہو چکے ہیں۔ سید محمد طاہر وکیل کا ساتھ کالج میں رہا تھا۔

۴۔ "الناظر" کی وہ جلدیں اب کہاں ملیں گی؟ میرے پاس وہاں تھیں۔ آپ کا اب لکھنؤ جب آنا ہو تو دو ایک گھنٹے کا وقت نکالیے، دفتر الناظر یک لہجنسی حکیم عبدالعزیز روڈ جا کر وہیں ان پرچوں سے نوٹ حاصل کر لیجیے۔ ممکن ہے کتب خانہ محمود آباد (اسٹیٹ) میں وہ جلدیں ہوں۔ میرے لیے اب ان مضمونوں میں کیا کشش ہو سکتی ہے الٹی تکلیف ہی اس کا خیال کر کے ہوتی ہے۔ اس وقت تمام تر ملحد تھا۔ دہریہ و منکرِ خدا کے مضمون ہیں بلکہ RATIONALIN "لاادریہ" کے معنی میں، تنقید یکسر عقائد اسلامی، وجود باری، نبوت، ضرورت مذہب وغیرہ پر تھی "الکلام" کو صرف آڑ بنا لیا تھا۔ عمر اس وقت ۱۸-۱۹ سال کی تھی۔

والسلام
عبدالماجد

(۵)

۲۷ جولائی ۱۹۵۹ء — دریاباد ضلع بارہ بنکی

برادرم علیکم السلام

ابھی کچھ روز ہوئے آپ کا کوئی مضمون کسی پرچہ میں پڑھا تھا اور وہ بہت پسند آیا تھا۔ بلکہ اسی وقت آپ کو داد کا خط بھیجنے کا ارادہ کر لیا تھا۔ پھر موقع نہ ملا۔ اس وقت نہ اس پرچے کا نام

[1] مرزا امراؤ بیگ عشق لکھنوی، جوش ملیح آبادی کے عزیزوں میں ہیں۔ اور اب بھی بقید حیات ہیں (ناظم سیتاپوری)

www.KitaboSunnat.com

یاد آرہا ہے نہ مضمون کا عنوان ؛

" نوائے بھوپال "[1] آتو بیشک رہا ہے لیکن آتے تو خدا معلوم کتنے پرچے رہتے ہیں ۔ سب کہاں پڑھ سکتا ہوں ؟ صرف چند کا انتخاب کر لیا ہے ۔ آپ کا اس سے کوئی خصوصی تعلق تو آج معلوم ہوا ۔ اب انشاء اللہ اسے بھی اس منتخب فہرست میں رکھ لوں گا ۔

بھائی صاحب[2] لکھنؤ میں بدستور ہیں اور ماشاء اللہ بخیریت ہیں " بہ خیریت " اس معنی اور اس نحیف جثے کو دیکھتے ہوئے ۔

والسلام

دعا گو ؛

عبدالماجد

جناب نادم سیتاپوری ۔ احمد برادرس ۔ چوکی امامباڑہ بھوپال

(۶)

مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۵۸ء

دریاباد ۔ ضلع بارہ بنکی

برادرم وعلیکم السلام

اور تو یاد نہیں پڑتا اتنا یاد ہے کہ آخر جنوری میں آپ کا جو خط ملا تھا اس میں یہ سوال تھا ——— شرر نے شبلی پر اعتزال کا الزام کیسے لگادیا ؟

جواب میں یکم فروری کو عرض کردیا تھا کہ شرر نے ٹھیک لکھا شبلی کا اعتزال ان کے " الکلام " میں نمایاں ہے " علم الکلام اور مقالات وغیرہ میں بھی کسی قدر جھلک رہا ہے بعد کو ان کی جو " تکفیر " ہوئی وہ انہیں عقائد کی بنیاد پر ——— بس اس کے بعد پھر کوئی خط نہیں پہنچا تھا ۔

والسلام

دعا گو ؛

عبدالماجد

(۷)

" فتنہ اور عطرِ فتنہ " ریاض خیرآبادی کے مزاحیہ اخبار اور " ریاض الاخبار " ان کا سنجیدہ ادبی ہفتہ وار تھا گورکھپور سے جاری ہوئے تھے ۔

۶ راگست ۱۹۶۱ء

دریا باد ضلع بارہ بنکی

---

[1] بھوپال کا ایک ہفت روزہ جواب بند ہو چکا ہے ۔ عزیز گوالیاری کی ادارت میں جاری ہوا تھا ۔

[2] جناب ڈپٹی عبدالحمید صاحب مرحوم ۔ مولانا دریابادی کے حقیقی بڑے بھائی (نادم سیتاپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برادرم! السلام علیکم

"انتخاب فتنہ"، جا بجا سے پڑھ لیا۔ آپ نے ایک فریضہ اخلاص و نیاز ادا کر دیا۔ ورنہ اب کون "فتنہ" کو پوچھتا ہے اور کون "ریاض الاخبار" کو ---- دنیا ہی دوسری ہو گئی ہے۔

آپ کے دیباچہ یا مقدمہ میں دلکشی متن کتاب سے کم نہیں۔ لیکن اب ان تلمیحات و کنایات سے لطف اٹھانے والے کتنے، رہ گئے ہیں؟

بہر حال جس محدود حلقہ کے لیے آپ نے کتاب تیار کر دی ہے وہ انشاء اللہ اس کی پوری قدر کرے گا اور آپ کے ذوق و تلاش دونوں کی داد دل کھول کر دے گا۔ والسلام

میرا وہ ڈاک دالاخط ستیاپور کے پتے سے تو مل ہی گیا ہوگا؟ دعا گو:

عبدالماجد

(۱۴)

مورخہ یکم ستمبر ۱۹۶۲ء دریاباد ضلع بارہ بنکی

برادرم! السلام علیکم

۳۔ کی شام تک لکھنؤ انشاء اللہ پہنچ جاؤں گا اور ۳-۱/۲ ہفتے تک ہیڈ کوارٹر وہی رہے گا۔ یعنی مستقل قیام وہیں! لیکن بیچ بیچ میں باہر بھی برابر جانا رہے گا۔

قیام کی صورت میں یہ سمجھ لیجیے کہ جیسے کوئی مسجد میں معتکف ہوتا ہے۔ صرف سہ پہر یعنی مغرب سے ایک گھنٹہ قبل فارغ رہوں گا۔ اسی میں آج فلاں قبرستان چلا گیا اور کل فلاں لائبریری۔ کبھی کبھی ..... گھر پر لوگوں سے مل لوں گا۔ وقت میں اس حد تک بخل سے کام نہ لوں تو کچھ کام بھی نہیں کر سکتا۔ آپ کو محض اطلاع دیے دیتا ہوں کہ اگر اتفاق سے اس دوران میں لکھنؤ آنا ہو جائے تو بس خبر کر دیجیے گا۔ محض مجھ سے ملنے کے لیے سفر ہرگز نہ اختیار کیجیے گا۔ والسلام

دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

(۶)

۱۱ر مارچ ۱۹۶۱ء دریاباد ضلع بارہ بنکی

۲۳ر رمضان المبارک۔

برادرم! وعلیکم السلام انشاء اللہ ۲۱[1] مارچ (منگل) کو صبح دس بجے کی گاڑی سے سیتاپور

---

[1] برسہا برس کے بعد میری درخواست پر مولانا ۲۱ مارچ ۱۹۶۱ء کو چند مختصر لمحات کے لیے سیتاپور تشریف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہنچوں گا۔ کچھ دیر بعد بڑی لین (E. I. R) سیتاپور سٹی کے لیے مل جاتی ہے اسی پر آپ کے اسٹیشن[1] پر اتروں گا۔ ایک ملازم ساتھ ہوگا۔

مقام افسوس ہے کہ اب یہ قیام اور مختصر کرنا پڑے گا (ایک ہی ہفتہ کے بعد کئی دن کے لیے سفر دہلی و علی گڑھ پر روانہ ہو جانا ہے اور پھر وسط اپریل میں خیال ڈیڑھ دو ہفتے کے لیے لاہور کا ہے۔) ۲۲۔ (بدھ) کی شام کو ۶ ½ بجے واپسی کی اجازت چاہوں گا۔ بیشتر وقت چلنے پھرنے میں گزرے گا۔ سول لائن کے چھتے تو پیدل ہی دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس "مرحوم کوٹھی"[2] کی خبر بد آپ نے سنا ہی دی۔ دل نے وہی قلق محسوس کیا جو کسی عزیز کی خبر وفات سن کر ہوتا ہے۔ زوال محمود آباد چھوٹے پیمانے پر زوال حیدر آباد ہے سارے مسلمانوں کی کمر توڑ دینے والا۔ انا للہ ۲ بجے سے شام تک یہی پروگرام رہے گا کمیونسٹ سے بھی خاصی یادیں وابستہ ہیں۔ عید گاہ، مسجد عالم نگر وغیرہ بھی دیکھنا ہیں یعنی قبروں پر فاتحہ پڑھنا ہے، دوسرے دن یہ سب کچھ ہو سکتا ہے۔ صبح کی چائے ذرا سویرے پینے کا عادی ہوں۔ نماز فجر کے (یہ حنفیوں کے ہاں دیر میں پڑھی جاتی ہے) کوئی آدھ گھنٹہ بعد۔ باقی کسی اور وقت کی کوئی خاص پابندی نہیں۔

لائے تھے۔ چونکہ مولانا کا بچپن سیتاپور ہی میں گزرا ہے اس لیے یہاں کے ذرے ذرے سے انہیں والہانہ وابستگی اور محبت ہے۔ زحمت سفر اس شرط پر گوارا فرمائی کہ ان کا سیتاپور آنا عوام پر ظاہر نہ کیا جائے اور نہ کسی جلسے وغیرہ کا اہتمام ہو۔ سیتاپور آنے کے شرائط اتنے سخت تھے کہ اسٹیشن پر سواری لانے تک کی ممانعت تھی۔ بہت ڈرتے ڈرتے عرض کیا گیا کہ اتفاقاً ایک موٹر کا انتظام ہو گیا ہے۔ اگر کوئی خاص زحمت نہ ہو تو غریب خانے تک اسی پر تشریف لے چلیے۔ بارے کوئی اعتراض نہیں کیا۔ صرف یہ فرمایا کہ پہلے سول لائن چل کر اس کوٹھی کے در و دیوار کو گلے لگا لوں جس سے بچپن کی صدہا یادیں وابستہ ہیں۔ یہ کوٹھی ریاست محمود آباد کی ملکیت تھی جو خاتمہ زمینداری کے بعد فروخت کر دی گئی تھی۔ اس کوٹھی میں میرے ملاقاتی ایک ایس۔ ڈی۔ او۔ رہتے تھے میں نے انہیں پہلے سے اطلاع کر دی تھی وہ بے چارے منتظر تھے مولانا نے اس کوٹھی کے ہر ایک در و دیوار کو دیکھا ان کی آنکھوں سے عجیب حسرت برس رہی تھی دو دن اور ایک شب کے اس مختصر قیام میں مولانا نے سیتاپور کے ایک ایک گلی کوچے میں پھر کر ماضی کی یادوں کو تازہ کیا۔ یہ کارڈ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے [1] سٹی اسٹیشن سے میرا گھر قریب ہے [2] محمود آباد اسٹیٹ کی وہی کوٹھی جس میں مولانا کے والد ماجد مولوی عبدالقادر صاحب مرحوم کا قیام تھا اور مولانا کا بچپن جس میں گزرا تھا کوٹھی سول لائن سیتاپور میں ہے۔ مگر اب نقشہ بدل گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اطہر[1] صاحب میرے لیے اجنبی نہیں سفر نگی محل میں ایک بار جمال میاں کے ہاں ملاقات ہو گئی تھی بڑی محبت سے پیش آتے اپنی موٹر پر خاتون[2] منزل پہنچا گئے تھے۔ آپ نے ایک نام "غلام رسول[3]" کا لیا ہے کچھ اور اتا پتہ دیجیے۔ آپ ہی کے محلے میں ایک صاحب ماسٹر ایوب حسین رہتے ہیں۔ انہیں ۲۰ مارچ کو مطلع کر دیجیے گا۔ اگر وہ کھانے یا چائے کو کہیں تو میری طرف سے منظور کر لیجیے گا۔

محمود آباد سے ہم لوگوں کے تعلقات امیر الدولہ راجہ امیر حسن خان[4] مرحوم کے زمانے سے چلے آتے ہیں ان کی صاحبہ سنا ہے کہ ہم لوگوں کی عزیزہ بھی تھیں "مہاراجہ" کے وقت تو یہ تعلقات عزیزانہ حد تک پہنچ گئے تھے۔

ایک صاحب "بہادر مرزا[5]" اسکول میں مجھ سے سینئر تھے۔ محمود آباد میں بجلی کے کام پہ ہو گئے تھے ایک بار اتفاق سے ریل میں ملاقات ہو گئی تھی۔

والسلام

دعاگو:

عبدالماجد

(۸)

۳۰ر اکتوبر ۱۹۶۱ء

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

برادرم علیکم السلام

مولوی شیخ عبدالغنی[6] مرحوم کو اپنے بچپن میں بارہا دیکھا۔ والد مرحوم سے ملنے اکثر تشریف لاتے

---

[1] میرے بڑے بھائی سید محمد اطہر صاحب منیجر محمود آباد اسٹیٹ۔ (ناظم سیتاپوری)

[2] خاتون منزل گولہ گنج لکھنؤ کی وہ تاریخی عمارت ہے جس میں سب سے پہلے "ندوہ" قائم کیا گیا تھا۔ مولانا شبلی کا قیام بھی اسی میں رہتا تھا چونکہ یہ عمارت خود مولانا کے اہل خاندان نے خرید لی ہے۔ اس لیے مولانا جب بھی لکھنؤ جاتے ہیں۔ اسی عمارت میں قیام فرماتے ہیں

[3] سابق صدر پاکستان اسکندر مرزا کے ہم زلف آغا سید احمد رضا مرحوم کا خاص ملازم۔ جو بچپن میں مولانا کو کرکیٹ اور ٹینس وغیرہ کھلایا کرتا تھا مولانا نے بارہا اس کا ذکر کیا مگر نام انہیں یاد نہیں تھا جب سیتاپور آتے تو بڑی محبت سے غلام رسول کو گلے لگا کر ملے

[4] انقلاب ۵۷ء سن ستاون کے بعد اودھ کے ایک دریا دل اور فیاض رئیس، راجہ امیر احمد خان آف محمود آباد کے داماد

[5] "بہادر مرزا۔ محمود آباد اسٹیٹ میں الکٹرک انجینیر تھے۔ قیام پاکستان کے بعد کراچی چلے گئے تھے۔ گرمئی ہندوستان کی نو عارضی پرمٹ سے ہندوستان آ گئے تھے یہیں حرکت قلب بند ہو گئی غالباً جون پور میں دفن ہیں

[6] حکیم مومن خان مومن دہلوی کے داماد۔ سیتاپور میں وکالت کرتے تھے۔ اگلے خط میں بھی ان کا نام آیا ہے (ناظم سیتاپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہتے۔ خود بھی ایک آدھ بار ان کے ہاں جاکر دعوت کھانے کا اتفاق ہوا۔ اتنا ہوش اس وقت کہاں تھا کہ ان کے کلام وغیرہ کو کچھ بھی سمجھ سکتا!

صرف اتنا یاد ہے کہ ان کی نیکی خداترسی عبادت گزاری کی شہرت عام تھی۔ قد لانبا تھا، کثیر الاولاد تھے۔ چہرہ پہ نورانیت تھی، ضعیفی کا زمانہ شروع ہو چکا تھا۔ داڑھی کے بال کھچڑی تھی۔

ان کے بڑے صاحبزادے نام حبیب غالباً ابھی زندہ ہیں۔ کسی ریاست (غالباً گوالیار) میں قیام تھا۔ وہی غالباً مومن خان کی صاحبزادی کے بطن سے تھے اور بعد کو سنا کہ شعروشاعری کا اچھا ذوق رکھتے تھے۔

جی ہاں، رئیس[۱] صاحب کی بابت آخری اطلاع یہی تھی کہ اکتوبر ورنہ نومبر میں لکھنؤ آئیں گے۔ کوئٹہ بیں سنتے غالباً لاہور واپس آ گئے ہیں۔

جی ہاں، ماسٹر ایوب[۲] صاحب کی عیادت کے لیے وزیر اعلیٰ صاحب کے جانے کی خبر اخبار میں پڑھی تھی، ایسی شرافت کی مثالیں اب کم یاب ہیں۔ والسلام

عبدالماجد

(۹)

۴ نومبر ۱۹۷۱ء

برادرم! وعلیکم السلام

۱۔ جی ہاں۔ بیویاں ایک سے زائد تو یقیناً تھیں۔ یاد ایسا پڑتا ہے کہ تین تھیں۔ اور اولاد تینوں سے تھی مرحوم (عبدالغنی) کی آمدنی وکالت سے کچھ ایسی کم نہ تھی۔ لیکن کثرتِ عیال سے زیر بار ہی رہا کرتے تھے۔

۲۔ جی ہاں۔ ایک کا نام عبدالمغنی تھا وہ سیتاپور ہی میں کسی عدالت (غالباً کلکٹری) میں کوئی اہل کار ہو گئے تھے۔

۳۔ مرحوم کے لڑکے پڑھے لکھے کچھ واجبی ہی سے تھے۔ ایک لڑکا عبدالحی نسبتاً کچھ پڑھ لکھ گئے تھے۔ کوئی چھوٹا سا امتحان پنجاب سے پاس کیا تھا۔ وہی چھوٹا امتحان اس وقت بڑا سمجھا گیا PLAYER بھی اچھے تھے۔ ایک بھائی ان سے چھوٹے عبدالقیوم تھے سن میں مجھ سے کئی سال بڑے تھے پھر بھی چھوٹے

۱؎ رئیس احمد جعفری ندوی

۲؎ میرے محترم بزرگ۔ یوپی کے وزیر اعلیٰ سی۔ بی گپتا کے استاد، عرصے سے بیمار رہتے تھے۔ وزیر اعلیٰ جب سیتاپور کے سرکاری دورے پر آئے تو بلا کسی پروگرام کے ان کی عیادت کے لیے آ تے تھے۔ (ناظم سیتاپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درجہ میں میرے ساتھ ہی تھے۔ مدت دراز ہوئی انتقال ہو گیا۔

۴۔ ایک نواسہ کا نام احمد حسن تھا برانچ اسکول سیتاپور میں مجھ سے ایک سال آگے تھے، انتقال وہیں کم سنی میں ہو گیا۔

۵۔ مرحوم کا تخمینی سال وفات ۱۹۰۴ء یا ۱۹۰۵ء کہہ سکتا ہوں یقیناً ۱۹۰۱ء و ۱۹۱۰ء کے درمیان ہو گا۔

۶۔ جی ہاں۔ مرحوم کے نام کے ساتھ غازی پوری ہی سنا اچھی طرح یاد ہے۔ غالباً زمانہ (ضلع غازی پور) ہی کے تھے باقی بیویوں کی بابت کوئی علم نہیں۔ عجب نہیں کہ اپنے ہی وطن وخاندان کی ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

(۱۰)

دریا باد۔ ۱۱؍ اپریل ۱۹۶۳ء

برادرم! وعلیکم السلام

دو روپیہ[1] یومیہ تو کچھ ایسا گراں نہیں۔ کھانے کا انتظام تو ڈاک بنگلے کے آدمی ہی سے ہو جاتا ہو گا۔

مختاری والے مکان میں بعد کو میری ہی برادری کے ایک صاحب مدتوں رہے تھے۔ شیخ مشتاق علی قدوائی مولوی محمود آباد کے مختار تھے۔

مرزا قاسم[2] حسین قزلباش کورٹ انسپکٹر تھے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کا عہدہ اس وقت تک شاید تھا ہی نہیں، میرے والد کے خصوصی دوستوں میں سے تھے۔ ان کے بیٹے فیاض مرحوم کا میرا ساتھ کچھ دنوں رہا تھا۔ فٹ بال کے اچھے کھلاڑی تھے۔ پہلے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سیتاپور ——— بعد محمد تقی ہو کر آئے تھے۔

دوست محمد خان کی بھی کچھ خبر ہے؟ زندہ ہیں؟ میرے زمانے میں فٹ بال میں بڑا نام پیدا کیے۔

[1] سیتاپور سے مولانا کو جو فطری اور روحانی لگاؤ ہے۔ اس اعتبار سے وہ سیتاپور کو اپنا وطن ثانی سمجھتے ہیں۔ مدتوں بعد ۱۹۶۱ء میں میری درخواست پر سیتاپور تشریف لائے تھے۔ غریب خانے ہی پر قیام فرمایا۔ ۱۹۶۲ء میں جب میں نے پھر استدعا کی تو اس شرط پر سیتاپور آنے کے لیے راضی ہوئے کہ قیام ڈاک بنگلے میں کریں گے۔ یہ کرایہ اسی ڈاک بنگلہ کا ہے ——— لیکن سارا پروگرام بنانے کے بعد عین وقت پر ملتوی کر دیا۔

[2] مرزا حاتم علی بیگ خبر کے بھتیجے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئے تھے۔ عالم نگر میں رہتے تھے ان کے بہنوئی پھیدا خاں وکیلون بیرسٹر کی محرری کرتے تھے اور بڑے عبادت گذار کہے جاتے تھے۔

والد مرحوم کے ایک خصوصی دوست سید رضی مرحوم آنریری مجسٹریٹ[1] تھے۔ اب ان کی اولاد باقی ہے؟

آپ اس وقت لکھنؤ ہوں گے۔ اس لیے یہ خط وہیں کے پتے سے ہے۔

ہاں صاحب۔ اگر موقع دیکھیے گا تو گورنر صاحب کی خدمت میں صرف یہ مصرع میری طرف سے عرض کر دیجیے گا ؏

بھول جانا ہمارا یاد رہا۔

اور پورا قصہ سن لیجیے ——— ان کے آتے ہی خط لکھا ——— "یوپی کو ایک اردو نواز گورنر ملا۔ اردو والوں کی طرف سے خیر مقدم کرتا ہوں۔" جواب اردو میں آیا اور بڑے اخلاق کا ۔ کہ آپ سے ملنے کی میں مسرت حاصل کروں گا۔ اس کے بعد سے آج کی تاریخ تک میں وقت ملاقات کے تعین کا منتظر ہی رہا۔ لطیف یاد دہانی، ایک نہیں، کم سے کم دو بار (عجب نہیں کہ تین بار) کی مطلق جواب تک نہ ملا۔ سعدی نے "در سیرت بادشاہان" جو کہا تھا کہ "گاہے بہ سلامے برنجند گاہے بدشنامے خلعت دہند" بس اسے یاد کر کے خاموش ہو گیا۔ اور اب تو موقع اتنا بھی نہ رہا کہ تار پر طلبی ہو سکے۔ والسلام

دعاگو:
عبدالماجد

(۱۱)

لکھنؤ
۱۷/اپریل ۱۹۶۳ء

برادرم! وعلیکم السلام

اب خدا خدا کر کے اس قابل ہوا کہ کچھ لکھ پڑھ سکوں۔ آپ کی کتاب پر یہ چند سطریں لکھ دیں "غالب نام آورم" کے مرتب نے خود "نام آوری" کے زینے کی طرف پہلا قدم تو اٹھا ہی لیا ہے۔

ان کی یہ چھوٹی موٹی کتاب "ہر چہ بہ قامت کہتر بہ قیمت بہتر" کا نمونہ اس قابل ہے کہ اسے درس غالبیات کی پہلی کتاب قرار دیا جائے۔

---

[1] سیتا پور کے عمائدین میں تھے۔ لسان القوم صفی لکھنوی کے بزرگ اعزہ تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثقل و اغلاق سے خالی، غلو و اغراق سے بری، تنقید، تحقیق، اور آجکل کی اصطلاح میں تخلیق تینوں کا ایک ہلکا خوشگوار مجموعہ۔

عبدالماجد

جناب نادم سیتاپوری
بذریعہ سلطان حسین صاحب تاجر کتب
بندر روڈ۔ کراچی

(۱۲)

۱۴ر اپریل سنہ ۶۴ء
دریاباد، بارہ بنکی

برادرم! وعلیکم السلام

خط بڑے وقت سے آ گیا۔ ہفتہ ڈیڑھ ہفتہ سے میں انتظار ہی کر رہا تھا، بلکہ خود لکھ دینا چاہتا تھا۔ اب مستقل شغل کیا رہتا ہے؟ اکبر کا وہ شعر تو یاد ہوگا؟

اٹھا تو تھا ولولہ یہ دل میں کہ صرف یادِ خدا کریں گے
معاً مگر یہ خیال آیا ملی نہ روٹی تو کیا کریں گے

خیر خدا کرے ہر طرح خیریت ہو۔
مضمون سجاد حسین کی سنجیدہ صحافت[۲] یوں تو خاصہ ہے، لیکن کچھ تاریخی بے ترتیبیاں نظر آئیں۔

(۱) دلگداز معرکہ گلزار نسیم سے پیشتر ہی نہیں بہت پیشتر سنہ ۹۸ء میں نکل چکا تھا۔ نکل کر بند ہو چکا تھا، بند ہو کر نکل چکا تھا۔ یہ معرکہ تو کہیں سنہ ۱۹۰۵ء یا سنہ ۱۹۰۶ء میں پیش آیا۔

(۲) "آزاد" شوق والا اصلاً سیاسی رنگ کا تھا۔ ادبی رنگ میں اودھ پنچ کا حریف و مد مقابل ظریف تھا۔ شرر صاحب کے اشارہ پر منشی نثار حسین کا نکالا ہوا۔

(۳) "خار زار نسیم" (شوق) کا علم مجھے پہلی بار ہوا، اور اس پر مجھے حیرت بھی ہے کہ اب تک

---

[۱] محبی ڈاکٹر بی راما کرشنا راؤ حیدرآباد کی ایک ذی علم شخصیت۔ فارسی اردو اور تلنگی زبانوں کے ماہر۔ میرے خصوصی مخلصین میں تھے۔ اپریل ۱۹۶۲ء میں یو۔پی کی گورنری سے ریٹائر ہوئے۔ ان کی اردو دوستی اور اردو نوازی آج بھی یو۔پی میں ضرب المثل ہے [۲] مطبوعہ نیا دور لکھنؤ۔ (نادم سیتاپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیوں نہیں ہوا تھا معرکہ کا زمانہ بھی ۱۹۰۴ء کے بعد کا ہے۔ اور اس وقت میں معرکہ کی بیشتر چیزوں کے پڑھنے کے قابل ہو گیا تھا۔ خار زار کے دیکھنے کا مشتاق ہوں۔

(۴) تپش کا سال وفات ۱۹۰۲ء کے بعد تو یقیناً ہے، عجب نہیں کہ ۱۹۰۰ء کے بھی بعد ہو۔ مرحوم کا آخری زمانہ بڑی عسرت کا گزرا۔ میرے والد مرحوم کے ان سے دیرینہ تعلقات تھے انہیں کبھی کبھی وہ اپنے مصائب لکھ بھیجتے تھے اور کم سے کم ایک بار تو سیتاپور ان کے پاس ضرور آتے تھے۔ اغلباً ۱۹۰۲ء میں۔

ہاں صاحب اس وقت سیتاپور میں قدوائی صاحب کون ہیں؟ یا تو کوئی وکیل ہیں یا کوئی عہدے دار۔ میرے ایک دور کے لکھنوی عزیز کا انتقال انہیں کے مکان پر ہوا۔ بس اس سے زیادہ معلوم نہیں۔ ان کے پورے نام کی تلاش ہے۔

آپ نے ہر جگہ "تپش" "ت" سے لکھا ہے۔ مجھے خیال پڑتا ہے کہ مرحوم اپنے کو "طپش" "ط" سے لکھتے تھے۔

والسلام
عبدالماجد

(۱۴)

دریاباد
۱۸ر جون ۶۴ء

برادرم! السلام علیکم

آپ کا نام دیکھ کر ہمیشہ مضمون پڑھ لینے کا وقت نکال لیتا ہوں۔
تازہ مضمون "معارف"[1] میں پڑھا حسب معمول اچھا ہے۔
صرف دو ایک جزئیات آئندہ کے لیے نوٹ کر لیجیے۔

۱۔ مولوی عبدالغنی مرحوم کے بڑے لڑکے جو بنت مومن[2] کے بطن سے تھے ان کا نام ناصر حبیب تھا دہلی کے مشہور خاندان سے تھے (نام نذیر وغیرہ کے رنگ کا) خوب لمبے چوڑے تھے اور ابھی کئی سال قبل تک زندہ تھے۔ گوالیار سے کہیں اور چلے گئے تھے۔ عبدالمغنی کی ماں دوسری تھیں۔

---

[1] معارف اعظم گڑھ (جون ۱۹۶۴ء) میں میرا ایک مضمون سیتاپور کے کتب خانوں پر چھپا تھا۔
[2] مومن دہلوی کی صاحبزادی جو سیتاپور میں مولوی عبدالغنی وکیل کو بیاہی تھیں۔ (نام سیتاپوری)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲- لائبریری جہاں تک مجھے یاد ہے خود سید محمود ہی کی تھی۔ سید محمود نے سیتاپور میں پریکٹس ایک دن کے لیے نہیں کی ہائی کورٹ کے جج رہ کر ادنا عدالتوں میں جاتے کیسے؟ اور بڑی بات یہ کہ وہ قابل پریکٹس ہی ان دنوں کب رہ گئے تھے ۔۔۔ ہر وقت مخمور را۔

۳- بیگم باغ، نہیں مدتوں سول لائن میں رہے تھے ہماری کوٹھی کے بالکل مقابل، مشرق کی طرف! پھوس والے بنگلے میں۔ بیگم باغ بالکل آخری زمانے میں اٹھ گئے تھے۔

۴- ٹھاکر جواہر سنگھ تو پڑھے لکھے نہ تھے۔ ان کے لڑکے سورج بخش سنگھ البتہ بڑے علم دوست تھے۔ انگریزی میں۔ اور فارسی سے بھی خوب واقف!

حسرت ہے کہ اختر الدولہ سے اپنے زمانہ قیام سیتاپور میں نہ واقف ہو پایا۔

والسلام

عبدالماجد

(۱۵)

دریاباد۔

۱۷/ اپریل سنہ ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

جی نہیں بھوشن، پدم بھوشن وغیرہ کا کوئی خطرہ نہیں۔ رقم سے متعلق بھی بڑا دھوکا پبلک کو دیا گیا ہے[۱]

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا

مفصل روداد خود اپنے قلم سے آئندہ ہفتے "صدق" میں دوں گا۔ آپ کانپور[۲] خوب پہنچے سیاست وغیرہ سے تعلق ہو جاتے تو بہت خوب ہے۔

لیکن یہ قیام "طلاق محل" میں کیا معنی لاحول ولا قوۃ ایسا منحوس نام! "وصال منزل" ہوتا تو ایک بات بھی تھی۔

والسلام

عبدالماجد

---

(۱) یوپی گورنمنٹ کی اردو ہندی مشترک انعامی کمیٹی نے مولانا مرحوم کو ان کی اردو ادب کی خدمت کے سلسلے میں ۵ ہزار کا انعام دیا تھا یہی اردو مصنفین کے لیے سب سے بڑا انعام تھا اس خط میں اس کا ذکر ہے۔ (مرتب مکتوبات ماجدی)

(۲) اس زمانے میں ناظم صاحب کانپور میں مقیم تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۶)

بھائی کے انتقال پر مولانا نے یہ تعزیت نامہ تحریر فرمایا۔

دریاباد۔

۳۱ رمئی ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

کل سہ پہر کو حادثہ کی خبر قومی آواز میں پڑھی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ بھائی کا زخم والدین کے زخم سے بس کچھ ہی کم ہوتا ہے۔ اللہ ہر طرح توفیق صبر جمیل دے۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۱۷)

کئی برس سے معمول کے مطابق مولانا مرحوم آخر ستمبر سے ۵، ۶ ہفتے لکھنؤ میں قیام رکھتے تھے۔

لکھنؤ۔

۱۶ر اکتوبر ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

آج کل دریاباد سے باہر ہوں اور یہ کارڈ لکھنؤ سے لکھ رہا ہوں۔

کوئی اور اگر یہ سوال میاں چرکین سے متعلق کرتا تو جواب میں صرف یہ لکھ بھیجتا چھی چھی لیکن آپ کی نفاست طبع کو یہ کیا سوجھی کہ خاک کو پاک کرنے کا ارادہ کر لیا۔

اور کچھ مجھے ان بزرگ سے متعلق معلوم نہیں سوا اس کے کہ رودلی ان کا وطن تھا دیوان کی سرسری زیارت صرف ایک بار ہوئی تھی دو ہی چار ورق الٹے تھے کہ متلی ہونے لگی میرے علم میں تو دیوان بھر میں شاید بس ایک آدھ ہی صاف شعر ہے دوسروں کے سامنے پڑھنے کے قابل اس سے تو کہیں بہتر تھا آپ اپنا وقت جان صاحب پر صرف کرتے کئی سال ہوتے خواجہ محمد شفیع دہلوی ان کے کلام پر کناڈا میں کام کر رہے تھے اور مجھ سے بھی الفاظ و محاورات کے بارے میں مراسلت جاری تھی۔ والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۸)

نادم صاحب اس زمانے میں پاکستان آگئے تھے اور فردوس کالونی، کراچی میں مقیم تھے۔

دریاباد۔

بسم اللہ

۸ار جون ۱۹۶۱ء

برادرم سلمہ اللہ!

وعلیکم السلام

"فردوس کالونی" کے بسانے والے کو اگر "فردوس مکان" یا "جنت نشان" نہ کہوں تو اور کیا کہوں ——

والسلام

عبدالماجد

جناب نادم سیتاپوری صاحب
۹۱۲۔ فردوس کالونی۔ کراچی

ڈاکٹر آفتاب احمد ردولوی (ڈھاکا)

(۱)

مکتوب الیہ کی تصنیف "گلہائے داغ" کی رسید کے طور پر یہ خط تحریر فرمایا۔ دوسرے خط میں بھی ان کی تصنیف "صہبائے مینائی" اور "شبلی" پر ان کی کتاب کا ذکر آرہا ہے۔

دریاباد

بسم اللہ

۲۳ مارچ ۱۹۵۸ء

عزیزم سلمہ!

السلام علیکم

"گلہائے داغ" کا پیکٹ کل دوپہر موصول ہوا۔ سرسری نظر اسی وقت کر گیا، دل خوش ہو گیا۔ مدت کے بعد اپنی زبان اور اپنے رنگ کی تحریر پر نظر پڑی ورنہ یونیورسٹی کے "دکاترہ" نے تو وہ زبان اور وہ طرز تنقید نکالی ہے کہ میرے پلے تو کچھ پڑتا نہیں۔

کتاب کی رسید فوراً لکھے بھیجتا ہوں۔ صدق میں ذکر کرنے کی نوبت البتہ مہینوں بعد آئے گی اس سے قبل گنجائش نکلنے کا کوئی امکان نہیں لیکن پبلشر کے اس جرم کو ہرگز نہیں معاف کر سکتا ہوں کہ ظالم نے فہرست مضامین قسم کی کوئی چیز ہی نہ رکھی۔

والسلام، دعاگو!

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

دریاباد

۱۸/ اپریل ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

عزیزم سلمہٗ!

السلام علیکم

"صہبائے مینائی" کل موصول ہوئی، انشاء اللہ اسے وقت نکال کر پڑھوں گا اور ضرور پڑھوں گا، لیکن "آفتاب" کی یہ شاید پہلی "شعاع" ہے جو "گلہائے داغ" کے بعد اس "ذرہ" کے نصیب میں آئی "شبلی" کی زیارت کو تو آج تک آنکھیں ترستی ہیں۔

"لسان العصر" کا اشتہار دیکھ کر حیرت بھی ہوئی اور مسرت بھی۔

دعاگو

عبدالماجد

(۳)

دریاباد ــــــ

۱۰/ نومبر ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

عزیز مکرم!

وعلیکم السلام

"مہر نیمروز"، نومبر نمبر اس ذرۂ بے مقدار کی نظر سے بھی گزرا۔ پورا پڑھنے کی فرصت کہاں پھر بھی ایک نظر "ایک شعر" پہ تو کر ہی گیا۔ خوب خوب گاؤ زوریاں موافقت و مخالفت دونوں میں دیکھیں۔ ناگاہ نگاہ ص۳۱ کے وسط پہ پہنچ کر رک گئی گویا من و عن اپنی تحریر سامنے تھی۔ وہی تشبیب وہی گریز!

نظر جم گئی ایک ایک لفظ رک رک کر پڑھا۔ عقل نے لاحول پڑھی کہ بھلا یہ بھی کوئی پہلو داد و تحسین کا ہے۔

دل اندر ہی اندر کھل گیا کہ بری یا بھلی اپنی چیز اپنی ہی ہوتی ہے۔ اور اپنی چیز سے خوش کون نہیں ہوتا ــــــ

دعاگو

عبدالماجد

سید علی عباس حسینی (لکھنؤ)

مکتوب الیہ نے مرزا محمد ہادی رسوا کی ایک کتاب "طلسم اسرار" مل جانے کی خوش خبری سنائی تھی مولانا کی انگریزی تفسیر کا ذکر کیا تھا اور رسوا پہ کام کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ نیز مولانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے "تاریخ عرب قبل از اسلام" لکھنے کی فرمایش کی تھی۔ حبیب سے مراد مولانا کے بھتیجے اور داماد ہیں جو یوپی سکریٹیریٹ (لکھنؤ) میں ملازم تھے اور دریاباد ہر ہفتے آتے جاتے تھے۔
شیخ عنایت اللہ تاج کمپنی لمیٹڈ پاکستان کے منیجنگ ڈائرکٹر تھے۔

دریاباد
۱۵ رمئی ۱۹۵۸ء بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

طلسم اسرار تک رسائی مبارک لیکن حضرت یہ تنہا خوری کیا معنی؟ میں تو شاید آپ سے بھی زیادہ بھوکا تھا۔ بہر حال ایک نظر تو مجھے دکھا ہی دیجیے۔
اپنے پاس زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ رکھوں گا۔ حبیب سلمہٗ ایک ہفتے آئیں گے اور دوسرے ہفتے واپس پہنچا دیں گے۔ جزاک اللہ!
انگریزی تفسیر لکھنے میں چار پانچ سال لگ گئے اور پھر نظر ثانی وغیرہ میں دو ایک سال اور ۳۳ء میں شروع کی تھی ۱۹۴۰ء کے شروع میں مسودہ ناشر صاحب کے ہاتھوں میں پہنچ گیا تھا۔ ان کی "عنایت" کہیے (منیجنگ ایجنٹ کا نام شیخ عنایت اللہ ہے) یا میری قسمت کہ اتنی مدت میں اور پچاسوں تقاضوں کے بعد اب تک کل پہلی جلد نکل پائی ہے۔

سمجھا تھا جن کو پھول وہ نکلے شرار سنگ
پھٹتے میرے نصیب سے پتھر کے ہو گئے

اردو تفسیر اس کے بعد شروع کی تھی اس کا نصیبہ اس سے کچھ بہتر رہا اب تک چار جلدیں نکل چکی ہیں اور تین باقی ہیں۔
مزار رسوا ضرور تیار کیجیے اور کرائیے ہر امکانی خدمت کے لیے حاضر ہوں۔ آپ کی فرمایش ہے بڑی ضروری اور اہم لیکن پورا وقت اور پوری محنت چاہتی ہے۔ ایک سن ایسا آجاتا ہے کہ جب خود کوئی نیا مستقل کام شروع کرنے کے بجائے طبیعت دوسروں کی مدد اور مشورہ دینے اور انہیں DIRECT کرنے پر زیادہ آمادہ رہتی ہے یہی صورت اس موضوع کے لیے ہے۔ کوئی اور صاحب ہمت کریں تو ان کے ساتھ شریک ہو جانے پر حاضر ہوں۔ ہاں خوب یاد آیا شرر مرحوم کی کتاب اس موضوع پر ضرور دیکھ ڈالیے کتاب کا نام بھی غالباً یہی ہے۔ "تاریخ عرب قبل از اسلام" یہ جواب پہلی ڈاک سے جا رہا ہے ۱۲ کا عنایت نامہ ۱۴ رکی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شام کو ملا)

عبدالماجد

(۲)

حسینی صاحب مرحوم کے انتقال پر ان کے فرزندوں کے نام مولانا دریابادی کا تعزیتی مکتوب

دریاباد۔

۳۰ ستمبر ۱۹۶۹ء بسم اللہ

عزیزان گرامی! السلام علیکم

حسینی مرحوم کی سناونی سننے میں آئی دل دھک سے ہو کر رہ گیا۔ اناللہ۔ میرے قدیم مخلصوں میں تھے اور جوہر شرافت کے ایک پیکر مجسم تھے۔

تم لوگوں اور تمہاری والدہ پر جو کچھ گذر رہی ہوگی اس کا تجربہ ہر صاحب تجربہ کو ہے بس اللہ ہی صبر اور برداشت کی قوت عطا کرے۔

آئندہ ہفتے انشاء اللہ آکر مرحوم کی تربت پر فاتحہ پڑھنے جاؤں گا اور اپنے اور ان کے مشترک دوست سید مسعود حسن رضوی کو ہمراہ لے کر۔

اپنی والدہ کو ضرور میری طرف سے پیام تعزیت پہنچا دینا۔

والسلام عبدالماجد

شیخ قدیر الزماں (لکھنو)

ایک پرانے اور گھر پروردہ ملازم تیغ علی ناراض ہو کر گھر سے چلے گئے تھے، خاتون منزل میں رہنے والے ایک دوسرے صاحب منشی دلیل اللہ جن سے اس خاندان کے عزیزانہ تعلقات تھے، سمجھا بجھا کر انہیں واپس لے آئے۔ مولانا دریا بادی کو معلوم ہوا تو انہوں نے اپنے بھانجے اور داماد شیخ قدیر الزمان کو یہ خط لکھا۔

دریاباد

۹ اگست ۱۹۵۸ء بسم اللہ

عزیزی سلمہ! السلام علیکم

اولیاء راہست قدرت از الہ

تیر جستہ باز گرداند ز راہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ "ولیل اللہ" بھی اس سفلی عالم میں عالم علوی کے اولیاء اللہ سے کچھ کم نہ نکلے "تیغ" بے نیام کو خوب "نیام" میں کر کے لے آتے۔ انعام نہ سہی داد سے تو بہر حال انہیں مالا مال ہی کر دینا۔ ابھی ابھی یاد پڑا کہ ولیل اللہ کے والد کا نام ولی اللہ تھا۔ سبحان اللہ ایک ولی اللہ نام کے دوسرے کام کے۔ یوں بھی لڑکا ہوتا آخر کاہے کے لیے ہے۔ باپ کا نام روشن کرنے کے لیے۔ اس کے ادھورے کام پورا کرنے یا اگر پدر نہ تواند پسر تمام کند

فقط

عبدالماجد

ڈاکٹر یوسف حسین خاں (علی گڑھ) (۱)

علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے پرو وائس چانسلر بنائے جانے پر مبارک باد کا خط۔

دریاباد

۱۸ اگست ۱۹۵۸ء بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

یوسف گم گشتہ باز آمد بہ کنعاں غم مخور

گم گشتہ نہ سہی علی گڑھ کے از دست رفتہ تو یہ یوسف بھی تھے۔ واپسی اور وہ بھی پرو وائس چانسلری پر۔ اللہ ہر طرح مبارک کرے۔ والسلام

دعاگو:

عبدالماجد

(۲)

مکتوب الیہ کے بڑے بھائی ڈاکٹر ذاکر حسین صدر جمہوریہ ہند کے انتقال پر تعزیت نامہ

دریاباد۔

۵ مئی ۱۹۶۹ء بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

تعزیت کا خط لکھنے تو بیٹھ گیا لیکن سوچ رہا ہوں کہ لکھوں تو کیا لکھوں۔ اور آپ سب لوگوں کو خاص کر تازہ بیوہ کی تسکین قلب کے لیے کون سے لفظ استعمال کروں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موت برحق اور ہر ایک کے لیے ہے اور خوف وہراس کی چیز نہیں یہ تو بندہ کی حاضری اپنے نہایت شفیق مالک ومولا کے دربار میں ہے لیکن وہ غم نصیب کیا کہہ کرا پنے دل کو سمجھائے جس کا سہاگ دنوں اور گھنٹوں میں نہیں منٹوں میں لٹ گیا اور جس کی بادشاہی چشم زدن میں خاک میں مل گئی۔ ذرا سا بھی تیاری کا موقع تو اس بیچاری کو یا آپ لوگوں میں کسی کو نہ مل سکا۔

لیکن یقین کیجیے یہ سب ایک طریقہ اجر بڑھانے کا ہے۔ اجر بے حساب وناقابل پیمائش اور اس کا جتنا زیادہ استحضار جس کسی کو ہوگا اسی نسبت سے اس کا دل سکون میں رہے گا بس اس کو دل کی گہرائیوں میں آتار دیتا اور اپنا وقت زیادہ سے زیادہ مرحوم کے لیے دعائے خیر میں صرف کیجیے۔

میرا تعلق تو صرف مرحوم سے عزیزوں کا ساتھا بے شان وگمان یہ خبر پاکر دل پر جو کچھ گزری بالکل ظاہر ہے۔ معاً دعائے مغفرت کی، بار بار دعائیں مختلف نمازوں کے بعد کیں اور دعا میں لڑکیاں بھی برابر شریک رہیں۔

بہرحال اللہ انہیں جنت نصیب فرمائے اور اب بس یہی ان کے کام آنے والی چیز ہے ——————

والسلام

دعاگو عبدالماجد

پروفیسر عبدالوہاب بخاری

دارالعلوم ندوۃ العلماء (لکھنو) کے سفیر عزیز الٰہی حسن پوری کے تعارف میں۔

دریاباد

۳ر نومبر ۱۹۵۸ء

بسم اللہ

کرم گستر!

السلام علیکم

اس عریضہ کے حامل ماسٹر عزیز الٰہی بی اے (علیگ) سفیر ندوہ کی حیثیت سے حاضر خدمت ہو رہے ہیں۔

علاوہ اپنی اس سرکاری حیثیت کے میرے مخلص خصوصی ہیں۔ نام کے "عزیز" ہیں لیکن مصر ندوہ کے "یوسف" سے کم نہیں۔ آپ کی نگاہ اعجاز ندوہ کی قدردانی کے لیے یقیناً کوئی "زلیخا" ڈھونڈ نکالے گی۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بابائے اردو مولوی عبدالحق (کراچی)

(۱)

دریا باد

۸/اپریل ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! السلام علیکم

"اردو" کا تازہ ڈبل نمبر کل موصول ہوا۔ دو ایک باتیں اس نمبر کے متعلق عرض کرنے کی ہیں، ملاحظہ ہوں:

(۱) صفحہ ۲۰۷ پر ذکر مرزا محمد ہادی رسوا لکھنوی کے منظوم ڈرامے "مرقع لیلیٰ و مجنوں" کا ہے اور لکھا ہے کہ ڈرامہ ۱۸۷۷ء میں الناظر پریس لکھنؤ میں طبع ہوا ۷۷ صفحات میں۔

(الف) گزارش ہے کہ اول تو یہ تصنیف مرزا لکھنوی کی ہے نہ کہ "رسوا" کی مرزا صاحب اس وقت تک محض مرزا تھے اور شاعری میں یہی تخلص آخر دم تک رکھا۔ "رسوا" کا نقاب تو انہوں نے بہت بعد میں صرف ناول نگاری کے لیے اختیار کیا تھا۔ مرقع میں تخلص جہاں جہاں بھی آیا ہے مرزا ہی آیا ہے۔

(ب) سنۂ طبع جو ۱۸۷۷ء درج کیا گیا ہے یقیناً صحیح ہوگا۔ پہلا ایڈیشن اسی سال نکلا ہوگا، لیکن الناظر پریس کا اس وقت کہیں وجود ہی نہ تھا۔ یہ تو کہیں اس کے ۲۰، ۲۲ سال بعد قائم ہوا ہے۔ میرے پاس جو نسخہ ہے وہ طبع ثانی ہے الناظر پریس کا چھپا ہوا لیکن اس پر سنہ کوئی درج نہیں ہے۔ میرا اندازہ ہے کہ ۱۹۱۱ء کا ہوگا اس کی ضخامت ۷۷ نہیں ۹۷ صفحہ ہے۔

(ج) کوئی ادیب مادر زاد ادیب نہیں ہوتا۔ پختگی آتے آتے ہی آتی ہے۔ یہ مرقع مرزا صاحب کی بالکل ابتدائی تصنیفوں میں ہے اسے اسی معیار سے دیکھنا چاہیے "امراؤ جان ادا" اس کے بعد کی تصنیف ہے کم از کم بارہ سال بعد کی۔ اس وقت ان کا قلم خوب منجھ چکا تھا۔

(د) مرزا صاحب سے ۱۸۷۷ء میں اس کی توقع رکھنا کہ انہوں نے فن میں کوئی اصلاح تجدید یا ترمیم کی ہو گی غلط ہے۔ ان کے پیش نظر اصلاح فن نہ اس وقت رہی نہ اس کے بعد وہ صرف زبان کے رسیا تھے اور زبان کی صحت، سلاست، نفاست اور نزاکت کے معیار سے دیکھا جائے تو اس مرقع اور اس کے معاصر اردو ڈراموں کے درمیان نمایاں فرق نظر آتا ہے۔

(۲) شوکت سبزواری کے دونوں مضمون اور تیسرا مضمون کلام اقبال کی زبان تینوں بہت خوب ہیں۔ ہر طرح قابل داد البتہ صـ ۳۹۵ پر وسط میں امیر مینائی کے سلسلہ میں جو یہ فقرہ درج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ "ان کے کلام کا مجموعہ" "صنم خانہ عشق" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ یہ فقرہ اگر یوں ہوتا تو صحیح تر ہو جاتا کہ ان کے عاشقانہ کلام کا دوسرا مجموعہ "صنم خانہ عشق" کے نام سے شائع ہوا ہے۔

والسلام

دعاگو عبدالماجد

(۲)

دریاباد
۲۲ جون ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

حضرت والا!

السلام علیکم

تازہ "اردو" پیش نظر ہے۔ مقالۂ فاضلانہ "مقدمہ جدید اردو لغت" کا کیا کہنا۔ مقالہ نگار کی شانِ علم و مرتبۂ تحقیق کے مطابق۔

اجازت ہو تو دو ایک معروضات اپنی بساط کے مطابق پیش کروں۔

(۱) نفائس اللغات ہی کے طرز پر ایک اور لغت لکھنؤ میں تصنیف ہوا تھا۔ امجد علی شاہ کے زمانہ میں نام "انفس النفائس"، مصنف میر حسن لکھنوی سال تصنیف و طبع ۱۲۶۴ھ ہجری ضخامت ۲۲۰ صفحہ مطبوعہ میر حسن رضوی ہر صفحہ دو کالمی۔ ہر کالم میں تین خانے۔ پہلا ہندی بہ معنی اردو لفظ کے، دوسرا فارسی اور تیسرا عربی کا۔

(۲) جلال لکھنوی کی سرمایہ زبان اردو ۱۳۰۱ھ ہجری سید احمد دہلوی کی لغات النساء ۱۹۱۷ء خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی کی لغات اردو چار جلدوں میں ۱۹۲۲ء ۱۹۲۳ء اور خود انجمن ترقی اردو کی شائع کی ہوئی فرہنگ اصطلاحات پیشہ وراں قابل ذکر و قابل توجہ کتابیں ہیں۔

(۳) انجمن ہی کی شائع کی ہوئی قدیم فرہنگ مصطلحات اور جدید اصطلاحات جغرافیہ و فرہنگ اصطلاحات علم ہیئت سب ہی اہل لغت کے لیے ایک قیمتی مصدر و ماخذ کا کام دے سکتی ہیں۔

(۴) منیر لکھنوی کی بازاری زبان و اصطلاحات پیشہ وراں ۹۴ صفحہ مطبوعہ کانپور ۱۹۳۰ء بھی اہل لغت کے لیے کارآمد ہے اور اسی طرح میر کی محاورات ہند بھی۔

(۵) مہذب اللغات بجائے خود اچھی کتاب ہے، البتہ اس کی دو باتیں بڑی تکلیف دہ ہیں ایک ہندی کی بھرمار اور دوسرے اس کا مناظرانہ و تفوقانہ لب و لہجہ۔

خدا آپ کی عمر و صحت میں برکت دے، آپ کی نگرانی میں کتاب انشاءاللہ قابل دید ہوگی۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احمد جمال پاشا (لکھنؤ)

مکتوب الیہ نے مولانا دریا بادی سے چند سوالات کیے تھے۔ مولانا مرحوم نے ان سوالات کے سامنے جوابات تحریر فرما دیے۔

دریاباد

۲۶ر اپریل ۱۹۵۹ء بسم اللہ

سوال۔ (۱) آپ کے خیال میں انشائیہ کی وہ کیا خصوصیات ہیں جو اسے تمام ادبی مضامین سے الگ کرتی ہیں؟

(۲) سرسید، شبلی، آزاد، حالی میں کسے آپ انشائیہ نگار کی حیثیت سے زیادہ پسند کرتے ہیں؟

(۳) مہدی افادی کی انشائیہ نگاری کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

جواب:

(۱) انشائیہ کی امتیازی خصوصیت حسن انشاء، یہ اس کے نام ہی سے ظاہر ہے۔ انشائیہ وہ ہے جس میں بجائے مغز اور مضمون کے اصل توجہ حسن اور عبارت پر ہو۔

(۲) ان چاروں میں انشائیہ نگار صرف آزاد تھے۔ باقی تینوں اپنی اپنی جگہ اچھے لکھنے والے اور ماہر فن ادیب تھے لیکن انشاپردازی ان میں سے کسی کی مقصود اصلی نہ تھی۔

(۳) وقت اور ماحول و معیار کے لحاظ سے اچھے انشاپرداز تھے۔ عمر کم پائی۔ کچھ اور زندہ رہ جاتے تو کہیں بہتر نکلتے۔ والسلام

عبدالماجد

صدر مجلس استقبالیہ اردو کانفرنس (حیدرآباد۔ دکن)

دریاباد

۸ر جون ۱۹۵۹ء بسم اللہ

کرم گستر! وعلیکم السلام

اردو کانفرنس میں تقریریں تو بہت ہو چکیں۔ اپنی کانفرنس میں سب سے زیادہ زور عملی پہلو پہ رکھیے اردو کا سکہ کہیں نہ کہیں چلا کر رکھیے۔ مثلاً یہ کہ اسکولوں اور کالجوں میں اردو چل جائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جیسے کہ پہلے چلی ہوتی تھی۔ یا ریل کے ٹکٹ پر، ڈاک کے ٹکٹ پر، بینکوں پر۔ کرنسی نوٹوں پر، دفتروں کچہریوں کی تختیوں پر اردو حروف از سر نو نظر آنے لگیں۔
کانفرنس کی اصل کامیابی کا معیار انہیں عملی پہلوؤں کو رکھیے۔

والسلام

عبدالماجد

مولانا جمال الدین عبدالوہاب فرنگی محلی (معروف بہ جمال میاں)

مولانا جمال میاں فرنگی محلی نے مولانا دریابادی کو کھدر کا کرتا پاجامہ تحفہ بھیجا تھا جو انہیں راجہ صاحب محمود آباد نے دیا تھا۔

دریاباد

۲۵ر جولائی ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

برادرم سلمہٗ!

السلام علیکم

وہ تبرکہ کل جمعہ کے وقت پہنا ـــــ ماشاء اللہ وسبحان اللہ اتنا سبک، اتنا لطیف، اتنا نفیس کہ جسم معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہ ملبوس ہے بھی! حلۂ بہشتی کا نمونہ ـــــ جمال کا کمال!

اخلاص کا قائل پہلے ہی سے تھا کرامت کا معتقد اب ہونا پڑا۔ جزاک اللہ وبارک اللہ

دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

بیگم چودھری الطاف حسین (۱)

ایک اونچے سرکاری عہدہ دار (چودھری الطاف حسین) نے جو ہر طرح سلیم الطبع حلیم المزاج اور پابند مذہب مسلمان تھے۔ اور ابھی سن بھی زیادہ نہ تھا، کسی فوری جنونی دورے میں مبتلا ہو کر بالکل یک بیک ۱۴ر اکتوبر ۱۹۵۹ء کو صبح ۸ بجے خودکشی کر لی، ذیل کا تعزیت نامہ اُن کی جوان بیوہ کو جو دور کے قرابت دار بھی ہوتی ہیں، لکھا گیا۔

دریاباد

۱۵ر اکتوبر ۱۹۵۹ء

عزیزہ سلمہا! دعائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بادشاہت لُٹی اور آناً فاناً لُٹی، بجلی گری اور یک بیک گری! نازوں میں پلی ہوئی، شوہر کی ناز برداریوں میں بسی ہوئی، خوش نصیب، خوشحال سہاگن، دم کے دم میں رانڈ بیوہ ہو کر رہ گئی۔

آزمائش، کڑی آزمائش ہر بیوہ کی ہوتی ہے، تمہاری آزمائش اتنی بڑی اتنی کڑی ہوئی کہ عجب نہیں جو فرشتوں کے بھی دل ہل گئے ہوں۔

خود تمہارے ماں باپ پر بھی ہزاروں میل دور یہ خبر سُن کر کیا گزری ہوگی! ایمان اور عقیدہ کے امتحان کا اصل وقت یہی ہے۔ تسکین کا سہارا، تسلی کا خزانہ یہی ایمان ہی تو ہے۔ یہ نہ بھولنے پائے کہ جس نے یہ وقت ڈالا ہے، وہ سب سے زیادہ رحمدل ہے، اُس کے یہاں سے کسی ظلم کا امکان ہی نہیں، خدا جانے اسے کیا کیا درجے تمہیں دینا منظور ہیں۔ آج ان مرتبوں کا کوئی اندازہ بھی نہیں ہو سکتا۔ جس طرح ابھی کل تک کوئی انسانی دماغ اس حادثہ کا اندازہ نہیں کر سکتا تھا۔

مرحوم کے ساتھ معاملہ جو کچھ بھی ہو تم تو بہر حال بے قصور و بے گناہ مظلوم ہی مظلوم ہو اور حشر میں جب مظلومیت کی سفید چادر اوڑھے بیکسی کے آنسوؤں اور سسکیوں کے ساتھ فریادی بن کر پیش ہوگی تو دیکھنا کہ کیسے کیسے انعاموں سے سرفرازی ہوتی ہے! کیسی کیسی دولتوں سے جو آج تمہارے تصور میں بھی نہیں آسکتیں، تمہیں مالا مال کیا جاتا ہے۔

یقیناً تمہارا ظرف بہت اونچا سمجھا گیا جب ہی اتنا بڑا بار تم پر ڈالا گیا، یہ مرتبہ ہر ایک کو نصیب نہیں ہوا کرتا۔

آج لوگ تمہارے اوپر ترس کھاتے ہیں کل سب رشک کریں گے، انشاءاللہ۔ زخم کا ٹھنڈا مرہم بس یہی عقیدہ اور ایمان ہے اس دُنیائے فانی کی بڑی سی بڑی بھی لذتیں گنے دن کی، راحتیں اور لذتیں تو بس آخرت ہی میں ہیں۔ جس کی طرف ہم سب کیا بوڑھے کیا جوان دوڑتے لپکتے ہوئے چل رہے ہیں۔

کل شام کو جب اخبار میں خبر پڑھی تو پہلے تو مجھے خود ہی یقین نہ آیا! اور پھر جب لڑکیوں اور اُن کی والدہ کو سُنائی تو سب گویا سکتے میں آگئیں۔ مگر یہ جڈی مٹی ہے اتنی سخت کہ اپنے تو اپنے بیگانوں کے بھی دل لرز گئے۔

دُعا گو:

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خفائی

ہماری زبان" علی گڑھ میں ایک مضمون پڑھ کر اسی اخبار کی معرفت

دریاباد

۱۷ را کتوبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

آپ "خفائی" ہوں یا شدت ظہور سے "ظہوری" بہرحال اُردو پر لکھنے کا حق ادا کر دیا۔ مدت کے بعد اردو کے حق میں اتنا گہرا، پُر مغز اور حقیقت پسندانہ مضمون دیکھنے میں آیا اور قلم بیساختہ داد دینے پر مجبور ہو گیا۔

آپ شاگرد "رشید" جس کسی کے بھی ہوں ماشاء اللہ اپنے فن میں اُستاد ہیں۔

والسلام

عبدالماجد

سید مصباح الدین (لکھنؤ)

مکتوب الیہ نے اپنی بیٹی کی شادی میں مولانا دریابادی کو شرکت کی دعوت دی تھی۔

دریاباد

۲۹ر دسمبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

"نور نظر" کی رخصتی خدا کرے "مصباح" کی نظر میں نور مزید پیدا کرے اور فرض کی انجام دہی والدین کے دل میں سرور اور آنکھوں میں نور کا باعث ہو۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَھُمَا کی دُعا ہیں سے پڑھے دیتا ہوں۔

دُعا گو:

عبدالماجد

حمید نظامی (ایڈیٹر نوائے وقت لاہور) (۱)

دریاباد

۷ر جنوری ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برادرم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

اس خط کے حامل ماسٹر عزیزالٰہی بی اے ہیں جنہیں ہم لوگ اپنی صحبتوں میں یادالٰہی کے نام سے یاد کرتے ہیں، میرے مخلص خصوصی ہیں اور اس وقت سفیرِ ندوہ کی حیثیت سے لاہور میں مقیم ہیں۔

ان کے خط سے معلوم ہوا کہ وہاں کام صرف آپ ہی کی معاونت و توجہ سے ثمر ہو سکتا ہے، مجھے ذاتی طور پر اس سے بڑی غیرت آتی ہے کہ لکھنؤ لاہور کے آگے دستِ احتیاج پھیلائے لیکن اربابِ ندوہ اخوتِ دینی کے نشہ میں سرشار جغرافیائی و سیاسی من و تو کے قائل نہیں۔

خیر خدا کرے اس تعارف نامہ کے بعد سفارت ندوہ میں کامیاب لوٹے اور "نوائے وقت" "نوائے ملت" ثابت ہو۔

دُعاگو و دُعاخواہ،

عبدالماجد

(۲)

حمید نظامی مرحوم کے انتقال پر ایڈیٹر نوائے وقت (مجید نظامی) کے نام مولانا کا تعزیتی مکتوب

دریا باد

۲۶، فروری ۱۹۶۲ء بسم اللہ

تعزیت نامہ لکھنے بیٹھا ہوں مگر تعزیت کروں تو کس سے کروں ؟ صرف مرحوم کے اعزہ سے ؟ صرف دفتر نوائے وقت، لاہور سے ؟

تعزیت کا مستحق سارے پاکستان کا پریس ہے، سارا پاکستان ہے، پاکستان کا ہر طبقہ ہے بلکہ یہ کہنا بھی داخل مبالغہ نہیں کہ سارا عالمِ اسلامی ہے۔

ایسا اخلاص اب عنقا ہے، ایسا پیکرِ شرافت و مجسمۂ انسانیت اب ڈھونڈھنے سے کہاں ملے گا ؟

صبح کام کرنے میز پر بیٹھا ہی تھا کہ قیامت خیز تار کل دو بجے دوپہر کا چلا ہوا ملا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ رات ایک خواب پریشان کن و تکلیف دہ دیکھا تھا تعبیر کتنی جلد مل گئی، مرحوم میرے تو خصوصی مخلص و محسن تھے۔ اللہ بال بال مغفرت کرے، کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ عین رمضان اور وہ بھی اس کے عشرہ دوم کے ختم پر لقائے رب، دلیل خوش نصیبی ہے۔ مرحوم کے اعزہ یقین رکھیں آسمان تنہا انہیں پر نہیں پھٹ پڑا ہے، ان کے غم، دُکھ درد کو اپنا دُکھ درد سمجھنے والے اور ان ہی کی طرح سوگ منانے والے ابھی بہت سے ہیں اور انہیں میں یہ دور افتادہ بھی ہے۔

ان سطور کی تحریر کے وقت تدفین بھی ہو چکی ہوگی۔ کیسا دل پھڑپھڑا کر رہا کہ کاش اڑ کر پہنچ سکتا۔ اور اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو آخر دکفن پوش کا آخری نظارہ اس عالم ناسوت میں کر سکتا۔ جا جنت کا مسافر اور اپنی خدمات کا صلہ جلد سے جلد پا!

والسلام

سوگوار و دعاگو: عبدالماجد

صدق جائسی (رائے بریلی) (۱)

مکتوب الیہ کا ایک سلسلۂ مضمون پرنس معظم جاہ جو نیر پرنس حیدرآباد دکن تھے کے درباری حالات کے بارے میں ساقی، کراچی میں نکل رہا تھا۔ بعد میں یہ سلسلہ "دربار دُربار" کے نام سے مسعود حسن رضوی نے لکھنؤ سے شائع کر دیا تھا، اس کا دوسرا حصہ پاکستان سے شائع ہوا۔ "تازہ قسط ساقی" سے اشارہ اسی سلسلے کی طرف ہے۔ ناظم رامپوری سے مراد نواب یوسف علی خان والیٔ رامپور ہیں۔

دریاباد

۱۳ر جنوری سنہ ۱۹۶۰ء   بسم اللہ

تازہ قسط ساقی میں پڑھ کر

"طلاق" لکھنؤ کی عام زبان میں تو (جیسا آپ نے لکھا) مونث ہی ہے لیکن مرزا محمد ہادی رسوا فرماتے تھے کہ میری زبان پر تو مذکر ہے اور سند میں اس ضرب المثل کو پیش کرتے تھے کہ جمعہ کا نکاح اور سنیچر کا طلاق۔ نور اللغات میں ایک شعر بھی دبیر کا خلافِ جمہور درج کیا ہے، دوسرا مصرع ہے ع

دنیا کو طلاق اپنے بزرگوں نے دیا ہے

ناظم رامپوری کی وہ مشہور غزل عجب نہیں کہ غالب کی ہو۔ تخیل و زبان دونوں پر رنگِ غالب ہی غالب ہے مولانا شبلی فرماتے تھے کہ کلام ناظم کا خاصہ غالب ہی کا کہا ہوا ہے، تضمین بھی غزل ہی کی ٹکر سے کی ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

جس کتاب کی تیاری کا ذکر کیا ہے، اس سے مراد "دربار دُربار" ہے جو مسعود حسن رضوی اپنے یہاں سے شائع کر رہے ہیں۔

دریاباد

۱۲ر مارچ سنہ ۱۹۶۲ء   بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرم گستر! وعلیکم السلام

مسعود صاحب کا خط آپ خود اس وقت پہنچ چکا ہوگا۔ انہوں نے کئی دن ہوئے تحریر فرمایا تھا کہ براہ راست رکھے ہیں، کتاب اس وقت ان کے دعوے کے مطابق تیار ہو گئی ہوگی۔

صدق "نیرنگِ خیال" کے تبادلے میں جاری ہو چکا ہے۔

اس لفظ کا املا مدت سے مختلف فیہ چلا آرہا ہے۔ جلال (لکھنوی) فرہنگ آصفیہ، نوراللغات "اش اش" کی تائید میں ہیں (ان کے نزدیک یہ لفظ اشاش بروزن تلاش کا مُخَفَّف ہے) لیکن میں نے اکثر ادیبوں کے قلم سے "عش عش" دیکھا ہے اور صاحب فرہنگ اثر پوری طرح اس کی تائید میں ہیں۔

میری زبان و قلم پر بھی یہی املا ہے۔

قول فیصل یہ ہے کہ دونوں صورتیں پوری طرح جائز ہیں۔

والسلام، دعاگو،

عبد الماجد

(۳)

صدق جائسی کے انتقال پر اُن کی بیٹی کے نام مولانا دریابادی کا تعزیت نامہ

دریاباد

۱۱ر جنوری ۱۹۶۷ء بسم اللہ

عزیزہ سلمہا! دُعائیں

مرحوم کی خبرِ وفات دفعۃً پاکر دل دھک سے رہ گیا۔ اِنَّا لِلّٰہ۔ اللہ پاک مغفرت فرمائے۔ میرے پرانے مخلص تھے۔

مغفوریت کی یہ دلیل کافی ہے کہ ماہ مبارک (رمضان) وفات کے لیے پایا اور اس کا بھی اخیر عشرہ جو مغفرت کے لیے مخصوص ہے۔ "صدق" میں ان شاء اللہ خبر شائع کردوں گا۔

"دُربارِ دُربار" کے دوسرے حصے کا مسودہ خدا معلوم کس منزل میں ہے۔

غم و صدمہ جب میں محسوس کر رہا ہوں تو ظاہر ہے کہ بیٹی کے دل پر کیا گزر رہی ہوگی، اللہ ہی صبر دے گا۔

والدعا،

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایڈیٹر روزنامہ رہنمائے دکن، حیدرآباد (دکن) (۱)

دریاباد

یکم فروری ۱۹۶۰ء بسم اللہ

جناب من! السلام علیکم

آپ کے روزنامے میں حال میں ایک صاحب نے لکھا ہے کہ بہن کو ہمشیرہ کہنا از روئے لغت غلط ہے۔ لیکن فارسی میں عموماً ایک قاعدہ آخر میں ہائے زائدہ بڑھا دینے کا ہے جس کی ایک مثال "ہمنوا بہ" اسے مؤید الفضلاء اور غیاث وغیرہ نے درج کیا ہے، اسی پر قیاس ہمشیرہ کا کیا جائے اسے اردو اہل لغت نے بے تکلف استعمال کیا ہے۔

ہمشیر۔ ہمشیرہ : بہن (لغات سعیدی ص۱۱۳)

ہمشیرہ (ف) مؤنث : خواہر۔ بہن (نور اللغات ص۹۹۸)

فرہنگِ آصفیہ کی جلد ۴ اس وقت سامنے نہیں ہے لیکن جلد اول ص۲۴۴ پر جہاں لفظ بہن درج ہے وہاں اس کے آگے دیا ہے "ماجائی"۔ ہمشیرہ" اسی طرح اس کی جلد ۲ ص۲۱۵ میں خواہر کا ایک مترادف ہمشیرہ بھی دیا ہے۔ فارسی لغت "بہار عجم" میں ایک مستقل لفظ ہمشیرہ انگور دیا ہے اور سند میں ایک شعر بھی لکھا ہے ص۲۹۶

والسلام

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱)

غلام محمد (کراچی)

دریاباد

۵ مارچ ۱۹۶۰ء

۷ رمضان ۱۳۷۹ھ

عزیز مکرم! السلام علیکم

سید صاحبؒ پر ایک کتاب میں جو نہایت رکیک، گندہ، دل آزار حملہ ہوا ہے، مجھی سے نہ پڑھا گیا تو آپ لوگوں کے لیے قابلِ برداشت کیسے ہوگا۔

کیسے کیسے خبیث القلم اور سیاہ باطن دنیا میں پڑے ہوئے ہیں جیلہ مولانا ابوالکلام کی منقبت کا تراش لیا گیا ہے۔

انتقام کے لیے منتقمِ حقیقی کافی ہے، اور ہم کو آپ کو صبر دے۔[1]

خیریت مدت سے دریافت نہیں ہوئی تھی، ایک تقریب ہی دریافتِ خیریت کی نکل آئی۔

دعاگو و دعاخواہ:

عبد الماجد

---

[1] اس خط پر مولانا غلام محمد صاحب نے مندرجہ ذیل حاشیہ تحریر کیا ہے،

"ہوا یہ کہ ماہر صاحب نے ایک مضمون اپنے ماہنامہ فاران میں "اب پردہ اٹھتا ہے" کے زیرِ عنوان لکھا تھا جس میں مولانا ابوالکلام آزاد پر کھلی گرفت تھی، اس پر مولانا آزاد کے معتقدین کا برہم ہونا ظاہر تھا، کسی نے جوابی کارروائی کے طور پر ماہر صاحب کے علاوہ مستقلاً حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ پر کیچڑ اچھالنے کی کوشش کی اس گمان سے کہ ماہر صاحب کو مولانا آزاد کی یہ ساری تفصیلات علامہ ہی سے ملی ہوں گی، یہ کتاب ہندوستان میں چھپی تھی اس لیے میری نگاہ اس کے مطالعہ سے آلودہ نہیں ہوئی۔ باقی اس کی رکاکت اور اتہام تراشی کی شدت کا اندازہ مکتوبِ بالا سے پوری طرح عیاں ہے۔"

مولانا دریابادی کے خط میں مولانا عبدالرزاق ندوی ملیح آبادی کی کتاب "ذکرِ آزاد" میں حضرت سید سلیمان ندویؒ کے تذکرے کی طرف اشارہ ہے، جاہلانہ عقیدت کی کیسی عمدہ مثال ہے۔ غلام محمد صاحب نے کتاب نہیں دیکھی اور اپنے ممدوح کی ہمنوائی میں ان سے آگے بڑھ گئے۔ فاران کے تعلق سے جو بات موصوف نے اختراع فرمائی ہے وہ سوءِ ظن کی مثال ہے، حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

مکتوب الیہ کی سب سے چھوٹی بیٹی نفیسہ کے بعمر سوا سال انتقال پر

دریا باد:

۱۸ اکتوبر ۱۹۶۱ء

عزیزی سلمہ اللہ تعالےٰ! السلام علیکم

الم نامہ پہنچا، ماں کو خصوصی صدمہ تو امر طبعی ہے، ہونا ہی چاہیے لیکن عقلاً تو انہیں پوری تسکین انشاء اللہ اس حقیقت کے استحضار سے ہو جائے گی کہ معصوم بچہ کی وفات والدین کے حق میں جنت کی بشارت ہے۔

اور یہ بشارت دینے والا دنیا کا اصدق الصادقین ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

عزیزہ تو خود ہی ماشاء اللہ صاحبِ علم و صاحبِ فہم ہوں گی۔ ہجوم غم طبعی میں اچھے اچھوں کے نور بصیرت پر غبار چھا جاتا ہے، لیکن کسی کے یاد دلا دینے سے معاً وہ بادل چھٹ بھی جاتا ہے۔

معصوم بچوں کا جانا تو والدین کے حق میں ایک وثیقہ جنت ہے اور پھر ایک اضطراری اتباع سنت بھی۔

اس صدمہ کے تجربے سے تو خود سید المرسلین ؐ کو بھی گزرنا پڑا۔

والسلام، دُعاگو و دُعاخواہ،

عبد الماجد

(۱)

مولانا شاہ وصی اللہ (الہ آباد)

مولانا اشرف علی تھانوی ؒ کے خلیفہ مجاز مولانا شاہ وصی اللہ کی دو جوان بیٹیوں کے انتقال پر تعزیت نامہ

دریا باد۔ بارہ بنکی

۱۵ اپریل ۱۹۶۰ء

مولانا! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

آپ کے ابتلاء عظیم کا حال آپ کے ایک مسترشد کے خط سے ابھی علم میں آیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اللہ آپ کے مرتبے زیادہ سے زیادہ بلند کرے، یہ سب سامان اسی کا ہو رہا ہے۔

ایک ہی لختِ جگر کی وفات کیا کم تھی چہ جائیکہ دو کی۔ وہ بھی دو ہفتے کے اندر، اس سے بڑا اور کڑا امتحان اور کیا ہوگا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیکن درحقیقت آپ قابلِ مبارکباد ہیں آپ کا ظرف اتنا بلند سمجھا گیا جب ہی تو امتحان اتنا سخت لیا گیا۔ کوئی لقمان کو حکمت کیا پڑھائے گا، آپ خود ہی دوسروں کو تلقین کرتے ہیں کوئی دوسرا آپ کو تلقینِ صبر کیا کرے گا، ہاں آپ کی مثال اور آپ کا نمونہ دیکھ کر کم ہمتوں کی ہمت کسی درجہ میں بندھ جائے گی۔
اللہ آپ کو لطفِ بیکراں سے نوازے اور صاحبزادیوں کو کروٹ کروٹ جنت فردوس نصیب فرمائے۔ اور آپ سب کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

والسلام ، دعاگو و دعاخواہ :

عبدالماجد

جناب ظفر الحسن نشاط (مئو بھنجن ناتھ۔ اعظم گڑھ)   (۱)

دریاباد

۲ ستمبر ۱۹۶۰ء

وعلیکم السلام

"شریف زادہ" شریف کی اولاد کے معنی میں صحیح ہے۔ مجازاً "شریف لڑکا" پر بھی اطلاق ہوسکتا ہے۔ (۲) "تقریب" خوشی کا موقع اور رسم یا جشن کو شامل ہے۔ (۳) "بلاشرط خدمت" نوکری کی پابندی کے معنی میں صحیح ہے۔ "وظیفہ" (بہ اصطلاح حیدرآباد) میں پنشن کے معنی لیے جاسکتے ہیں۔ "تعمیر شدہ" صحیح ہے۔ "تعمیر کردہ" بھی ترکیب اضافی میں صحیح ہوسکتا ہے، مثلاً تعمیر کردۂ فلاں۔

والسلام

عبدالماجد

ڈاکٹر رام کرشن راؤ (گورنر اترپردیش)

دریاباد

۱۲ ستمبر ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

والامناقب!

غالب اگرچہ فرما گئے ہیں ؎

ہم پکاریں اور کھلے یوں کون جائے   یار کا دروازہ پائیں گر کھلا

لیکن بزرگوں سے یہ بھی سننے میں آیا ہے ؎

بلبل ز ادب پا نہ نہد در صف گلزار   تا بر گل پر طلبگری اول نکشاید

میرے حقیقی بھائی پنشنر ڈپٹی کلکٹر لکھنؤ میں رہتے ہیں۔ گورنمنٹ ہاؤس کی کسی تازہ پارٹی میں باریابی ان کی بھی ہوئی تھی۔ اس ہفتہ دریاباد آئے تو محترم میزبان کے لطف و کرم کے گن گاتے ہوئے انہیں کی زبانی معلوم ہوا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس موقع پر یاد فرمائی اس گمنام گوشہ نشین کی بھی ہوئی تھی۔ آگے صاحب ادب۔

نیاز کیش:

عبدالماجد

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی (لکھنؤ) (۱)

یہ خط مولانا علی میاں کے بڑے بھائی ڈاکٹر سید عبدالعلی ناظم ندوۃ العلماء کے انتقال پر لکھا تھا، اس میں پہلے ذکر مولانا دریابادی نے اپنے بڑے بھائی عبدالمجید کا کیا جن کا انتقال ۲۰ر دسمبر ۱۹۶۰ء کو ہوا تھا، مولانا علی میاں کے بچپن ہی میں باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا تھا اسلیے ڈاکٹر صاحب مرحوم نے ان کی پرورش کی تھی، آگے ذکر خط میں ڈاکٹر صاحب کے صاحبزادے کا آیا ہے، ان کا نام محمد الحسنی تھا، "البعث الاسلامی" (عربی ماہنامہ) کے ایڈیٹر تھے، انتقال ۱۹۷۹ء میں ہوگیا۔ "خاتون منزل" کا نام اس مجموعے میں کئی جگہ آیا ہے یہ وہی تاریخی عمارت ہے جس میں ندوۃ العلماء کا قیام عمل میں آیا تھا، مدتوں درس و تدریس کا عمل جاری رہا، بعد میں یہ عمارت مولانا دریابادی کی خالہ زاد بہن نے خرید لی تھی اور اس طرح یہ عمارت مولانا کے خاندان کا مسکن بن گئی "خاتون منزل" نام اس کا اسی بعد کے زمانے کا مولانا مرحوم کا رکھا ہوا ہے۔ مولانا علی میاں سے مولانا دریابادی کے بہت قریبی تعلقات تھے اور ڈاکٹر صاحب مرحوم تو اس خاندان کے گویا فیملی ڈاکٹر تھے۔

دریاباد

۹ر مئی سنہ ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مرگ مومن کی حقیقت مجھ سے زیادہ آپ پر روشن ہے اس لیے تعزیت میں آپ سے کچھ عرض کرنا لقمان کو حکمت کا درس دینا ہے ——— لیکن معرفت کی جس منزل پر بھی اللہ آپ کو پہنچا دے بہر حال انسان ہی ہیں جیسا کہ میں انسان ہوں اور اپنے بھائی کے غم کا تجربہ حال میں اُٹھا چکا ہوں۔

گوشت پوست کا بنا ہوا دل کیسے ممکن ہے کہ پتھر کا بن جائے اور جو صدمہ طبعی ہوتا ہے اس کی انتہائی تلخی اور چبھن محسوس نہ کرے۔

مدتوں اور برسوں نہیں، کہنا چاہیے کہ ابھی دنوں کی بات ہے کہ آپ نے میرے بڑے بھائی کی تعزیت مجھ سے کی تھی، آج بجنسہٖ اسی منزل پر آپ خود آ گئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرحوم آپ کے لیے بھائی کی سی نہیں باپ کی سی شفقت رکھتے تھے اس کا مجھے علم ہے، آج سب کے دلوں پر جو کچھ گزر رہی ہوگی وہ آپ ہی جانتے ہوں گے، امتحان واقعی سخت ہوتا ہے لیکن آپ تو ظرف بھی اسی قدر عالی رکھتے ہیں انشاء اللہ پوری طرح صبر ہی نہیں مقام تسلیم و رضا پر ثابت رہیں گے اور آپ خود اپنی ذات سے مرحوم کی بچیوں اور صاحبزادے کے لیے نمونا استقامت کا کام دیں گے۔ مرحوم کا آپ سے تو خیر خون کا رشتہ تھا میرے لیے بھی بھائی سے کم نہ تھے اور اس میں شاید کچھ مبالغہ ہو کہ جس طرح آج آپ اپنے والد مرحوم کی وفات دوبارہ محسوس کر رہے ہوں گے میں بھی اپنے بھائی مرحوم کی وفات کا صدمہ از سر نو محسوس کر رہا ہوں۔

بہر حال جس کی حکمت نے یہ وقت ڈالا ہے اسی کی رحمت اسے کاٹ بھی دے گی۔ اور میں اپنی کیا کہوں ایک بہترین و شفیق ترین معالج سے میں اکیلا نہیں سارا "خاتون منزل" گیا بڑے کیا چھوٹے سب ہی محروم ہو گئے! اور آپ کی خانگی ذمہ داریاں بھی دفعتہً کئی گنا بڑھ گئیں۔

جو چھوٹا تھا وہی سب سے بڑا بنا دیا گیا اور اسی کو اب خاندان کا افسر بن کر رہنا ہے۔ رہیں مرحوم کی دینی و ملی خدمات تو ع

سفینہ چاہیے اس بحر بیکراں کے لیے!

انشاء اللہ اسی ہفتہ کے اندر اصالتاً بھی حاضر ہو کر شریک غم کروں گا۔

جن بچیوں کو ابھی ماں کا داغ تازہ تھا ان پر کتنی جلدی یہ دوسرا پہاڑ صدمہ و غم کا آ پڑا۔

والسلام، دعاگو:

عبد الماجد

(۲)

مولانا علی میاں نے بعض لفظوں اور محاوروں کے بارے میں استفسار فرمایا تھا۔

دریا باد

یکم جنوری ۱۹۶۳ء بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

۱۔ سوکھے دھانوں پانی پڑا، بالکل صحیح۔

۲۔ میرے قلم پر تو "اکتفا کیا" ہی ہے لیکن دوسروں کے ہاں "اکتفائی" بھی پڑھا ہے، لغت میں غالباً مؤنث لکھا ہے، بہر حال صحیح دونوں ہیں۔

۳۔ مور کی آواز کے لیے جھنگار (نون غنہ کے ساتھ بروزن نگار آتا ہے) ہندی لفظ میں غنہ نہیں نون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا اعلان ہے۔ ع

ندیا کنارے مورا جھنگار رے

جھنگار کے علاوہ "کوک" بھی کہہ سکتے ہیں۔

والسلام، دُعاگو و دُعاخواہ:

عبدالماجد

(۳)

پہلی سطر میں مکتوب الیہ کے والد مولانا عبدالحی مرحوم کے سوانح حیات میں ان کی تازہ تالیف کا ذکر ہے اور آخر میں حیات اللہ انصاری کے ناول "لہو کے پھول" کا نام آیا ہے جو پانچ جلدوں میں ہے۔

دریاباد

۱۲ جنوری ۱۹۷۰ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

مصنف حیات عبدالحی زندہ باد، خوب کیا جو کتاب چھپتے ہی بھیجدی۔ میں نے بھی سارے کام چھوڑ کر وہی پڑھنا شروع کر دی۔ جزاک اللہ و سبحان اللہ و ماشاء اللہ

اسی وقت چند سطریں کھسیٹ بھی ڈالیں۔ اب گنجائش 'صدق' میں جب بھی نکلے کتنے عزیزوں دوستوں کی جیتی جاگتی تصویریں چلتی پھرتی نظر آگئیں گویا کتاب نہیں سامنے بائیسکوپ کھلا ہوا ہے۔

"کتاب فیہ ذکرکم" کی ایک نئی تفسیر۔

شاید کہ "لہو کے پھول" کا ذکر بھی "صدق" میں پڑھ لیا ہو۔

والسلام، دُعاگو و دُعاخواہ:

عبدالماجد

(۱)

محمد احسن خان (لاہور)

محمد احسن خان صاحب کے نام خطوط پر حواشی خان صاحب موصوف ہی کے قلم سے ہیں۔ آخری خط مکتوبات ماجدی سے ماخوذ ہے۔

۱۰ مئی ۱۹۶۱ء

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

مکرم گسترا! وعلیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان دونوں سے جامع تر کتاب[1] میرے علم میں نہیں۔ گو اردو میں بھی مقاصد القرآن، تبویب القرآن وغیرہ اپنی جگہ پر اچھی ہیں ـــــ ان دونوں کو ایک نظر خود دیکھ کر فیصلہ کیجیے۔ ہر شخص کا معیار، مذاق، مقصد الگ الگ ہوتا ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

۲۹ اکتوبر ۱۹۶۱ء دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

کرم گستر! وعلیکم السلام

آپ کا کارڈ، جس پر نہ لکھنؤ کا پتا درج تھا، نہ دریاباد کا، بلکہ محض میرا نام تھا، قدرتاً لاہور کے مردہ خانۂ مخطوطات میں گیا، خیر وہاں سے معجزانہ طور پر زندہ ہو کر میرے پاس آگیا ـــــ جوابات عرض ہیں:

(۱) جی ہاں نظر ثانی[2] تقریباً پوری ہو چکی ہے، مگر اب بھی برابر کوئی نہ کوئی نیا مضمون ہر روز ملتا رہتا ہے۔

(۲) جی نہیں، ان پرانے ناشر کی طرف اب کیسے رُخ کیا جا سکتا ہے، اب کی تو ہندوستان ہی میں چھپوانے

(۳) کا خیال ہے۔ دارالمصنفین کے پاس اتنا سرمایہ نہیں کہ اتنی ضخیم کتاب میں لگا سکے، بمبئی کے ایک آدھ پرانے پبلشر کی طرف خیال جا رہا ہے۔

(۴) جلد اشاعت کا تو کوئی امکان نہیں معلوم ہوتا۔ بیچہ مسودہ نہ اب تک پریس میں گیا نہ کسی پبلشر سے معاملہ ہی طے ہوا ہے۔

(۵) "سیرۃ النبی قرآن"[3] ابھی الگ چھپنے کی نوبت ہی کہاں آئی ہے۔ مدراس میں ایک انجمن کی فرمائش پر چند لکچر اس موضوع پر ۱۹۵۸ء میں دیے تھے، اور وہ لکچر "صدق" میں نکل گئے تھے۔ مسودہ قانوناً اُسی انجمن کی ملک ہے، وہ لوگ آج تک اپنا وعدہ ایفا نہ کر سکے۔ افضل العلماء ڈاکٹر عبدالحق مرحوم بڑے مستعد و کارگزار شخص تھے، اُن کی اندوہناک موت نے اس معاملہ کو بھی کھٹائی میں ڈال دیا۔

والسلام

عبدالماجد

---

[1] (۱) المعجم لالفاظ القرآن الکریم (محمد فواد عبدالباقی)

(۲) المرشد الی آیات القرآن الکریم وکلماتہ (محمد فارس)

[2] ظاہر ہے ذکر "تفسیر ماجدی" طبع دوم کا ہے۔ [3] اب تو یہ کتاب شائع ہو چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳)

۲۴ فروری ۱۹۶۴ء

دریاباد ضلع بارہ بنکی (یو-پی)

کرم گستر! وعلیکم السلام

(۱) ادیب صاحب یقیناً مستند ادیب ہیں لیکن "مظلوم" نہیں، وہ فہرست[1] صرف مظلوموں کی تھی۔

(۲) ادیب صاحب میرے ہم جماعت نہیں، مجھ سے دو چار سال جونیر رہے ہوں گے۔

(۳) "آوارہ" کا نام آپ نے صحیح لکھا۔ سید آل عبا مارہروی۔ اُن کے مکان کا پتا ذہن میں نہیں، تلاش میں وقت لگے گا، ڈاک سے بواسطہ آل انڈیا ریڈیو نئی دہلی کافی ہو جائے گا۔ اُن کا ذاتی پتہ رجسٹروں میں تلاش کے بعد مل گیا۔ پوسٹ بکس نمبر ۵۰۰ شر۔ نئی دہلی

آپ کا ایک آدھ سوال اور بھی ہے۔ تلاش اور جواب دونوں میں وقت لگے گا۔ اس لیے بالکل معافی چاہتا ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

(۴)

مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۶۴ء

دریاباد ضلع بارہ بنکی

مہربانِ بندہ! وعلیکم السلام

(۱) بے شک عام دستور تو یہی ہے کہ کھانے کی چیزوں کے لیے "خور" آتا ہے اور پینے کی چیزوں کیلیے "خوار" لیکن کلیہ نہیں، جیسے نمک خوار۔

(۲) الناظر کے اتنے پرانے مضمون اب کہاں یاد رہ سکتے ہیں۔

(۳) جس وقت پڑھی تھیں "بابائے اردو" اور "فرہاد صاحب" دونوں کی گرامیں پسند آئی تھیں، اب از سرِ نو پڑھے بغیر موازنہ و محاکمہ ممکن نہیں۔

(۴) زمانہ کے اتنے پرانے مضمون نگار اب ذہن میں کہاں۔

---

[1] غالباً ۱۹۶۳ء ہی کے "معارف" اعظم گڑھ میں مولانا کا ایک مضمون "اردو کے مظلوم ادیب" کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ اس میں انہوں نے چند ادیبوں (مثلاً محمد مقتدیٰ خاں شیروانی، شاہ معین الدین ندویؒ، آوارہ، ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی وغیرہم) کا ذکر کیا تھا۔ یہ لوگ مولانا کے خیال میں ان معنوں میں مظلوم تھے کہ انہیں اُن کے استحقاق کے مطابق شہرت نصیب نہیں ہوئی۔ ادیب سے مراد مسعود حسن رضوی ادیب ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۵) زندہ زبان دانوں کی فہرست خاصی طویل ہے، دو چار نام بطور نمونہ:
(الف) اختر لکھنوی، خواجہ شفیع دہلوی لاہوری، جوش ملیح آبادی، دلّو بیگی دہلوی کراچوی، شاہد دہلوی کراچوی
سید آل عبا (مشہور نام "آوارہ" دہلی۔ ریڈیو)
(ب) گرامر والوں کے نام برجستہ یاد نہ آئے، بجز شوکت سبزواری کے۔ کتابیں سامنے ہوتیں تب البتہ کچھ عرض کرنا ممکن ہے۔
ایک صاحب رشید حسن خاں شاہجہانپوری ثم دہلوی اور یاد پڑے ..... (الف) (ب) دونوں میں جگہ پا سکتے ہیں۔

والسلام
عبدالماجد

(۵)

مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۶۷ء دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

کرم گسترا وعلیکم السلام

(۱) آپ نے کتب فروش کا نام مصنف سے لینا چاہا۔ آپ کے شہر میں شیخ اشرف کے ہاں بہترین ذخیرہ انگریزی اسلامی کتابوں کا موجود ہے، وہاں آپ خود جا کر انتخاب کر سکتے ہیں۔
عربی کتابوں میں سیوطیؒ کی "الاتقان فی علوم القرآن" اچھی ہے، اُردو ترجمہ بھی اسی نام سے نور محمد نے کراچی سے حال ہی میں شائع کیا ہے۔
(۲) "کلید خزائن قرآن" کے نام سے جو کتاب عربی سے ترجمہ ہو کر "وطن پریس" لاہور" میں عرصہ ہوا چھپی تھی، اچھی ہے۔
(۳) بُرا لفظ "ملّائے مکتبی" کا دعلا نہیں، لفظ میں خفیف پہلو ذم و ہجو کا ہے یعنی ملّائے محض، جو ادبی نزاکتوں اور لطافتوں سے ناواقف محض خشک کتابیں رٹے رٹائے ہوئے ہوں۔
(۴) ان لفظوں کے باریک فرق، مختصر خط میں ادا کرنا مشکل ہے مستند ادیبوں کے بکثرت مطالعے سے انشاءاللہ خود ذہن میں آجائے گا۔
(۵) "ڈھیر سا"، صحیح ہے، بے تکلف اور بلا تامّل "ڈھیر سارا" کے لیے بھی گنجائش نکل سکتی ہے۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:
عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۶)

دریاباد

۱۵؍ اگست ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

مہربان بندہ! وعلیکم السلام

جوابات حاضر ہیں:

(۱) "ڈگ ڈانا" میرے علم میں نہیں "ڈگ بھرنا" بولتے ہیں۔

(۲) "پھٹیچر" عوام کی زبان ہے بوسیدہ، ناکارہ کے معنی میں۔

(۳) "حاشیہ بردار" میرے علم میں نہیں، ایک ملتا ہوا لفظ "غاشیہ بردار" ہے، یعنی رکاب تھام کر چلنے والا، تابع، غلام۔

(۴) "سخن گسترانہ" محض فن کے لحاظ سے نہ کہ شخصی، ذاتی۔ مثلاً وہ سوال تو محض سخن گسترانہ زبان پر آگیا تھا کوئی شخصی توہین مقصود نہ تھی۔

(۵) "وفیات" وفات نامہ۔ وفات کی جمع کے طور پر استعمال ہونے لگا ہے۔

(۶) "نکاس" اور "نکاسی" دونوں بجائے خود صحیح ہیں۔ پانی کے لیے نکاس ہی آئے گا۔ مال، سامانِ تجارت کے لیے نکاسی وفروخت یا برآمد۔

(۷) "ناک لگی رہنا" سنا نہیں، ممکن ہے کہیں مستعمل ہو۔

(۸) "غالۃ الورود" کو تحسین ہی سمجھیے۔ ہمہ گیر مذاق علمی جو کسی مخصوص فن یا موضوع تک محدود نہیں۔

(۹) نفس مضمون یعنی اصل مضمون اس کے متعلقات یا ملحقات نہیں۔

آپ کے ملک میں کراچی میں اردو بورڈ کے ماتحت بڑا ضخیم وجامع بسوط لغت مرتب ہو رہا ہے، اردو میں اب تک اس کی نظیر نہیں وہاں سے آپ سب کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔

میری مصروفیت کا آپ کو اندازہ نہیں قریب آدھ گھنٹے کا وقت اس جواب کی نذر ہو گیا۔

والسلام

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حیات اللہ انصاری (ایڈیٹر روزنامہ "قومی آواز" لکھنؤ)

(۱)

یہ خط بطور مراسلہ "قومی آواز" میں درج ہوا۔ پھر مولانا نے اسے "صدقِ جدید" ۹ر جون ۱۹۶۱ء میں نقل کیا، بعد کو مکتوباتِ ماجدی میں شامل کیا گیا۔

مکرمی!

"گنڈا" اور "غنڈہ" کی بحث اگرچہ آپ کے ہاں ختم ہو چکی ہے لیکن اگر مناسب سمجھیے تو کسی موقع سے یہ اطلاع بھی اپنے ناظرین کے سامنے لے آئیے کہ ابھی لاہور میں اردو کا ایک تازہ اور مستند لغت، ایک لکھنوی، ایک نیم لکھنوی اور ایک دہلوی، تین صاحبوں کا مرتب کیا ہوا اور ڈبل کالم ۱۰۳۸ صفحے کی ضخامت کا جدید نسیم اللغات اردو کے نام سے نکلا ہے، اس کے صفحہ ۸۰۳ پر کالم ۲ میں نہ صرف گنڈا ہی یعنی گپی، بدمعاش، بدچلن درج ہے، بلکہ "گنڈی" کا لفظ بھی یعنی آوارہ عورت موجود ہے۔

اس کے ساتھ "صدق" کے ایک معتبر مراسلہ نگار نے ۱۹۱۱ء کی چھپی ہوئی کسی اردو انگریزی ڈکشنری کا حوالہ لکھ کر بھیجا ہے جس میں "گنڈا" ہی درج ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

"قومی آواز" میں بعض الفاظ کے غلط استعمال پر مولانا دریابادی نے انصاری صاحب کو توجہ دلائی تھی۔

اُتر پردیش میں اردو کا جائزہ لینے کے لیے مسٹر سی۔ بی۔ گپتا وزیر اعلیٰ اتر پردیش نے اجاریہ کرپلانی کی صدارت میں جو کمیٹی تشکیل دی تھی مولانا مرحوم اس کے ممبر مقرر ہوئے تھے لیکن اس قسم کے کاموں سے طبیعت کی عدم مناسبت کی وجہ سے الگ رہتے تھے۔ اشارہ اسی طرف ہے، بعد میں کمیٹی سے مولانا مرحوم نے استعفا بھی دے دیا تھا۔

دریاباد

۱۵ر اگست ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم!

السلام علیکم

"بازارِ حسن" تو خدا کے لیے اپنے کالموں سے فوراً ہٹوائیے۔ چکلہ، قحبہ خانہ، بازارِ عصمت فروشی یا بازار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بدسلوکی بھی آپ کے ہاں برابر چل رہا ہے۔ دست درازی، بدفعلی، حرام کاری، منہ کالا کرنا، سب کو چھوٹے ہوئے ہیں[1]۔ اب مجھے کمیٹی کے سامنے شہادت کے لیے نہ بلوائیے گا۔

والسلام

عبدالماجد

(۳)

قومی آواز میں انگریزی کے ان دونوں لفظوں کا ترجمہ "بدسلوکی" استعمال ہو رہا تھا۔ مولانا دریابادی نے اس سے پہلے خط میں بھی توجہ دلائی تھی، اب پھر ٹوکا۔

دریاباد

۳ رجون ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

---

[1] اسی قسم کے بعض الفاظ کے استعمال کے بارے میں مولانا دریابادی نے "صدق جدید" کے ایک شذرے میں بھی اظہار خیال کیا تھا۔ موضوع کی مناسبت کا تقاضا ہے کہ اسے یہاں نقل کر دیا جائے۔

<u>الفاظ کا نقاب</u>:- اردو اخباروں میں ایک نیا لفظ بعض انگریزی خبروں اور مضمونوں کے ترجمہ میں آپ پڑھ رہے ہوں گے "ہم جنسی" لفظاً فی نفسہٖ نیا نہیں۔ لیکن اب تک بالکل ہی دوسرے معنی میں آتا تھا "ہم جنس" اور "غیر جنس" ایک دوسرے کے مقابل لفظ تھے۔ اور "اشتراک قسم" اور "اختلاف قسم" کے مفہوم میں خاص و عام کی زبان پر چلے ہوئے تھے، اس کے سوا اور کوئی مفہوم ان کا اردو میں نہ تھا ——— اب بعض اخباری دفتروں کے مترجموں نے لفظ کو (Homosexuality) کے مترادف سمجھ لیا ہے اور اپنی اس غلط فہمی کو اخباروں میں چلا دیا ہے۔ اردو میں اب تک اس کے لیے الفاظ اغلام ولواطت، امرد پرستی وغیرہ رائج تھے اور بالکل صحیح تھے۔ لیکن فرنگی ذہن و دماغ نے عرصہ سے اب اپنا ایک طریقہ یہ بھی رکھا کہ جرائم اور بدکرداریوں کے جو لفظ اب تک چلے آرہے تھے، ان سب کی جگہ نرم اور معصومانہ لفظ چلا دیے جائیں تاکہ لغت و ادب کی راہ سے بھی خود ان جرموں اور گناہوں کے لیے راہ ہموار ہوتی جائے، اور ان کی طرف سے دلوں میں ناگواری و بیزاری کے اثرات جاتے رہیں۔ منہ کالا کرنے، حرام کاری، زناکاری کے بجائے Free love (آزاد محبت) منع حمل کے بجائے "خاندانی منصوبہ بندی" اوباشی اور بدمعاشی کے بجائے محض "بداخلاقی" یہ سب مثالیں اسی ذہنیت کی ہیں۔

مغرب اپنی شیطانی ذہانت سے کام لے کر برابر نئے نرم، خوشنما الفاظ کا جال پھیلاتا جاتا ہے، اور بھولا بھالا، سادہ دل مشرق برابر اس جال میں پھنستا چلا جاتا اور جرم و معصیت میں گرفتاری کے لیے راستہ صاف کرتا جاتا ہے۔ اس خاص مفہوم کے لیے جو لفظ اب تک اردو میں چلے ہوئے تھے وہی بالکل ٹھیک تھے لیکن اگر انہیں کریہہ سمجھ کر کوئی نیا لفظ انگریزی لفظ کے مقابل رکھنا ہی ہے تو وہ "تلذذ بالمثل" ہو سکتا ہے۔ اس میں "تلذذ" (Sensuality) کے اظہار کے لیے ہے۔ ہم جنسی اس موقع کیلیے تمامتر مہمل ہے۔

(۱۹ر اگست ۱۹۶۱ء ص ۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کے ہاں ... ...,... disbehaviour وغیرہ کی طرح
کا ترجمہ سرطان بھی برابر غلط آرہا ہے۔ یہ سرطان تو اس "کینسر" کا ترجمہ ہے جو فلکیات اور جغرافیہ کی اصطلاح ہے مثلاً برج
سرطان یا خط سرطان، نہ کہ مرض کینسر کا۔ امراض میں سرطان مرادف کار بنکل کا، کینسر یہ اصطلاح طب کا ترجمہ ہے۔" آگلا"

والسلام

عبد الماجد

(۴)

قومی آواز" کا یہ ایڈیشن جس کا ذکر مولانا دریابادی نے فرمایا باسی خبروں وغیرہ پر مشتمل ہوتا تھا۔

دریاباد

۲۲ر دسمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

صاحب! سلام

سنیے صاحب! اب ہمارے اور آپ کے بیچ سخت جنگ چھڑنے والی ہے۔ چین و مہاچین کی جنگ سے بھی شدید تر۔
بنائے مخاصمت آپ کے روزنامہ کا وہ ایڈیشن ہے جو ہفتہ میں ایک بار لازمی طور پر بے گناہ و بے قصور ہمارے
سروں پر نازل ہوتا رہتا ہے۔

طبیعت ہر بار جھنجلا کر رہتی ہے، خصوصاً اس احساس کے بعد کہ اب اس کا کوئی علاج ہی نہیں۔ یہ عجیب و
غریب اپنے پچھلے ڈاک ایڈیشن کا تمام تر مثنیٰ یا چربہ ہوتا ہے اسے ناظرین پر مسلط کر دینا تمام تر دھاندلی ہے، ظلم ہے،
ستم گری ہے، fraud ہے۔

تمام دُنیا سے داد و فریاد خود اپنے دفتر میں یہ بیداد

کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

پیرہن کاغذی اس کارڈ سے بڑھ کر غالب کو بھی نہ ملا ہوگا۔

فریادی

عبد الماجد

(۵)

دریاباد

۱۴ر ستمبر ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

قومی آواز کے بعض لفظ اور ترکیبیں اور ترجمے ایک مدت سے کھٹک رہے ہیں، چند بطور نمونہ اس وقت
پیش کیے دیتا ہوں جو برجستہ یاد پڑ گئے۔

(۱) ... کا ترجمہ بجائے ہر کے "کسی" سے مثلاً اس سرخی میں کہ ریفائنٹ کی کسی بھی تجویز پر غور ہو سکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

(۲) "غرضیکہ" بجائے "غرضکہ"۔

(۳) "علاوہ" بجائے "سوا" کے، مثلاً یہ فقرہ کہ "صدر کے علاوہ اور سب کھڑے ہوئے"۔

(۴) "توجہ دی" بجائے "توجہ کی" (توجہ دینا تو ایک اصطلاح نقشبندیہ کی ہے)

(۵) "رسمی" بجائے باضابطہ کے —— (عربی کا رسم اردو کے رسم سے بالکل مختلف ہے اردو میں رسمی کے مقابل ہے باضابطہ اور مترادف ہے لفظی یا ظاہری کا)

(۶) "کافی" بجائے "بہت" یا "بڑا" کے مقدار یا تعداد کی زیادتی کے اظہار کے لیے۔

(۷) "آزادانہ" [illegible] کے بجائے۔

(۸) جرأت مندانہ یا دلیرانہ ڈکیتی کے بجائے (بیدردانہ، بے رحمانہ، سفاکانہ۔

(۹) ممکن ہو سکا بجائے ممکن ہوا یا محض ہو سکا کے۔

(۱۰) بدسلوکی کے بجائے "بدکاری" بدفعلی، بداطواری۔

والسلام

عبدالماجد

(۶)

انصاری صاحب ایک رات کو بیوی کے ساتھ کہیں جا رہے تھے کہ ایک راہزن نے ان پر حملہ کر دیا۔ انصاری صاحب نے اس کا مقابلہ کر کے اُسے بھگا دیا۔ یہ خبر "قومی آواز" میں پڑھ کر مولانا دریابادی نے انہیں یہ خط لکھا۔

دریاباد

۴ر دسمبر ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

نئی ILIAD پڑھ کر

اہل قلم تو تھے ہی اہل سیف ہوتا تھا اور اپنی ہیلن Hellen کے بچاؤ میں معرکہ سر کر کے "ویر چکر" کا تحفہ واعزاز پاتا تھا۔

میرے شیر شاباش رحمت خدا کی

عبدالماجد

(۷)

انصاری صاحب ڈاکٹر ابن دریابادی کی تعزیت کے سلسلے میں دریاباد گئے تھے، قیام کسی دوسری جگہ کیا۔

اس سلسلے میں مولانا دریابادی نے یہ شکایت نامہ لکھا۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد

۱۳ر دسمبر ۱۹۶۵ء بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

آمد دریاباد کی افواہی روایت کی تصدیق و تحقیق کہیں کل شام کو جاکر ہوئی!

ع ناطقہ سر بہ گریباں ہے اسے کیا کہیے

میری مشرقیت اس کا تصور بھی نہیں کرسکتی تھی کہ میں موجود اور میزبانی کسی دوسرے کے حصہ میں جائے!

ع ہم سے پردہ رہا غیروں سے ملاقات رہی

امین مرحوم کا قریب ترین عزیز بزرگ میں ہی تھا اور مجھ ہی سے یہ بیگانہ وشی و بے التفاتی ؎

شبلی کا گھر بھی خانۂ دشمن کے پاس ہے

محشر خرام اور بھی دو اک قدم سہی

بیگانہ وشی کا ریکارڈ قائم کرنا اسی کو کہتے ہیں!

ع بھول جانا ہمارا یاد رہے

والسلام

عبدالماجد

(۸)

قومی آواز کے ایک کالم میں ایک لکھنوی شاعر کا مذاق اڑایا گیا تھا جس نے شعری قینچی سے کبوتر کے پر کاٹے تھے۔ اس سلسلے میں مولانا نے انصاری صاحب کو یہ خط تحریر فرمایا۔

دریاباد

۲۲ر جولائی ۱۹۶۶ء بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

"قینچی" معماروں کی اصطلاح میں لوہے کی اُن آڑی سلاخوں کو کہتے ہیں جو بطور جنگلے کے کسی عمارت پر حفاظت کے لیے لگا دی جاتی ہیں۔ کھپریل کا مٹھا ٹھر جس پر رکھا جاتا ہے، اسے بھی کہتے ہیں، لیکن لکھنوی شاعر نے اسے پہلے معنی میں استعمال کیا ہے اور چونکہ روایت لفظی کا مارا ہوا ہے، قدرتاً اس کا ذہن لفظ قینچی سے مقراض کی طرف منتقل ہوا اور اس سے اُس نے کبوتر کے پر قینچ کر دیے۔ اللہ اس غریب کو غریق رحمت کرے، بات اُس نے بے پر کی نہیں اُڑائی۔

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا شاہ معین الدین ندوی (اعظم گڑھ) (۱)

مکتوب الیہ کے والد کے انتقال پر مولانا دریابادی کا تعزیتی مکتوب۔

دریاباد

۱۸ جون ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

پرسوں لکھنؤ میں تھا، سانحۂ ارتحال کی خبر وہیں معلوم ہوئی، کل دوپہر کو دریاباد آیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم بیچارے نیم معصوم سے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہر طرح غریق رحمت فرمائے۔ باپ کیسے ہی ہوں اور سن کچھ بھی آجائے بہرحال باپ ہوتے ہیں، ایسی نعمت جس کا کوئی بدل اِس دنیا میں ممکن نہیں۔

والسلام

عبد الماجد

(۲)

مولانا دریابادی دارالمصنفین کے ورکنگ پریسیڈنٹ تھے۔ جلسہ انتظامیہ میں شرکت کے لیے اعظم گڑھ تشریف لے گئے تھے۔ چونکہ اس موقع پر بعض دیگر مہمانانِ گرامی بھی موجود تھے، اس لیے شاہ معین الدین ناظم اور سید مصباح الدین عبدالرحمٰن ناظم مالیات مولانا پر پوری توجہ نہ دے سکے۔ بعض ایسی تکالیف بھی پہنچیں جن کا تعلق مولانا کے ان نیازمندوں سے بالکل نہ تھا، بعض باتیں طبعاً مولانا دریابادی پسند نہ فرماتے تھے۔ ایسی کوئی بات نہ تھی کہ مولانا کے ساتھ بے التفاتی کی جاتی تھی۔

دریاباد

۵ جنوری ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

مکرم بندہ! وعلیکم السلام

ع خوگرِ حمد سے تھوڑا سا گلہ بھی سن لے
ع قصۂ درد سناتے ہیں کہ مجبور ہیں ہم

شاہ گنج اسٹیشن پر جو حکم سفر سرائے میر کا ملا وہ حاشیۂ خیال میں بھی نہ تھا اسے ہر حال میں میرا وہمی ذہن اپنے حق میں مظلم سمجھا چہ جائیکہ اُس وقت تو بیماری کی ایک تکلیف میں مبتلا تھا۔ اعظم گڑھ پہنچکر عالم ہی دوسرا نظر آیا۔

ع رحمتیں ہیں تیری اغیار کے کاشانوں پر

رُدولی کی ضرب المثل مہمان نوازی اور اس سے بھی کہیں بڑھ کر دیسنہ کی میزبانی کا گوشہ چشم دوسروں کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیے وقت اچانک سواران یک طرف مسکین گدایاں یک طرف۔ فجر کی جائے جب اشراق تک رہی تو در رنی قبض شدید پیدا ہو گیا جس کی تکلیف کئی دن تک رہی۔

واپسی میں جب اسٹیشن گیا تو ٹکٹ تو سیدھے کہاں ملتا، گاڑی آئی تو بجائے پلیٹ فارم کے زمین دوز پٹری پر رکی، اب سوا زمین سے اچک کر سوار ہونے کی اور کیا صورت تھی، آدمی نے جو ساتھ تھا ڈ کے اندر سے دستگیری کی اور مولوی نعیم نے نیچے سے سہارا دیا جب جا کر مشکل آسان ہوئی۔

خیر جو گزشتہ آئندہ تقدیر تھا ہو کر رہا اس "شکوہ" کے "جواب شکوہ" کی ہرگز ضرورت نہیں نہ گرم نہ نرم! درخواست صرف آئندہ کے بارے میں ہے۔

سید صاحب کے زمانے میں مہمان خانے کا کمرہ خصوصی میرے لیے مخصوص رہتا تھا اب اس کی بحالی پھر کر دی جائے سوا اس کے کہ ڈاکٹر محمود صاحب آ جائیں۔

ملازم انشاء اللہ ساتھ لایا کروں گا اور ساتھ ہی مختصر سامان بھی۔ چائے رات میں بند کر کے اس میں رکھ لیا کروں گا۔

ایسے اجتماع عام کے موقع پر حاضری سے بالکل ہی معافی چاہتا ہوں۔

لیجیے ایک معاملہ ذکر کرنے سے رہ ہی گیا، آپ تو رخصت ہو چکے تھے، میری روانگی سے کوئی پون گھنٹہ قبل مدرسہ بلیریا گنج کے کوئی پچاس طلبہ کا گروہ ایک مدرس کی قیادت میں حملہ آور ہوا، فرداً فرداً دست بوسی، متعدد کاپیوں پر دستخط، تقریر پر اصرار وغیرہ۔ غرض ہر وہ فرمائش جو ہجوم اپنے ایڈروں سے کرتا رہتا ہے۔ ع وہ بے داغ نے امتحاں کیسے کیسے

والسلام

عبدالماجد

ڈاکٹر خورشید احمد (کراچی) (۱)

خورشید صاحب کے نام مولانا دریابادی کے تین خط ہیں۔ پہلا خط دوران سفر میں درج ہیں، ان کی والدہ کے اچانک انتقال پر ہے، اس زمانے میں وہ "چراغ راہ" کے ایڈیٹر تھے، ساتھ ہی "مشعلِ راہ" کراچی بھی ایڈٹ کرتے تھے، تیسرا خط بھی "چراغ راہ" پاتے کی رسید ہے۔

دریاباد

۲۳ر جولائی سنہ ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۔ دنیا کی نعمتوں میں شاید سب سے بڑی نعمت ماں ہی ہے اس کی مفارقت اور پھر بالکل اچانک مفارقت پر صبر کرے جاتا ہے بڑی ہمت اور ظرف والوں کا کام۔ لیکن اجر و انعام بھی تو اسی حساب سے ومناسبت سے ہے، بے حساب و بے نہایت۔

آپ ماشاء اللہ دیندار ہیں اور دین کی قدر تو ایسے ہی موقعوں پر ہوتی ہے، جذبات کی دنیا جتنی بھی تہ و بالا ہو جائے پھر بھی عقلِ سلیم کو اپنی جگہ پر یقینِ کامل ہے کہ جس نے یہ وقت ڈالا ہے وہ ماں سے بھی کہیں بڑھ کر شفیق و مہربان ہے، ماں کی شفقت تو محض اس کی رحمت و شفقت کا پَرتو تھی! خدا معلوم یہ کھو کر کیا کچھ ملے گا! اس ایک ہنگامی اور وقتی زخم کے بہانے کن نعمتوں اور نوازشوں کی بارش ہوگی۔

اور پھر مسافر کی موت مغفوریت کی خود ایک روشن علامت ہے سچے کا د، قول مستحضر کر لیجیے کہ وطن سے پردیس تک مسلسل رحمتوں کا نزول کر دیا جاتا ہے۔

مفارقت کے دن؟ ہم سب آپ ہی کیسی تیزی سے اس ایک ہی منزل کی طرف رواں دواں ہیں! بس دعاؤں میں لگے رہیے اصبر رفتہ رفتہ آجائے گا۔

والسلام، دعاگو: عبد الماجد

(۲)

دریا باد

۲۷ اگست ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم سلمہٗ تعالیٰ! وعلیکم السلام

"چراغ" کا بدل آپ کو "مشعل" خوب ہاتھ آگیا۔ بدل کیوں "نعم البدل" کہیے اور آپ خود ٹھہرے مطلع انوار "خورشید" ع این خانہ تمام آفتاب است

مشعل کی روشنی تو ابھی یہاں تک پہنچی نہیں صرف آپ کے خط سے اطلاع پاکر یہ ایک لفظی "پھلجھڑی" تیار ہوگئی۔

والسلام، دعاگو:

عبد الماجد

(۳)

دریا باد

۵ جولائی ۱۹۶۵ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

"چراغ راہ" کی روشنی آج پہلی بار اس "ظلمت کدہ" تک پہنچی بواسطہ "خورشید"

والسلام، دعاگو و دعا:

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱)

شان الحق حقی (کراچی)

حقی صاحب کے نام مولانا دریابادی کے تمام خطوط اُس وقت کے ہیں جب حقی صاحب ترقی اُردو بورڈ (کراچی) کے سکریٹری اور سہ ماہی اردو نامہ کے ایڈیٹر تھے۔ تمام خطوط میں لغات، تحقیق الفاظ اور لسانیات کے مختلف مسائل زیر بحث آتے ہیں، کہیں تائید ہے، کہیں تردید، کہیں اختلاف ہے اور کہیں ترجیح۔ تمام خطوط اردو نامہ میں چھپتے رہے تھے۔ جس خط پہ تاریخ درج نہ پائی وہاں رسالے کی اشاعت کا حوالہ بڑھا دیا ہے، تاکہ تحریر خط کی صحیح تاریخ نہ سہی اس کے دَور کا اندازہ ہو جاتے۔

درج ذیل خط اردو نامہ بابت اکتوبر ۱۹۶۱ء سے ماخوذ ہے پس تحریر میں ذکر محمد ہادی کے تخلص "مرزا" اور نقاب "رسوا" کا آیا ہے۔

مکرم بندہ السلام علیکم

اردو نامہ، نمبر ۴ پیش نظر ہے۔ صفحہ ۶ پر اور اس کے بعد بھی جہاں جہاں حوالہ "گل رعنا" کا ہے، اس کے مصنف کو مولانا عبدالحی فرنگی محلی کر کے لکھا ہے۔ حالانکہ یہ بالکل دوسرے شخص تھے۔ ان کا سال وفات ۱۸۸۲ھ ہے۔ بڑے پایہ کے عالم دین تھے۔ اردو شاعری و تذکرہ نویسی سے کوئی تعلق نہ تھا۔ گلِ رعنا کے مصنف مولوی حکیم سید عبدالحی رائے بریلوی ثم لکھنوی تھے۔ لکھنؤ میں مطب کرتے تھے، ندوہ کے نائب ناظم ہو گئے تھے۔ سال وفات غالباً ۱۹۲۵ء ہے۔ اُن کے اِن کے زمانے میں کہنا چاہیے کہ نصف صدی کا فاصلہ حائل ہے۔

والسلام

دریاباد ضلع بارہ بنکی — عبدالماجد

مکرر:

نمبر ۵ بھی نظر سے گزرا۔ ص ۶۹۔ مرزا صاحب کا تخلص آخر وقت تک مرزا ہی رہا۔ شاعری کو مرزا صاحب ہنر سمجھتے تھے اور ناول نگاری کو عیب۔ اس عیب سے اپنے کو چھپانے کے لیے نقاب رسوا کا ایجاد کر لیا تھا۔ جب مالی ضرورت کے دباؤ سے ناول لکھ کر، صحیح یہ ہے کہ گھسیٹ کر، کبھی آدھے پونے کسی ناشر کے حوالے کرتے تو اپنی ثقہ شخصیت کو بچانے کے لیے رسوا کے نام سے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

سبزواری صاحب سے مراد مشہور محقق اور ماہر لسانیات ڈاکٹر شوکت سبزواری ہیں

دریاباد
۱۹ مارچ ۱۹۶۳ء

صاحب من! السلام علیکم

نمبر ۷ پہنچا۔ اب تو ہر پرچہ پڑھنے کے قابل ہونے لگا ہے۔ یہ نمبر بھی خوب ہے۔ کیفیت و کمیت کے اعتبار سے۔

"جیسا" کی بحث تو آپ ختم ہی کر چکے، لیکن اتنا عرض کر دینے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ میرے بچپن تک دھیما، عموماً اس موقع پر "سا" یا "سی" ہی لاتے تھے۔ اور اس حد تک جوش صاحب کا خیال صحیح ہے۔ پھر بھی یہ نہ تھا کہ "جیسا" کا استعمال سرے سے معدوم ہو۔ آخر سبزواری صاحب نے اس دور سے بھی مندیں ڈھونڈھ نکالی ہیں۔ میرے دیکھتے ہی دیکھتے دوسرے درجے کے ادیبوں (خصوصاً اخبار نویسوں) نے "جیسا" اور "جیسی" کی بھرمار کر دی۔ اور اس لیے صف اول کے بھی بعض ادیبوں کو متاثر ہونا ہی پڑا۔

اجازت ہو تو اپنے استفادے کے لیے دو سوال بھی عرض کر دوں۔

۱۔ صفحہ ۶۲، کالم ۲، وسط کے بعد "خامہ فرسائی" کیا اپنے صحیح محل پر استعمال ہوا ہے؟ میں سمجھتا تھا کہ اس میں ذم و تحقیر کا پہلو شامل رہتا ہے۔

۲۔ صفحہ ۷۲ الخ۔ لفظ "املا" کیا مونث ہے؟

والسلام

عبدالماجد دریابادی

اس خط پر نمبر ۱ کے سلسلے میں مکتوب الیہ نے تحریر فرمایا: "آپ نے بجا فرمایا"۔ نمبر ۲ کے سلسلے میں انھوں نے لکھا کہ "اس میں اختلاف ہے" (اردو نامہ۔ کراچی۔ اپریل ۱۹۶۲ء)

(۳)

دریاباد
۴ مئی ۱۹۶۳ء

کرم گستر! السلام علیکم

"تازہ اردو نامہ" ملاحظہ معمول سب سے زیادہ دلچسپی اور شوق سے نمونۂ لغت پڑھا۔ نظر کی وسعت و عمق دونوں کا کیا کہنا۔ البتہ یہ کھٹک کئی بار محسوس ہوتی کہ معانی کی تعداد میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خواہ مخواہ کے تکلف سے کام لیا گیا ہے۔ مثلاً اس قسط میں اپاہج کے چھ معنی الگ الگ دیے گئے ہیں اور عمداً تکرار کو کام میں لیا گیا ہے۔ یہ چھ کل کے اندر بخوبی سمٹ کر آ سکتے تھے۔ "حشو" نظم کی طرح نثر میں بھی تو بچنے کی چیز ہے۔

لفظ اپ ٹو ڈیٹ اردو میں بطور طنز کے بھی تو آتا ہے۔ جنٹلمین کی طرح اور اپ ٹو ڈیٹ طب پوری طرح اردو بن چکا کیا اس طرح کی کوئی عبارت بڑھا دینا مناسب ہوگا۔

طنزیہ موقع پر جنٹلمین طنز کے مترادف ہے۔ اس فقرے میں سوٹ بوٹ سے لیس پورے جنٹلمین ہر طرح اپ ٹو ڈیٹ۔

اور اس طنزیہ مفہوم میں ہر جگہ تو نہیں لیکن کہیں کہیں چھیلا سے بھی اس کا ربط بہت قریب کا ہو جائے گا جیسے اس فقرے میں "وہ گبھرو جوان چھیلا بنا ہوا، اندازِ دل ربائی میں ہر طرح اپ ٹو ڈیٹ"

افسانے پڑھنے کی اب کہاں فرصت۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

کرم گستر! السلام علیکم

اب کے افتتاحیہ تو آپ نے بڑے بانکپن سے لکھا۔ دلچسپ بھی اور غازیانہ و مجاہدانہ بھی۔ ماشاءاللہ..... ہمارے سید مسعود حسن صاحب کا مکتوب بھی خوب رہا۔ بامو قع بھی، ضروری بھی۔ ہماری آپ کی قوم کا بھی عجیب حال ہے۔ عقیدت ہوئی تو نوبت پرستش کی پہنچا دی۔ ابھی تو بس بدتمیزی پر اتر آئی۔ آزاد مظلوم کی تحقیق میں اگر کچھ غلطیاں رہ گئیں تو غلطیوں سے محفوظ آج تک کون رہا ہے۔ کس محقق کی تحقیق کو حرفِ آخر کا درجہ دیا جا سکتا ہے؟ لغزشوں کی نشان دہی ضرور کیجیے لیکن اپنے فرق مراتب کا لحاظ کر کے اور شرافتِ زبان و متانتِ بیان کے ساتھ۔ ادب میں بے ادبی کیسی؟

حصۂ لغت ہمیشہ بڑی دلچسپی سے پڑھتا ہوں چنانچہ اب کے بھی۔ آپ آخر میں حوالہ جو دیتے ہیں اس میں پہلے نام تصنیف کا دیتے ہیں اور پھر مصنف کا۔ لیکن کہیں اس کے برعکس بھی ہو گیا ہے۔ مثلاً صفحہ ۱۵۹، کالم ۲، وسط، جہاں "سیوا" پہلے آ گیا اور "خورشید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہو، بعد کو۔ اس بے ترتیبی کی کچھ مزید مثالیں صفحہ ۱۶۱ کالم ۲، کے وسط میں نظر پڑیں۔ صفحہ ۱۶۱، کالم ۱، وسط میں ایک حوالہ "سائنس و فلسفہ" کا دیکھا، خیال نہ آیا کس کی کتاب ہے۔ 'گھاس کو چرتا، خدا طبیعت کو کھٹکا۔

رسوا کے نام پر یاد آیا کہ "خورشید بہو" نام کی کوئی کتاب ان کی زندگی میں تو سننے میں نہ آئی تھی، بعد کو خدا معلوم کن لوگوں نے اسے ان کی جانب منسوب کر دیا۔

دریاباد عبدالماجد دریابادی

اس خط پر شان الحق حقی صاحب نے یہ "توضیح" درج فرمائی:

حوالے کے اندراج کی بابت ممکن ہے بعض اور اصحاب کو بھی یہی بات کھٹکی ہو، لہٰذا مکرر وضاحت کی جاتی ہے کہ اگر سنہ تصنیف دریافت ہو تو کتاب کا نام پہلے دیا جاتا ہے، ورنہ مصنف کا نام مقدم ہوتا ہے اور تصنیف کا مؤخر۔ داہنی طرف جو سنہ درج ہوتا ہے وہ پہلی صورت میں سال تصنیف شمار ہوگا، اور دوسری صورت میں مصنف کا سال وفات مثلاً۔

۱۸۵۱ء (وفات) ۔ مومن، کلیات

۱۸۷۸ء (سال طباعت) ۔ گلزار داغ (مصنف کا نام مقدم ہے)

۱۸۰۱ء (سال تصنیف) ۔ آرایش محفل، حیدری (تصنیف کا نام مقدم ہے)

چونکہ زی حیات مصنفین کی تصانیف کا سنہ طباعت یا سنہ تصنیف عام طور پر معلوم ہوتا ہے، اس لیے تصنیف کا نام پہلے نظر آئے گا اور مصنف کا (اگر ضروری ہوا) تو بعد میں مثلاً:

۱۹۴۴ء ۔ مضامین، عبدالماجد دریابادی

(ماخوذ از اردو نامہ، کراچی۔ اپریل ۱۹۶۴ء)

(۵)

(ماخوذ از اردو نامہ، کراچی۔ جولائی ۱۹۶۴ء)

کرم گستر! السلام علیکم

"اردو نامہ" نمبر ۱۶ سولہ سنٹ ہوتے موصول ہوا۔ میری بدخطی ہر جگہ رنگ لاتی ہے اپنی تحریر جب کہیں چھپی ہوئی دیکھتا ہوں غلطیوں پر بس سر پیٹ کر رہ جاتا ہوں اور یہی صورت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب کی بھی میرے چھپے ہوتے مریض میں پیش آئی۔ مرض لاعلاج ہے اور صبر کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

مولوی اسمٰعیل میرٹھی مرحوم کی گلشن اردو آپ نے خوب چھاپ دی۔ جزاک اللہ بھائی اب گمنام سے ہو گئے ہیں۔ اردو کے تاریخ نویسوں نے بھی ان پر بڑا ظلم کیا ہے ان کا شمار تو اردو کے خصوصی محسنوں میں ہوتا تھا۔ تصویر پر بھی کیا نورانیت، کیا معصومیت برستی ہے تصویر کے جواز و عدم کی بحث الگ ہے لیکن بہر حال اگر چھپتی ہے تو بس ایسے ہی نورانیوں کی چھپے!

"مکتوب غالب" اور "کلام آزردہ" یہ دونوں بھی قابل قدر ٹکڑے ہیں۔ لغت کی قسط حسب معمول اب کی بھی خوب تھی۔

صفحہ ۸۶ (حاشیہ) میں سرسید کے جس "قریبی عزیز" سید احمد مرحوم کا ذکر ہے وہ سر سید کے حقیقی بھتیجے تھے۔ مجھے ان کے بیرسٹر ہونے اور لکھنؤ میں پریکٹس کرنے کا علم نہیں۔ سب جج کے عہدے سے ریٹائر ہو کر سیتاپور ہی میں رہ پڑے تھے۔ لکھنؤ میں بیرسٹری ان کے چچازاد بھائی سید محمود (فرزند سرسید) نے البتہ کی تھی۔

اب ایک بات اور سن لیجیے۔ لغت کے حصے کو رسالہ سے الگ مستقل کتابی صورت میں دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس کی کوئی صورت بلا دقت و زحمت ممکن ہے؟ والسلام

عبدالماجد

(صدق جدید) - دریاباد

(۶)

یہ خط مکتوبات ماجدی سے ماخوذ ہے لیکن اس کا مضمون، بعد والے خط کے آخری پیراگراف کے طور پر بھی شامل ہے۔ شاید ادارہ "اردو نامہ" نے دو خطوں کے مضمون کو ملا کر ایک کر دیا ہو۔

دریاباد

۱۹ نومبر ۱۹۶۴ء

بسم اللہ

السلام علیکم

عزیز مکرم!

آپ کے ہاں "املا" کو برابر مونث لکھا جا رہا ہے۔ یہ تانیث ذرا کھٹک رہی ہے حصۂ لغت میں "اترانا" کی تحقیق آپ نے خوب ہی تفصیل سے درج کی ہے مگر "اتر آنے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ایک استعمال مجھے نظر نہ پڑا مثلاً اس فقرے میں کہ "آپ تو ذاتیات پر اُتر آئے"، "اُترنا" عوامی زبان میں ایک فحش معنی میں بھی آتا ہے "چڑھنے" ہی کی طرح۔ والسلام

دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۷)

(ماخوذ از اُردو نامہ، کراچی۔ جنوری ۱۹۶۵ء)

عزیز مکرم! السلام علیکم

مولوی احتشام الدین حقی مرحوم سے میری ملاقات دفتر ہمدرد میں ہوتی تھی جب وہ اس کے سینیر اسسٹنٹ ایڈیٹر تھے، ماہ اواخر ۲۴ء میں۔ بلکہ صورت آشنائی تو اس سے بھی کئی سال پیشتر ہو چکی تھی۔ ۱۹۱۳ء میں جب میں علی گڑھ میں ایم۔ اے کا طالب علم تھا اور مرحوم لٹن لائبریری کے نئے نئے اسسٹنٹ لائبریرین ہوئے تھے۔ خیر پھر ایک عرصے کے بعد ان کی لغت کا مسودہ دفتر انجمن ترقی اردو میں دیکھا اور اسے دیکھ کر غش محش کر اٹھا۔ خیال میں بھی نہ تھا کہ کوئی فرد واحد محض اپنی دیدہ ریزی کے زور سے اس درجہ ثبوت تحقیق و جامعیت کے دے سکتا ہے۔

تازہ اُردو نامے میں شیکسپیئر کے اردو تراجم پر مضمون اچھا ہے اور خوب مفصل صفحہ ۲۷ کالم (۱) میں یہ بات شاید لکھنے سے رہ گئی کہ جوالا پرشاد برق نے ہی رومیو جولیٹ کو بالکل مسلمان اور نوابی دور کے لکھنوی مسلمان کر کے پیش کیا ہے۔ غفور الدولہ، ظہور الدولہ الماس وغیرہ بول چال میں ٹھیٹھ لکھنوی۔

صفحہ ۳۱ کالم ۲ ذکر تراجم ہیملٹ، میری نظر سے اپنے بچپن میں جو ترجمہ جہانگیر کے نام سے گزرا ہے وہ منشی امتیاز علی بی۔ اے فیض آبادی ایڈووکیٹ کا کیا ہوا تھا، اور اس وقت اس کی زبان بھی بہت پسند آئی تھی۔ بعد کو مرزا عسکری لکھنوی سے اس زبان کی جو بھی سنی اور خود پھر پڑھنے کا اتفاق نہ ہوا۔ آپ کے ہاں "اسرار علی" کہیں چھاپے کی غلطی تو نہیں۔

آپ کے ہاں "املا" کو برابر مونث کہا جا رہا ہے۔ یہ تانیث ذرا کھٹک رہی ہے۔

حصہ لغت میں اترنا، کی تحقیق آپ نے خوب ہی تفصیل سے درج کی ہے مگر اُتر آنے، کا ایک استعمال مجھے نظر نہ پڑا مثلاً اس فقرے میں کہ "آپ تو ذاتیات پر اتر آئے"، "اترنا"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عوامی زبان میں ایک فحش معنی میں بھی آتا ہے، "چڑھنے" کی طرح۔ والسلام

عبدالماجد

دریاباد

(۸)

(ماخوذ از اردو نامہ، کراچی۔ جولائی ۱۹۶۵ء)

کرم گستر! السلام علیکم

تازہ نمبر میں آپ نے خوب کیا جو اپنے زمانے کی ایک مشہور نظم "جان بیٹا خلافت پہ دے دو" شائع کر کے محفوظ کر دی۔ یہ نظم ۱۹۲۲ء میں ایک جیبی چورقے پر "صدائے خاتون" کے عنوان سے شائع ہوئی تھی اور دو پیسے کی بکتی تھی۔ بازار میں مدت سے نایاب ہے۔ میرے پاس موجود تھی۔ اب جو ڈھونڈھا تو نہ ملی۔ ہو نہ ہو دیمک کی نذر ہو گئی۔ میری کتاب "محمد علی کی ذاتی ڈائری" جلد اوّل ۱۹۲۵ء میں نظم کا ذکر مع چند شعر کے موجود ہے۔ آپ کے ہاں چھپی ہوئی نظم میں دو ایک غلطیاں محسوس ہوئیں۔ مثلاً صفحہ ۶۱ داہنے کالم کے آخری شعر کا پہلا مصرع یہ یاد پڑتا ہے۔

کالے پانی خوشی ہو کے جانا

اسی طرح بائیں کالم کے آخری شعر کے دونوں مصرعوں میں بجائے "تجھ" کے "دَنم" تھا۔ اہم ترین غلطی، نظم کے سب سے آخری شعر میں۔ صحیح مصرع یوں تھا۔

چین یاسین ہم نے نہ پایا

یاسین تخلص گمنام شاعر کا تھا۔

افسوس ہے کہ اس وقت کچھ خیال نہ آیا اور دس بارہ سال ہوتے خیال آیا تو شاعر کا پتا بہت کچھ چلانا چاہا کہ کون تھے، کیا تھے، کچھ پتا ہی نہ چل پایا۔ انہیں کی ایک دوسری نظم بھی اس وقت خوب چلی ہوئی تھی، یہی بحر، یہی موضوع۔ پہلا شعر تھا:

کہہ رہے ہیں کراچی کے قیدی
ہم تو جاتے ہیں دو دو برس کو

علی برادران کا جو مقدمہ کراچی میں ہوا، اس نغمے نمنے چورقے کا عنوان تھا:

"ندائے مظلوم"

عبدالماجد

دریاباد، ضلع بارہ بنکی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۹)

مولانا دریا بادی نے اپنے خط میں "اجانۃ" اور "اجارہ" دو لفظوں کے بارے میں لکھا تھا لیکن اردو نامہ (شمارہ ۲۴) میں خط چھپا تو اجانۃ بھی "اجارہ" ہی بن گیا۔ اس سے عجیب الجھن پیدا ہوئی۔ ۳۰ جون ۱۹۶۶ء کے خط میں مولانا نے اس پر توجہ دلائی ہے۔

دریا باد

۲۷ مارچ ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

کرم گستر!

السلام علیکم

مدت دراز کے بعد بحمد اللہ "اردو نامہ" پھر دیکھنے کو ملا۔ ۲۱ و ۲۲ ایک ساتھ ملے۔ پیاسے کو پانی نصیب ہوا۔

شوکت سبزواری صاحب اشتقاقیات، پر جب اور جو کچھ لکھتے ہیں اچھا ہی لکھتے ہیں۔

ممتاز حسن کا مضمون مرتضیٰ احسن ادیب پر بھی اچھا ہے۔

باگڑی بولی پر ایک دہلوی خاتون نے خوب، الحمد للہ ایک چھوٹا سا لغت اس نمونے پر اودھ کی بھی دیہاتی بولی کا تیار کیا جاسکتا ہے اور اس کے لیے خود جوش صاحب بالکل کافی ہیں۔

صحتِ الفاظ کے معیار پر جن صاحب نے قلم اٹھایا ہے، وہ قابل مبارکباد ہیں۔ معیار صحت ظاہر ہے کہ صرف اہل زبان کا استعمال و تصرف ہے انگریزی اصطلاح میں USAGE۔

قاموس الاغلاط اللہ اس کے مرحوم مصنف کو غریق رحمت فرمائے، بجائے خود مجموعۃ الاغلاط ہے۔ ایسے ملا نے کتنی کو اردو پر توجہ فرمانے کی ضرورت کیا تھی خواہ مخواہ اردو بول چال کے سیکڑوں الفاظ کو عربی قواعد کی چھری سے ذبح کر ڈالا ہے۔

حصۂ لغت کو حسب معمول بڑے شوق سے پڑھا اور مستفید ہوا۔ صرف دو لفظوں سے متعلق ہلکی سی کھٹک رہی۔ اجارہ کے تحت میں اگر بعض علوم کا "اجازت نامہ" بھی بڑھا دیا جائے تو کیسا ہے؟ مثلاً فن طب میں اجازہ مسیح الملک سے حاصل کیا۔ فن حدیث میں اجازہ علمائے حرمین سے جاکر لائے۔ جلیل کا ایک مصرع ہے:

دین اللہ کی ہے اس میں اجارہ کیا ہے

اس "اجارہ" کو آپ واضح طور پر کس معنی کے تحت میں لائیں گے۔ والسلام

دعا گو، عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۰)

مکرم گستر! السلام علیکم

تیئیسواں نمبر ملا۔ "بنیادی اردو" پر تبصرہ بہت ہی اچھا ہے۔ اصل کتاب کے مطالعے سے اس نے مستغنی کر دیا۔ حصۂ لغت سے بھی مستفید ہوا۔ دو باتیں عرض کرنے کی ہیں:

صفحہ ۳۲۱ آخری سطر: جو حوالہ دیا گیا ہے وہ کہاں تک بامحل ہے۔ یعنی کیا مصنف خود بھی اس لفظ کا مفہوم صحیح سمجھتا ہے؟ عبارت سے تو ایسا نہیں معلوم ہوتا۔ سند میں تو ہمیشہ ایسی عبارت ہونا چاہیے جو لفظ کا صحیح مفہوم ظاہر کر رہی ہو۔

صفحہ ۳۴۲ کالم ۱، وسط: "اُجڑایا" شبہ اس میں ہے کہ یہ لفظ کہیں مستقلاً بھی آیا ہے یا محض بطور تابع مہمل، جیسا کہ مصرعِ منقولہ میں ہے مستقل کی مثال تو اس قسم کا جملہ ہو گا۔ "میں نے وہ گھر اجڑایا" (اُجاڑ دیا نہیں)۔ سند ایسی ہونا چاہیے جو اپنی دلالت میں قطعی ہو، مبہم یا مشتبہ نہ ہو۔

عبدالماجد

دریا باد

۲۱ر اپریل ۱۹۶۶ء

مولانا دریا بادی کے دونوں معروضات پر ایڈیٹر اردو نامہ جناب شان الحق حقی نے یہ نوٹ تحریر کیا:

۱۔ صفحہ ۳۲۱، یہ سند حالی کی ہے "ایک شخص کا سپاہی اور عالم ہونا گویا اجتماعِ ضدین سمجھا جاتا ہے"، یہاں لفظ "گویا" قابلِ لحاظ ہے۔

۲۔ صفحہ ۳۴۲: "اُجڑایا" سے پہلے جو ڈیش ہے وہ اجڑا کا قائم مقام اور اس بات کی علامت ہے کہ یہ لفظ اُجڑا کے تابعات میں ہے، اسے "اُجڑا اجڑایا" پڑھا جائے۔ قارئین اس بات کو ہر جگہ ملحوظِ خاطر رکھیں۔

(ماخوذ از اُردو نامہ کراچی۔ ستمبر ۱۹۶۶ء)

(۱۱)

دریا باد

۳۰ر جون ۱۹۶۶ء

مکرم فرما! السلام علیکم

آپ کا نمبر ۲۳ پہنچا۔ اپنا مراسلہ اُس میں پڑھ کر سر پیٹ لیا۔ "اجازہ" میں "ز" کے نقطے کو اُڑا کر اُسے "اجارہ" بنا دینا آپ کے کاتب کا کمال فن ہے۔ کیا انھوں نے مجھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"بے نقط" سنانے کی ٹھان لی ہے۔ میں نے "اجازہ" اور "اجارہ" دونوں لفظوں پر الگ الگ عرض خیال کیا تھا۔ انہوں نے دوئی کو مٹا کر دونوں لفظ ایک کر دیے۔ پڑھنے والوں نے میرے متعلق کیا رائے قائم کی ہوگی۔ اپنی بدخطی کا میں خود بہت زیادہ قائل ہوں، لیکن اس سے اس درجہ رسوائی کم ہی میرے نصیب میں آئی ہوگی۔

صفحہ ۶۵ کالم ا کے آخر اور کالم ۲ کی پہلی سطر میں "اجازہ" (زائے منقوطہ کے ساتھ) پڑھیے بمعنی اجازت نامہ۔ اس کے بعد کالم ۲ کی سطر ۳ و ۴ میں "اجارہ" ہے دیکھیے یہ تصحیح بھی کس صورت میں چھپ کر آتی ہے۔

اب کی قسط لغت میں بعض لفظ بہت نامانوس سے نظر آتے مثلاً اجنوں، اجوبن، اجوت (ا) اجھنوں، اجھوں، اُچ۔ کیوں نہ ان سب کے آگے "متروک" بڑھا دیا جائے کہ اجوں کے آگے آپ نے خود بڑھا دیا ہے۔

اس نمبر میں ہاشمی فرید آبادی مرحوم کے خطوط خوب ہیں۔ پُرلطف بھی اور پُرمعلومات بھی۔ اور جوش صاحب کے مضمون کا تو کہنا ہی کیا۔ "برات" انھوں نے خوب ہی سجا کر نکالی ہے۔ اس کا سہرا انھیں کے سر ہے اور وہی اس برات کے نوشہ۔

عطیہ خلیل عرب کے مراسلے کے سلسلے میں ایک شعر اور یاد پڑ گیا ہے۔ اسی مشہور غزل کا مطلع ہے۔

از مذہب من گبر و مسلماں گلہ دارد   ور پنجۂ من چاک گریباں گلہ دارد

یہ اس لیے لکھ دیا کہ شاید شاعر کے نام کی تلاش میں اس سے کچھ اور مدد مل جائے۔

والسلام

دعاگو عبدالماجد

اس خط پر جناب حقی صاحب نے مندرجِ ذیل نوٹ تحریر فرمایا۔ اس میں معذرت بھی ہے اور وضاحت بھی:

روزنامہ کراچی:

"غلطی کا نہایت افسوس ہے، لیکن اس سے غلط فہمی شاید ہی کسی کو پیدا ہوئی ہو، پھر آپ کے بارے میں! "عاقلاں پیروِ نقطہ نہ شوند"، ہماری قدیم تحریروں میں تو نقطے کی کم ہی پروا کی جاتی تھی بلکہ سطروں کی سطریں "بے نقط" ہوتی تھیں۔ بہرحال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم اس کا آئندہ بہت خیال رکھیں گے۔ اسی شمارے میں شمس الاسلام صاحب کے خط میں خجستہ سالی کی جگہ خستہ سالی اور عسرت کی جگہ حیرت چھپ گیا ہے جس کے لیے ہم نہایت شرمندہ ہیں۔

تشریح میں "اجازہ" کے تحت لکھا تھا کہ: اجازت (یعنی اجازت کی طرف رجوع کریں) وہاں وہ معنی بھی درج ہیں جن کی طرف آپ نے توجہ دلائی ہے۔

لفظ "متروک" کا اضافہ اس صورت میں کہ صرف قدیم مثالیں دی گئی ہوں، زائد ہوتا ہے۔ پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کب سے متروک؟ اس قسم کی صراحت متداول لغتوں میں تو ٹھیک ہے مگر ایسی لغت میں جو زبان کے سارے ادوار پر حاوی ہو قابل ترک ہے۔ نہ معلوم آگے اور کون سے لفظ متروک ہو جائیں۔ پھر کوئی لفظ ایک دم متروک نہیں ہوتا، بعض لوگ عرصے تک بولتے رہتے ہیں۔"

(ماخوذ از اردو نامہ، کراچی۔ ستمبر ۱۹۶۶ء)

(۱)

ضیاء علی خاں اشرفی

دریاباد

۱۳۔ جنوری ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

کرم گسترا! وعلیکم السلام

(۱) "ستائش" عوام میں چل گیا ہے۔ فصحا اب تک احتیاط کرتے ہیں (۲) "جائے پیدائش" فصحا کے نزدیک تو نہیں البتہ عوام لکھنؤ کے نزدیک۔ پہلوتے ذم لیے ہوئے ہے (۳) "آج کل" کا استعمال بالکل صحیح ہے (۴) دونوں مختلف فیہ ہیں، میں "غدر" کی تذکیر کو صحیح سمجھتا ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فراق گورکھپوری (الہ آباد)

(۱)

دریا باد

۲۰ر جنوری ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

کرم گستر! تسلیم

بڑی عنایت ہوگی اگر وہ دو شعر اپنے تحریر فرمادیں۔[1]

ایک تو ...... نگاہ اولیں نکلی، والا

دوسرا ...... حسن اداس اداس سا، والا

نیاز کیش، عبدالماجد

پروفیسر احتشام حسین (الہ آباد)

(۱)

"ہماری زبان" علی گڑھ میں امیر خسرو کی "خالق باری" مرتبہ حافظ محمود خاں شیرانی کے کسی شعر کے مفہوم پر احتشام صاحب کا کوئی مضمون نکلا تھا۔

دریا باد

۲۶ر جنوری ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

برادرم سلمہٗ! السلام علیکم

تازہ "ہماری زبان" میں "خالق باری" کے شعر پر مضمون پڑھ کر بڑی عبرت ہوئی۔ شیرانی جیسا محقق اور صاحب نظر فاضل اور ایک معمولی سا شعر سمجھنے میں ایسی فاحش غلطی! مجھ جیسا بھی دنگ رہ گیا۔ سچ ہے وفوق کل ذی علم علیم

انسان اپنے کس ہنر پر ناز کرے کل اس کی یہ بساط ہے۔

والسلام

عبدالماجد

(بقیہ حاشیہ صفحہ) [1] مولانا دریا بادی نے جو شعر دریافت فرمائے تھے، یہ ہیں:

(۱) وہ تیری نرم دوشیزہ نگاہی دل نہیں بھولا — پڑی جب جب نظر تیری، نگاہ اولیں نکلی

(۲) شام بھی تھی دھواں دھواں، حسن بھی تھا اداس اداس — دل کو کئی کہانیاں، یاد سی آکے رہ گئیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ نیاز فتح پوری (لکھنؤ) (۱)

مکتوب الیہ کو "پدم بھوشن" کا خطاب ملنے کی خبر پڑھ کر مبارکباد کا خط۔

دریاباد

۲۷ جنوری ۱۹۶۲ء بسم اللہ

خطاب کی خبر پڑھ کر

"نیاز" مقام "ناز" میں ـــــ خیر کسی اردو والے کی تو قدر ہوئی۔

تہنیت گزار:

عبدالماجد

دارث علی شاہ (سیالکوٹ)

دریاباد

۱۰ مارچ ۱۹۶۲ء بسم اللہ

کرم گستر! وعلیکم السلام

"چھان پھٹک" بے شک قلیل الاستعمال ہے مگر ایسا بھی نہیں کہ اس پر اطلاق الشاذ کالمعدوم کا ہو۔ مولوی سید احمد دہلوی کی لغات النساء میں بھی نہ ملا۔

یہ چھان بین ہی کی ایک شکل ہو یا خود کوئی مستقل محاورہ یہ تو محض ایک ظن وتخمین کی چیز ہے عمل و استعمال پر اس کا کیا اثر ہوگا گو میں ذاتی طور پر ترجیح اس کو دوں گا کہ یہ مستقل محاورہ ہے۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

مرزا سعید الظفر چغتائی (گورکھپور یونیورسٹی، حال مسلم یونیورسٹی علیگڑھ)

مصحفی پر لکھنے کی فرمائش کے جواب میں بہت پہلے مولانا نے مصحفی کی مثنوی "بحرالمحبت" مرتب بھی کی تھی۔

دریاباد

۱۹ اگست ۱۹۶۲ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزیزم سلمہ! وعلیکم السلام

جی ہاں خدمت "مصحف" کے بعد اللہ کی ذرہ نوازی سے اب خود اپنے ظرف وبساط کے مطابق "مصحفی" ہو رہا ہوں۔ مصحفی شاعر بے چارہ کی طرف اب کیا توجہ کروں ؎

قافیہ اندیشم و دلدارِ من
گویدم مندیش جز دیدارِ من

البتہ ڈاکٹر محمود الٰہی صاحب جو کچھ بھی عنایت فرمائیں اُن کا عین کرم سمجھوں گا۔ اللہ انہیں بھی لفظ و عبارت کی منزلوں سے گزار کر جلد عالم معانی تک پہنچا دے۔

دعا گو،

عبد الماجد

نادر جاوید (حیدر آباد۔ دکن)

(۱)

دریاباد

۱۱ مارچ ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

صحیح تلفظ جاوید Javaid بروزن بید، بھید

صحیح تلفظ شہلا SHAHLA بروزن کملا، حملہ

اردو میں صحیح و مستند تلفظ وہی ہوگا جو اُردو زبانوں پر چڑھا ہوا ہے اور اس زبان کے تلفظ سے متعلق بحث نہ ہوگی جس زبان سے وہ لفظ اُردو میں آیا ہے، لاٹین کو اردو میں لالٹین ہی کہیں گے لین ٹرن کہنا غلط ہوگا۔

ٹِکٹ کو اُردو میں ٹکٹ (بہ فتحہ کاف) کہیں گے ٹِکِٹ (بکسرہ کاف) کہنا غلط ہوگا۔

والسلام

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر شجاعت علی سندیلوی (لکھنؤ) (۱)

دریاباد

۱۲ مئی ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

عزیزم سلمہٗ!   السلام علیکم

اردو زبان وادب کے سلسلہ میں بعض عنوان مدت ہوئے ذہن میں آئے تھے لیکن ان پر لکھنے لکھانے کے لیے وقت کہاں سے لاؤں، کوئی ہونہار جو ہمیر توجہ کرے تو البتہ شاید عہدہ برآ ہوا جائے۔

(۱) ایک عنوان "اردو میں تابع مہمل" ہے کچھ تابع مہمل سماعی ہیں، ان کی فہرست تیار ہو جانی چاہیے زیادہ تر قیاسی ہیں، ان کے قاعدے ضابطے۔

(۲) دوسرا عنوان اردو کے "مردہ و نیم مردہ" الفاظ ہو سکتا ہے۔ ایسے لفظ جو استعمال میں تھے مگر دیکھتے دیکھتے متروک ہو گئے، مثلاً "برقنداز" "تلنگا" "رامشگر" "نارکی" "برچا" "اصیل" (ماما کے معنی میں) "رکونا" (خدمتگار کے مفہوم میں) "مردہا" (چپراسی کے معنی میں) "کلنک" (اب مستعمل صرف کلنک کا ٹیکہ ہے) "آنچل" (بمعنی پستان) وغیرہا سیکڑوں الفاظ ایسے مل جائیں گے۔ نیم مردہ سے مراد وہ لفظ ہیں جو اب شاذونادر ہی استعمال میں آتے ہیں۔

اس ضمن میں وہ غلط الفاظ اور ترکیبیں بھی آسکتی ہیں جو محض ناقص مترجمین کی بدولت اردو میں گھس آئی ہیں مثلاً "معافی مانگنا" Apology کا ترجمہ ہر جگہ معذرت سے کرنا، حالانکہ بہت سے موقعوں پر اس کا اردو مفہوم "توقع" یا "نصرت" سے ادا ہوتا ہے Misbehaviour اور Misconduct کا ترجمہ ہر جگہ "بدسلوکی" سے کرنا حالانکہ بہت جگہ صحیح مفہوم "بدفعلی" سے ادا ہوگا COMMUNALISM کا ترجمہ "فرقہ پرستی" سے کرنا حالانکہ یہ ترجمہ SECTARIANISM کا ہے۔ کمیونلزم کے لیے ہمارے یہاں چلا ہوا لفظ مذہبی تعصب ہے Free figat کا ترجمہ "آزادانہ لڑائی" سے کرنا وغیرہ۔

(۳) یہ عنوان تو خالص ادبی و لسانی ہوئے باقی ایک عنوان نیم مذہبی و ادبی ہے "نذیر احمد کا ترجمہ قرآن — اردو ادب کی حیثیت سے" اس پر خود ہی لکھنے کا ارادہ رکھتا ہوں مگر دیکھیے کہ مہلت ملے بھی۔

عزیزی نور الحسن ہاشمی بھی اگر یہ خط پڑھ دیں تو بہتر ہے۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

ڈاکٹر صاحب کے والد کے انتقال پر مولانا کا تعزیت نامہ۔ اس خط میں مخاطب ڈاکٹر صاحب کے چھوٹے بھائی شفاعت علی سندیلوی بھی ہیں۔

دریاباد

۶؍جنوری ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

عزیزم! السلام علیکم

میں اگرچہ مرحوم سے واقف نہ تھا لیکن عین ماہ رمضان میں اور اس کے بھی دوسرے عشرہ کے شروع میں وفات خود ایک دلیل مغفوریت کی ہے، اللہ ہر طرح رحمت و مغفرت نصیب کرے۔

اولاد کا سن کچھ بھی ہو جائے باپ کا وجود بابرکات ہی رہتا ہے اور اس سائے کا سر سے ہٹ جانا اولاد کو بے سہارا بنا دیتا ہے۔ اللہ آپ سب کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

سید عبدالرحمٰن (آناد)

دریاباد

۲۷؍جون ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

مہربان بندہ! وعلیکم السلام

میں اپنے لیے زیرنگیں، دم واپسیں، رنگ خزاں میں اعلان نون جائز نہیں سمجھتا، جنسیت و یقین میں جائز سمجھتا ہوں۔

"زیرکمان" کی ترکیب عام قاعدے سے الگ اور مستقل گفتگو کی محتاج ہے۔ "رنگ و روپ" سے "و" حذف کر کے میں محض "رنگ روپ" استعمال کرتا ہوں۔ باقی میں کیا اور میری رائے ہی کیا۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلیق الرحمٰن قدوائی (بڑا گاؤں، بارہ بنکی)

قدوائی صاحب نے یاقوتی آموں کی دو قلمیں بھیجی تھیں۔ میاں قیوم سے مراد مولانا کے ماموں زاد بھائی کے بڑے صاحبزادے اور مولانا کے مخلص کارگزار ہیں۔

دریاباد

۲۶ رجولائی ۱۹۶۳ء

عزیزم سلمہٗ! وعلیکم السلام

قلموں کی خبر نے دل باغ باغ کردیا، جزاک اللہ و ماشاء اللہ۔ آم کا تحفہ یوں بھی کیا لذیذ اور رسیلا ہوتا ہے چہ جائے کہ جیب اخلاص کی تہ میں ڈوبا ہوا ہو۔

سہ پہر کو کارڈ ملا اور شام کو میاں قیوم نے قلمیں پہنچا بھی دیں۔ تحفہ چونکہ بے سان و گمان نصیب ہوا اس لیے نعمتِ غیر مترقبہ کا پورا مصداق۔

دعاگو:

عبدالماجد

حبیب انصاری (ڈھاکہ)

(۱)

مولانا صبغت اللہ شہید فرنگی محلی کے منجھلے صاحبزادے کے ذاتی مکان کی تعمیر پر مبارکباد کا خط۔

دریاباد

۱۶ر اگست ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

عزیز مکرم!

شاعر نے تو "جہاں" سے بے نیاز ہو کر خیر صرف "جانِ جہاں" کی مانگی تھی اور کہہ ڈالا تھا ؎

مکیں کی خیر ہو یارب مکاں رہے نہ رہے

میں یہ بے نیازی کہاں سے لا سکتا ہوں، مکان کی مبارکباد مکین کو دیتا ہوں اور خیر مکین و مکاں دونوں کی "لامکاں" سے مانگتا ہوں۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

شیخ نصیر الدین قدوائی (بڑا گاؤں، بارہ بنکی)

(۱)

جھبر لال نامی ایک مستحقِ انصاف کی سفارش۔ مکتوب الیہ ضلع گنا فیڈریشن کے صدر منتخب ہوئے تھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا سے قرابت داری بھی تھی۔

دریاباد

۱۳ ستمبر ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

برادرم سلمہٗ! السلام علیکم

آں عزیز کے صدر ضلع شکر کمیٹی ہونے کی خبر ابھی معلوم ہوئی ـــــ اخلاص واخلاق کی شیرینی پر اس رسیلی کمیٹی کی صدارت کا اضافہ مبارک ہو اور اللہ دنیا وآخرت میں شیریں کام ہی رکھے۔

• اس خط کے حامل جھجر لال دریاباد کے قریب ہی کے گاؤں کے رہنے والے ہیں، کا بیان ہے کہ وہ ایک مدت دراز سے یعنی دس سال سے، یہاں کی گنا یونین میں موسمی عہدیدار ہیں اور موسم کے ختم ہونے پر انہیں جواب مل جاتا ہے، آرزومند ہیں کہ خدمت کا موقع انہیں مسلسل ملتا رہے۔ خدا معلوم محکمہ میں ملازمت کے قاعدے کیا ہیں۔ بہرحال اگر قاعدہ میں کوئی گنجائش نکلتی ہو تو کیا عجب ہے کہ نعم المولیٰ ونعم النصیر کا ورد کرتے ہوئے وہ اپنی آرزو میں کامیاب ہو جائیں گے۔

والسلام، دعاگو،

عبدالماجد

مولوی محمد ہاشم انصاری فرنگی محلی (لکھنؤ)

مکتوب الیہ کے تحفہ "پنیر" (CHEESE) کے جواب میں۔

دریاباد

۲۱ نومبر ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

عزیزم سلمہٗ! السلام علیکم

سبحان اللہ کیا چیز (Cheese) آپ اس ناچیز کے لیے لے آئے۔ جزاک اللہ

والسلام

www.KitaboSunnat.com

عبدالماجد

ڈاکٹر شوکت سبزواری (کراچی)

جامع لغت سے اشارہ ترقی اردو بورڈ کراچی کے زیر اہتمام تیار ہونے والے لغت کی طرف ہے اس لغت کی اب تک چھ جلدیں شائع ہو چکی ہیں، تکمیل تقریباً بیس جلدوں میں ہوگی اب اس ادارے کا نام اردو ڈکشنری بورڈ ہے۔

۱۱ جنوری ۱۹۶۴ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرم گستر! السلام علیکم

نقوش "آپ بیتی نمبر" صفحہ ۱۱۵۸ وسط، آپ نے اپنے جس مقالے کا ذکر کیا ہے، وہ کہاں دیکھنے کو ملے گا؟

اُردو کے اس جامع لغت کا کام افسوس ہے کہ اب جاکر شروع ہوا۔ کاش میری ایسی عمر میں شروع ہوا ہوتا کہ اپنی زندگی میں اس کے دیکھنے کی مسرت حاصل کر سکتا۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

رئیس احمد جعفری ندوی (لاہور)

"رند پارسا" سے مراد رئیس احمد جعفری مرحوم کے نانا ریاض خیرآبادی کی طرف اشارہ ہے۔

دریاباد

۱۳ر جنوری ۱۹۶۴ء بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

کل نفیس اکیڈیمی سے ایک بڑا جید پارسل وصول ہوا، کھولا تو ترجمہ زاد المعاد کی چار جلدوں پر نظر پڑی ابھی کتاب کو کھولا تک نہیں پڑھنے کا کیا ذکر مگر نام ہی سے طبیعت بحال ہو گئی، دل شگفتہ ہو گیا ——— ناول نویسی کے بعد زاد المعاد ——— کسبِ دنیا کے بعد توشۂ آخرت، فکرِ معاش کے بعد فکرِ معاد ——— صنم کدے منزلِ راہ اور کعبہ منزلِ مقصود۔ ع

رند پارسا کا لختِ جگر خود ایک رند پارسا

مطبوعات ثقافت میں انتظار ان کتابوں کا رہے گا۔

الفخری، اسلام اور رواداری، ملفوظاتِ رومی، پیغمبرِ انسانیت، مسئلۂ اجتہاد، سیاست نامہ۔

دعاگو و دعا خواہ

عبدالماجد

نسوار حسین زیدی (لاہور)

مولانا دریابادی کی قلمی تحریر کے لیے درخواست کے جواب میں۔

دریاباد

۱۶ر مئی ۱۹۶۴ء بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مہربان بندہ! السلام علیکم

مجھ سے بدخط سے، جس کی بدخطی ضرب المثل کی حد تک پہنچی ہے، قلمی تحریر کی فرمایش کی خوب رہی!
یہ آخر آپ کو میری رسوائی کی سوجھی کیا!

مومن خاں فنِ نجوم یا جوتش میں بھی دخل رکھتے تھے، فرما گئے ہیں ؎

ان نصیبوں پر کیا اختر شناس
آسماں بھی کیا ستم ایجاد کیا ہے

اس "بہ قلم خود" کا حکم دینے کے بعد آپ بھی ستم ظریفی میں آسمان سے کچھ کم نہ رہے!
اب اپنے آئینہ خانہ کو بنائیے یا بگاڑیے اس کی ذمہ داری آپ ہی پر ہے۔ بندے نے
تعمیلِ ارشاد کر دی۔ دُعا گو و دُعا خواہ: عبد الماجد

مولانا عبد الرؤف جھنڈے نگری (رام وت گنج ضلع بستی)

آموں کے تحفے کے جواب میں شکریے کا خط۔

دریاباد

۱۱ جولائی ۱۹۶۴ء بسم اللہ

کرم گسترا! السلام علیکم

آم "ڈھیر کے ڈھیر" آپ کے بھیجے ہوئے کھانے میں اب آئے، جزاک اللہ۔ اتنے میٹھے اور
رسیلے کہ حدِ تعریف سے باہر سبحان اللہ! ــــ کہیں آپ نے اخلاص کا رس تو ان میں نہیں گھول
دیا تھا۔ والسلام دُعا گو و دُعا خواہ:

عبد الماجد

مولانا امین احسن اصلاحی (لاہور)

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

۳۱ اگست ۱۹۶۴ء

برادرم سلمہ اللہ! السلام علیکم

دلی خوشی ہوئی یہ پڑھ کر کہ "میثاق" انشاء اللہ جاری رہے گا اور تفسیر انشاء اللہ کتابی صورت
میں شائع ہوگی۔

خدمتِ قرآن کے بیسیوں ڈھنگ ہیں اور سب اپنی اپنی جگہ مقبول و قابلِ قدر و احترام رہیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زمخشری اپنی جگہ اور ابن کثیر اپنے مقام پر) تو آپ کی تفسیر بھی اپنی نوعیت کی منفرد ہے اور یہ سعادت آپ ہی کا حصّہ ہے، اللہ مبارک کرے۔ رسالہ میں قسط وار اشاعت اور یکجائی کتابی صورت میں اشاعت میں بڑا فرق ہے۔

اب اگر اجازت ہو تو آپ نے سن کی بڑائی سے فائدہ اٹھا کر دو باتیں بے تکلف عرض کر دوں۔

(۱) عربی الفاظ کے محلِ استعمال اُردو میں آکر بہت جگہ بدل گئے ہیں۔ اس کا خیال اچھے اچھے علماء کو نہیں رہتا حالانکہ اس کا خیال رکھنا لازمی ہے۔ مثلاً ایک لفظ "تاویل" ہے۔ عربی میں بالکل بے عیب، لیکن اردو میں آکر ایک شائبہ ذم کا بھی اس میں شامل ہو گیا ہے۔ "میں نے اس قول کی تاویل کی" کے معنی اردو میں یہ ہوں گے کہ "میں نے یوں بات بنائی"۔

یہی حال لفظ "کذب" کا ہے، لوگ ہر جگہ اس کا ترجمہ جھوٹ کر دیتے ہیں۔ حالانکہ عربی میں اس میں بڑی وسعت ہے۔ اور بارہا محض "خلافِ واقعہ" کے معنی میں آیا ہے۔ جو کسی درجہ میں بھی کوئی اخلاقی جرم نہیں۔

اس قسم کے "فروق" کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے ——— اب آگے لقمان کو حکمت کیا پڑھاؤں۔

(۲) دوسری بات اور یاد پڑ گئی۔ لفظ "پرکاری" صحیح اردو میں اچھے مفہوم میں نہیں آتا بلکہ "عیاری" کے مترادف ہے۔ "سادگی و پُرکاری" کی ترکیب جو اس کثرت سے رائج ہو گئی ہے، خواص اہلِ قلم کے لیے احتیاط کے قابل ہے کہیں کہیں عطف کے ساتھ بھی درست ہے۔ لیکن غالبؒ نے بلا عطف بھی استعمال کیا ہے ؎

سادہ پُرکار ہیں خوباں غالبؔ ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں

(سادہ بمعنی سادہ لوح، پُرکار بمعنی عیار۔ یعنی ان عیاروں کی یہ سادہ لوحی دیکھو کہ وفا کا یقین ہم جیسے پہلے پرزوں کو دلاتے ہیں!)

والسلام

دُعا گو و دُعا خواہ،

عبد الماجد

اپنی تفسیر اُردو کے دوسرے ایڈیشن کی فکر میں عرصے سے مبتلا ہوں، نظرِ ثانی بڑی تفصیل سے کی ہے۔ اپنی غلطیوں، کوتاہیوں، نافہمیوں پر نظر کچھ تو خود ہی پڑی اور کچھ دوسروں کے بتانے سے۔ لیکن چھپے کیونکر؟ ۶۰،۰۰۰ ہزار کی قسمت لگانے کا دم ہندوستان میں اب کس پبلشر میں ہے۔ اور لاہور، کراچی کا رُخ کرنے کی دشواریاں ظاہر ہی ہیں۔ بغرض اپنی زندگی میں تو یہ آرزو (اور اب کہنا چاہیے کہ زندگی کی سب سے بڑی آرزو) پوری ہوتی نظر نہیں آتی[1]

[1] تفسیر ماجدی کی جلد اول (نظرِ ثانی شدہ) کوئی دس برس قبل بھارت سے شائع ہو گئی تھی، غالباً باقی جلدیں بھی وہیں سے شائع ہو گئی ہوں گی۔ (یہ خط بشکریہ جناب محمد احسن خان درج کیا جاتا ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاں، اسالیب قرآن کو بھی کتابی صورت میں لائیے۔

غرائب القرآن پر بھی کوئی اچھی کتاب اردو میں موجود نہیں، اردو میں کیا معنی عربی میں بھی میری نظر سے نہیں گزری۔ عکبری کی مشہور و متداول کتاب مختصر و نا کافی ہے۔

پنڈت آنند نرائن ملا (لکھنؤ)

"پرسکار سمیتی" ــــ یو۔پی گورنمنٹ کی مقرر کردہ کمیٹی ہے جو اردو، ہندی، سنسکرت کی کتابوں میں انعام دیتی ہے۔ اس کے صدر اس زمانے میں ڈاکٹر سمپورنانند گورنر راجستھان تھے، لاٹ صاحب سے اشارہ انہی کی طرف ہے۔ چار درویش سے مراد کمیٹی کے چار موجود ممبروں کی طرف ہے جنہوں نے ملا صاحب کے مجموعہ کلام "حدیث عمر گریزاں" کے متعلق قابل انعام ہونے کا فیصلہ کیا تھا۔ "باغ و بہار" میر امن کی کتاب کا استعارہ اسی کے لیے لائے۔

دریا باد

۲۳ر دسمبر ۱۹۶۴ء

کرم فرمائے بے کراں! تسلیم

۱۹ کو لکھنؤ گورنمنٹ ہاؤس میں پرسکار سمیتی کی میٹنگ تھی۔ اردو کے ممبر صرف چار تھے۔ صدر صاحب (لاٹ صاحب راجستھان) عین وقت پر بے چارے بیمار ہو گئے، جلسہ میں نہ آ سکے۔ صدارت کا بار مجھ دہاتی کے دوش ناتواں کو اٹھانا پڑا۔ آپ کی "حدیث عمر گریزاں" ہم چار درویش کی ٹولی کے لیے "باغ و بہار" ثابت ہوئی۔ انعام اول پر ہم سب متفق رہے اور اس فیصلے نے شاعر کی نہیں بلکہ فیصلہ کرنے والوں کی عزت میں اضافہ کیا۔

سرکاری اطلاع خدا معلوم آپ کو کب پہنچے، مبارکباد میں سبقت کرنے کی مسرت سے میں اپنے کو کیوں محروم رکھوں۔

نیاز کیش:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر سید معین الرحمٰن (لاہور)

(۱)

پچھلے خط میں کتاب پہنچنے سے اشارہ بابائے اردو (احوال و افکار) کی طرف ہے جسے سید معین الرحمٰن نے تالیف کیا تھا اور مولانا دریابادی کو تبصرے کے لیے بھیجی تھی، اور مولانا نے ۱۲ مئی ۱۹۶۵ء کے شمارہ "صدقِ جدید" میں تبصرہ کر بھی دیا تھا۔ مکتوب الیہ پہلے دو مکتوب کی آمد کے وقت گورنمنٹ ڈگری کالج بہاولنگر میں شعبہ اردو سے وابستہ تھے۔ (خطوط بہ شکریہ مکتوب الیہ)

دریاباد

۱۲، مارچ ۱۹۶۵ء

برادرم سلمہ الرحمٰن! وعلیکم السلام

کتاب پہنچ گئی، انشاء اللہ شوق و دلچسپی سے پڑھوں گا اور ایک آدھ سطر "صدق" میں لکھ بھی ضرور دوں گا۔ زیادہ کی گنجائش ہی نہیں نکلتی۔ ہر وقت آئی ہوئی کتابوں کا ایک انبار لگا رہتا ہے۔

"قومی زبان" میں اسے دلچسپی کے ساتھ پڑھتا یاد ہے اور خیال تو یہ بھی آتا ہے کہ اُس وقت ہی کچھ لکھ دیا تھا۔

والسلام

دعاگو و دُعا خواہ:

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

۷، جولائی ۱۹۶۵ء

برادرم! وعلیکم السلام

بڑی ہی حیرت ہوئی کہ اس مضمون پر اظہارِ خیال رہ کیسے گیا، ایسا کبھی ہوتا نہیں، خدا معلوم کیا بجوگ پڑ گیا اور حیرت سے بڑھ کر ندامت اور ندامت سے بڑھ کر معذرت واجب ہو گئی۔

"نقوش" کے آخری نمبر میں ذکرِ عبدالحق پڑھا۔ میں ہوتا تو عنوان رکھتا "عبدالحق بہ زبانِ عبدالحق" ——— یہ خلاقی تو اللہ میاں کی سنتی تھی کہ حشر میں جسم کے ایک ایک ٹکڑے پُرزے کو جوڑ کر جسم کو پھر سے پیدا کر دیں گے اور نیست کو ہست کر دیں گے ——— بندے کے لیے یہ صناعی بھی کچھ کم نہیں کہ اس نے چابکدستی سے صیغۂ غائب کو صیغۂ متکلم میں تبدیل و تحویل کر دیا۔ مشتِ خاک نے آخر کچھ تو حقِ احسن الخالقین کی نیابت کا ادا ہی کر دیا۔ نہ ہوا شاعرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہر طرف سے صدائیں مرحبا و سبحان اللہ کی آنے لگیں۔

بہرحال میں تو قائل آپ کی دیدہ ریزی، ذہانت، ذوقِ صحیح، غرض ایک لفظ میں آپ کی صنعت گری کا ہو ہی گیا۔

والسلام، عبدالماجد

(۳)

مکتوب الیہ نے "صدقِ جدید" کا کوئی پرانا پرچہ طلب کیا تھا۔

دریاباد

۲۵ اپریل ۱۹۶۶ء

کرم گستر! وعلیکم السلام

میرا پتا دریاباد کا رہتا ہے اور ہر ہفتے صدق کی پیشانی پر چھپا رہتا ہے۔ صدق کا صرف دفتر لکھنؤ میں ہے۔ آپ نے پتے پر لکھنؤ لکھا، خط وہیں گیا اور دفتر کا خط سمجھ کر وہیں پڑھ بھی لیا گیا اور جواب بھی لکھ دیا گیا۔ اتفاق ہے وہ پرچہ دفتر میں بھی موجود نہیں۔

میرے پاس وہ خط اب پہنچا اور یہ اس کی محض رسید ہے۔

والسلام، دُعاگو:

عبدالماجد

(۴)

مکتوب الیہ نے سجاد حیدر یلدرم کی "خیالستان" کو نئی ترتیب اور مقدمے کے ساتھ شائع کیا تھا اور مولانا دریابادی سے اس پر کچھ لکھنے کی فرمائش کی تھی، یہ خط اسی فرمائش کا جواب ہے۔

۱۷ اگست ۱۹۶۸ء

مکرم! وعلیکم السلام

"صدق" میں بار بار اپنی معذوریاں عرض کر چکا ہوں، یہاں تک لکھ چکا ہوں کہ بصارت اب ۷۵، ۸۰ فی صدی رخصت ہو چکی ہے صرف ۲۰۔ ۲۵ فی صدی باقی رہ گئی ہے۔ اپنے ہی کام خدا معلوم کس طرح لشتم پشتم چلے جا رہے ہیں، دوسروں کی خدمت کا کیا امکان ——— لیکن آپ کے سے قدرداں حضرات، یہ سب سُنی اَن سُنی کر رہے ہیں، بس اپنی کہے اور فرمائشیں کیے چلے جا رہے ہیں۔

فرمائشیں کرنے والوں کو اگر ظالم نہ کہوں، تو کیا عملِ فرمائش کو بھی غیر شعوری یا اضطراری ظلم نہ کہوں؟

والسلام، اخلاص خواہ: عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاضی محمد اطہر مبارک پوری (بمبئی)

(۱)

قاضی صاحب نے اپنی کتاب "رجال السند والہند" تبصرے کے لیے بھیجی تھی۔ اسی کی طرف اشارہ ہے نیز قاضی صاحب نے ایک مضمون حضرت امام محمد کی "کتاب الآثار" کے تعارف میں بھیجا تھا، اسکے لیے گنجایش نکالنے کا وعدہ فرمایا ہے۔

بسم اللہ

مورخہ ۱۲ جولائی ۱۹۶۵ء

دریاباد۔ ضلع لکھنؤ

کرم گستر! وعلیکم السلام

جزاک اللہ، انشاء اللہ گنجایش نکلتے ہی وہ تبصرہ درج ہو جائے گا، بلکہ اگر مزید مفصل معلومات اس سلسلے میں آجائیں تو ان کے لیے بھی گنجائش نکالنے کی کوشش ضرور کی جائے گی۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۴ اکتوبر ۱۹۶۹ء

دریاباد۔ ضلع لکھنؤ

مکرم! السلام علیکم

آپ کے شہر (بمبئی) میں جو ناقع بکڈپو ایرانی کتابوں کا ہے، اس کی فہرست میں ایک نام درج ہے "الدعوۃ الاسلامیہ الی اہل السنۃ والامامیہ" دو جلد قیمت ۳۶ مصنف کا نام ندارد۔ آپ کی نظر سے گزری ہے یا آپ کہیں سے اس کے متعلق معلومات فراہم کر سکتے ہیں؟ زیادہ تفصیل کی زحمت نہیں دینا چاہتا، بس خلاصہ در خلاصہ دو چار سطروں میں کافی ہوگا، سیکنڈ ہینڈ مل سکتی تو میں خود منگا لیتا۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

(۳)

قاضی صاحب نے "الدعوۃ الاسلامیہ الی اہل السنۃ والامامیہ" تلاش کی لیکن اس دوران میں وہ فروخت ہو چکی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۹ اکتوبر ۱۹۶۹ء

دریا باد ضلع بارہ بنکی

مکرم بندہ! السلام علیکم

"الدعوۃ الاسلامیہ" کے متعلق جواب مل گیا، خدا کرے جلد ہی آپ کو اس کے متعلق معلومات حاصل ہو جائیں، ایک اور بات جاننا چاہتا ہوں کہ آپ کی تصنیفات و مقالات عربی زبان میں کون کون ہیں اور عربی علم وفن سے متعلق اردو زبان میں کون کونسی ہیں، جواب پاکر شکر گزار رہوں گا۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۴)

مولانا دریابادی نے کویت کی مطبوعات کے لیے اپنے طور پر کوشش کی تھی وہاں سے جواب آیا کہ اس سلسلے میں قاضی صاحب ہی ان کے مشیر خاص ہیں، مولانا نے یہی اطلاع قاضی صاحب کو دی۔

بسم اللہ

۲۰ نومبر ۱۹۷۲ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مطبوعات کویت سے اپنے کو مسلسل محروم پاکر میں نے کویت اپنے خاص مخلص کو خط لکھا، کل اُن کا جواب آیا کہ "میں آپ کے لیے پوری کوشش کروں گا، لیکن ہندوستان کے لیے کتابوں کے مشیر خاص قاضی اطہر مبارک پوری ہیں، آپ ان کو لکھیے تو امید ہے کہ تعمیل جلد ہو جائے"۔

مجھے اس جواب کے باصواب ہونے کا پورا یقین تو نہیں، لیکن بہرحال اُن کا یہ جواب نقل کیے دیتا ہوں۔ لغت، تاریخ و تفسیر کی کتابوں کی تلاش خاص طور پر رہتی ہے۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سید صباح الدین عبدالرحمٰن (اعظم گڑھ)

دریاباد

۲۱ اپریل ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

عزیز! وعلیکم السلام

جون میں بہ مشورہ ڈاکٹر صاحب میٹنگ ضرور ہو، شاہ صاحب کا پروگرام معلوم ہو گیا، اب کی "معارف" میں نوٹ کرنے کے قابل کئی باتیں نظر آئیں اور بڑی بات یہ کہ اس کے لیے وقت مل گیا۔

(۱) مناقب الاصفیاء پر بحث خواہ مخواہ بڑھتی جا رہی ہے، موضوع سے دلچسپی رکھنے والا گروہ بہت ہی محدود ہوگا۔

(۲) صفحہ ۲۴۵ شروع کی سطر ۳ اعراف اس معنی میں اردو کے لیے بالکل نامانوس ہے، عرف ہی جمع کا کام دیتا ہے۔

(۳) املا بہت سی جگہ اس طرح کا نظر آیا۔ کیلیے، کیجاتی ہے، ملکر، لیکر، یہ سب بدلنے کے قابل ہے۔

(۴) صفحہ ۲۴۰ خامہ فرسائی غلط موقع پر استعمال ہوا ہے۔

"وہ رند بلانوش بھی تھے اور زاہد باصفا بھی" اس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ یہ دونوں باتیں ایک ہی وقت میں تھیں اور آخر وقت تک رہیں، اسے یوں لکھا جا سکتا ہے "اگرچہ اب ان کا شمار زاہدانِ باصفا میں تھا لیکن کبھی رند بلانوش بھی رہ چکے تھے"۔ اس کے بعد والا فقرہ بھی ایسا ہی ہے۔

یہ خط جوابی نہیں صرف اطلاعی ہے۔

والسلام

دعاگو: عبدالماجد

حبیب احمد صدیقی (الہ آباد)

مولانا آزاد سے مراد مولانا ابوالکلام آزاد ہیں۔

دریاباد

۴ ارفروری ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

مخلص نوازا! وعلیکم السلام

"حیرانگی" کا لفظ مجھے تو کسی اردو لغت میں ملا نہ کسی اور ادیب کی تحریر میں، ہاں بعض عوام کو بولتے سنتا ہے۔ مولانا آزاد نے اگر استعمال کیا تو بے خیالی میں ہی کر گئے ہوں گے، بڑے سے بڑے ادیب سے بھی بے التفاتی اور بے توجہی ہو ہی جاتی ہے۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاہ غلام حسنین (پھلواری شریف)

(۱)

۱۵ر فروری ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

برادر محترم! وعلیکم السلام

آپ کا ایک فتویٰ در بارۂ طلاق کسی رسالہ میں سال میں نظر سے گزرا تھا، وہ اس درجہ پسند آیا کہ رسالہ سے وہ ورق کاٹ کر اپنے فقہی لفافے میں محفوظ کر لیا۔ ماشاء اللہ وجزاک اللہ

مکتوب گرامی بھی اسی فکر کا نکلا، میرے خیالات کا ہو بہو عکس و نقش۔ انشاء اللہ پورا مکتوب مع "صدق" کے تائیدی نوٹ کے نکل جائے گا۔ البتہ ہر پرچہ بہت قبل سے تیار کرنا ہوتا ہے اس لیے فوری اشاعت ممکن نہیں ہوتی تاخیر ہو ہی جاتی ہے۔ نمبر ۹ مرتب ہو کر کل جا چکا، اب یہ کہیں نمبر ۱۰ میں ہی نکل سکے گا۔

گھریلو علیل بہت زیادہ رہنے لگی ہیں بیچ بیچ میں حالت خطرناک ہو جایا کرتی ہے۔ دعاؤں کا مستدعی ہوں۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۲)

مکتوب الیہ نے "شمس المعارف" کا تحفہ بھیجا تھا۔ "سلیمان" سے مراد مکتوب الیہ کے والد مولانا شاہ سلیمان پھلواری ہیں۔

دریاباد

۱۴ر جنوری ۱۹۷۱ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

(۱) تحفۂ شمس المعارف پہنچا۔ سبحان اللہ

(۲) جلوۂ سلیمان نظروں میں پھر گیا۔ ماشاء اللہ

(۳) "صدق" میں چند سطریں نکتہ ہی نکلیں گی۔ انشاء اللہ

(۴) والا نامہ پہنچا۔ بارک اللہ

(۵) ضمناً صحت و خیریت بھی دریافت ہو گئی۔ الحمد للہ

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرحت انوار صاحبہ (کراچی)

دریاباد

۲۰ مارچ ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

عزیزہ سلمہا! وعلیکم السلام

ہوم نرسنگ وغیرہ میں کامیابی خوب رہی۔ اللہ ہر طرح سے مبارک کرے۔

فطرت کی اس شاعری پر دل کھول کر داد دینے کو جی چاہتا ہے جو خود ہی دائم المرض ہو اور بیماریوں میں غرق، اُسی کو تیمارداری میں برق بنا دیا! ہائے مومن ؎

ان نصیبوں پر کیا اختر شناس آسماں بھی کیا ستم ایجاد ہے

یہ بھی اس کی قدرت سے کچھ بعید نہیں کہ اس تیمارداری کے طفیل میں اب خود تیماردار کی بیماری کھو دے اور اسے بیمار سے تندرست و توانا بنا دے "صدق" اگر کبھی یہ خبر دیتا تو لکھتا کہ ایک خاتون کی ہمت مردانہ نے بیس بیس جوان مردوں کے چھکے چھڑا دیے۔ مریم زمانی کہنا گستاخی ہو تو کنیز مریم کہنے میں شک کی گنجائش نہیں۔

جن ڈاکٹر صاحب نے یہ کہا کہ مرض الموت فلاں بیماری ہوگی انہوں نے (بزبان احمدی زبان میں) جھک ماری۔ موت کا حال کون بندہ جان سکتا ہے۔ ڈاکٹر کی رسائی تو بس مرض تک ہے۔ زندگی و ختم زندگی کا سوال اس سے بالکل الگ ہے

دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

نا معلوم

۱۲ جون ۱۹۶۷ء

دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

گرم گستر! وعلیکم السلام

ہدیۂ گرامی موصول ہوگیا۔ جزاک اللہ۔

تیل اور سرمہ کا عطیہ سر آنکھوں پر۔

شافی برحق ساری دواؤں میں شفا بخشے۔ والسلام

دعاگو و دعاخواہ: عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبدالصمد (سہوان ضلع بدایوں)

دریاباد

۴ رجولائی ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

مہربان بندہ! وعلیکم السلام

محاورہ واقعی سر پر احسان کرنے کا ہے۔ دل پر احسان خلافِ محاورہ ہے، البتہ میں اسے غلط نہ قرار دوں گا صرف غیر فصیح کہوں گا۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

غلام السیدین (نئی دہلی)

سیدین مرحوم کے والد خواجہ غلام الثقلین لکھنؤ سے "عصرِ جدید" نکالتے تھے۔ اس خط میں ان کے بڑے بھائی غلام الحسنین (سیدین کے بڑے چچا) اور چھوٹے بھائی غلام السبطین (سیدین کے چھوٹے چچا) کا ذکر بھی آیا ہے۔ آئی، ڈی، ٹی مخفف ہے، انڈین ڈیلی ٹیلیگراف کا، جو مہاراجہ محمود آباد کی ملکیت تھا۔ خواجہ غلام الثقلین مرحوم شیعہ سُنّی اتحاد کے زبردست مبلغ تھے اور شیعہ کانفرنس کے غلو سے شدید اختلاف کرتے ہوئے کانفرنس سے نکل آئے۔ مولانا دریابادی کا اشارہ ان کی سیرت کی اس خوبی کی طرف ہے۔

دریاباد

۸ رجولائی ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

عزیز مکرم! وعلیکم السلام

شاعر تو سخن شناس کی داد پر پھولا نہیں سماتا۔ اس بے ہنر کو ایک ہنر شناس کی داد و تحسین پر اُلٹی اور شرمندگی ہی ہوئی۔ اللہ نے کس غضب کا حسنِ ظن بعض دلوں اور دماغوں میں رکھ دیا ہے۔

آپ کو علم نہیں اپنی زندگی کے ایک دور میں آپ کے والد ماجد کا عملاً مرید رہ چکا ہوں۔ سیتاپور ہائی اسکول میں پڑھتا تھا غالباً آٹھویں درجے میں، اور وہ لکھنؤ میں پریکٹس کیا کرتے تھے۔ "عصرِ جدید" بھی نکالتے تھے۔ خاص انہی کی زیارت کے لیے سفر لکھنؤ کا کیا، بعد کو تو اس افراط و غلو میں اعتدال پیدا ہو گیا پھر بھی خاصی گہری عقیدت ان کے دمِ آخر تک رہی اور جب ان کی وفات کی خبر اچانک لکھنؤ کے انگریزی روزنامہ I.D.T. سے معلوم ہوئی تو ایسا معلوم ہوا کہ کوئی بزرگ خاندان دعزیز اُٹھ گیا ____ تو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رشتے سے تو آپ میرے مرشد زادے، پیر زادے، مخدوم زادے ہوئے۔

سنہ ۱۹۱۴ء میں میری عقلیت RATIONALISM اور لاادریت کا دورِ شباب تھا اُس وقت مرحوم کی کوئی خدمت دعا و ایصالِ ثواب سے نہ کر سکا۔ آپ کے بڑے چچا کی تحریروں کا بھی بڑا مدّاح اور شیدائی رہا، پھران کی آخر عمر میں علی گڑھ میں ان سے نیاز حاصل رہا۔ کوئٹ کی ممبری کے سلسلہ میں آپ کے چھوٹے چچا سے بھی دلّی میں ملاقات رہی جب وہ ہندوستانی دواخانہ میں تھے۔

پچھلے دنوں سنا تھا کہ آپ شیعہ کانفرنس کے صدر ہو رہے ہیں بڑا اشتیاق رہا آپ کے خطبۂ صدارت دیکھنے کا۔ اور حافظہ کے سامنے ۴۰ سال قبل کا منظر آگیا جب اس شیعہ کانفرنس سے آپ کے والد کو باہر نکل آنا پڑا تھا۔ ابھی کئی دن ہوئے آپ کا "سفرِ ارتقاء" نظر سے گذرا، ماشاء اللہ کچھ اور بھی لکھتا مگر وہ بات "من ترا حاجی بگویم" کی یاد پڑ گئی۔

والسلام، دُعاگو،

عبدالماجد

حکم چند نیّر (بنارس)

نیّر صاحب نے بنارس ہندو یونیورسٹی میں اردو فارسی کے عمدہ انتظام کی تفصیل تحریر کی تھی مولانا ان کے خط کو "صدقِ جدید" میں چھاپنا چاہتے تھے۔

دریاباد

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

بندہ نواز! تسلیم

آپ تو بڑی چیز نکلے ——— زندہ باشید!

اتنے بہتر، اتنے مفصّل، اتنے جاندار بلکہ جان بخش خط کی تو میں توقع ہی نہیں کرسکتا تھا زیادہ سے زیادہ یہ خیال کیے ہوئے تھا کہ چند سطری ضابطے کا جواب آجائے گا۔ اِس کا بیشتر حصہ چھپنے کے قابل ہے۔ بہت ہی خوشگوار حقیقتیں اس "شعاعِ نیّر" سے روشن ہوجائیں گی۔

آپ اجازت دیتے ہیں نہ؟ اگر روکنا ہو تو لکھ دیجیے گا۔ ورنہ آپ کی خاموشی کو نیم رضا نہیں بلکہ کامل رضا سمجھوں گا۔

نیاز کیش،

عبدالماجد

مرزا جمیل احمد ایڈوکیٹ (حیدرآباد دکن) (۱)

دریاباد

۴ ستمبر سنہ ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزیزم ! وعلیکم السلام

(۱) مشکور بمعنی ممنون اصلاً یعنی عربی قاعدے سے غلط ہے لیکن اردو میں کثرت سے استعمال ہونے لگا ہے۔ اور عوام ہی نہیں بعض خواص بھی یہی بولتے اور لکھنے لگے ہیں اس لیے زیادہ سختی اب صحیح نہیں، خاص کر جب اس کا عطف ممنون کے ساتھ ہو۔

اصلاً صحیح لفظ شاکر یا متشکر ہے اور سلیس اردو میں شکر گزار۔

(۲) جی نہیں، صحیح املا اقلیت ہی ہے بہ تشدید۔

جی ہاں افسوس ہے کہ لکھنؤ آپ کی راہ میں نہیں پڑتا ورنہ جو تاریخیں آپ نے لکھی تھیں وہ زمانہ میرے قیامِ لکھنؤ کا ہے اگر گاڑی ادھر سے گزرتی بھی ہوتی تو اترنے کی صورت ہی نہ تھی، اسٹیشن ہی پر آپ سے مل لیتا۔

والسلام دعاگو و دعا خواہ ؛

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

۸ نومبر ۱۹۷۱ء

بسم اللہ

عزیز مکرم ! وعلیکم السلام

سوال کے جواب میں گزارش ہے کہ میرے محدود علم میں "مشکور" اس موقع پر عربی قاعدہ سے صحیح نہیں۔ لیکن اردو میں اس کثرت سے استعمال ہو گیا ہے کہ اب اسے غلط کہنا بھی آسان نہیں رہا۔ بہرحال خلاف احتیاط ضرور ہے، میں اس موقع پر "شکر گزار" لاتا ہوں۔

اور اگر کوئی "مشکور" کا عطف ممنون کے ساتھ دے آئے اب چونکہ غلط فہمی باقی نہیں رہتی اس لیے اس کے لیے بھی گنجائش نکل سکتی ہے۔ لغت سے مقدم اہل زبان کا روزمرہ محاورہ ہے۔ ہاں خوب یاد آیا "شاکر" اور "شکر گزار" کا متبادل و مترادف ایک لفظ "متشکر" بھی ہے۔

والسلام، ہیچمداں ؛ عبدالماجد

(۳)

دریاباد

۳۰ جنوری ۱۹۶۹ء

بسم اللہ

برادرم ! وعلیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کل صبح آپ کے بھائی صاحب کے سلسلے میں عیادت نامہ بھیج چکا تھا کہ شام کی ڈاک سے وہ خط ملا جس نے تعزیت نامہ کو واجب کر دیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

بھائی کی چوٹ بھی بڑی سخت چوٹ ہوتی ہے اس کا ذاتی تجربہ بھی رکھتا ہوں۔ ہر مسلمان کی موت یوں بھی مبارک ہوتی ہے۔ چہ جائیکہ ان کے آخر وقت کے حالات جو آپ نے لکھے ہیں، اللہ بال بال رحمت فرمائے۔ دمہ کا مرض مشابہ سکرات ہوتا ہے۔ کتنے گناہ اس موذی مرض سے دُھل گئے ہوں گے۔ میرے مرحوم بھائی کو بھی یہی مرض عمر بھر رہا تھا۔

والسلام، دُعاگو:

عبدالماجد

شفاء الملک حکیم عبداللطیف (لکھنؤ) (۱)

حکیم صاحب کے بڑے بھائی حکیم عبدالمجید کے انتقال پر مکتوب تعزیت۔ حکیم صاحب مرحوم نے والد کے انتقال کے بعد شفاء الملک کی مثل اولاد کے پرورش کی تھی اور تعلیم و تربیت کی نگہداشت کی تھی۔

طبیب ابن طبیب کی مراجعت وطن حقیقی پر ہدیۂ تعزیت قبول ہو۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ جو خدمتِ خلق کرتے کرتے بوڑھا ہو گیا وہ بالآخر اس شافیٔ برحق کے دربار میں پہنچ گیا جہاں آگے پیچھے ہم سب ہی پہنچ رہے ہیں۔

موئے سفید، بیٹ کا مرض اور عشرہ مبارک ذی الحجہ، بے شمار مریضوں کی دُعائیں سب کی سب شافع برحق کی قیادت میں ارحم الراحمین کی جلبِ رحمت کو موجود فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ کا مژدہ کانوں تک کب کا پہنچ چکا ہوگا۔

بھائی کا رشتہ خود کیا کم ہوتا ہے اور آپ کے حق میں تو وہ مرحوم بمنزلہ والد کے تھے۔ طبعی غم و صدمہ جتنا بھی ہو بجا ہے۔

والسلام، دُعاگو:

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

یکم اپریل ۱۹۶۸ء

بسم اللہ

مکرم گستر! السلام علیکم

"العلم" کراچی والے سید الطاف علی کا عیادت نامہ آیا۔ خط کے آخر میں لکھتے ہیں "آپ کے معالج حکیم عبداللطیف سے مجھے بھی نیازمندی حاصل تھی میرا سلام قبول فرمائیں وہ ضرور اپنے کمالاتِ لطیف کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پورا زور آپ کے علاج میں صرف فرمائیں گے۔
جواب میں انہیں لکھ بھیجوں گا کہ "فنِ لطیف پر نظرا گرہ الطاف" کی بھی نہ پڑھے گی تو کس کی پڑھے گی۔
والسّلام، دُعاگو و دُعاخواہ :
عبدالماجد

وفا ملک پوری (پٹنہ) (۱)

دریاباد
۱۲؍اپریل ۱۹۶۸ء

برادرم! وعلیکم السلام

شاعر تو یہاں تک کہہ گیا ہے ع
مکیں کی خیر ہو یا رب مکاں رہے نہ رہے
اور "کاشانۂ وفا" تو شاعری کی دنیا میں جلنے اور برباد ہونے کے لیے تعمیر ہوتا ہے۔ خیر ہم سوختہ دل یہاں تک تو نہیں جا سکتے بلکہ خیر مکین و مکان دونوں کی مناتے رہتے ہیں۔
تاہم اس پر تو شکر ہی بھیجئے کہ جی چاہتا ہے کہ جانیں محفوظ رہیں اور مکان کا بھی ایک حصہ اور مذہب کی یہ آواز کان میں آکر تسکین دے جاتی ہے کہ کسی غیبی تعرض سے جو بھی مصیبت آئے اس سے بندے کے گناہ دُھلتے اور مرتبے بلند ہوتے رہتے ہیں۔ والسلام، دعاگو:
عبدالماجد

دریاباد (۲)
۱۵؍دسمبر ۱۹۶۹ء بسم اللہ

مکرم بندہ! السلام علیکم
آپ کا تازہ رسالہ دو ایک دن سے آیا ہوا تھا آج اتفاق سے پہلے صفحہ پر نظر پڑ گئی۔ رفیق زندگی کی جدائی خود ہی کیا کم حق ہے، کہنا چاہیئے کہ یہ توام الصدمات ہے چہ جائیکہ اور بھی قریب کے عزیز ایک ایک کر کے اُٹھ جائیں اور دوسرے مصائب کا بھی اجتماع ہو جائے اللہ ہی آپ کے دل کو سنبھالے رکھے۔
مومن کے لیے تو ہر غیبی صورت محض مہر بہ صورت قہر ہوتی ہے، ہر ایک کا پورا اجر موجود ہے دُنیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی راحتوں، لذتوں کا کوئی مقابلہ ہی ابدی راحتوں اور لذتوں سے نہیں اور یہ اضطراری مجاہدے جو کرائے جاتے ہیں سب اسی جنت کے لیے ہیں جو ہر کلمہ گو کی منزل مقصود ہے۔

اللہ ہم کو، آپ کو، سب کو اس گہری حقیقت کا حقیقی احساس عطا کرے اس کے بعد یہ تلخی انشاء اللہ شیریں ہی کر رہے گی۔

والسلام، دعاگو،

عبدالماجد

<u>سید الطاف علی بریلوی (کراچی)</u>

عبدالمجید قریشی سے مراد علی گڑھ یونیورسٹی کے سابق صدر شعبۂ ریاضی کی طرف ہے۔ مولانا دریابادی علیل تھے اور لکھنؤ میں مقیم اور شفاء الملک حکیم عبداللطیف کے زیر علاج تھے۔ خط کی آخری سطروں میں اشارہ اسی طرف ہے۔

لکھنؤ

۳۰ اپریل ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

یہ آپ کے پروفیسر عبدالمجید صاحب قریشی تو بڑے چھپے رستم نکلے اور آپ نے انہیں خوب ڈھونڈھ نکالا۔ تھوڑی بہت نیازمندی مجھے بھی ان سے حاصل تھی اور اسی واقفیت کی بنا پر انہیں ایک فرد مسلمان اور علیگڑھ کا عاشق اور بڑا مخلص کارکن سمجھے ہوئے تھا۔ ان کی ادبیت کے جوہر تو آج پہلی بار کھلے۔

"العلم" کے تازہ نمبر نے تو انہیں دنیا سے روشناس ایک ادیب اور ایک مشاق اہل قلم کی حیثیت سے کر دیا اور اس انکشاف کا سہرا "العلم" کے "الطاف" کے سر رہا۔ ماشاء اللہ خوب لکھتے ہیں اور فارسی شعر و ادب سے تو ان کے اس ذوق لطیف کا میں ایک ریاضی داں سے تصور ہی نہیں کر سکتا تھا، اللہ انہیں عمر نوح عطا کرے اور آپ اسی طرح ان سے خزانے اگلواتے رہیں۔

ضمناً ایک بات میرے کام کی ان کے ہاں خوب مل گئی یعنی سید بدل الرحمن کا ٹوٹا پھوٹا پتا۔ اسکول کے زمانے کے ساتھیوں اور مخلصوں میں تھے۔ اب تو ان کی طرف سے بالکل مایوس ہو چکا تھا ۶۵، ۶۰ سال بعد آپ نے یہ خوشخبری سنائی۔

آپ کا اداریہ حصہ بھی خاصا دلچسپ اور سبق آموز ہے۔ غرور فنائی تو تاریخ، ادب، فلسفہ، سائنس سارے ہی علوم کا جوہر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ خط ختم ہو چکا تھا کہ عیادت نامہ پر نظر پڑی۔ جزاک اللہ، اب تو کچھ اور مہلت زندگی کی مل گئی۔ حکیم صاحب سے "فنِ لطیف" پر نظر اگر الطاف کی نہ پڑے گی تو اور کس کی پڑے گی ان کو بھی اس کی اطلاع کرا دوں گا۔

والسلام، دُعاگو:

عبدالماجد

مولانا شاہ سراج الحق مچھلی شہری (الہ آباد)

دریا باد

۲۰ مئی ۱۹۶۸ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

وہ گمشدہ کارڈ بحمداللہ مل گیا اور میری خجالت بڑی حد تک دور ہو گئی۔ میز ہی پر نکلا، دوسرے خطوط و کاغذات میں دب گیا تھا۔

پانچوں رباعیاں از سرِ نو پڑھ لیں۔ ماشاءاللہ و سبحان اللہ، گویا قفلِ ابجد کی کلید! ایسے شاعر کا خود اپنے کو ابجد خواں سمجھنا خود ایک شاعری ہے۔ کاش ایسے ابجد خواں بہت سے ہوتے۔ تیسری رُباعی کا کیا کہنا آنکھیں روشن کر دیں۔

یہ مشق ضرور جاری رکھیے، بہت سی ہو جائیں تو مجموعہ انشاءاللہ بہت کارآمد نکلے گا، اور حضرت سراج کا چراغ بعض پُرانے رُباعی گویوں کی طرح مدتوں انشاءاللہ روشن رہے گا۔

والسلام، دُعاگو و دُعاخواہ:

عبدالماجد

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا (سہارنپور)

لکھنؤ

۷ اکتوبر ۱۹۶۸ء

بسم اللہ

حضرت والا! السلام علیکم

مدینہ منورہ کا یہ حضریوں ہی کیا کم قابلِ قدر تحفہ تھا جبکہ شیخ الحدیث کے واسطہ کرم سے اِدھر کھجوروں کی حلاوت اور مٹھاس اُدھر آنجناب کا جذبۂ اخلاص، اب سراپا سپاس بن کر نہ رہ جاؤں تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کیا ہو!

سرزمینِ حجاز سے مادی تحائف میں یہی دو بہترین نعمتیں ہیں، نمبر اول پر آبِ زمزم اور پھر یہی خرمائے محترم۔

بہرحال یہ تبرک پا کر دل باغ باغ ہو گیا اور زبان ہی سے نہیں کہنا چاہیے کہ رو ئیں روئیں سے آپ کے حق میں دُعائے خیر نکلی۔

والسلام، دُعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

ڈاکٹر اسرار احمد (لاہور)

دریا باد

۱۱ر نومبر ۱۹۶۸ء

بسم اللہ

صاحبِ من! السلام علیکم

"میثاق" بابت نومبر پیشِ نظر ملا سے ص۱۴۳

تحسین ناشناس کا ڈر نہ ہوتا تو دل نے بے اختیار یہ صلاح دی کہ اس ساری عبارت پر ایک خوب بڑا سا صاد کھینچ کر بھیج دیجیے۔ سبحان اللہ و ماشاء اللہ

ع دل نے یہ جانا کہ یہ سب کچھ بھی میرے دل میں تھا[1]

حیرت ہوئی کہ شبلی، فراہی، ابوالسلام تینوں کی نباضی بُعدِ زماں و بُعدِ مکاں دونوں کے باوجود اتنی صحیح کیونکر کری۔

ع در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

ڈاکٹر رفیع الدین کا بھی مقالہ اس نمبر میں بڑا قابلِ داد ہے۔

والسلام، دُعاگو و دُعاخواہ:

عبدالماجد

---

[1] پورا شعر اور مصرع کے صحیح الفاظ یہ ہیں:۔

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئیق احمد (گلبرگہ)

دریاباد

۴ افروری ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

"فضائل الخیرات" سے فضائل وخیرات پر کچھ لکھنا سورج کو چراغ سے دکھانا، بات سورج کی طرح روشن ہے۔

آفتاب آمد دلیلِ آفتاب

جس کو جو کچھ ملتا ہے یہیں سے ملا ہے۔

مبارک ہیں وہ جنہیں اس کی خدمت کی بھی توفیق ہو جائے۔ والسلام

عبدالماجد

شہباز حسین (ایڈیٹر "آجکل" دہلی)

ماہنامہ "آج کل" دہلی میں مشاہیر اہلِ قلم کے خود نوشت حالات کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا گیا تھا۔ مولانا دریابادی کی خود نوشت "داستانِ حیات" اسی سلسلے میں طلب کی گئی تھی۔

دریاباد

۶ مئی ۱۹۶۷ء

مکرم نیاز کیشاں! وعلیکم السلام

حکم نامہ پہنچا حیرت ہی ہو گئی۔ ایک بے کمال کیسے باکمالوں کی بزم میں قدم رکھے اور اپنی "داستانِ حیات" ہنرمندوں کو سنائے۔

لیکن بہرحال فرمائش ایک "شہباز" کی زبان سے ہوئی ہے "کنجشک" غریب میں یہ تاب وتوانائی کہاں کہ سرتابی کرے۔ انشاء اللہ تعمیل جوں توں ہو کر رہے گی۔ ہفتہ عشرہ کی مدت میں۔

والسلام

دعا گو و دعا خواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نند کشور وکرم (نائب مدیر "آجکل" دہلی)

غیاز حسین ایڈیٹر "آجکل" نے مولانا کے خود نوشت حالات کے لیے جو درخواست کی تھی، مولانا نے اسے قبول کر لیا تھا اور تعمیل ارشاد کر دی تھی، اب حالات کے ساتھ صاحب حالات کی تصویر چھاپنے کے لیے تصویر کی فرمائش کی تھی، مولانا نے تصویر کی فراہمی سے معذرت کر لی۔

دریاباد

۲۵ رجون سنہ ۱۹۷۰ء بسم اللہ

مہربان بندہ! آداب و تسلیمات

؎ عشق و مزدوری عشرت گہ خسرو کیا خوب
ہم کو تسلیم نکو نامی فرہاد نہیں

اس تشہیر اور خود نمائی کی فرمائش مجھ زشت رو سے! جیسے آئینہ میں بھی اپنا عکس دیکھنا گوارا نہیں۔ حیران ہوں کہ تعمیل سے معذرت کن الفاظ میں پیش کروں۔

دعاگو و دعاخواہ:

عبد الماجد

مہذب لکھنوی (لکھنؤ) (۱)

لکھنؤ

۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۷۰ء بسم اللہ

کرم گستر! تسلیم

(۱) لکھنؤ کے عوام کی زبان سے بارہا یہ محاورہ سننے میں آیا کہ "وہ مجھ سے بھی چار جوتے آگے ہے" چار جوتے بجائے چار قدم چار ہاتھ کے۔ آپ کے لغت میں جوتے کا یہ تصرف دیکھنے میں آیا۔

(۲) "چیل چھپٹا" دکانداروں کی زبان ہے چوہے دان یا موش دان ہی کے معنی میں مستعمل ہے۔

(۳) سیتاپور ہائی اسکول میں میرے عربی کے استاد ایک لکھنوی سید مجید حسین نامی تھے اُن کی زبان پر ۱۱، ۱۲ کا تلفظ برابر گیارہ بارہ دونوں نون غنہ کے ساتھ رہا کرتا تھا، شاید لکھنؤ کے بعض محلوں کا لہجہ یہی ہو جیسا کہ دہلی کے بعض طبقات یا بعض محلوں کا ہے۔

والسلام، دعاگو:

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

دریاباد

۱۶ر دسمبر ۱۹۷۳ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم ! السلام علیکم

مرزا رسوا کے امراؤ جان ادا کے ص۲۳ کے شروع میں "سلام" مؤنث چھپا ہے "لوگ انہیں جھک جھک کر سلامیں کرتے تھے" (مطبوعہ ہمدم برقی پریس) دوسرے ایڈیشنوں میں بھی یہی فقرہ بعینہٖ موجود ہے۔

تو کیا کوئی قول "سلام" کی تانیث کا بھی ہے یا یہ محض سہو کتابت ہے۔ خدا کرے آپ ہر طرح بخیریت ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

محمد طفیل (ایڈیٹر "نقوش" لاہور)

دریاباد

۲۸ر دسمبر ۱۹۷۰ء

بسم اللہ

برادرم ! وعلیکم السلام

عنایت نامہ کچھ روز ہوئے مل گیا تھا جواب دینا تو کچھ ذہن سے اتر گیا اور کچھ اس سوچ میں بھی پڑا رہا کہ آخر لکھوں تو کیا لکھوں۔

کوئی دو برس ہو گئے کہ نہ آپ کی طرف سے کچھ چھپا ہوا، پرزہ کوئی اخبار، رسالہ یا کتاب پہنچتا ہے اور نہ اِدھر سے اُدھر۔

مصرع جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

ایک آدھ صاحب نے ہمت کر کے اپنی ڈاک کابل اور لندن سے روانہ کرائی وہ تو البتہ مل گئی، لیکن ظاہر ہے کہ اتنی ہمت ہر ایک کہاں سے لا سکتا ہے۔

اب بظاہر زندگی بھر ملاقات کی کیا صورت۔

رشید صدیقی سے ملاقات مدتوں کے بعد ہوئی، بیچارے آنکھوں کی شکایت میں مجھ سے بھی بڑھ کر مبتلا، میں نے شاید ان سے کبھی ہم چشمی کا دعویٰ کیا ہو قدرت نے اچھی چشم نمائی بیری کر دی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دل اس کی داد آپ کے سے مبصر سے چاہتا ہے!

لاہور کے بہت سے دوست احباب زندہ و مرحوم یاد آتے ہیں، خصوصاً رئیس جعفری مرحوم۔

والسلام / دُعا گو و دُعا خواہ:

عبدالماجد

عبید اللہ (شاہ گنج، جون پور)

دریاباد

۴ نومبر ۱۹۷۱ء

بسم اللہ

مکرم بندہ! وعلیکم السلام

(۱) "میں لکھنے جا رہا ہوں" فقرہ صحیح ہے، پرانے ادیبوں کے ہاں یہ ترکیب نہ تھی اب جائز اور رائج ہے۔ "جانا" ایک معنی "ارادہ کرنا، آمادہ ہونا، سامان مہیا کرنا" سب اردو میں داخل ہو گئے ہیں۔

(۲) "مشکور" شاکر کے معنی میں بہ قاعدۂ عربی غلط ہے۔ لیکن اردو میں عوام ہی نہیں خواص کی زبان پر بھی کثرت سے آنے لگا ہے۔ اب اسے اردو میں غلط کہنا مشکل ہو گیا ہے، میں خود البتہ احتیاط کرتا ہوں اور اس کے بجائے "ممنون" یا "شکر گزار" لکھ دیتا ہوں۔

سب قاعدوں سے مقدم اہل زبان کا استعمال محاورہ و روزمرہ ہے۔

والسلام

عبدالماجد

سید ظہور الاسلام ندوی (علی گڑھ)

دریاباد

۱۴ دسمبر ۱۹۷۱ء

بسم اللہ

عزیزم! وعلیکم السلام

"انجیب" تو اردو لفظ ہے (آیا جس زبان سے بھی ہو) اسے اُردو ہی لغت میں دیکھیے عربی میں، بعض الفاظ ایسے بھی زبان میں ہوتے ہیں جو عوام یا خواص کے کسی بہت محدود طبقہ کے اندر رہتے ہیں، عام استعمال میں نہیں آتے اور اسی لیے لغت تک بار نہیں پاتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"انجب" بھی اسی قسم کا معلوم ہوتا ہے، عامیانہ تو ہے ہی ساتھ بہت قلیل الاستعمال اور صرف طنزیہ الٹے معنی میں جیسے "ذات شریف" شریف کے معنی میں "بڑے حضرت ہیں"۔ شریر النفس کے معنی میں "نجابادرہ آئی ہے" کم نصیبی سوار ہوئی ہے۔

شاید تحریری زبان میں "انجب" کہیں بھی استعمال نہیں ہوا ہے اس لیے اہل نظر لغت کی سے نظر چوک گئی۔

کتاب محمد ذکی صاحب کی پہنچ گئی انشاء اللہ گنجائش نکلتے ہی تعارف "صدق" میں آجائے گا۔

والسلام، دعاگو:

عبدالماجد

حضرت علی صدیقی (ایڈیٹر "قومی آواز" لکھنؤ) (۱)

صدیقی صاحب کے والد ماجد کے انتقال پر یہ تعزیت نامہ تحریر فرمایا۔

دریاباد

۱۶ر فروری ۱۹۷۲ء بسم اللہ

عزیزم ! السلام علیکم

سفر میں تھا، دریاباد پہنچ کر ۳ کا "قومی آواز" نظر سے گذرا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کردی۔ والدین کی نعمت تو ایسی دولت ہے جس کا نعم البدل کیا محض بدل بھی ممکن نہیں۔ اور اولاد کا سن کچھ بھی ہوجائے ان کے دم تک وہ لڑکا ہی رہتا ہے اور بیسیوں فکروں سے آزاد۔

اللہ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور آپ لوگوں کو توفیق صبر دے۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ،

عبدالماجد

دریاباد (۲)

۴ر جون ۱۹۷۲ء بسم اللہ

عزیزم ! السلام علیکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"قومی آواز" ۳ جون صہ ک ۲ نصف زیریں۔

"ممکن ہوسکے گی"

ترکیب غلط ہے۔ "ممکن" اور "سکنا" ساتھ نہیں آسکتا۔ یا تو "ممکن ہوگی" لکھیے یا صرف "ہو سکے گی"

والسلام

عبدالماجد

(۳)

لکھنؤ

۱۶/اپریل ۱۹۷۳ء

بسم اللہ

عزیزم! السلام علیکم

خدا کرے اب شفائے کامل ہوگئی ہو، حکیم عبدالقوی سے حادثے کا حال سخت افسوس کے ساتھ سنا بعد کو افاقہ بھی معلوم ہوگیا تھا خدا کرے اب بالکل ہی صحت ہو۔

آپ کے اخبار میں ایک تکلیف دہ اور غلط لفظ برابر نکل رہا ہے "جسم فروشی" غلط اس لحاظ سے کہ عورت اپنا جسم نہیں بیچتی ہے جسم کا صرف ایک محدود حصہ عصمت بیچتی ہے اور صحیح نام اس کے لیے عصمت فروشی ہر لغت میں موجود ہے۔

دوسرا غلط ایسا ہی لفظ "بدسلوکی" آپ کے یہاں چلا ہوا ہے Misbehaviour کے معنی جو صحیح ایک بالکل دوسرے موقع کے لیے اس خاص معنی کے لیے اردو میں ایک نہیں متعدد لفظ چلے ہوئے ہیں "منہ کالا کرنا"، "فحش کاری کرنا" "بدکاری"، "آبرو ریزی"، "بدفعلی"

سائن بورڈوں میں اب تک اردو کو جگہ نہ ملی، نہ تو صوبہ کانگریس کمیٹی کے دفتر نہ ضلع کانگریس کمیٹیوں کے دفتر میں لکھنؤ سٹی کمیٹی کو مستثنیٰ کر کے۔

والسلام

عبدالماجد

(۴)

دریاباد

۷/جولائی ۱۹۷۳ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

Homosexuality کا ترجمہ آپ کے ہاں[1] ہم جنسی یا ہم جنسیت بالکل غلط شروع

[1] مراد "قومی آواز" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگیا ہے ہم جنس SEX کے معنی میں سرے سے ہے ہی نہیں ہیں، تمام تر نوع کے مفہوم میں ہے۔ عربی کے چلے ہوئے لفظ اغلام یا لواطت یا پھر طبی اصطلاح استلذاذ بالمثل ورنہ پھر بازاری لفظ لونڈے بازی سے کام چلائیے، ثقاہت میں اگر قلم اپنائیے تو امرد پرستی میں آخر کیا عیب ہے۔

انشاء اللہ اب پیر کی چوٹ بالکل ہی ٹھیک ہو گئی ہو گی۔

والسلام

عبد الماجد

حکیم عبدالحمید (دہلی) (۱)

دریاباد

۱۴ اکتوبر ۱۹۷۲ء بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

اس عریضہ کے حامل عبدالعلیم قدوائی ایم اے ایل ایل بی ہیں، میرے بھتیجے بھی اور داماد بھی۔ محکمہ انڈسٹریز میں کارگذار رہیں، ابھی کانپور سے دہلی تبدیل ہوئے ہیں، حکیم عبدالقوی دریابادی کے چھوٹے بھائی بھی ہیں۔

مکان کی سخت مصیبت ان کے لیے ہے جیسی ہر باہر والے کو دلی میں ہوتی ہے، کوئی کسی کو کیا لکھے اور کس سے کیا کہے، جو حاجت روا تھے وہ خود حاجتمند بن گئے ہیں، مولی اپنے پتوں سے بھاری۔

ع کس کی حاجت روا کرے کوئی

آپ نے ایک عالم کی ہمدردی کا بیڑا اٹھایا ہے۔ یہ حاضر خدمت ہو رہے ہیں کہ شاید اس ذخیرہ میں ان کے نصیب کا بھی کوئی حصہ ہو اور تھوڑی سی مدد انہیں بھی مل جائے، یہ تعارف نامہ دیتے ہوئے خود ہی شرم سے گڑا جا رہا ہوں۔

انشاء اللہ آپ ہر طرح بخیر ہوں گے۔ دعاگو و دعاخواہ:

عبد الماجد

عبداللطیف اعظمی (دہلی) (۱)

دریاباد

۱۴ اکتوبر ۱۹۷۲ء بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزیزم ! وعلیکم السلام

خیر میں ادیب و دیب تو کیا "بزرگ ترین نہیں" "خورد ترین" بھی نہیں البتہ آپ کے حسن ظن کی لاج رکھتے ہوئے تعمیل ارشاد میں جواب لکھے دیتا ہوں۔

جی ہاں رسالہ جامعہ میں "عش عش" کی بحث میں نے دلچسپی سے پڑھی اور استفادہ کیا، میرا معمول تو ابھی تک "عش عش" لکھنے کا تھا فیلن نے بھی یہی دیا ہے۔

اشک کے نفس اللغۃ کی ردیف الف مطبوعہ موجود ہے اس میں "اش اش" موجود نہیں، اس لیے قیاس یہی ہوتا ہے کہ انہوں نے بھی اسے ردیف عین میں رکھا ہوگا۔ "اشتقاق" کی بحث کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتی، لیکن اصل جواب فصحاء اور شرفائے ادب کے لحاظ کا ہے، میں اب تک استعمال غالب "ع" کا سمجھ رہا تھا، اب اس بحث سے معلوم ہوا کہ دوسرے فریق کے دلائل بھی خاصی قوت رکھتے ہیں ایسے موقع پر توسع اختیار کرنا چاہیے جیسا کہ تذکیر و تانیث کی بحثوں میں ہوتا ہے، اس لیے میں تو "ع" ہی سے بدستور لکھے جاؤں گا لیکن جو حضرات الف سے لکھیں گے اسے بھی غلط نہیں سمجھ سکتا بلکہ عش عش کی طرح "اش اش" کو بھی جائز سمجھوں گا۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

سیدہ سلامت اللہ کا ایک نہایت عمدہ مضمون "مجتہد اور مجاہد ابو الکلام آزاد" کے عنوان سے جامعہ، دہلی بابت ماہ جولائی ۱۹۶۱ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کے بعض خیالات پر مولانا دریا بادی نے ایڈیٹر جامعہ کے نام ایک خط میں نقد کیا تھا۔ ایڈیٹر جامعہ نے یہ خط اگست کے شمارے میں شائع کر دیا تھا۔ تعاقب میں ان کا ایک نوٹ بھی تھا۔ ذیل میں مولانا دریا بادی کا یہ خط پیش خدمت ہے۔ ساتھ میں ایڈیٹر کا نوٹ بھی نقل کر دیا گیا ہے۔

جناب من ! السلام علیکم

تازہ جامعہ میں ایک مضمون مولانا ابو الکلام مرحوم پر ایک خاتون کے قلم سے ہے۔ موصوفہ کے جذبات و معتقدات جو کچھ بھی ہوں یہاں صرف ان "واقعات" سے متعلق کچھ کہنا ہے، جو صفحہ ۲۷ میں درج ہیں۔ میں خود شریک جلسہ تھا۔ ان چیزوں کے یوں ہی چھپ جانے سے آپ کے پرچے کی ثقاہت پر حرف آتا ہے۔ اور تردید نہ کی جائے تو یہی چیزیں آگے چل کر تاریخ بن جائیں گی۔

(۱) "مسلم لیڈروں کا ایک جم غفیر تھا، جو اس مسئلہ پر غور کرنے کے لیے لکھنؤ میں جمع ہوا تھا"۔۔۔۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ جلسہ ایک باقاعدہ اجلاس مسلم یونیورسٹی فاؤنڈیشن کمیٹی کا تھا، جس کے ممبر عوام و خواص، نرم و گرم ہر قسم اور ہر طبقہ کے لوگ تھے۔

(۲) "رات کو گرما گرم بحثیں ہوئیں" ـــــ اجلاس کی کوئی بھی نشست رات کو نہیں ہوئی تھی۔ ہر نشست دن ہی میں ہوئی تھی۔

(۳) "نواب اور راجہ لوگ حکومت وقت کی طرف سے اس خدمت پر مامور کیے گئے تھے" ـــــ اس "ماموریت" کا کوئی ثبوت شرعی، اخلاقی، قانونی، کسی معیار سے بھی موجود نہیں۔ نواب اور راجہ لوگ بھی سیکڑوں (بلکہ شاید ہزار سے اوپر) کے مجمع میں بس گنتی ہی کے چند شریک تھے۔

(۴) "نہ جانے بقیہ شب کی تاریکی میں کون سا افسوں پھونکا گیا" ـــــ شب و بقیہ شب کی حیثیت تو محض افسانوی ہے۔ باقی "افسوں" اس کے سوا اور کچھ نہ تھا کہ تمام لوگ کل کے جلسہ کے ہڑبونگ اور خلفشار سے اکتا گئے تھے اور یہ طے کر کے بیٹھے تھے کہ آج کوئی نہ کوئی فیصلہ بہر حال کر لینا ہے۔

(۵) "اب ان کے سر حکومت کی ڈیوڑھی پر جھکے ہوئے تھے" ـــــ حکومت کی ڈیوڑھی پر سر جھکنے کا قطعاً کوئی سوال ہی پیش نہیں آیا۔ مولانا محمد علی کی تقریر کا خلاصہ یہ تھا کہ یہ بحثا بحثی اور بے نتیجہ حجت بازی تو کبھی ختم ہونے والی نہیں۔ کام اگر کرنا ہے تو اس بڑے مجمع سے اپنے چند قابل اعتماد نمایندے چن بھیجیے۔ اور انھیں سادہ چک دے کر حکومت سے نامہ و پیام کا کام اُن کے سپرد کر دیجیے۔ چنانچہ میں رزولیوشن اسی مضمون کا پیش کرتا ہوں۔

(۶) "ایک آزادی وہ شمع تھے، جس کو نہ کوئی لالچ نہ کوئی دھمکی بجھا سکی تھی" ـــــ موصوفہ یقین فرمائیں کہ جلسے میں نہ کسی لالچ کا سوال کسی طرف سے پیش ہوا، نہ کسی دھمکی کا۔ دونوں فریق صرف اپنے اپنے دلائل پیش کرتے رہے۔

(۷) "یوپی کا گورنر بھی بطور اعزازی مہمان کے موجود تھا" ـــــ اس افسانہ کو واقعیت سے کوئی تعلق نہیں۔ لفظی ترمیم، لفٹیننٹ گورنر، بجائے گورنر کے۔

(۸) "اس کی موجودگی میں بڑے بڑے شیر دل لیڈروں کے ضمیر بجھ چکے تھے ..... اکابر ملت و رؤساء قوم جو گورنر صاحب کے چشم و ابرو کو دیکھ رہے تھے بوکھلا اٹھے" سو فیصدی شاعری۔

(۹) "سیاسی شہدوں نے مولانا پر آوازے کسے" ـــــ وہ کون لوگ تھے، جنھیں یہ مہذب خطاب عطا ہوا ہے؟

(۱۰) "بالآخر مولانا یہ کہہ کر اسٹیج سے رخصت ہو گئے کہ آج اس اسٹیج پر تم میری زبان کو روک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سکتے ہو، لیکن دیکھنا ہے میرا قلم کون روک سکے گا"۔۔۔۔۔ الفاظ حقیقت و واقعیت سے یکسر بے نیاز!

والسلام، عبدالماجد

(جامعہ) ہم مولانا کے شکر گزار ہیں کہ موصوف نے تصویر کا دوسرا رخ پیش کر دیا، لیکن جو رخ زیرِ بحث مضمون میں دکھایا گیا ہے، وہ مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا شبلی اور نواب وقار الملک کے مشہور بیانات پر مبنی ہے جس کا ثبوت ہم آگے چل کر پیش کرتے ہیں، اس لیے رسالہ جامعہ میں اس مضمون کا شائع ہونا قابلِ اعتراض نہیں ہے۔ البتہ مضمون کا یہ جملہ کہ "سیاسی شہدوں نے مولانا پر آوازے کسے" ضرور رسالہ جامعہ، زیرِ بحث جلسے اور خود مضمون نگار کے وقار کے خلاف ہے ہم اس کوتاہی کا اعتراف کرتے ہیں کہ مضمون کے پڑھتے وقت اس جملے پر نظر نہیں پڑی اور یہ بجنسہٖ رسالہ میں چھپ گیا۔۔۔۔۔

(۱) جلسے کے بارے میں مولانا آزاد فرماتے ہیں۔ "صبح آٹھ بجے ہی سے اجلاس کا ہال تماشائیانِ بزم سے بھر گیا۔۔۔۔۔ یہ بھی خبر اڑی تھی کہ ایک جماعت کل کے لیے باہر سے ٹھیکے پر بلائی گئی ہے۔

(الہلال۔ ۵ / مارچ ۱۹۱۳ء صفحہ ۱۴۶)

(۲) یہ صحیح ہے کہ رات میں کوئی نشست نہیں ہوئی تھی، لیکن دن کے باقاعدہ جلسوں کے لیے رات ہی میں مشورے بلکہ فیصلے ہوا کرتے تھے۔ نواب وقار الملک مشتاق حسین صاحب نے جو اس وقت جلسے کے آنریری سکریٹری کے فرائض انجام دے رہے تھے، اپنے تحریری بیان میں اس کا صراحت سے ذکر کیا ہے اور مولانا آزاد نے اس کے بارے میں خوب خوب طنزیہ جملے لکھے ہیں۔ آخری فیصلہ سے قبل گورنمنٹ ہاؤس میں ایک ڈنر بھی دیا گیا تھا اور اس موقع پر بھی بڑی رات تک "مشورے" ہوتے رہے۔ مولانا آزاد لکھتے ہیں: "خود صحبت آزمایاں شبینہ کا بیان ہے کہ یہ بادہ گساری رات کے دو بجے تک جاری رہی تھی۔ اللہ اللہ! جاڑے کی راتیں اور پچھلے پہر کی "پر اسرار" صحبتیں!! آپ الزام و اعتراض کی فکر میں ہیں اور "رات کے دو بجے" کے لفظ سے نہیں معلوم کیسے کیسے خیالات میرے دماغ میں گزر رہے ہیں؟ رات کی تاریکی، پچھلا پہر، رندانِ شاطر و کہنہ مشق کا ہجوم اور بعض نوجوان نوآموز مدعیانِ حریت، پھر شغلِ مے پرستی کا یہ عالم، اب کیا کہوں کہ کیا کیا کہنا چاہتا ہوں"۔

مولانا محمد علی کے بارے مولانا آزاد لکھتے ہیں: "راجہ صاحب نے کہا تھا کہ "جب تک مسٹر محمد علی رام نہ کیے جائیں گے، کچھ نہیں ہو گا" یہی سبب ہے کہ اس "خلوتِ شب" کی بارات کا دولہا انہی کو بنایا گیا تھا۔ اور رات بھر "سہرے" کی تزئین و آرائش میں صرف ہو گئی"۔

دوسرے روز جلسہ شروع ہوا تو اس کے متعلق مولانا آزاد اپنے مخصوص طرز میں لکھتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"یہاں تک کہ دن نکلے۔ صدہا نظر ہائے منتظرہ" اور صدہا ہائے مضطرب کی صفوں سے گزرتی ہوئی "ارباب حل و عقد" کی قطار جلوہ فروش ہوئی اور "مجلۂ سازش[1] کے تمام" عروسانِ شب زندہ دار" ایک ایک کر کے نظر نواز بزم و انجمن ہوئے۔ چہروں نے پہلی ہی نظر میں ارباب نظر سے رمز فروشی کی کہ رات بھر میں رنگ بدل چکے ہیں ...... انہی میں ہمارے شیوہ طراز دوست مسٹر محمد علی بھی تھے۔ صحبت نیم شبی کا خمار آنکھوں میں، اور شب بیداری کی افسردگی چہرے پر"

(۳) "اس بات کا ثبوت دینا کہ کچھ لوگ حکومت کی طرف سے مامور کیے گئے تھے کہ کسی نہ کسی ترکیب سے سرکاری نقطۂ نظر کو جلسے میں منوالیں۔ واقعی ممکن نہیں لیکن نواب وقار الملک نے "سازش" کا لفظ لکھا ہے۔ مولانا شبلی نے اپنی مشہور طنزیہ نظم میں اسی لفظ کو اس موقع پر استعمال کیا ہے:

"سازش" کا ایک جال بچھایا ہے ہر طرف ۔۔۔ ہر شخص اُس کی فکر میں مصروفِ کار ہے۔
سرمستیاں ہیں دورِ قدح ہائے راز کی ۔۔۔ ہر شخص "حکمت عملی" کا شکار ہے

(۴) لفٹیننٹ گورنر بہادر کے ڈنر سے قبل عام طور پر تقریروں کا لب و لہجہ حکومت کے سخت خلاف تھا اور ڈنر کے دوسرے دن اجلاس کا رنگ کچھ اور ہی تھا، اس لیے لوگوں نے اس طرح کے شبہے کیے ہیں۔ مولانا شبلی نے بھی اس تبدیلی پر حیرت ظاہر کی ہے

یا صبح دم جو دیکھیے آ کر تو بزم میں ۔۔۔ نے وہ خروش و جوش نہ وہ گیر و دار ہے
ٹوٹی ہوئی صفیں ہیں، علم سرنگوں ہیں سب ۔۔۔ بازوئے تیغ گیر جو تھا، رعشہ دار ہے

(۵) قابلِ اعتراض جلسے پر ہم شروع ہی میں معذرت کر چکے ہیں۔ لیکن موصوفہ غالباً جس کیفیت کو بیان کرنا چاہتی ہیں اسے مولانا آزاد نے یوں لکھا ہے:

"...... اس محاصرے کی صفوف کی وجہ سے راہ مرور اس طرح بند ہو گئی تھی کہ وہاں تک پہنچنے کے لیے کئی منٹوں کی جد و جہد مطلوب تھی۔ خود ہم اور خواجہ غلام الثقلین اگر اتفاق سے بالکل اسٹیج کے کنارے پیشتر ہی سے بیٹھے ہوئے نہ ہوتے تو تقریر کرنے کا موقع ہی نہ ملا ہوتا... ایک اور تدبیر خاص وہ تھی، جس کے ذریعہ موافقت کے جیرز اور مخالفت کا شور و ہنگامہ پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تھی، یعنی اسٹیج پر بیٹھنے والی جماعت کا ایک طبقہ نیچے مجلس کی مختلف قطاروں میں متفرق ہو کر بیٹھ گیا تھا تاکہ وقتِ ضرورت مجمع کے ہر حصے

---

[1] "سازش" کا لفظ شاید پہلے بھی کہیں گزر چکا ہے لیکن یہ میری جانب سے نہیں ہے، بلکہ بجنسہٖ نواب صاحب قبلہ کا لفظ ہے، جو انھوں نے اپنے مضمون میں دو جگہ استعمال فرمایا ہے۔ منہ (الہلال)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے ایک ایک صدا نے موافق اٹھ کر شور مچا دے ..... اگر کوئی مخالفت میں تقریر کرے، تو معاً نیچے سے آوازیں اٹھنا شروع ہو جائیں اور اس کے ہنگامے میں مجمع کی مخالف صدائیں مدغم ہو کر مفقود ہو جائیں[1]

اسد القادری (لندن)

دریاباد

۲ر دسمبر ۱۹۷۲ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

۲۴ر نومبر کا لکھا ہوا خط پرسوں ۳۰ر نومبر کو ملا کوئی کہہ سکتا تھا کہ ہوائی ڈاک کا انتظام بھی ایسا باد ہوائی ہوتا ہوگا! توبہ توبہ!

میری کتاب کی خوش قسمتی کہ آخری عشرۂ رمضان المبارک میں قریب افطار آپ کی نظر سے گزری۔ ظاہر ہے کہ جب خط کی عبارت میں حسنِ ظن کی اس افراط بلکہ اسراف سے آپ نے کام لیا ہے تو دعائے خیر میں آپ بخل سے کام لینے والے نہ تھے۔ مومن مسافر و علیل روزہ دار کی دعا اور وہ بھی آخری عشرۂ رمضان المبارک میں اللہ اکبر۔

اگر آئندہ خط لکھنے کی نوبت آئے تو اپنا تعارف ذرا تفصیل سے ضرور کرا دیں یعنی وطن کہاں تھا، تعلق کس خاندان سے تھا، تعلیم کہاں کہاں پائی اور کہاں تک، وغیرہا۔

انشاء اللہ شفا پوری ہوگی، رعشہ کا اثر خط پر تو بحمد اللہ کچھ ایسا نہ تھا خط مجھ سے تو بآسانی پڑھ لیا گیا۔

آنکھوں سے بڑی حد تک معذور ہو گیا ہوں اپنا خط خود نہیں پڑھ سکتا دوسروں سے لکھوا کر بھیجتا ہوں۔

والسلام

عبد الماجد

عبد القوی دیسنوی (بھوپال)

بھوپال کے سفر میں مولانا دریا بادی نے نواب شاہجہاں بیگم کا دیوان دیکھنے کو مانگا تھا، یہ دیوان کاغذ میں لپٹا ہوا ٹھیک اس وقت دیا جب مولانا روانگی کے لیے ریل میں سوار ہوئے، گاڑی روانہ

[1] اس نوٹ کے تمام اقتباسات الہلال ۵ر مارچ ۱۹۱۳ء سے منقول ہیں۔ اشعار کے لیے دیکھیے، الہلال ۲ر اپریل ۱۹۱۳ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئی اور پیکیٹ کھول کر دیکھا تو اخبار رسیدہ کو اسے ہاتھ لگائے نہ بنے، یہی بات مولانا نے خط میں تحریر فرمائی ہے۔

دریاباد

۲۰ مارچ ۱۹۷۲ء

بسم اللہ

عزیزم سلمہٗ! السلام علیکم

یہ اچھا مذاق میرے ساتھ رہا۔ فرطِ اشتیاق سے میں نے ریل پر بیٹھتے ہی چہرہ سے نقاب کہیے یا برقع اتارا تو سبحان اللہ، فرط نزاکت سے۔ ع

ہاتھ آئیں تو انہیں ہاتھ لگائے نہ بنے

کا عالم۔

مجبوراً۔ عطائے تو بلقائے تو۔ دل شکر گزار بہر حال ہوں۔

والسلام

عبدالماجد

مالک رام (دہلی)

تحریر سے مراد مکتوب الیہ کا سہ ماہی رسالہ "تحریر" دہلی ہے۔

دریاباد

۸ رفروری ۱۹۷۲ء

بسم اللہ

جناب بندہ! تسلیمات

صاحبِ "تحریر" کی زبان سے مضمون نہیں مضمونچہ کی فرمائش اور اس سے جو بصیرت تو شاید کبھی بھی نہیں رکھتا اور اب بصارت سے بھی بڑی حد تک محروم رہ گیا ہے! اپنا ہی معمول کا کام خدا معلوم کس طرح لشتم پشتم ہو پاتا ہے دوسروں کی خدمت کا نہ ولولہ نہ حوصلہ، بجز شرمندگی کے اور معذرت کے پیش کش کے اور کیا کروں۔

سید مسعود حسن رضوی سے ملاقات آج کی نہیں کوئی ۴۰، ۴۲ سال قبل کی ہے۔ ان کے کمالاتِ ادبی کو اگر چھوٹے سے جملہ میں سمیٹ کر کہوں تو یہی کہہ سکتا ہوں اور اپنی ذمہ داری کے پورے شعور کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہ ان چند گنے چنے لوگوں میں ہیں جو اردو صحیح لکھتے ہیں تحریر کی اور بھی خوبیاں ہوتی ہیں، فصاحت، بلاغت، سلاست، ظرافت، لطافت، یہ سب اوصاف اضافی ہیں، سب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے مقدم زبان کی صحت ہے کوئی فقرہ دلچسپ نظر آیا اور لوگوں نے اس کی داد دے دی۔ کوئی ترکیب پھڑکتی ہوئی سوجھ گئی اور پڑھنے والوں کی زبان پر واہ واہ آگیا، یہ ساری بحثیں بعد کی ہیں پہلے زبان صحیح بھی تو ہو۔

اردو میں لکھنے والوں اور شعر کہنے والوں کی آج کمی تو ہے نہیں۔ سیکڑوں سے گزر کر ہزاروں تک ایسے پہنچ گئے ہیں جو اردو کی فضائے نثر و نظم پر چھائے ہوئے ہیں ان پر کیسے کیسے "معلی القاب" پڑے ہوئے ہیں لیکن بجو گنتی کے کُے ایسے ہیں جو زبان کا خیال رکھتے ہیں، عبارت صحیح لکھتے ہیں اور ایک ایک فقرہ کو سوچ کر اس کے وزن کا اندازہ کر کے اپنے قلم پر لاتے ہیں۔

اونچے اونچے پڑھنے والوں کا ذکر نہیں اردو پڑھانے والوں کی خاصی تعداد ایسی ہے جسے صحتِ زبان کی فکر ہی نہیں بس ان کے لیے کوئی فقرہ کافی ہے۔ ظرافت نگاری کی بھی تو بھانڈوں اور نقالوں کی سطح کی۔ ادبی لطافتوں کی طرف ذہن کو لے ہی نہیں جاتے۔

اور پھر مسائلِ ادب کی تحقیق میں مسعود صاحب صفِ اول کے لکھنے والوں میں ہیں۔ اتنے سلجھے ہوئے ادیب، نقاد، سخن فہم کی مثال اُن کے معاصرین میں تو مشکل سے ہی کوئی ہوگی۔

اس لیے بڑی حیرت ہوئی کہ جب سُننے میں آیا کہ اردو اکیڈمی نے حال میں تین کہنہ مشق اہل قلم کو جو یکشت رقم ان کی عمومی خدمات پر بیش کی ہے اس مختصر فہرست میں مسعود صاحب نہیں، وجہ اور سبب جو کچھ بھی ہو بہر حال اس اعراض اور اغماض سے ان کی حق تلفی ہی ہوئی، میں اکیڈمی کی اس سب کیٹی کا ممبر نہ تھا نہ مجھے کہیں سے اس کی کچھ سُن گن مل پائی ورنہ میں تو اپنی آواز ان کے نام کی تائید میں ضرور بلند کرتا۔ خیر اللہ کرے وہ اتنا ضرور اور جئیں کہ اکیڈمی اس حق تلفی کی تلافی کر سکے۔

آپ کا اور اُن کا دونوں کا خیر اندیش

عبد الماجد

<u>عثمان احمد (شاہ گنج، جونپور)</u>

دریاباد

۹ رمارچ ۱۹۷۰ء بسم اللہ

مکرم بندہ! وعلیکم السلام

یہ شاعرانہ مبالغہ آپ نے اس دیہاتی کی زبان سے متعلق قائم کر لیا ہے، پہلے تو اس کی اصلاح فرما لیجیے، اب جواب اپنی بساط کے اندر یہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) فصیح اور شہیر میں لفظ "برات" ہی ہے، باقی "بارات" بھی جائز اور قصباتی زبان میں رائج ہے۔
(۲) "ناقہ" اہل زبان کی زبان پر مذکر ہے، باقی میں غلط مؤنث کو بھی نہ کہوں گا، میں غلط کسی لفظ کو مشکل ہی سے کہتا ہوں۔
(۳) ابجاد شروع ہی سے مختلف فیہ رہا ہے، میں تو دونوں کو صحیح تسلیم کروں گا، اتباع ترجیحاً مذکر ہے اور غرض ترجیحاً مؤنث۔

مولوی اسمٰعیل میرٹھی کی ریڈریں اب بھی کیا بری ہیں سوائے اس کے کہ ذرا پرانی ہوگئیں، شاید جامعہ ملیہ والوں نے کچھ اچھی تیار کرائی ہیں۔

والسلام، دُعاگو و دُعا خواہ:

عبدالماجد

مولوی ضیاء احمد بدایونی

مکرم گستر! وعلیکم السلام

خود مدیر میگزین سلمہ اللہ ہی کا خط کیا کم تھا کہ اس پر مستزاد آپ کا سفارش نامہ! سے

تو تبسم بھی شریک نغمۂ ناز ہوا
آج کچھ اور بڑھائی گئی قیمت میری

کیسے انکار کروں، معذرت کن الفاظ سے پیش کروں؟ کاش آپ کو میری مصروفیتوں کا تفصیلی علم ہوتا! آپ خود ہی اس وقت ایسا حکم نہ دیتے لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ جب اللہ نے اس عذر کی بنا پر بندوں کو معافی دے دی ہے تو کیا خود بندے بندوں کے حق میں اپنی درگذر سے کام نہ لیں گے؟

لکھ ڈالنا تو خیر کچھ ایسا مشکل نہیں، قلم گھسیٹ دینے میں وقت ہی کیا ایسا لگتا ہے اصل سوال پڑھنے کا ہے۔ کسی ادیب یا شاعر کو از سرِ نو پڑھے بغیر کیسے اس پر لکھ دیا جائے۔ اور پھر پڑھنے ہی کا وقت نکالنا تو محال ہے ——

اپنے محبوب سے محبوب ادیب یا شاعر کا از سرِ نو مطالعہ کرنا ایک مجاہدۂ عظیم ہے اور یہیں اگر بجز آپ سے معذرت کر دینے کے کوئی چارہ نہیں رہتا۔

خدمت صرف اتنی ممکن ہے کہ کچھ عام مشورے دے دوں۔ خود وہ نمبر ہو تو اس پر بطور دیباچہ یا پیش لفظ چند سطریں لکھ دوں یا کوئی خاص مقالہ آ جائے تو اس پر اپنی سیدھی کچھ رائے دے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوں ـــــــ بوڑھے پہلوانوں کو آپ نے سنا ہوگا کہ اکھاڑے میں اتر کر کشتی کے قابل نہیں رہ جاتے باہر بیٹھے ہوئے داؤ پیچ بتا سکتے ہیں، فن کے گر سکھا بنا دیتے ہیں۔

مزاح وظرافت اور طنز وتعریض دو الگ الگ چیزیں ہیں، امید ہے کہ اس فرق کو خاص طور پر ملحوظ رکھا جائے گا۔ بلکہ خود شوخی وظرافت کے درمیان میں جو لطیف فرق ہے اُسے نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔

شاعروں میں اکبر اور نثر نگاروں میں محمد علی جوہر ان سب اصناف کے جامع ہوئے ہیں۔ اکبر پر تو یقینی ہے کہ میگزین میں خوب کھل کر لکھا جائے گا۔ باقی کسی کو جوہر کی نثر نگاری پر بھی پوری توجہ کرنی چاہیئے۔ مضامین محمد علی، حالات محمد علی، نگارشات محمد علی وغیرہ کے نام سے کئی مجموعے نکل چکے ہیں، کم از کم انہیں تو ضرور ہی لیا جائے۔

لطیف، سبک، شوخ نگاری کی مثالیں ریاض خیر آبادی کے ہاں کثرت سے ملیں گی۔ کوئی ریسرچ کر کے ذرا دیکھے تو، اور نذیر احمد تو کسی طرح بھولنے والی چیز ہی نہیں۔

غیر مشہور اور گمنام لکھنے والوں میں یہ دو بھی از سرِ نو قدر دانی کے محتاج ہیں۔ ایک سید محفوظ علی بدایونی مغفور، دوسرے شیخ ولایت علی۔

ظرافت اپنی حدود سے تجاوز کر کے ذاتیات اور شخصی ہجوگوئی تک پہنچ جاتی ہے۔ اس کی مثالیں اودھ پنچ اسکول میں بہت ملیں گی۔ اور گلزار نسیم پر جو قیامت خیز بحث شروع ہوتی تھی، اُس میں آخر میں طرف دارانِ شرر بھی اسی سطح پر اتر آئے تھے۔ ملاحظہ ہو ظریف مرحوم کے فائلیں ـــــــ ایک طرف ہیں "خطوط بنام اعلیمین کے نام" دوسری طرف ہیں "مکتوب سجادی خاتم کے نام"

ہزل، ہیکڑ، فحاشی سب کے ڈانڈے آکر مسخ شدہ ظرافت سے مل جاتے ہیں۔

مولانا ابوالکلام کا جو مقام ادبیات میں ہے وہ تو نظر میں ہو ہی گا۔ بہر حال کے لکھنے والوں میں شوکت تھانوی، رشید صدیقی، قاضی عبدالغفار، سالک، پطرس اور کنہیالال کپور۔

ہر مذہبی مناظرانہ رسالوں اور کتابوں میں جو ایک دوسرے پر غلاظتیں اُچھالی گئی ہیں اُن سے بھی کترا کر کیسے گزر ہے گا! انہیں بھی سمیٹنا لازمی ہے ـــــــ ایک مولوی صاحب رسالہ کہتے ہیں "شریعت کا لٹھ" معاً دوسری طرف سے جواب نکلتا ہے "شریعت کا آرہ" ـــــــ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقس علی ھذا۔ ایک رسالہ کا عنوان ہوتا ہے "شبقاب" (کھڑاؤں کے معنی میں) معاً جواب نکلتا ہے "کشاپ" (جوتی کے معنی میں)۔ بریلی سے آواز آتی ہے کہ "دیوبند کا ایک دیوبہ کہتا ہے"۔ دیوبند سے جواب نکلتا ہے "تُو نے جو ہم کو اپنا خصم قرار دیا ہے" الخ ————

اس چھچھن کی سیر آپ نے نہ کرائی تو کچھ نہ کیا۔

ایک مستقل عنوان "علی گڑھ کا حصہ ظرافت وطنز میں"، ضرور رکھیے اور اس کی ابتدا خود سرسید سے کیجیے ———— لیجیے معذرت نامہ خود ہی مضمون بن چلا۔

والسلام، نیاز مند،

عبدالماجد

میکش اکبرآبادی

دریاباد۔ بارہ بنکی بسم اللہ

مکرمے! وعلیکم السلام

آپ کا مراسلہ مع اپنے نوٹ کے اگلے شمارہ (نمبر ۱۰) میں ان شاء اللہ نکلے گا۔ آپ کا مکتوب جس لہجہ میں ہے کاش چغتائی صاحب آپ ہی سے اسے سیکھ لیتے۔ سماع کے جواز وعدم جواز کا مسئلہ تو مدتوں سے زیر بحث چلا آرہا ہے۔ اور کوئی اصولی، اساسی مسئلہ ہے بھی نہیں، لیکن یہ لکھنے کی آج تک کسی کو ہمت نہیں ہوئی کہ "گانا سننا اور ناچ دیکھنا سنتِ رسولؐ ہے"! معاذ اللہ! آپ ہی فرمائیے ایسی گستاخیوں پر کوئی مسلمان کیسے صبر کرے۔

یا مثلاً یہ لکھ بیٹھنا کہ..... بخدا ایسے الفاظ نقل کرتے ہوئے میرا دل لرز جاتا ہے، یہ چغتائی صاحب کیسے مسلمان ہیں کہ بے تکلف ان خرافات کے مدعی ہو بیٹھتے ہیں۔

والسلام

عبدالماجد

نمبر ۹ جو چھپ چکا ہے اس میں لفظ "سلالہ" کے معنی پر ایک مفصل نوٹ ہے، دفتر کو لکھ رہا ہوں کہ ایک پرچہ آپ کی خدمت میں بھیج دیا جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاجی اصطفا خاں لکھنوی (کراچی)

(۱)

اصطفا خاں کے جواں سال صاحبزادے کے حادثۂ انتقال پر مولانا دریابادی کا تعزیت نامہ
شہید صاحب سے اشارہ مولانا صبغت اللہ شہید انصاری فرنگی محلی کی طرف ہے۔ دوسرے مکتوب میں بھی ان کا نام آیا ہے۔

دریاباد

۲۴ ستمبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

سانحہ کا ذکر پرسوں لکھنؤ میں شہید صاحب سے سنکر دل دھک سے ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔
لیکن سوچتا ہوں کہ آپ سے تعزیت کروں یا آپ کو مبارکباد دکھوں کہ کتنی بڑی قربانی آپ سے طلب کی گئی اور آپ کا ظرف کتنی سخت قربانی کے قابل سمجھا گیا۔ وَمَا یُلَقّٰھَا اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَمَا یُلَقّٰھَا اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ۔
میں تو آپ کے صعوبات سفرِ حج ہی کا ذکر ایک صاحب سے سنکر عش عش کر رہا تھا کہ کیا حج مقبول آپ کو نصیب ہوا اور کیسے کیسے مجاہدے اضطراراً آپ سے کرائے گئے کہ اس آخری اضطراری مجاہدۂ عظیم کا نمبر تو سب سے بڑھ گیا! ـــــ انعام واکرام لطف ونوازش کی جو بارش آپ پر ہونے والی ہے اس کا تو آج اندازہ بھی نہیں ہو سکتا۔
جوان، ہونہار محبوب لختِ جگر کا یوں اٹھ جانا کوئی معمولی مجاہدہ ہے؟! اللہ اکبر! مرحوم اگر شادی شدہ تھے تو بیوی بچوں پر کیا گزر رہی ہوگی۔
اللہ آپ کو، ان کے سارے متعلقین کو صبر جمیل عنایت کرے، اولاد کا صدمہ تو وہ چیز ہے کہ خود صابروں، شاکروں کے سرتاج صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسو اولادِ خرد سال تک پر نکل آئے ہیں ـــــ اور ہم ضعیف وناتواں امتیوں کو اس باب میں بھی ایک اسوۂ حسنہ نصیب ہو گیا ہے۔

والسلام علیکم

دعاگو وشریکِ غم:

عبدالماجد

(۲)

دریاباد

۲۸ نومبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

کرم گستر! وعلیکم السلام

آپ کا تعزیت نامہ خوب آ گیا۔ اس عرصہ میں آپ کئی بار یاد آ گئے، اور دل نے اس کو حسرت کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محسوس کیا کہ لکھنؤ میں آپ سے ملاقات کی صورت ایک مدت سے پیدا نہ ہوئی۔
آپ کا تازہ مجموعہ کلام کچھ روز ہوئے مل گیا تھا، شکریہ! شہید صاحبؒ کا دیباچہ خوب ہی ہے۔ گڑھنا میری زبان قلم پر ہمیشہ سے ہے اور اپنے اکابر کو میں نے یہی بولتے سنا اور یہی لکھتے دیکھا ہے۔ گھڑنا اور گھڑت صرف پنجابی حضرات کا تلفظ اور املا ہے اللہ آپ کو شفائے کامل دے کہ آپ جلد ہی سفر لکھنؤ کے قابل ہو جائیں۔

والسلام، دعاگو:
عبدالماجد

قاری محمد طیب قاسمیؒ دیوبندی

(۱)

مکتوب الیہ کی والدہ کے انتقال پر مولانا کا تعزیتی مکتوب۔

دریاباد
۲۷ اکتوبر ۱۹۵۹ء

مخدوم و مکرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

"الجمعیۃ" میں سانحہ کی خبر ابھی نظر سے گزری۔ اللّٰھم اغفرلہا وارحمہا۔
والدہ کا ظلِ عاطفت ہر سن میں ایک سایۂ رحمت اور دنیا میں سب سے بڑی نعمت ہی رہتا ہے، آپ خوش قسمت تھے کہ اتنے دن تک آپ کو مرحومہ کی خدمت کا موقع ملا اور جنت کا استحقاق ایک اس ذریعہ سے حاصل کر لیا۔
آپ کو تعزیت کے کلمات لکھنا لقمان کو حکمت کا درس دینا ہے۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ:
عبدالماجد

(۲)

پہلے خط کی وصولی کے موقع پر مکتوب الیہ علیگڑھ میں تھے جہاں اُن کی آنکھ کا آپریشن ہوا تھا اور "آنکھ کی کہانی" کے عنوان سے ایک منظم تحریر کی تھی اور مولانا دریابادی کو بھیجی تھی۔ مولانا کے دوسرے خط میں بھی اس کا ذکر آیا ہے۔

دریاباد
۱۵ دسمبر ۱۹۶۴ء

بسم اللہ

حضرت محترم! السلام علیکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"آنکھ کی کہانی" آں محترم کا عطیہ یہاں آتے ہی پڑھ ڈالی۔ سبحان اللہ و ماشاء اللہ۔ مجھے علم نہ تھا کہ آپ کو شعر و نظم پر بھی اس قدر قدرت حاصل ہے۔ ذٰلک فضل اللہ

کیا کیا قافیے نکالے ہیں کیسے کیسے مضمون باندھے ہیں (پیشہ ور شاعروں کے بھی چھکے چھوٹ جائیں) نہ کہیں سے جھول، اتنی طویل نظم میں کہیں سے آور دنہیں بس آمد ہی آمد ہے۔

خوش دماغ تو بحیثیت ایک سچے قاسم زادہ کے آپ تھے ہی، اب معلوم ہوا کہ ماشاء اللہ خوش فکر بھی اس درجہ میں ہیں۔ ماشاء اللہ۔

والسلام

دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۳)

دریاباد

۱۷ جنوری ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

مخدوم و مکرم! وعلیکم السلام

آپ کی آنکھ ماشاء اللہ کیا بنی کہ آپ نے بہتوں کی آنکھیں کھول دیں اور ہم بے بصروں کو بھی اپنی بساط کے مطابق کچھ نور کی شعاعیں نظر آنے لگیں۔

نور السمٰوٰت والارض بصیرت و بصارت دونوں میں ترقی بخشے اور لفظ و معنی، ادب و معرفت دونوں پر آپ کی حکمرانی برقرار رکھے۔

"صدق" میں بھی انشاء اللہ ضرور ذکر آئے گا۔

والسلام

دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

(۴)

مکتوب الیہ کی رفیقۂ حیات کے انتقال پر تعزیتی مکتوب۔

دریاباد

۹ فروری ۱۹۷۴ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

سانحہ نے دل کو انتہائی ملول کیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قلب انسانی کے لیے جو صدمے انتہائی صبر آزما ہو سکتے ہیں ان میں ایک یہی رفیقۂ حیات کی مفارقت ہے انشاء اللہ آپ اُس وقار اور عزیمت کے ساتھ گزر جائیں گے جو آپ کے مرتبۂ علم و فضل و معرفت کے شایانِ شان ہے۔ مجھ سے بڑھ کر اس عظیم تلخی کا لذت شناس اور کون ہوگا اور میرے لیے سب سے ٹھنڈا مرہم آپ کے مکتوبات و مضامین ثابت ہوئے تھے، آپ کا وہ احسان کبھی بھولنے والا نہیں۔

اللہ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور آپ کے رفع مدارج کو اس حادثہ کا سبب بنائے۔

"صدق" میں بھی انشاء اللہ اس کا ذکر کروں گا تاکہ کثرت سے لوگوں کو دعائے مغفرت و ایصالِ ثواب کا موقع ملے۔

مرد کا تو سارا نظامِ زندگی اور سکونِ قلب اس سے رخصت ہو جاتا ہے، بہرحال آپ کو مبارک ہو کہ اس اضطراری سنت (رحلتِ خدیجہؓ) کا موقع مل گیا۔

والسلام، دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

طاہر محسن کاکوروی

(۱)

مکتوب الیہ مولوی نورالحسن مولف نوراللغات کے پوتے ہیں اور ذوق تحقیق لغات اور لسانیات میں اپنے دادا کے سچے جانشین۔ الفاظ کی تحقیق ہی کے سلسلے میں مولانا دریابادی کو خط لکھا تھا، اس کا یہ جواب ہے۔ آخر میں اشارہ ترقی اردو بورڈ، کراچی کے زیرِ اہتمام لغت کے کام کی طرف ہے۔ اب اس ادارے کا نام اردو ڈکشنری بورڈ ہے۔

دریاباد

۲۰ ستمبر ۱۹۶۶ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

۱۔ "فضل" کے لیے میں نے اپنی تفسیر میں کچھ لکھا ضرور ہے لیکن اب اسے دوہرانا آسان نہیں۔ باقی آپ نے جو کچھ لکھا ہے وہ بھی صحیح ہے اور اپنی جگہ بالکل کافی۔

۲۔ "فروق" پر ضرور لکھیے لیکن کل کتاب تو بڑی ضخیم ہو جائے گی۔ اسماء، صفات، افعال۔ سب ہی اس کے تحت آجائیں گے۔ اسماء مثلاً گلا، حلق، حلقوم، ٹیٹوا کا فرق، صفات مثلاً سادہ دلی، سادہ مزاج، سادہ لوح کا فرق، افعال مثلاً لکھ دیجیے، لکھ ڈالیے۔ لکھ ماریے کا فرق۔

مماثل الفاظ کا ذخیرہ تو بہت بڑا ہے۔

۳۔ اللہ۔ رب، خدا کا فرق ضرور لکھیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ الف مقصورہ کا املا تو انجمن ترقی اردو نے عرصہ ہوا محض الف کر دیا مثلاً ادنیٰ کے بجائے ادنا۔ تعالیٰ کے بجائے تعالا۔ اعلیٰ کے بجائے اعلا مگر یہ رواج پوری طرح چل نہ سکا حروف کے بدلنے کی بحث دوسری ہے "ص" ھ کے بجائے س، ح کے بجائے ہ اور ض کے بجائے ز کرنے میں بڑی ہی دقتیں پیش آئیں گی اور معنی اور مفہوم میں ایک بھونچال آجائے گا اس لیے اس رائے کا میں قطعی مخالف ہوں۔ لغت کا کام فرد واحد کے بس کا نہیں۔ انگریزی کے بڑے لغت دس دس بیس بیس فاضلوں نے مل کر اور انگریزی ادب کی ہزارہا ہزار کتابیں من و عن مطالعہ کرنے کے بعد لکھے ہیں۔ پاکستان میں اردو لغت کا کام اب اس بڑے پیمانے پر حکومت کی سرپرستی میں شروع ہوا ہے۔

مولوی نورالحسن مرحوم تن تنہا لغت لکھ کر بڑا ہی جہاد کر گئے۔ والسلام

عبدالماجد

(۲)

۲ر اپریل ۱۹۶۸ء

برادرم! السلام علیکم

یوم تو اب ہر کس و ناکس کا منایا جانے لگا ہے محسن مرحوم تو خیر بڑی چیز تھے ضمناً اس میں ذکر صاحب نوراللغات کا بھی آجانا چاہیے۔ کسی علمی خدمت سے معذور ہوں۔ ٹھیک تاریخ جلسہ معلوم ہونے پر "درپیام" عرض کروں گا ان شاءاللہ۔ والسلام

دعاگو و دعا خواہ: عبدالماجد

(۳)

مکتوب الیہ مولانا مرحوم کی اس رائے سے متفق نہیں ہو سکے۔ ان کا خیال تھا کہ "بربریت" کی اصل عربی ہے۔

۴ر جنوری ۱۹۷۳ء

برادرم! السلام علیکم

کاغذات کی الٹ پلٹ میں آپ کے کرم نامہ مورخہ ۵ر دسمبر پر نظر پڑ گئی۔ حیران رہا کہ اب تک یہ کیسے نظر سے غائب رہا۔ بہر حال اس سہو نظر پر دل سے معافی چاہتا ہوں۔ "بربریت" یہ انگریزی لفظ Barbarian سے اردو میں آیا ہے، انگریزی میں اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی، نیم وحشی، نیم جنگلی اور غیر مہذب کے ہیں۔ انگریزی سے مورد ہے اور اب اردو کا جزو بن گیا ہے۔ قرآنی رسم خط سے متعلق جو سوال ہے اُسے صدق میں دے رہا ہوں۔ انشاء اللہ آئندہ ہفتہ وہ دفتر سے پہنچے گا اور آئندہ نمبران میں جوابات آئیں گے۔ والسلام۔

دعاگو: عبدالماجد

(۴)

۱۹۷۴ء

برادرم سلمہ اللہ، وعلیکم السلام

عربی لغات کو اپنی بساط کے اندر کھنگالنے سے پتا چلا کہ "سندس" کے معرب ہونے پر سب کا اتفاق ہے یعنی سب ہی نے یہ لکھا ہے کہ عربی میں یہ لفظ باہر سے آیا ہے۔ لیکن یہ بہت کم کسی نے لکھا ہے کہ آیا کہاں سے ہے، یعنی کس زمانے میں اور کس زبان سے آیا ہے۔ کسی نے ہندوستان کو لکھا ہے، اور کسی نے ایسے ہی گول چھوڑ دیا ہے یعنی سب نے باریک ریشم کے لکھے ہیں۔ عربی لغت نویس کو ماخذ کی طرف جانا ضروری تھا بھی نہیں۔ افسوس ہے کہ اکاڈمی والوں نے نور اللغات کا مسئلہ بیچ ادھر میں چھوڑ دیا ہے۔ خیال یہ ہے کہ اس میں صدر صاحب مخل ہو رہے ہیں۔ والسلام۔

دعاگو: عبدالماجد

(۵)

۱۰ر مئی ۱۹۷۴ء

برادرم سلمہ اللہ وعلیکم السلام

زندہ ہوں اور بہر حال زندگی کی مدتِ موعود پوری کر رہا ہوں۔ والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شورش کاشمیری (لاہور) (۱)

اس خط میں مذکور "محمد علی" سے مراد محمد علی بوگرہ ہیں جو امریکہ میں پاکستان کے سفیر تھے۔ انہوں نے اپنی سیکرٹری سے شادی کر لی تھی۔ اس واقعے پر پاکستان کے بعض حلقوں میں بہت لے دے ہوئی۔ اسی واقعہ و ہنگامہ کی طرف اشارہ ہے۔

۸ر جولائی ۵۵ء

برادرم السلام علیکم

تازہ نوٹ پڑھ کر میں دنگ رہ گیا۔ پہلے تو دل میں آیا کہ سرے سے صبر کر جاؤں۔ پھر خیال آیا کہ ایک بار تو توجہ دلا ہی دینا چاہیے۔

پہلے تو عنوان ہی کھٹکا۔ بجائے نام کے "ایڈیٹر صدق" چاہیے تھا خیر اُسے چھوڑیے۔ کمال آپ نے یہ فرمایا ہے کہ ایک اہم مسئلہ شرعی کی تحقیق و تشریح کو۔ جس پر آپ کے پاکستان میں خصوصاً شد و مد سے حملے ہو رہے ہیں۔ تمامتر ایک پاکستانی شخصیت کی حمایت و نصرت قرار دے دیا ہے یہ نیت پر صریح حملہ نہیں تو آخر اور کیا ہے۔ اور اپنے ناظرین تک صدق کی صحیح پوزیشن کو تمام مسخ کر کے پہنچانا نہیں تو اور کیا ہے؟

کیا دنیا میں محمد علی ہی اس جرم کے تنہا مجرم ہیں؟ خود پاکستان ہی میں ایڈوکیٹ جنرل فیاض علی اور کتنے اور دل کی مثالیں حال ہی میں پیش آ چکی ہیں۔ پھر کچھ روز قبل وزیر اعظم انڈونیشیا کے لیے کیا کچھ اڈر رہا تھا؟

لکھنؤ میں ۱۹۳۰ء میں چودھری خلیق الزمان کا میں حشر دیکھ چکا ہوں۔ بہ قول خود انہیں کے جب تک میں نے آشنائی جاری رکھی۔ کوئی کچھ نہ بولا۔ بس جس دن عقد کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک آگ لگ گئی۔"

۱۹۳۱ء میں میں نے بھی یہی جرم کیا تھا۔ ایک رات کسی صاحب اولاد اور مصیبت زدہ بیوہ کے ساتھ عقد کر لیا تھا۔ جس میں حظِ نفس (جی ہاں وہی حظِ نفس جس کو آپ حضرات کی شریعت نے ایک مستقل معصیت قرار دے رکھا ہے) کے ساتھ ساتھ ان بیچاری کی امداد کا بھی خیال تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ ایک طوفان برپا ہو گیا۔ خاندان اور برادری والوں نے جو کچھ کہا اسے چھوڑیے۔ مستقل پمفلٹ "عبدالماجد دریا آبادی بے نقاب" کے نام سے نکلا۔ ہفتوں نہیں مہینوں اخبارات و رسائل کے صفحات اسی بحث سے پُر رہے۔ لکھنؤ سے لے کر لاہور تک پورا محاذ جنگ قائم ہو گیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سید حبیب شاہ مرحوم کا خط اب تک یاد ہے۔ لکھا تھا کہ "آپ کے خلاف یہ فردِ جرم لگی ہے آپ اپنی صفائی میں جو کچھ کہنا چاہتے ہوں کہیے"

دہلی کے ایک ہفتہ وار نے سرخی جمائی "ایک مولانا کی حرم سرا کے اسرار"!

غرض یہ کہ ہر تھوڑے دنوں کے بعد یہ فتنہ اُٹھتا ہے اور جس کے دل میں ذرا بھی غیرت دینی ہے اس پر فرض ہے کہ اس جزئی ارتداد کے مقابلہ میں صف آرا ہو۔

ابوا وغیرہ سلامت رہیں۔ اب یہ فتنہ شدید تر ہو گیا ہے اور حرام کاری اور عقد ثانی کا مقابلہ کھلم کھلا شروع ہو گیا ہے۔

کیا محمد علی اب سیاسی حیثیت سے اس درجہ مبغوض و مردود ہو گئے ہیں کہ کوئی شرعی مسئلہ بھی ایسا نہ بیان کیا جائے جس سے ضمناً انہیں اپنی شخصی زندگی میں کچھ فائدہ پہنچ سکتا ہو؟

آخری فقرہ "خدا کے لیے آفتاب سے ذروں کو نہ ملایئے" ——— کے جواب میں سوا اس کے اور کیا عرض کروں کہ خدا کے لیے کوئی طریقہ بتایئے کہ امت کے اعمال کے جواز و عدم جواز کی بحث میں بجز اسوہ انبیاء کے پیش کرنے کے کوئی اور معیار رکھا جائے ——— ! جو خاص الخاص معیار امت کے ہاتھ میں ہے۔ اسی کو آپ اس سے چھین لینا چاہتے ہیں۔

آخری سوال۔ عوام سے ہم آہنگ ہو کر اور انہیں کی سطح پر آ کر یہ "حظِ نفس" کو جرم آپ نے آخر کس دلیل سے قرار دے لیا ہے؟

صدق میں یہ بحث نہیں لانا یہ مراسلہ چٹان کے لیے نہیں آپ کے نام ذاتی مکتوب ہے ہاں آپ چاہیں تو اس کے کچھ حصے دوسرے اشخاص کے نام حذف کرنے کے بعد شائع کر سکتے ہیں۔

دوستوں۔ مخلصوں سے مناظرہ کرنے میں دل کو جتنی کوفت ہوتی ہے اسے کچھ میرا دل ہی جانتا ہے۔ خط ارادہ کے خلاف اتنا طویل ہو گیا۔

ہاں ایک بات اور یاد پڑ گئی۔ آپ کے تازہ مرحوم دوست منٹو کی حمایت کے جوش میں بالکل بلا ضرورت ایک سخت اتہام میرے اوپر لگا کر دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اسے جس وقت تک میں نہ معاف کر دوں اللہ میاں بھی شاید معاف نہ فرمائیں۔

والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

شورش مرحوم نے چٹان کے سالنامے کے لیے مضمون کی فرمائش کی تھی

۱۰ر دسمبر ۱۹۵۵ء

برادرم السلام علیکم

خصوصی نمبر کے لیے مضمون کی فرمائش عرصہ سے آئی ہوئی ہے تعمیل کے لیے وقت کہاں سے لاسکتا تھا۔ معذرت نامہ کو سوچ ہی رہا تھا کہ ۸ر نومبر کے چٹان میں ایک ادبی مضمون پر نظر پڑگئی اور جی میں آیا کہ الٹی سیدھی چند سطریں اسی ذیل میں لکھ بھیجوں۔ تراشہ رکھا لیا۔ اور آج خدا خدا کر کے اتنا موقع بھی مل پایا۔

(۱) سرورق پر جو فوٹو آپ نے اس وقت کے مشاہیر کا دیا ہے بیشک وہ ایک یادگار چیز ہے۔ کچھ اور چیزوں کی تصریح اس کے ساتھ ضروری نہیں۔

الف۔ یہ گروپ غالباً ۱۹۰۱ء کا ہے۔

ب۔ گروپ کے چھ ممبر غالباً اس وقت کی انجمن ترقی اردو کے ممبر ہیں۔ انجمن اس وقت نئی نئی قائم ہوئی تھی اور مستقل وجود رکھنے کے بجائے محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا ایک شعبہ تھی۔ مولانا شبلی سیکرٹری تھے اور محسن الملک، وقار الملک، نذیر احمد، حالی، آرنلڈ اس کے ارکان۔

ج پروفیسر ٹی ڈبلیو آرنلڈ (یہ بعد کو ڈاکٹر اور پروفیسر بنے) مصنف "پریچنگ آف اسلام"۔ استاد اقبال۔ ایک بڑے شریف اور اسلام دوست انگریز تھے۔ ۱۹۳۰ء تک زندہ رہے۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا آخری مکمل یعنی تیرھویں ایڈیشن میں اسلام اور اسلامیات سے متعلق مضامین ان کے قلم کے یا ان کے نظر ثانی کیے ہوئے ہیں۔ مارگولیتھ وغیرہ کے پھیلائے ہوئے زہر کا توڑ بڑی حد تک جن چند شریف مصنف مزاج انگریزوں نے کیا ہے۔ ان میں سر ڈیشن رامی کی طرح پیش پیش سر ہیوڈر آرنلڈ بھی تھے۔

(۲) یہ فوٹو غالباً سب سے اول بار "انتخاب مخزن" میں نکلا تھا مخزن مرحوم کا اب کوئی کیسا تعارف کرائے کہ اپنے زمانہ میں لاہور کیا معنی، ہمارے ہندوستان کا کیسا بیش بہا ادبی پرچہ تھا۔

(۳) الف مولانا شبلی کا اصل تخلص صرف شبلی ہی تھا۔ شبلی نعمانی بس کہیں کہیں ضرورت وزن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی سے لاتے ہیں۔

ب۔ مولانا شبلی کے قیام حیدر آباد کا زمانہ قیام لکھنؤ سے قبل کا ہے داغ کی جس صحبت کا ذکر آیا ہے مولانا شبلی اس وقت جوان تھے۔

(۴) الف۔ محسن الملک مرحوم شیعہ سے سنی ہوئے تھے۔ حنفی نہیں۔ اغلباً مسلک اہلحدیث پر آخر دم تک قائم رہے۔

ب۔ سرا ینتھونی میکڈانلڈ (میکڈانلڈ نہیں) کا سرکار صرف دیوناگری رسم الخط کے اجرا سے متعلق تھا۔ ہندی زبان سے متعلق نہیں۔

ج۔ محسن الملک بہادر نے علی گڑھ کالج کی سیکرٹری شپ سے استعفا کو پیش کر دیا تھا۔ لیکن بالآخر رہے وہی سیکرٹری اپنے وقت وفات تک۔

(۵) الف۔ حالی کا دیوان اور مقدمہ دیوان دونوں ساتھ ہی ساتھ چھپتے تھے۔ شعر و شاعری کے نام سے مقدمہ الگ ہو کر تو ان کے انتقال کے بعد شائع ہوا ہے۔

ب۔ ان کے شدید مخالفوں میں شیخ سجاد حسین کا کوروی ایڈیٹر "اودھ پنچ" بیشک آگے آگے تھے اور ان کا ساتھ شیخ احمد علی شوق ایڈیٹر آزاد بھی دے رہے تھے حسرت موہانی کو ان دونوں کے ساتھ منسلک کرنا صحیح نہیں۔ حسرت نے اپنے ماہنامہ اردوئے معلی میں اول تو تنقید بہت بعد کو کئی سال بعد کی۔ اور دوسرے اس کا رنگ اودھ پنچی بالکل نہ تھا۔ دونوں شعر جو آپ نے نقل کیے ہیں وہ خالص اودھ پنچی ہیں۔

ج۔ دوسرے شعر کا دوسرا مصرع صحیح یوں ہے کہ

غازی میاں کا حال ڈفالی سے پوچھیے

اودھ میں دھوم دھام سے میلہ غازی میاں کا ہوتا ہے۔ (نہ کہ بدھو میاں کا) جس میں ڈفلا خوب بجتا ہے۔

(۶) مولانا شبلی سر سید سے سن میں بہت چھوٹے تھے اور ان کا بڑا ادب کرتے تھے۔ تحقیق کے لیے استفسار ضرور انہوں نے کیا ہوگا۔ لیکن آج کل کے پڑھنے والوں پر اگر اس سے یہ اثر پڑے کہ دونوں ہم سن اور باہم بے تکلف دوست تھے تو یہ صحیح نہیں۔

(۷) نذیر احمد کے لکچر پر آزاد کی اصلاح والی روایت ذرا آشنہ ہے میں نے اسے اول بار مہدی افادی مرحوم سے بحوالہ مولانا شبلی سنا لیکن جب خود مولانا سے دریافت کیا تو انہوں نے

www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے بالکل انکار فرمایا۔ اور کہا کہ نذیر احمد بھلا اسے کیسے گوارا کر سکتے تھے کہ اپنا لیکچر اصلاح کے لیے کسی کے آگے پیش کریں۔

(۸) شورش مرحوم عالم دین تو شروع ہی سے تھے۔ ہاں آخر زمانہ میں صورۃً بھی پورے مولوی ہو گئے تھے۔ داڑھی بہت بڑی اور گھنی صوفی نہ تھے، عامل بالحدیث تھے۔

والسلام۔ دعاگو: عبدالماجد

(۳)

شورش مرحوم کے والد کے انتقال کی خبر پڑھ کر۔ ماہ مبارک سے اشارہ رمضان کی طرف ہے

دریاباد
۱۹ر اپریل ۱۹۵۶ء

برادرم! السلام علیکم

۱۵ر کا نوائے وقت ایک روز کی تاخیر سے کل ۱۸ر کی شام کو موصول ہوا اور اسی میں سانحہ کی خبر پڑھی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

سن کچھ ہی ہو جاتے باپ کا وجود دنیا میں ایک بہت بڑی نعمت ہوتا ہے جس کا کوئی بدل نہیں اور اس کے بعد ساری ذمہ داریاں اپنے ہی سر آپڑتی ہیں۔

مرحوم کی مغفوریت کے لیے یہی کیا کم ہے کہ ماہ مبارک نصیب ہوا۔

دعاگو و شریک غم:
عبدالماجد

(۴)

شورش مرحوم نے چٹان میں حاجی سید وارث علی شاہ کے معتقدین کی روش کے بارے میں بعض خیالات کا اظہار کیا تھا۔ مولانا دریابادی نے اپنے خط میں انہیں سے اتفاق، اختلاف یا وضاحت کی ہے۔ مولانا دریابادی نے شورش کے معروضات کا نمبروار جواب دیا ہے نمبر ۱ میں حاجی وارث علی شاہ، مولانا اشرف علی تھانوی اور مولانا حسین احمد مدنی کی طرف اشارہ ہے۔ نمبر ۲ میں حاجی صاحب کے اور ان کے مریدین کے ننگے پاؤں رہنے، جوتا نہ پہننے اور ہمیشہ حالت احرام میں رہنے کی روایت اور اس کے پس منظر کا ذکر آیا تھا۔ نمبر ۳ میں پنجاب کے بعض دنیا دار وارثی فقرا کا بیان تھا۔ نمبر ۴، ۵ اور ۸ میں حضرت حاجی صاحب کی اکل و شرب کی عدم احتیاج کا بیان تھا۔ نمبر ۶، ۷ اور ۹ میں ملک غلام محمد سابق گورنر جنرل پاکستان کی طرف اشارہ ہے کہ وہ حضرت حاجی صاحب کے مرید تھے، خواب میں انہیں دیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا اور بارہا وہ ان میں صرف اعتقاد رکھتے تھے ۔ نمبر ۹ میں حضرت حاجی صاحب کے ایک مرید کے عشق و سرمستی کے واقعہ کا بیان ہے اور اس بات کی تردید کہ "پیارے" جس پر وہ فریفتہ ہوئے تھے، ان کی عزیزہ تھی ملوائف ہرگز نہ تھی ۔ مولانا دریابادی کا خط ملاحظہ ہو ۔ القاب و آداب شاید چٹان کی اشاعت میں حذف کر دیے گئے ہوں ۔

۷ / فروری ۱۹۵۸ء

۱۔ حاجی صاحب کی ذات مختلف فیہ رہی ہے ۔ جہاں آپ کے ماننے والے بے شمار تھے وہیں، منکرین کی جماعت بھی اچھی باوقعت و اقتدار رہی ہے ۔ حضرت تھانویؒ ۔۔ مولانا حسین احمدؒ وغیرہما کا شمار اسی آخری جماعت میں تھا ۔

حاجی صاحب کا انتقال ۱۹۰۵ء میں ہوا ہے جب میں ۱۲ سال کا تھا ۔ اتفاق بڑا اسی دن زلزلہ بھی آیا ۔ معتقدوں نے اسے بھی کرامت پر محمول کیا خود میرے اعزہ میں کثرت سے آپ کے معتقد تھے ۔ لیکن بعض شدید مخالف بھی ۔ حالات دونوں کی زبان سے بہت کثرت سے سننے میں آتے ۔ آخری فیصلہ میں نے یہ کیا کہ آپ تمام تر سکر سے مغلوب ایک مجذوب تھے ۔ اور اس لیے مرفوع القلم ۔ قطعی تارک الدنیا اور ہمہ وقت مستغرق ۔ لیکن تربیت و ارشاد کے ناقابل عمر بھر مجرد رہے اور ہر قسم کے علائق سے آزاد ۔۔۔۔

۲۔ ہر مرید یا تبع نہیں ۔ یہ وضع صرف واستی فقرا کی تھی اور ہے ۔

۳۔ صدقت و بررت (تو نے سچ کہا خدا تیرا بھلا کرے (آزاد ترجمہ)

۴۔ یہ روایت ممکن ہے کہ کسی خاص دور زندگی کی حد تک صحیح ہو عام حالات میں آپ عدم اقتیاج کے پابند کبھی نہ تھے ۔ سال کے ۱۲ مہینے ایک خود فراموشی کی کیفیت طاری رہتی تھی ۔ کھانا پانی کوئی بھی چیز خود سے طلب نہ کرتے ۔ جب اور جس وقت کسی نے جو کچھ کھلا دیا برائے نام کھا پی لیتے ۔

۵۔ لیکن قطعی انکار اس سے بھی نہ کرتے ۔ جب کسی نے بریانی شیر مال وغیرہ پیش کر دی ایک آدھ لقمہ اس میں سے بھی چکھ لیتے ۔

۶۔ ان کو حاجی صاحب کی زیارت صرف خواب میں ہوئی تھی ۔

۷۔ ایک دفعہ نہیں بارہا ۔

۸۔ یہ روایت خدا معلوم آپ نے کہاں سنی ؟ ملک صاحب کا کوئی پیر نہ تھا ۔ جو کچھ بھی تھے ۔ وہ حاجی صاحب ہی تھے ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۹- سب سے زیادہ دھکا آپ کو یہیں ہوا ہے۔ اسی ضلع میں دیوا سے چند میل کے فاصلے پر ایک قصبہ ہے تیر اگاؤں وہاں کے ایک شریف زادہ حافظ عبدالکریم نامی تھے حاجی صاحب کے پر ستاروں میں۔ پیاری بیچاری کوئی طوائف نہ تھی۔ انہیں کی حقیقی پھوپھی زاد بہن تھی۔ حافظ اس پر فریفتہ ہو گئے اور بجائے کسی لفنگے پن کے اس سے باضابطہ عقد کر لینا چاہا۔ لیلیٰ کے والدین کی طرح پیاری کے والدین کو بھی ضد آ گئی۔

اس کے بعد کی داستان بڑی طویل بھی ہے اور حیرت انگیز و درد ناک بھی۔ مجنوں کے قصے تو سُنے سنائے ہیں۔ حافظ نے اس ساری داستان کو "شنیدہ" کی بجائے "دیدہ" کر دکھایا۔ گالیاں کھائیں، مار کھائی۔ محلہ کے لڑکوں نے چھیڑا یا۔ دھوبن نے پیاری کے کپڑوں کا بہانہ کر کے آپ اُن سے انعام وصول کیا۔ ایک بار اس جنونِ عشق میں (چہرہ پر سیاہی کا مسالہ مل کر) جن کا روپ بھر کر رات کو اس کے مکان میں کود ے۔ ماں وغیرہ سب ڈر کر چھپ گئیں۔ ان کے ہوش اس عالم میں بھی اتنے باقی رہے کہ انہوں نے پیاری سے صرف قرآن مجید سنانے کی فرمائش کی۔ آخر ایک بار اس کے گھر کے کنویں میں خودکشی کے ارادہ سے پھاند پڑے۔ لوگوں نے زندہ نکال لیا۔ لیکن سخت زخمی ہو چکے تھے۔ اُدھر پیاری کی شادی کسی اور سے ہو گئی۔ اور اس سے اولاد بھی ہوئی (اس کا بھی امکان ہے۔ کہ پیاری ۹۰، ۹۲ سال کی عمر میں اب بھی کہیں زندہ ہو۔) حافظ آبادی اور ویرانے سب کہیں ایک کمبل اوڑھے اور "مزہ ہے پیاری کا" نعرہ لگاتے پھرتے رہے۔ آخر میں دوسروں کی سفارش پر مرشد ہی کو رحم آیا۔ حافظ کو حجرہ میں تنہا بلا کر مراقبہ کرایا۔ اس کے بعد خود حافظ پیاری (یہی ان کا نام پڑ گیا تھا) کی روایت بھی یہی تھی کہ۔

"میں نے دیکھا کہ پیاری دلہن بنی ہوئی ایک چھپر کھٹ پر بیٹھی ہوئی ہے۔ بے انتہا حسین و دلکش میں بے خود ہو کر پیروں پر گر پڑا۔ اور مرشد کی آواز کان میں آئی کہ تو اپنے رب کو بھی حشر میں اسی شکل میں دیکھے گا ——— آنکھ کھل گئی۔ دل کو تسکین تھی اور وہ سارا شورش کا اثر غائب تھا۔" واللہ اعلم

میں نے حافظ پیاری کا آخری زمانہ دیکھا ہے ۱۹۲۲ء سے کئی سال بعد اُن کے وقتِ انتقال تک، سیکڑوں، ہزاروں معتقد خود اُن کے بھی تھے۔ بخصوصاً بمبئی کے سیٹھ اور حیدر آباد کے امرا۔ اور ان کی زندگی بڑی امیرانہ بسر ہو رہی تھی۔ دیوا ہی میں ان کا بھی مزار ہے۔

(۵)

دریا باد بارہ بنکی

۱۹؍ مارچ ۱۹۵۲ء

مخدوم و علیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبل اس کے کہ اپنے سفرنامہ کے سلسلے میں ذکر (اور ذکر ہمیشہ ذکر خیر ہی کا مرادف نہیں ہوتا) آپ کا، اور آپ کی ٹھاٹھ باٹھ والی دعوت کا کروں، آپ کا والا نامہ پہنچ گیا۔ کل شام کو ملا اور آج صبح ہی پہلی ممکن ڈاک سے جواب لکھنے بیٹھ گیا۔ سفرنامہ میں اس ذکر کا موقع تو کہیں ہفتوں بعد نکل پائے گا۔

تازہ چٹان ابھی ابھی ڈاک سے ملا اس میں ۳ر مارچ کے چٹان کے حوالہ سے ایک مراسلہ مولوی مسعود علی ندوی پر بڑا تند و تلخ نکلا ہے مجھے اصل مضمون بالکل یاد نہیں پڑ رہا ہے۔ یاد کر کے وہ تراشہ ضرور بھیج دیجیے گا۔

آپ نے سوال کر کے ایک نازک مسئلہ چھیڑ دیا۔ مولانا مرحوم سے اختلاف دار المصنفین کو تو کبھی نہیں رہا البتہ خود سید صاحب مرحوم کی مولانا سے متعدد رنجشیں اور شکایتیں رہیں جن کا اظہار وہ اپنی صحبتوں میں برابر کیا کرتے تھے۔ وہی آپ تک پہنچی ہوں گی۔ پہلی شکایت سید صاحب کو یہ تھی کہ الہلال (دور اول) کے فلاں فلاں مشہور و مقبول مضمون سید صاحب کے قلم کے تھے بعد کو کسی مجموعہ میں چھپے مولانا کے نام سے۔ اور مولانا نے اس انتساب کی تردید نہ کی۔ دوسرا اعتراض سید صاحب کو غبار خاطر اور تذکرہ کے متعدد بیانات پر تھا۔ مثلاً مولانا کا سفر عراق، یا مولانا کے بزرگوں میں فلاں فلاں بزرگ کا ہونا ان سب کو وہ افسانہ سمجھتے تھے اور اس ضمن میں مولانا کی از سر نو تعلیم بھی آجاتی اگرچہ اس روایت کی براہ راست ذمہ داری مولانا پر نہیں آتی اس طرح ترجمان القرآن کے وہ ذرا بھی قائل نہ تھے اور اس میں ان کے ساتھ اہل علم کا ایک بڑا گروہ تھا۔ ان سب کے علاوہ بعض شکایتوں کا تعلق مولانا کی ذاتی مذہبی زندگی سے ہے۔ مثلاً ترک نماز، ترک روزہ اور وہ شغل شبانہ جس کا نام نہ لوں گا۔ (اس کے متعلق روایتیں آخر تک ملتی رہیں اور ان صحبتوں کے محرم راز صرف آصف علی وغیرہ تھے)، ہاں صاحب وہ ——— ندوی کون سے ہیں! جواب تک مولانا کی طرف سے صاف نہیں ہو سکے ہیں۔ اس کا جواب ضرور دیجیے گا۔ ایک اور بھی بات عرض کر دوں۔ جس سے بہت سی باتوں کا جواب از خود نکل آئے گا۔ انسان کی زندگی میں دور طرح طرح کے آتے رہتے ہیں اور جس نے صرف پہلے دور دیکھے ہیں وہ اکثر اگلے دوروں کا تصور بھی نہیں کر سکتا ایک مجھی کو لیجیے میری موجودہ وضع قطع کو دیکھ کر کون یقین کر سکتا ہے کہ ایک زمانہ میں شدید ملحد رہ چکا ہوں اور اس سے بھی قبل اپنے اسکولی دور میں ایک اچھا ایکٹر! تو بس یہ سمجھ لیجیے کہ سنہ ۰۵ء، سنہ ۱۷ء بلکہ سنہ ۳۵ء، سنہ ۳۶ء کے بھی ابوالکلام سنہ ۱۳ء ۱۴ء والے ابوالکلام سے بالکل ہی مختلف تھے۔ ان کی ذہانت، فطانت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طباعی ہر دور میں نمایاں رہی ہے لیکن ان کی نفاست اس دور میں بہت ہی مشتبہ رہی۔ بالکل اگر آپ تھوڑی سے ناگواری برداشت کر لیں تو ایک موجودہ فاضل ندوی کا یہ فقرہ اس وقت کا تعل کر دیتے ہیں کہ "یہ حضرت تو اپنے وقت کے ابو زید السراجی ہیں" (سراجی مقامات حریری کا ایک مشہور کیریکٹر، چرب زبانی میں اپنی مثال آپ) سید صاحب چونکہ مولانا سے بہت زیادہ قریب رہے ہے اس لیے ان کا تاثر اس قسم کا بہت بڑھا ہوا تھا۔

آپ سے عرض کروں گا کہ ایسے لوگوں کو (اور اب وہ دو ہی چار رہ گئے ہیں) زیادہ قابل الزام نہ سمجھیں۔ وہ ایک حد تک معذور ہیں۔ اور خبث نفس کے مجرم تو بہر حال نہیں۔

مولانا ذاتی طور پر میرے محسن رہے خصوصاً آخر زمانہ میں چنانچہ اس کا ذکر بھی میں نے اپنے مضمون کے آخر میں کر دیا ہے یہ اور بات ہے کہ ان کی ساری کوششیں ناکام رہیں تا وقتیکہ کہ خود پنڈت جی نے ان کی تائید نہ کی۔

ظاہر ہے کہ یہ خط محض نجی کا اور صرف آپ کے ذاتی معلومات کے لیے ہے۔ یہ اثر شاید آپ کے خلوص ہی کا ہے کہ دل کھول کر آپ کے سامنے رکھ دیا۔

حدیث الغاشیہ والا مضمون تو بہت پرانا ہے، ۱۳ء کا آپ جس کا حوالہ دے رہے ہیں وہ ۲۴ء کا ہے (نہ کہ ۲۷ء کا) مصطفیٰ کمال کی تنسیخ خلافت کے بعد۔ اسی کا عنوان "النباء العظیم" تھا اور اس کا پہلا نمبر خلافت (بمبئی) میں نکلا تھا اس میں تو تعریض مولانا محمد علی کی جوشیلی تائید خلافت پر تھی۔ مولانا محمد علی اس کا جواب لکھا ہی چاہتے تھے کہ کچھ مخلصین نے درمیان میں پڑ کر اس سلسلے کو بند کرا دیا اور دوسرا نمبر ہی اس کا نہ نکل سکا۔

ہاں صاحب یہ چٹان کی ایک بات سے نہایت ہی ناخوش ہوا تھا اور دلی رنج کے ساتھ غصہ بھی محسوس کیا تھا۔ یہ بوٹا سنگھ کو ہیرو بنانے کی کوشش دینی دینوی ہر اعتبار سے بہت ہی مکروہ

والسلام، دعاگو دعاخواہ،

عبدالماجد

مولانا کے ابتدائی دور (قیام بمبئی) کے ایک رفیق آغا حشر مرحوم تھے وہ ایسے ایسے قصے بیان کرتے تھے کہ مولانا کا کوئی معتقد انہیں برداشت نہیں کر سکتا۔ آغا سے مجھ سے ۱۹۱۵ء لکھنؤ میں خوب ملاقاتیں رہی تھیں۔ اسی محلہ میں وہ مع اپنی کمپنی کے ٹھہرے ہوئے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۸ر اپریل ۱۹۵۸ء (۶) دریا باد ضلع بارہ بنکی

برادرم وعلیکم السلام

مکتوب کے جواب میں مقالہ اور مقالہ کیا پورا رسالہ لکھ ڈالا میرے شیر نے! میں نے بھی وقت نکال ایک نہیں دو نشستوں میں پڑھ ہی لیا۔ اول سے آخر تک۔ یہ ہمت بھی کچھ کم نہ رہی۔

میرا لہو بھی خوب ہے تیری حنا کے بعد!

غازی مسعود کو میں آپ کی طرف سے لکھے دیتا ہوں لیکن حضت یہ کیا کہ میں نے مانگا کچھ اور آپ نے بھیجا کچھ؟ میں نے تو مانگی مولوی مسعود علی کی اصل تحریر یا تقریر تھی جو اس مراسلہ کا باعث ہوئی اور آپ نے مرحمت کیا الٹا وہی مراسلہ:

روزہ کی بدحواسی شاید ایسی ہی مثالوں کے دم سے اپنی شہرت قائم کیے ہوئے ہے .....

ہاں صاحب! عام السرائر کے لفظ میں ایک صریح فحش کنایہ بھی ہے مولانا شبلی کی نظر اُدھر نہ گئی، ورنہ وہ ہرگز یہ لفظ نہ لاتے۔ الفاظ کے باب میں بڑے محتاط تھے۔ مولانا ابوالکلام آزاد سے متعلق ایک ناگوار رپھتی بھی اسی زمانے کی مولانا نذیر احمد دہلوی کی جانب منسوب مجھ تک پہنچی ہے۔ واللہ اعلم صحیح یا غلط۔ راوی اگرچہ شیعہ ہیں لیکن بہ ظاہر ہر طرح ثقہ۔

مضمون کے بارے میں میرے تامل کو خدا کے لیے کسی تصنع و تکلف پر محمول نہ کیجیے۔ صرف میری معذوریوں کو مستحضر کر لیجیے اکٹھی چار بار فرمایشیں اسی ابوالکلام نمبر کے لیے اس وقت تک موصول ہو چکی ہیں۔ ایسی ہی زور دار دہلی سے اور علی گڑھ سے اور لاہور سے! دوسری فرمایشوں کا ذکر ہی نہیں، جو ڈھاکے سے اور کراچی سے دوسرے مخصوص نمبروں کے لیے مسلط ہو چکی ہیں۔

آخر انسان ہوں جن کیونکر بن جاؤں۔ دو چار سطریں دوسرے کاغذ پر گھسیٹے دیتا ہوں ہاشم سلمہ علی گڑھ میں آنے پر آپ کا خط انہیں دکھا دوں گا۔

والسلام، دعاگو: عبدالماجد

(۷)

مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب "انڈیا ونس فریڈم" کے رد میں "آزادی ہند" کے نام سے ایک کتاب رئیس احمد جعفری نے مرتب کی تھی لیکن سرورق پر مولانا آزاد کی تصویر کے ساتھ انکا نام بھی چھاپ کر یہ تاثر دیا گیا کہ یہ مولانا کی کتاب کا ترجمہ ہے۔ شاید یہ حرکت ناشر کی ہو۔ اسے علمی حلقوں میں سخت ناپسند کیا گیا۔ عبداللہ بٹ یم نے اسی پر سخت احتجاج کیا۔ شورش مرحوم نے بھی چٹان میں اس پر سخت تبصرہ کیا۔ اس میں ذکر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا دریابادی کا بھی آگیا تھا کہ جعفری صاحب مولانا دریابادی کے مخصوص ارادت مندوں اور مخلصوں میں تھے۔

دریاباد
۱۲ر اکتوبر ۱۹۵۹ء
بسم اللہ

کیوں حضرت یہ کجامی نماید کجامی زندگی مشق اپنے اس نیاز مند پر ہیں تو "آزادی ہند" کی شکل تک دیکھنے کا گنہگار نہیں پھر گرم گرم بحث کی لپیٹ میں میرا ذکر "خیر" کیا میں اس کا نہ محل سمجھ سکا نہ محل۔

بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ

ظاہر ہے کہ چٹان ۲۱ ستمبر کے وسط کا ہے۔

مینجر صدق حکیم عبدالقوی سلمہ ابھی گھڑی سواری لاہور گئے تھے آپ کے ہاں بھی حاضر ہوئے تھے اتفاق سے آپ موجود نہ ملے۔

والسلام دعاگو،
عبدالماجد

(۸)

مولانا دریابادی مرحوم کا درج ذیل مکتوب شورش مرحوم کے جس خط کے جواب میں تھا، یہاں اسے بھی درج کر دیا جاتا ہے شورش مرحوم کا یہ ایک نج کا خط تھا، لیکن مولانا دریابادی نے اس کا راست جواب دینے کے بجائے اسے اپنے جواب کے ساتھ ۲۳ر اپریل ۱۹۶۵ء کے صدق جدید میں چھاپ دیا شورش مرحوم نے اپنے جواب الجواب کے ساتھ یہ خط چٹان کی اشاعت ۳ مئی ۱۹۶۵ء میں چھاپ دیا تھا۔

مکتوب شورش

یکم اپریل ۱۹۶۵ء

مکرم و محترم مولانا! سلام مسنون

ایک ۲۶ مارچ کا صدق نہیں ملا، ایک دوست سے پتا چلا تو یہ شمارہ منگوا کر دیکھا صفحہ ۷ پر دارالعلوم ندوہ کے ایک صاحب کا مراسلہ اور آپ کی وضاحت دونوں میرے سامنے ہیں۔

۔ میں نے جو کچھ "چٹان" میں آپ کے حوالے سے درج کیا وہ آپ ہی کے قلم سے ہے، "ادھر من و عن درست"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔ میں نے آپ کو لکھا تھا کہ آپ مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر رح کا نشان کیوں نہیں دیتے۔ اس کا استعمال کن لوگوں پر ہوتا ہے، اور معیار کیا ہے؟ آپ نے جواب میں جو کچھ فرمایا وہ میرے پاس محفوظ ہے اس میں ذرہ بھر ہیر پھیر نہیں کیا گیا۔ میں افتراء پرداز پر لعنت بھیجتا ہوں۔

آپ نے جواب پوسٹ کارڈ پر لکھا ہے، اور مختصر ہے۔ اب سیاق و سباق کے نام پر گریز و فرار جائز نہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد ہی کے بارے میں آپ نے مذکورہ پوسٹ کارڈ لکھا ہے اور اس میں مولانا کا نام موجود ہے۔ آپ نے اب جو پوزیشن لی ہے صحیح نہیں ہے۔ پاکستان میں اپنے کسی معتمد، مخلص اور مسئول دوست یا عزیز کو ہدایت فرمائیے کہ وہ میرے ہاں اس خط کو ملاحظہ کر لیں۔ ڈاک کی مہر اور آپ کا قلم دونوں صاف ہیں۔ یہ خط شائع کیا گیا، تو مجھے اندیشہ ہے کہ آپ کو مزید پریشانی اور پشیمانی ہوگی۔ کہیے آپ کی رائے کیا ہے؟ افسوس ہے کہ آپ اپنا ہی لکھا بھول جانا چاہتے ہیں۔

۱۵/ اپریل ۱۹۶۵ء تک آپ کے جواب کا منتظر رہوں گا جواب نہ ملا تو میں یہ سمجھوں گا کہ آپ کے حافظہ نے تسلیم کر لیا ہے واضح رہے کہ میرے پاس آپ کے تین خط اور بھی ہیں جن میں مولانا سے متعلق آپ کے دل کا غبار موجود ہے۔

والسلام

المخلص: شورش کاشمیری

جواب

(از عبدالماجد)

مہربان نامہربان! وعلیکم السلام

شرفا کے ہاں دستور یہ ہے کہ ہر تلخ سے تلخ بحث کا بھی خاتمہ معذرت پر ہو جاتا ہے خصوصاً معذرت غیر مشروط پر ——— معذرت کر دی گئی، اُمید پوری نہ ہوئی۔

"گریز" اور "فرار" اور اس قبیل اور اس قبیلہ کے سارے ہی لغات کے بے محابا استعمال میں آپ کو جو ملکہ حاصل ہے۔ اس میں آپ سے مقابلہ کی مجال کس کو ہے ——— اپنا عجز تو تمام تر مسلّم ہے۔

رہا نفس جواب تو اس کے بارے میں فیصلہ تو جبھی ہو سکتا ہے، جب سائل کے اصل الفاظ بھی سامنے ہوں ——— اور ہاں اگر سائل سے بے تکلفی ہے، تو کبھی اس کے عقیدہ کے غلو کی اصلاح بھی مدنظر ہوتی ہے، پھر تاثر اگر یہ دیا جا رہا ہے کہ جواب کا تعلق مولانا کی ذات سے مخصوص و محدود تھا، تو یہ سو فیصدی باطل ہے۔ اس کے بجائے نام عمر، بکر، کسی کا بھی سوال میں ہوتا ضابطہ کے لحاظ سے سب کے لیے جواب ایک ہی ہوتا، اور خود مجیب کے حق میں تو سب سے بڑھ کر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"دل کا غبار" معلوم نہیں، آپ نے کس چیز کا نام رکھا ہے ظاہر ہے کہ مولانا مرحوم کو اُن کے سارے کمالات کے اعتراف کے ساتھ معصوم تو سمجھا جانے سے رہا۔ جیسا کہ کسی بھی فاضل محترم کو نہیں سمجھا جاسکتا۔ یقیناً موصوف کی کچھ کمزوریوں ہی کا ذکر ہوگا۔ اب اگر کوئی اپنے ممدوح، محبوب، مقتدا کے مثالب کو شائع کرنے ہی پر تُل جائے۔ گو ایک رقیب روسیہ کی زبان سے، تو اس کا ہاتھ کون پکڑ سکتا ہے؟ ——— البتہ عقیدت و اخلاص کی یہ ایک نئی قسم ہوگی۔

۱۸ء کے قبل جو کچھ بھی ہوا ہو، اس کے بعد سے اِدھر سے یہ احتیاط رہی تھی کہ حتی الامکان کوئی مخالفانہ بیان پبلک میں نہ آنے پائے۔ اور مولانا میرے ایسے ہی مخدوم و محترم ہوگئے تھے جیسے اس دور کے بہت سے دوسرے ادیب و خطیب، عالم و فاضل، لیڈر اور رہبر ——— احتیاط تو آپ تک کے باب میں یہ رہی کہ شکایتی مراسلے میں نام نہ آپ کا آنے دیا، نہ آپ کے پرچے کا ———

اب رہی میری "مزید پریشانی و پشیمانی"، تو اس کی سعی و اہتمام جس کا حصہ ہو چکا۔ اسے اب کسی تکلف، تامل و تذبذب کی ضرورت کیا ہے ؎

راضیم من شاکرم من اے حریف
پیش تو رسوا و پیش حق شریف،

مقصود آپ کی تحریر کا آپ یقین فرمائیں کہ اب بھی نہیں سمجھا۔ یعنی آخر آپ ثابت کیا کرنا چاہتے ہیں۔ اگر مختصر لفظوں میں آپ اسے فرمادیں، تو ممکن ہے کہ بات بہت جلد صاف ہو جائے۔ یوم الحساب جس طرح مجھ "پیر فرتوت" سے دُور نہیں، اسی طرح آپ سے جواں سال سے بھی نہیں۔ اور عجب نہیں کہ یہ سب مولانا مرحوم کے عین مواجہہ میں ہو، کہ ہم دونوں میں ظالم کون ہے اور مظلوم کون۔

بحث کی بنیاد آپ نے میری ایک نجی تحریر کو رکھا ہے اس لیے جواب بھی اپنی نجی حیثیت میں دے رہا ہوں۔

جواب الجواب

اُوپر کا خط اور اس کا جواب ناظرین کرام پڑھ چکے ہیں۔ میرا خط مولانا کے نام ذاتی تھا، برائے اشاعت نہ تھا۔ لیکن مولانا شرافت اور شرفاء کے حوالے تو دیئے جاتے ہیں، شرافت کے ادنیٰ تقاضہ کو سمجھنے کی تکلیف بھی گوارا نہیں کرتے۔ بہرحال ایک شریف کے لیے شرافت کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واسطہ بڑی چیز ہے۔ ہم اس بحث کو اس توقع پر ختم کرتے ہیں کہ مولانا خود بھی شرافت کے تقاضوں کا پاس رکھیں گے، اور مولانا ابو الکلام کو معصوم نہ سمجھنے کے باوجود ان کے ذکر میں حفظِ مراتب کا لحاظ ضرور ملحوظ رکھیں گے۔

ع گر حفظِ مراتب نہ کنی زندیقی

شورش کاشمیری

پروفیسر عطاء اللہ، پرنسپل اسلامیہ کالج جھنگ (پاکستان)

کالج میگزین "البصیر" کے شبلی نمبر کے لیے مضمون کی فرمائش کے جواب میں

۱۸ راکتوبر ۵۸ء — دریاباد، ضلع بارہ بنکی

جناب والا! وعلیکم السلام

آپ خدا کے لیے میرے اوپر رحم فرمائیے، کوئی ہفتہ ناغہ نہیں ہوتا کہ ہندوستان و پاکستان سے متعدد فرمائشیں اسی طرح کے "حقوق" کے واسطے سے نہ آتی ہوں! "صدق" میں بار بار اپنی معذوری لکھ چکا ہوں، اسے آپ حضرات پڑھنے کے قابل نہیں سمجھتے۔

مستقل وقت معذرت ناموں ہی کے لکھنے میں صرف ہو جاتا ہے "پیام" تک پھر غنیمت تھا، مستقل مقالہ کی فرمائش میرے اوپر صریح ظلم کرنا ہے۔

والسلام

عبد الماجد

نیپالی صاحب (پرتاب، دہلی)

مکتوب الیہ کے ایک کالم مطبوعہ "پرتاب" دہلی کے جواب میں

۱۰ رمارچ ۵۸ء — بسم اللہ — دریاباد، بارہ بنکی

جناب من! تسلیم

کل ایک صاحب نے کانپور سے "پرتاب" کا ایک تراشہ ارسال فرمایا ہے جس پر تاریخ درج نہیں، اس میں "گر تو برا نہ مانے" کالم میں نیپالی صاحب کے قلم سے صدق و مدیر صدق پر اور جو کچھ گہرافشانی کی گئی ہے اس پر میں کچھ نہ کہوں گا، صرف اتنا بہ ادب دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو بار بار میری جانب منسوب کیا گیا

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ میں اپنا وطن پاکستان کو سمجھتا ہوں، تو براہِ کرم ارشاد ہو جائے کہ میری ایسی تحریر آپ نے کہاں دیکھی ہے؟ آپ نے لکھا ہے کہ "مولانا پاکستان گئے تھے تو ان کے ایمان میں تازگی آگئی تھی، اور انہوں نے لکھا تھا کہ اپنا وطن آخر اپنا وطن ہے۔ وہ ہندوستان میں رہتے ہیں لیکن اپنا وطن پاکستان کو سمجھتے ہیں"، سو یہ عبارت یا اس کے قریب قریب بھی میرے سفرنامہ کے کسی صفحہ، کسی سطر میں ہے؟ سفرنامہ نہ سہی اصدق کے کسی نمبر میں؟ بڑا شکرگزار ہوں گا، اگر آپ پورا حوالہ مجھے لکھ بھیجیں گے۔

نیاز کیش:

عبدالماجد

آل احمد سرور (علی گڑھ) (۱)

۲۶ جولائی ۱۹۵۹ء دریا باد

کرم گستر! السلام علیکم

"ہماری زبان" ۲۲ جولائی ۱۹۵۹ء پیشِ نظر ہے، کتاب کا سرورق حسب ذیل ہے۔ ضلع جگت ۱۳۲۳ھ مصنفہ عالی جناب معلی القاب راجہ رایان مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کے سی آئی ایس یمین السلطنت پیشکار وزیر اعظم دولت آصفیہ المتخلص بہ شاد تلمیذ حضرت آصف خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ در مطبع اختر دکن طبع شد۔

۱۳۲۳ھ مطابق ۱۹۰۵ء/۱۹۰۶ء کے پڑتا ہے، حجم ۱۸x۲۲ سائز پر ۵۲ صفحہ دو کالمی ہے، مہاراجہ شاد اس فن کے مانے ہوئے استاد تھے۔ اصلاً جلیل جانشین امیر کی تصنیف ہے، لفظ "جگت" پر مرزا شوق لکھنوی کا ایک شعر رسالہ کے دیباچہ سے آپ کے صفحات میں نقل ہو چکا ہے، دوسرا شعر بھی ان ہی شوق لکھنوی کا سن لیجیے ؎

میرے پیچھے نہ اس طرح پڑیے — اور جا کر کہیں جگت لڑیے

رسالہ کے خاتمہ پر اپنے نسخہ میں چند فقرے اس خاکسار نے بھی اضافہ کر دیے ہیں مثلاً تیر و کمان کے ضلع میں "میری خطا نہیں۔ کتیرا بیلا ڈ۔ سوامی رام تیرتھ بڑے شخص تھے۔ عبارت قوسین میں لکھیے۔ درد زہ میں تکلیف ہوتی ہے۔ نان خطائی کھائیے وغیرہ۔

میرے نسخہ پر بکثرت حاشیے ایک باکمال لکھنوی نے قلم اور پنسل سے لکھ دیے ہیں۔ لکھنؤ میں اب بھی دو ایک اس فن کے استاد موجود ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمارے بزرگوں میں مولانا سید سلیمان ندوی باوجود اپنی ساری ثقاہت و متانت کے اس فن میں طاق تھے اور نام لینا اگر بالکل ہی بے ادبی میں داخل نہ ہو تو اب کیا عرض کروں کہ ہمارے اور اُن کے شیخ طریقت مولانا تھانوی بھی مناسبتِ لفظی کے بادشاہ تھے۔

والسلام

عبد الماجد

(۲)

۲۸ ؍ اپریل ۱۹۶۶ء بسم اللہ دریاباد

مکرم بندہ!

آپ کا ۲۲ ؍ کا پرچہ پیش نظر ہے اس کے ایک مراسلے میں سابق کے ایک مکتوب نگار سید فضل الحسن کے مکتوب ۲ ؍ مارچ کی چار عبارتوں پر گرفت کی گئی ہے، عبارتیں یہ ہیں:

(۱) ابھی حال میں (۲) کوئی اعلیٰ پایہ کا خوشخط (۳) ایک اہم ترین (۴) موئے قلم کی کاوش۔

مجھ کم سواد کو ان چاروں میں زبان کی کوئی بھی غلطی نظر نہ آسکی "حال" میں تاکید و زور کا اضافہ محاورہ روزمرہ میں بالکل جائز ہے، اور "موئے قلم کی کاوش" کی غلطی تو اور بھی سمجھ میں نہ آئی فصحاء کا استعمال لغت صرف و نحو کے قاعدہ پر حاکم ہے محکوم نہیں۔ "اہم" اردو میں لازمی طور پر افعل التفضیل نہیں "اہم تر" اور "اہم ترین" دونوں بالکل درست ہیں۔

والسلام

عبد الماجد

(۳)

الہ آباد میں ہندوستانی اکیڈمی کا جلسہ تھا جس میں سرور صاحب تشریف نہ لے جاسکے تھے۔ اسی کی روداد بیان فرمائی۔

۱۲ ؍ اگست ۱۹۶۶ء بسم اللہ دریاباد

برادرم! السلام علیکم

اِدھر آپ پٹنے گئے اُدھر یہ نیازمند پٹنے کے قریب پہنچ گیا ۳۲ دانتوں میں ایک زبان سنی تھی، ۳۱ جولائی کو الٰہ آباد میں دیکھنے میں آئی۔ اردو کا تن تنہا نمایندہ یہ بے زبان، آپ نے شرکت نہ کر کے ظلم کیا اُردو پر، اُردو اکیڈمی پر اور خود اپنے پر، کون جانتا تھا کہ یہ "غم" "سرور" کے ہاتھوں اٹھانا پڑے گا۔

والسلام

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۴)

لفظ چورنی

چوٹے کے لیے مونث چوٹی تو مستعمل ہے لیکن چور کا مؤنث کہیں نظر سے نہیں گزرا البتہ شاہ رفیع الدین دہلوی قدیم مترجم قرآن کے ترجمۂ قرآن مجید کے ایک ایڈیشن میں السارقۃ کے لیے لفظ چورنی نظر سے گزرا۔

شاہ صاحبؒ کا شمار اہل زبان میں ہے اس لیے تنہا ان کی سند کافی ہے لیکن اگر ایک آدھ سند کہیں اور سے مل جاتی تو دل کو مزید اطمینان ہو جاتا۔ پھر یہ امر بھی کچھ کم حیرت انگیز نہیں کہ شاہ صاحبؒ کے ترجمہ کے میں نے پانچ مختلف ایڈیشن دیکھے مگر یہ لفظ صرف ایک ایڈیشن میں ملا اور یہ ایڈیشن تاج کمپنی (لاہور و کراچی) کا مطبوعہ چھوٹی حائل کی صورت میں۔

عبدالماجد

دریا باد ۔ بارہ بنکی

(۵)

حیدرآباد (دکن) کی ایک مشاق لکھنے والی کی خبر انتقال "ہماری زبان" (علی گڑھ) میں پڑھ کر

۲۵ جنوری ۱۹۶۶ء

دریاباد

بسم اللہ

کرم گستر! السلام علیکم

جہاں بانو نقوی کے گزرنے کی خبر آپ ہی کے پرچے نے سنائی۔ اِنّا لِلّٰہ۔

مرحومہ کے اعزہ کا مجھے پتا نشان نہیں معلوم۔ آپ کا احسان ہوگا اگر آپ میری تعزیت کسی طرح ان لوگوں تک پہنچا دیں، اللہ مغفرت فرمائے۔ ماہ رمضان میں موت خوش نصیبوں ہی کے نصیب میں آتی ہے اور پھر کینسر سا موذی مرض تو خود ہی سارے گناہ دھو دیتا ہے۔ والسلام

عبدالماجد

(۶)

سرور صاحب کے والد مرحوم کے انتقال کی خبر پڑھ کر

دریاباد

۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء

برادرم سلمہٗ! وعلیکم السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ آپ کو خط لکھنے کو قلم سنبھال ہی رہا تھا کہ خود آپ کا خط مل گیا، سانحہ کی خبر میاں ہاشم قدوائی کے خط سے ہو چکی تھی، دعائے مغفرت اسی وقت کر دی تھی اب پھر کر دی۔

باپ کا سہارا بہت بڑا سہارا ہوتا ہے جب تک زندہ رہتا ہے لڑکے کا سن جو کچھ بھی ہو جائے وہ اپنے کو لڑکا ہی سمجھتا رہتا ہے، پوری فکریں اور ذمہ داریاں اس کے اٹھ جانے کے بعد ہی اپنے سر آپڑتی ہیں خوش نصیب ہے وہ اولاد جس کو اتنے سن تک باپ کی خدمت کا موقع ملتا رہے۔

بہرحال اب اللہ ہی مغفرت فرمائے اور ہر طرح سے معاملہ رحمت کا رکھے۔

والسلام، دعا گو:
عبد الماجد

جوش ملیح آبادی (کراچی)

(۱)

مولانا دریا بادی نے جوش کے ترک شراب نوشی کی خبر پڑھ کر بابائے اردو مولوی عبد الحق کی معرفت انہیں یہ خط لکھا تھا لیکن افسوس کہ یہ خبر صحیح نہ تھی۔

دریا باد
۲۷ ستمبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

کیا بتاؤں کتنی مسرت "قومی زبان" میں ترک بادہ نوشی کی خبر پڑھ کر ہوئی، مخلصانہ مبارک باد صدقِ دل سے پیش ہے۔

ایسی شے جو مزیلِ عقل ہو ہرگز کسی صاحب فہم و ادراک کے شایانِ شان نہیں ہے۔ اب دوسری خوشخبری سننے کے لیے بھی مشتاق و منتظر ہی نہیں دعا گو ہوں، آپ کی شرافت پر مجھے ہمیشہ اعتماد رہا ہے اور میرا وجدان یقین کے ساتھ کہہ رہا ہے کہ جس قلم سے وہ زبردست ولولہ انگیز و وجد آفریں نعت نکل چکی ہے، ناممکن ہے کہ وہ اپنے مالک و مولیٰ کے حضور میں منکر و مکذب، باغی و طاغی کی حیثیت سے حاضری دے ——— وہ سعدی، حافظ، جامی، خسرو، ڈاکٹر اقبال و حسرت ہی کی صف میں محشور ہوگا۔ پتا معلوم نہ تھا خدا کرے اس پتے سے پہنچ جائے۔

والسلام
دعا گو: عبد الماجد

(۲)

دریا باد
۱۱ فروری ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

حضرت جوش سراپا ہوش!

ورود لکھنؤ کی خبر اور وہاں کی بزم آرائی لکھنؤ کے اخباروں سے معلوم ہوئی ۔۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم سے پردہ رہا غیروں سے ملاقات رہی

اگر یہ معلوم ہوتا کہ ابھی قیام لکھنؤ میں رہے گا تو ضرور ملاقات کیلیے وقت نکال کر سفر اختیار کرتا یہ بھی علم نہیں کہ لکھنؤ میں قیام ہے کہاں؟

اندازے سے یہ کارڈ بھیج رہا ہوں۔

سعدی کا مصرع اگر ذہن سے نکل گیا ہو تو تازہ کر لیجیے ع

قدر جان خود را بیفزائے بے قدر

والسلام، دُعاگو،

عبدالماجد

(۳)

دریاباد

۳۱، اکتوبر ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

والا نامہ ملا، ساتھ ہی نمونہ لغت اردو بھی پہنچا۔ انشاء اللہ جلد ہی پڑھ کر کچھ نہ کچھ عرض کروں گا۔

بعض پاکستانی تنقیدیں پڑھ کر ایسا معلوم ہوا ہے کہ جیسے نقادوں کا زاویۂ نظر

قصور ڈھونڈھ کے پیدا کیے جفا کے لیے

خوردبین سے دیکھئے تو حسین سے حسین چہرہ بھی داغدار نظر آسکتا ہے، علالت کے ذکر سے تشویش خاطر ہوئی، لیکن نثر میں "خدا کرے" اور نظم میں "معبود" تو بڑی ہی امید افزا علامتیں ہیں۔

دنیا سے اٹھنا تو سب ہی کا برحق ہے لیکن دعا ہے کہ جوش کا بلاوا جب اُدھر سے آئے وہ کسی "صہبا گسار، سسرا و ارِ نار" کا نہیں بلکہ رومی، خسرو اور اقبال کی صف میں شامل ہونے اور کسی کے ذکر جمیل میں رطب اللسان رہنے والے کا ہو اور اس دعا کے مقبول ہونے سے مایوس ہرگز نہیں۔

والسلام

عبدالماجد

(۴)

برادرم! وعلیکم السلام

اردو نامہ پہنچتا رہتا ہے اور اسی سے آپ کی مطبوعات کا بھی پتا چلتا رہتا ہے "مراۃ العروس"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"منتخب الحکایات" کے نئے ایڈیشن وغیرہ۔

نمبر ۶ سر پہنچا اور اس کو معمول سے بہتر پایا۔ ذوالفقار صاحب نے حضرت اکبر پر تو خوب لکھ ڈالا قابلِ داد ہی نہیں، بلکہ قابلِ رشک بھی۔ یہ سب تو مجھے لکھنا تھا۔ نہ ہوا کہیں کا بادشاہ، نہیں تو ان کا منہ موتیوں سے بھر دیتا۔

بعض دوسرے مضامین بھی بہت خوب ہیں۔ دلچسپ بھی، معلومات افزا بھی۔

لغت کے باب میں آپ لوگوں کو کیا رائے دے سکتا ہوں۔ تاہم اپنے سن سے فائدہ اٹھا کر کچھ نہ کچھ تو عرض کیے ہی دیتا ہوں۔

اہل لغات نے بہت سے مستعمل الفاظ خواہ مخواہ چھوڑ دیے ہیں۔ آپ کے جامع لغت میں ان سب کو جگہ ملنا چاہیے۔ مثلاً رکوع (رکن نماز نہیں بلکہ آیت اور پارے کی طرح ایک تقسیم قرآنی کے معنی میں)

محاذ: جنگی front کے معنی میں اخباروں میں کثرت سے چل گیا ہے۔ موجد غالباً سید جالب مرحوم ایڈیٹر ہمدم تھے۔

سُبیتا ([illegible]olta) قصباتی زبان میں سبھاؤ کے مترادف ہے۔

بیڑن: ادنیٰ درجہ کی ہندو بیسواؤں کی ایک ذات۔

عالیہ (current) کے معنوں میں۔

سنسنی خیز: زبان میں داخل ہو چکا ہے موجد غالباً ظفر علی خاں۔

چنڈو سار
پارچہ
تلنگا
رامشگر

} یہ سب سرشار وغیرہ کے ہاں استعمال میں آچکے ہیں۔ اب البتہ کچھ متروک سے ہو گئے ہیں۔

ہٹی ہے (رہے ہی کے بجائے زبان پر برابر مستعمل ہے)

تلفظ بھی جہاں جہاں دو دو مستعمل ہوں دونوں دیے جائیں۔ مثلاً ۱۲ اور ۱۱ کا تلفظ میں نے لکھنؤ اور دہلی دونوں جگہ باراں اور گیاراں (نون غنہ کے ساتھ) بھی سنا ہے۔ اسے نظر انداز کر دینے کی کوئی وجہ نہیں۔

بولنا: حیدرآباد میں کہنے کے معنی میں ہے۔ یہ بھی ضرور درج ہونا چاہیے۔ لیجیے میں لقمان کو حکمت سکھانے لگا۔

والسلام

۹ دسمبر ۱۹۶۱ء — عبدالماجد — دریاباد۔ ضلع بارہ بنکی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاں ایک لفظ اور خیال میں آیا۔
پیچا، لکھنؤ میں یہ لفظ بارہا سنا ہے۔ اہل لغت نے خدا معلوم کیوں چھوڑ دیا ہے۔
رنڈی، یہ لفظ پہلے اپنے عموم میں "عورت" کے مترادف تھا۔ اب صرف بیسوا کے معنی میں رہ گیا ہے۔
اس طرح کے بکثرت لفظ ملیں گے۔ بعض کے مفہوم کہیں وسیع سے محدود ہو گئے ہیں، اور کہیں محدود سے وسیع۔ یقیناً آپ کے جامع، محققانہ لغت میں ان کی تصریح ہو گی۔
یہ خط ڈاک میں جا ہی رہا تھا کہ حقی صاحب کا عنایت نامہ موصول ہوا۔ تعمیل ارشاد کی صورت آسان نہیں۔ بہر حال اپنی والی کوشش کروں گا۔

عبد الماجد

(اردو نامہ، کراچی، جنوری ۱۹۶۲ء)

(۵)

دریاباد

۱۲ جنوری ۱۹۶۲ء بسم اللہ

برادرم! وعلیکم السلام

بے شک وہ غلط فقرہ زبان قلم پر آگیا تھا، جوش صاحب ملیح آبادی ہی ہونا چاہیے تھا نہ کہ جوش ملیح آبادی صاحب۔ اصلاح کا دلی شکریہ اور اصلاً یہ خط اسی کے لیے ہے ورنہ اور کوئی خاص ضرورت اتنی جلد جواب کی داعی نہ تھی۔

اور اس پر ایک واقعہ بھی سن لیجیے۔ میرا بچپن تھا کہ داغ کی وہ غزل شائع ہوئی جس کا مطلع تھا۔

دلبر سے جدا ہونا یا دل کو جدا کرنا
اس سوچ میں بیٹھا ہوں کہ آخر مجھے کیا کرنا

ریاض الاخبار اس وقت دھوم دھام سے نکل رہا تھا۔ ریاض نے اعتراض کیا کہ "زبان" "کیا کرنا" نہیں "کیا کرنا ہے"۔ داغ نے نیچ کے خط میں جواب دیا کہ مطلع میرا کہا ہوا ہے اور یہ جاننے کے بعد آپ کوئی مزید سند ضروری سمجھتے ہیں؟ ریاض نے جواب الجواب میں لکھا کہ یہی تو میری عرض ہے کہ یہ زبان آپ کی نہیں۔ اگر آپ کی ہے تو اپنے ہزارہا اشعار میں کہیں سے اس کی نظیر دے دیجیے بس میں قائل ہو جاؤں گا۔ یہ آپ کی زبان ہی نہیں ہے۔ دکھنیوں کی بولی سنتے سنتے بس یہ غلط محاورہ بھی آپ کی زبان پر چڑھ گیا اور بے خیالی میں قلم سے نکل گیا ـــــ اس پر داغ کو خاموش ہو جانا پڑا۔ تو برادرم جب یہ صورتحال داغ جیسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مستند اہل زبان کو پیش آسکتی ہے تو مجھ سے دہقانی کا بھلا کیا ذکر ہے خدا جانے کتنی غلطیاں دانستہ و نادانستہ کرتا رہتا ہوں اور آجکل کی اخباری زبان سے تو بس اللہ ہی اپنے حفظ وامان میں رکھے۔

کراچی تک کی رسائی یوں بھی آسان نہ تھی اور اب تو دشوار تر ہو گئی ہے۔ ع

راہ میں ہم ملیں کہاں بزم میں وہ بلائے کیوں

ایک ممکن صورت یہی ذہن میں آتی ہے کہ آپ کی مجلس اگر کبھی یہاں کے دو چار مستند ادیبوں (مثلاً حضرت اثر لکھنوی) کو ہفتہ دو ہفتہ کے لیے برغرض مشورہ مدعو فرمائے تو گیہوں کے ساتھ گھن کی طرح یہ نیاز مند بھی اڑتا پڑتا کسی طرح وہاں پہنچ جائے۔

ہاں صاحب اگر کتاب شوکت آرا بیگم آپ کی مجلس از سرنو شائع کرا رہی ہو تو اس کے صلہ یا معاوضہ کے ذمہ دار مستحق عبدالرؤف کاکوروی کو نہ بھول جائیے گا۔

والسلام

عبدالماجد

(۶)

دریاباد

۹ر جنوری ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

برادرم! السلام علیکم

یہ ۱۱ر جنوری کے مفصل نیازنامہ کا ضمیمہ ہے۔

اس خط میں داغ کے شعر کا دوسرا مصرع قلم سے غلط نکل گیا، صحیح یہ ہے۔

ع اس سوچ میں بیٹھا ہوں آخر مجھے کیا کرنا

کہ اس میں زائد لکھ گیا۔

والسلام

عبدالماجد

(۷)

دریاباد

۸ر دسمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

حضرت سلامت! تسلیم

اردو نامہ تازہ پرچہ نمبر ۱۰ موصول ہوا۔ نمونۂ لغت میں ص۵۹ میں اکابر و مشاہیر ادب کے ساتھ ایک ماجی کا حوالہ دیکھ کر حیرت اور ندامت دونوں سے گڑ گیا، یہ کیا کیا آپ لوگوں نے۔ خواہ مخواہ اپنی کتاب کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معیار اتنا گرادیا۔

اب۔ کو گر جمے سے تھوڑا سا گلہ بھی سُن لے

ص۶۲ یا ۶۳ ابلیس..... آدم کی پیدائش سے پہلے عبادت کی بدولت فرشتوں کے زمرے میں شامل اور اُن کا معلم ہو گیا تھا۔ یہ ساری عبارت بالکل بے سند اور محض عوام کے عامیانہ عقیدہ کی ترجمان ہے۔ ابلیس حسب تصریح قرآن جن تھا (کَانَ مِنَ الْجِنّ) اور جن ہی آخر تک رہا اس کا فرشتہ و مغضوب ہونا تمام تر مسیحی عقیدہ ہے۔

ص۵۷ کی "ابے تبے" کے ذیل میں یہ سہواً چھوٹ تو نہیں گیا؟
ابے تبے کرنا، تو تکار کرنا، بدزبانی کرنا، ڈانٹ ڈپٹ کرنا؟
فقرہ: آپ تو گالم گلوچ پر اُتر آئے اور لگے ابے تبے کرنے۔

والسلام
عبدالماجد

شمس تبریز خاں (لکھنؤ)

(۱)

الہلال کے سلسلۂ بحث "نشاط و کرب یا لذت و الم" کے سلسلے میں سوال کا جواب

۷ اکتوبر ۱۹۵۹ء

مہربان بندہ! وعلیکم السلام

اب ان پرانی فراموش شدہ بحثوں کو از سرِ نو زندہ کرنے سے کوئی حاصل نہیں۔ بات اتنے عرصے کی ہو گئی کہ تفصیلات اب مجھے یاد بھی نہیں۔ ۴۵، ۴۶ سال کی مدت کچھ تھوڑی ہوئی؟ اور نہ اب اس موضوع سے کوئی خاص دلچسپی ہی رہ گئی ہے۔ آپ کے رفع انتظار کے لیے بس اتنا لکھے دیتا ہوں کہ اہل علم و ادب کے دو گروہ اس وقت تھے، ایک کے ساتھ صاحب الہلال تھے، دوسرے کے ساتھ یہ بے علم خاکسار۔ وہی اختلاف ذوق شاید اب بھی قائم ہو۔ مسئلہ صرف ایک پہلو کی ترجیح کا تھا، نہ کہ کسی فریق کی یکسر تغلیط و تردید اور پھر اس میں شدت کا مظاہرہ جس حد تک میری طرف سے ہوا ہو، اللہ اسے معاف فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

مکتوب الیہ کی مراسلت میں مولانا نے ذہنی و فکری یگانگت محسوس کرکے ملاقات کے لیے لکھنؤ آنے کو لکھا۔

مکتوب الیہ اس وقت گونڈہ میں تھے۔

۱۸ ستمبر ۱۹۶۷ء

"..... اس بڑے مضمون کے بعد مجھے ضرورت ملاقات کی محسوس ہو رہی ہے کہ آپ نے کو ذرا پہچوا تو سکوں، ماہ اکتوبر کا بیشتر حصہ لکھنؤ میں انشاء اللہ گزرے گا اگر بآسانی فرصت مل سکے تو وہاں کا سفر بمقابلہ دریا باد کے آسان تر ہوگا۔ علی میاں وغیرہ سے بھی ملاقات کا امکان ہے، ندوہ کی سیر بھی ہو جائے گی۔ گونڈہ سے لکھنؤ آمد و رفت کا بل میرے ذمہ، جیسا کہ بہت سے عزیزوں اور ان کی طالبعلمانہ زندگی کے لیے رکھتا ہوں۔"

دُعا گو:

عبد الماجد

(۳)

مراسلت میں طویل وقفے کے بعد مکتوب الیہ کا خط ملا تو مولانا نے تحریر فرمایا

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۷۰ء

مشفقی! وعلیکم السلام

میں تو معمولی تعلقات کی طرف سے بھی مایوس ہو کر اب صبر کر چکا تھا۔ آج ہی لکھنؤ کا پروگرام ہے۔ چار ہفتے کے لیے، ملاقات کا وقت تو وہی سہ پہر کا رہ گیا ہے....."

(۴)

مراسلت میں غیر معمولی وقفے کے بعد مکتوب الیہ کا خط آیا تو مولانا نے جواباً تحریر فرمایا

۲ اگست سنہ ۱۹۷۱ء

عزیزم! وعلیکم السلام

ایک عرصۂ دراز کے بعد خط ملا، شروع میں مہینوں میں منتظر رہا کیا، پر یہ سمجھ کر چپ ہو گیا کہ کوئی قصور میری طرف سے ایسا ہوا ہوگا جو اُدھر کی اس رنجش و بیزاری کا باعث بن گیا، اور کوئی بات قابلِ ذکر نہیں.....

والسلام

عبد الماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری (کراچی)

مکتوب الیہ کے نام چند خطوط حکیم عبدالقوی دریا بادی کے بھی ہیں چونکہ ان سے مولانا دریا بادی کے حالات پر روشنی پڑتی ہے، نیز سلسلے کے بعض مباحث کے تسلسل کے لیے ان کا مطالعہ ضروری تھا اس لیے وہ بھی شامل کر لیے گئے ہیں۔

(۱)

۹ر نومبر ۱۹۶۳ء — دریا باد، ضلع بارہ بنکی (یو۔ پی)

کرم گستر وعلیکم السلام

مجھ "پیر فرتوت" معاند و حاسد، کا نشتر بہ خدا کرے آپ ار کوسن چکے ہوں۔ اس میں ایک فقرہ یہ بھی آپ کی سماعت میں آگیا ہوگا کہ "قدرت نے جسے بڑائی کے لیے پیدا ہی کیا تھا۔ ابھی کم سن ہی تھے کہ تحریر و تقریر دونوں کی دھوم مچ گئی ...... خدنگ نظر ...... لسان الصدق ...... الندوہ کے کوچہ علم و فضل میں آنکلے تو ایڈیٹر بنے بغیر ہی ایڈیٹر بن گئے"

کیا آپ اس فقرہ پر رضامند نہیں؟ میں آپ کے اس فقرے پر رضامند ہو گیا تھا کہ "الندوہ کے عملاً ایڈیٹر رہے ہے"

مکتوبات سلیمانی تو گویا چھپ چکی۔ ہفتہ ہی عشرہ میں ان شاء اللہ شائع ہو جاتے گی۔ دیکھ کر آپ خود ہی فیصلہ کر لیں گے ۳۰۰ سو صفحہ کی کتاب میں مولانا ابوالکلام کا ذکر چار پانچ مقام سے زیادہ نہیں اور وہ بھی زیادہ تر صرف ابتدائی خطوط میں۔ ... والوں میں۔ وہاں بھی میں نے اپنے حواشی میں تلخیوں کو زیادہ سے زیادہ ہلکا کر دینے کی کوشش کی ہے۔ اور ایک لمبا خط جو خود مولانا نے اپنی صفائی میں سید صاحب کے نام لکھا تھا، درج کر دیا ہے۔ اور اس سے مولانا کی تمام تر عظمت و شرافت ہی نکالی ہے۔

دنیا کو کیسے یقین دلاؤں کہ مولانا میرے مکرم و محترم تھے، بلکہ ... میں تو میرے محسن بھی بن گئے تھے۔ ... وغیرہ میں ایک لمبی مدت تک میں وہ برابر خلافت کمیٹیوں کے جلسے میں شریک ہوتے رہے اور کہیں میرے ان کے اختلاف کی نوبت نہ آئی حالانکہ میں شریک محمد علی کی پارٹی میں تھا۔ مولانا ابوالکلام اس وقت بڑے صدر تھے (یعنی آل انڈیا) اور میں چھوٹا صدر (یعنی صوبۂ اودھ کا)۔ حشر میں ان شاء اللہ اس کا فیصلہ خود مولانا ہی پر چھوڑ دوں گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا کے میرے نام کے خطوط بھی کیا ان ظالموں نے نہیں پڑھے؟ بعد کے زمانہ کا ذکر نہیں، خود ۱۳ء میں، کیا ایسی مراسلت دشمنوں کے درمیان ہوتی ہے؟

مجھے اُن مرحوم سے جو کچھ اختلافات تھے۔ وہ سب ۱۷ء تک، بلکہ اس سے قبل ہی ختم ہو چکے تھے۔ اس کے بعد میری کوئی بھی پبلک تحریر مولانا کی مخالفت میں نہ ملے گی۔ بلکہ نجی تحریروں میں بھی احتیاط رکھنے لگا۔ مرحوم کی وفات کے بعد جب دیوبند کے ایک صاحب نے خط میں مولانا سے متعلق ایک بہت چلی ہوئی اور زبان زدِ عوام روایت سے متعلق تحقیق کرنا چاہی تو میں نے جواب لکھ دیا "کہ یہ کیا ضرور ہے کہ مجھے مولانا کی زندگی کے ہر ہر جزئیہ کی اطلاع ہو، اور بالفرض ہو بھی تو کیوں میں اپنے سارے معلومات کو آپ کی طرف منتقل کرنے لگوں؟

البتہ آپ کے اس عموم و اطلاق سے اتفاق مشکل ہے کہ کسی بھی شخصیت سے متعلق کوئی بھی ناگوار حصہ کتاب میں نہ آنا چاہیے۔ ایسا کسی بھی تاریخ یا تذکرہ کی کتاب میں کیوں کر ممکن ہے؟ کم سے کم اُردو میں اب تک جتنے بھی "مکتوبات" چھپ چکے ہیں شبلی، اقبال، محمد علیؒ عبدالحق، مہدی، اکبر، وغیرہ کے۔ یہ سب سوختنی قرار پا جاتے بلکہ رقعاتِ غالب میں بھی قتیل، صاحب برہان قاطع وغیرہ کا ذکر کن الفاظ میں ملتا ہے؟ اتنا ظرف و تحمل تو ہر پارٹی کے اشخاص میں بہر حال ہونا ہی چاہیے۔

اپنی "سیر دہلی" میں تین جگہ مولانا کا نام لایا ہوں، کہیں بھی بے ادبی کے ساتھ؛ آئندہ "سفر دکن" میں بھی تین مقام پر تذکرہ ہوئے گا۔ اور ان شاء اللہ ہر جگہ ذکرِ خیر ہی ہوگا۔

خط خلافِ عادت اتنا طویل ہو گیا اور اس میں بڑا وقت لگ گیا۔

شاہ جہان پور سے مجھے بھی ایک نسبت حاصل ہے۔ میرے دادا مفتی مظہر کریم ہنگامہ ۱۸۵۷ء میں، وہیں کلکٹری سرشتہ دار تھے۔ اور کہا یہ جاتا ہے کہ "باغیوں" کے مشورے انھیں کے مکان پر ہوتے تھے۔ صحیح یا غلط، اسی الزام میں ان پر مقدمہ چلا اور کئی سال کے لیے کالے پانی بھیجے گئے۔ میرے والد کی پیدائش بھی غالباً وہیں کی ہے۔ اکرام اللہ خاں ندوی، ظہور احمد چشتی ندوی، دونوں مرحوم میرے مخلصوں میں تھے۔ اور ڈپٹی الطاف حسین خاں میرے ساتھ کے کھیلے ہوئے ہیں۔ اور متعدد شاہجہان پوریوں سے تعلقات اب قائم ہیں۔ والسلام

دعاگو:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

مکرم و محترم! وعلیکم السلام۔ مزاج گرامی

۱۴ دسمبر کا مکتوب گرامی ملا، اس سے تین یا چار دن قبل عم محترم مولانا دریا بادی کے حسب ہدایت ایک نسخہ مکتوبات سلیمانی حصہ اول کا آپ کی خدمت میں تحفتہً بذریعہ رجسٹرڈ پیکٹ ارسال کر چکا تھا۔ خدا کرے یہ پیکٹ بخیریت پہنچ جاتے۔

آپ کا ایک مراسلہ آیا تھا۔ وہ ان شاء اللہ صدق کی کسی قریبی اشاعت میں درج ہوگا۔ وہ پرچہ روانہ خدمت کر دوں گا۔

مجھے بھی آپ سے کراچی میں ملاقات نہ کر سکنے کا بڑا افسوس رہا۔ ان شاء اللہ اگر اگلے سال آنا ہوا تو ضرور ملاقات کروں گا عموماً ستمبر یا اکتوبر، ورنہ نومبر میں میرا کراچی آنا ہر سال ہوتا ہے۔

مولانا کے سفر حیدرآباد کی روداد ابھی صدق میں نکلنی شروع نہیں ہوئی ہے۔

نیاز مند

حکیم عبدالقوی

(۳)

مکتوب الیہ کا ایک سلسلہ مضمون علامہ سید سلیمان اور مولانا ابوالکلام آزاد سے متعلق سہ روزہ مدینہ بجنور میں نکل رہا تھا۔ اس خط میں اور اس کے بعد کے دو خطوں میں ذکر اس کے بعض مطالب کے بارے میں ہے۔

۸ فروری ۱۹۶۲ء

کرم گستر! السلام علیکم

مدینہ میں آپ کے یہ "معلومات" نظر پڑے کہ سید صاحب "اس خط کے شائع نہ کرنے کی وصیت فرما گئے تھے"۔ حلف شرعی ہے۔ عرض ہے کہ یہ بات آج بالکل پہلی بار میرے علم میں آئی ہے۔ بہ طور نصیحت و مجہول روایت کے بھی آج تک نہیں سنی تھی۔

آپ نے یہ چھاپ کر کتنی بڑی ذمہ داری میرے سر ڈال دی اور ایک مخصوص طبقے کے ہاتھ میں کتنا بڑا حربہ دے دیا! اور اس طرح نادانستہ کتنا بڑا ظلم خود اپنی شرافت اور ثقاہت پر کر گزرے۔ والسلام

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۲ ر فروری ۱۹۶۴ء

(۴)

کرم گستر! وعلیکم السلام۔

خط میں کوئی بات جواب طلب نہ تھی۔ پھر بھی یہ خیال کر کے کہ شاید آپ جواب کے متوقع و منتظر ہوں، یہ لکھے بھیجتا ہوں۔

اپنی کتابوں پر ریویو عموماً اور عادۃً نہیں پڑھتا۔ بس کسی سے ان کا خلاصہ و ماحصل زبانی سن لیتا ہوں۔ اس کتاب کی صورت دوسری ہے۔ آپ کے مضمون کا پہلا نمبر پڑھا تو بہت ہی سرسری یعنی بیچ بیچ سے چھوڑ کر۔ اتفاق سے اس خاص فقرہ پر نظر پڑ گئی۔ اور وہ بہت ہی کھٹکا۔ اس لیے کہ ایک ذمہ دار اور شریف قلم سے تھا۔ بعد کے طویل نمبروں کے لیے وقت اتنا بھی نہ نکال سکا اور محض برائے نام ہی مطالعہ پہ قناعت کرنا پڑی۔ والسلام

عبدالماجد

۱۳ مارچ ۱۹۶۴ء

(۵)

کرم گستر! السلام علیکم

کل ایک صاحب نے آپ کے تازہ مضمون کا ایک فقرہ دکھلایا کہ دریابادی کا خیال ہے کہ یہ تمام غلط فہمیاں ۱۸ء ۱۹ء میں دور ہو گئی تھیں، لیکن واللہ اعلم آپ نے یہ خیال کہاں سے اخذ کر لیا۔ میں نے تو اپنے اور مولانا کے تعلقات کے سلسلے میں کہا تھا کہ فلاں سنہ سے میرے اختلافات ختم ہو چکے تھے۔ سید صاحب اور مولانا کے تعلقات سے اس بیان کو کوئی واسطہ ہی نہ تھا۔ والسلام

عبدالماجد

(۶)

اس خط کے نمبرہ میں مولانا دریابادیؒ نے جو چیلنج دیا ہے اسکے بارے میں کیا عرض کیا جائے "سلیمانی جماعت" کے سرخیل تو خود ہی تھے۔ خود انہوں نے مولانا ابوالکلام آزاد کے ایک مرید باصفا مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی مرحوم و مغفور کو ابوالکلام کی منقبت کے صلے میں "خبیث القلم اور سیاہ باطن" کے لقب سے یاد فرمایا ہے، کیا یہ سب و شتم اور صریح گالی نہیں؟ شورش کاشمیری مرحوم نے مولانا آزادؒ کی شان میں بیسیوں مضمون لکھے لیکن سید صاحب مرحوم کیلیے ہر جگہ عقیدت و احترام ہی ہے۔ حالانکہ خود مولانا دریابادی کا بیان ہے کہ سلیمان ندوی مرحوم مولانا آزاد سے اپنی شکایتوں اور رنجشوں کا ذکر اپنی صحبتوں میں کیا کرتے تھے "کیا کرتے تھے" یعنی سید صاحب مرحوم کی عادت مستمرہ تھی جس نے پاکستان جا کر اور مرتے دم تک ان کا پیچھا نہیں چھوڑا، اگر یہ بار بار شکایت کو غیبت کے سوا کوئی اور نام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں دیا جاسکتا لیکن مولانا آزاد کے کسی معتقد کی زبان یا قلم سے کوئی سخت یا اخلاق و تہذیب سے گرا ہوا جملہ ڈھونڈے سے نہ ملے گا لیکن جب شورش مرحوم نے مولانا دریابادی سے شکوہ کیا کہ آپ اپنے قلب کی ناراضگی کے لیے سید صاحب مرحوم کا نام بیچ میں کیوں لاتے ہیں تو مولانا اپنے ٹوٹنے ہوئے قلم کی دہائی دیتے ہیں اور معتقدین کو مدد کے لیے پکارتے ہیں اور معتقد خصوصی شورش مرحوم کو خدا کی گرفت کی وعید سناتے ہیں۔ اس کی گزارشات کو رکیک تنقید، اس کے شکوے کو جھاسوزی اور اس کے وجود کو شرافت و سنجیدگی کا مدفن قرار دیتے ہیں۔ (دیکھیے رقعاتِ ماجدی ص ۶۷، ۶۸)

ابھی پچھلے سال پاکستان کے سفر کے موقع پر سید صباح الدین عبدالرحمٰن نے حیدرآباد سے ٹھٹھہ جاتے ہوئے کار کے سفر میں حضرت مولانا ابوالکلام آزادؒ کے بارے میں معلومات کے جو لولوے لالہ بکھیرے ہیں، اس کی گواہی ان کے شریک سفر دیں گے۔ غرضیکہ مولانا دریابادی اور سید سلیمان ندوی (مرحومین) کی تیغ کی صحبتوں اور ان کے معتقدین کے اخلاق کے سربستہ راز دل سے پردہ تو "سید سلیمان ندوی۔ تنقید و تبصرہ کی نگاہ میں" اٹھے گا، یہاں مولانا دریابادی کے چیلنج کا جواب تھا، ان کے اپنے الفاظ اور ان کے ایک معتقد کے الفاظ میں۔ اسے پڑھ کر ایک صاحب نے کہا: اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے، کی کیا خوب مثال ہے۔

نمبر ۲ میں اشارہ مولانا غلام رسول مہر کی طرف ہے۔ مولانا نے یہ خط واپس منگوالیا تھا اور دیکھ کر اسے بجنسہٖ چھاپ دینے کی اجازت دے دی تھی لیکن مولانا دریابادی نے اسے چھاپنا مناسب نہیں سمجھا۔

۱۴ مارچ ۱۹۶۴ء

مہربان بندہ وعلیکم السلام

۱۔ نعمت اللہ خاں کا مراسلہ محض ان کے اصرار شدید پر چھاپنا پڑا۔ مہینوں سے آیا ہوا تھا۔ اپنی ناگواری کا اظہار صاف اپنے ادارتی نوٹ میں کر دیا تھا۔ موضوع کی اتنی اہمیت میری نظر میں نہ تھی کہ اس پر مستقل سلسلہ بحث جاری رکھا جاتے۔ میرے معلومات جو تھے، وہ پہلے لکھ چکا ہوں۔ دوسروں نے اپنے اپنے خیالات شائع کر دیے۔ بس بات ختم۔ قوم و ملت کا کون سا اہم مسئلہ اس دعوے کے ثبوت و عدم ثبوت پہ معلق ہے؟

۲۔ مکاتیب سے متعلق جو باتیں آپ نے لکھیں، یقین فرمائیے کہ بالکل پہلی بار میرے علم میں آرہی ہیں۔ میں نے آج تک یہ افواہا بھی نہیں سنی تھیں۔ بڑا ہی فرق ہمارے آپ کے ذرائع علم میں ہے۔

۳۔ جی بار بار چاہتا ہے کہ آپ کا پورا سلسلہ مضامین پڑھوں۔ طوالت و ضخامت کو دیکھ کر بس ہمت جواب دے جاتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ مکتوبات کو پڑھ کر مکتوب الیہ سے متعلق جو بہت سخت مضمون ذہن میں تھا، اس کی میری طرف سے تو اجازت ہے۔

۵۔ سلیمانی جماعت کے کسی فرد کے قلم سے اگر سب و شتم اس کا آدھا چوتھائی بھی نکلے، جواب تک ابو الکلامی جماعت کے بعض افراد کی طرف سے ہو چکا ہے، تو مجھے ضرور اس کی نشان دہی کیجیے۔

۶۔ لاہور ہی کے ایک پرانے اہل قلم اور آپ ہی کی جماعت کے ایک اہم رکن کا طویل نجی مکتوب آیا ہوا ہے۔ جس میں سید صاحب پر اچھی خاصی تنقید ہے، مگر سنجیدہ و شریفانہ۔ میں نے شائع کرنے کی ان سے اجازت مانگی ہے۔ آ گئی، تو بعض ناموں کو حذف کر کے چھاپ دوں گا۔ والسلام

عبد الماجد

(۷)

پچھلے مکتوب میں بعض جملے پڑھے نہ جا سکے تھے۔ دریافت کرنے پر مولانا نے جملے صاف کر کے لکھوا دیے اور مجھے کی سطر اپنے قلم سے تحریر فرمائی۔

۱۔ کہ اس پر مستقل سلسلۂ بحث جاری رکھا جائے۔

اہم مسئلہ اس دعوے کے ثبوت و عدم ثبوت

۴۔ مکتوبات کو پڑھ کر ..... مضمون ذہن میں تھا۔

۵۔ تو مجھے ضرور اس کی نشان دہی کیجیے۔

۶۔ اہم رکن کا طویل نجی مکتوب۔

ان عبارتوں کو دوبارہ لکھوا کر بھیج رہا ہوں اور اپنی بدخطی پہ عفو خواہ ہوں۔ والسلام

عبد الماجد

۱۴۔ اپریل ۱۹۶۴ء

۲۴۔ اپریل ۱۹۶۴ء

(۸)

کرم گسترا وعلیکم السلام

آپ کا یہ حسن ظن صحیح نہیں کہ میں ہر ایک کے خط محفوظ رکھتا ہوں۔ آپ کی فرمائش کی تعمیل یوں بھی مشکل ہی تھی چہ جائیکہ جب میرے پاس خطوط موجود ہی نہ ہوں۔

اپنے ہی کاموں کے لیے وقت نہیں نکال پاتا۔ ان بحثوں میں پڑنے کے لیے دقت کہاں سے لاؤں۔ آپ سے بہ منت التجا ہے کہ میرے اوپر رحم فرما کر مجھے بالکل ہی معاف فرما دیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمت اللہ خاں صاحب کے خط میں اپنی مظلومیت پر جو فریاد کی تھی اور جسے انھوں نے آپ کے خط میں غصہ سے تعبیر کیا ہے، ظاہر ہے کہ اس کا تعلق آپ کی کسی تحریر سے نہ تھا۔

والسلام

معذرت خواہ:

عبدالماجد

(۹)

دہلی سے اجمل خاں صاحب نے "مولانا آزاد کے نام اپنی خطوط و جوابات آزاد" کے نام سے ایک مجموعہ چھپوایا تھا۔ اس میں مولانا دریابادی کے نام بھی چار خطوں کے جواب مولانا آزاد کی جانب سے مگر اجمل خاں کے قلم سے تھے۔ چنانچہ مولانا دریابادی سے دریافت کیا تھا کہ شاید ان کے پاس یہ اصل خطوط اور دیگر خطوط ہوں گے۔ یہ مضمون اگلے خط میں بھی آتا ہے۔

۲۹ دسمبر ۱۹۶۷ء

مکرم بندہ! علیکم السلام

مجھے یاد نہیں پڑتا کہ میں نے خود مولانا کا لکھا ہوا کوئی بھی خط چھوڑا ہو، صرف وہی خط چھوڑ دیے تھے، جن میں عبارت مولانا کی نہیں، بلکہ ان کے دفتر کے کسی صاحب کی ہے اور وہ تمام تو سرکاری یا دفتری خط ہیں۔ مولانا ان پر صرف دستخط کے گنہ گار ہیں۔

دہلی کے نئے مجموعے کی مجھے خبر نہیں۔ اگر ایسا کوئی خط اجمل خاں صاحب نے چھاپا ہے تو میرے پاس سے تو انھیں ملا نہیں۔ بہرحال آپ کی خاطر سے بعد رمضان ایک بار پھر وقت نکال کر اپنے کاغذات کو کھنگالنے کو تیار ہوں۔ بشرطیکہ اب بھی کچھ ایسے خطوط محفوظ مل جائیں۔ ادھر چند سال کے عرصہ میں بہت سے محفوظ خطوط کچھ میری بے پروائی اور کچھ دیمک وغیرہ کے باعث تلف بھی ہو چکے ہیں۔

دفتر کو لکھنؤ کہے دیتا ہوں کہ مکتوبات سلیمانی حصہ دوم تحفتہً آپ کی خدمت میں بھیج دی جائے۔ والسلام

دعاگو و دعا خواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۰)

مولانا دریابادی مکتوبات سلیمانی مجھے تحفتہً بھیجنا چاہتے تھے۔ میں نے بتایا کہ وہ تو میں نے حاصل کر لیا۔ آپ اس کے بجائے اپنا دوسرا رسالہ "سیرۃ نبوی قرآنی" مجھے عنایت فرمادیں۔ محض اس لیے کہ مولانا یہ خیال نہ فرمائیں کہ تحفہ لینے سے انکار ہے۔

۱۷ر جنوری ۱۹۶۸ء

مکرم بندہ! وعلیکم السلام

آپ کا خط بڑے موقع سے آگیا۔ دفتر سے یہ سن کر کہ مکتوبات آپ خرید چکے ہیں۔ میں تو سوچ میں پڑا ہوا تھا کہ آپ ہی نے مناسب حل پیش کر دیا۔ "سیرۃ نبوی قرآنی" کے لیے ابھی دفتر کو کہے دیتا ہوں۔ بعد تفسیر کے اسی کو اپنے لیے سب سے بڑا سرمایۂ سعادت سمجھتا ہوں۔

اجمل خاں صاحب کی کتاب سے اب تک ناواقف ہوں۔ خدا معلوم میرے کون سے ادبی خطوط مع جواب انھوں نے شائع فرما دیے ہیں۔ مجھے تو کوئی یاد ہی نہیں پڑتے۔

ہاں صاحب، مولانا مرحوم کے خطوط کا وہ ذخیرہ خدا معلوم میرے ہاں سے کیا ہو گیا۔ بعد رمضان میں نے بہت ڈھونڈھا دوسروں سے بھی ڈھونڈھوایا، اب تک تو پتا چلا نہیں ہے۔ گو میں ابھی مایوس نہیں۔

اور کیا بتاؤں کہ آپ سے کس درجہ شرمندگی مجھے ہو رہی ہے۔ زندگی میں ایسے ہی اتفاقات بے شان و گمان پیش آ ہی جاتے ہیں۔ اِنا للہ ثم انا للہ۔ والسلام

عبدالماجد

۱۲ر اکتوبر ۱۹۶۸ء

(۱۱)

کرم گستر! وعلیکم السلام

ابھی ابھی آپ کا کارڈ موصول ہوا۔ اس میں آپ کے جس پچھلے خط کا حوالہ ہے، افسوس کہ وہ موصول ہی نہیں ہوا۔ خط کے ضائع جانے سے جو تکلیف کاتب اور مکتوب الیہ دونوں کو ہوتی ہے، وہ ظاہر ہی ہے۔ والسلام

دعاگو،

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۳)

جنرل محمد ایوب خاں کا عہد تھا۔ شورش کاشمیری مرحوم کو ان کے جرم حق گوئی میں گرفتار کر لیا گیا، چٹان کا ڈیکلریشن منسوخ ہوا اور پریس بھی ضبط کر لیا گیا۔ اُدھر ان کے خلاف کراچی سے ایک صاحب کا نہایت سخت مراسلہ صدق میں چھپا، شبہ یہ ہوا تھا کہ مراسلہ نگار بزمی انصاری ہیں۔ مولانا نے اس خیال کی تردید کی نیز اس خیال کا اظہار کیا گیا تھا کہ یہ موقع انتقام لینے کا نہیں ہمدردی کرنے کا ہے۔ نمبر ۲ میں مولانا نے اسی طرف اشارہ کیا ہے۔

مولانا دریابادی کا یہ آخری خط ہے۔

۱۷ ر اکتوبر ۱۹۶۸ء

مکرم بندہ! وعلیکم السلام

جس مفصل خط کا آپ نے حوالہ دیا تھا، وہ اب جا کر موصول ہوا۔

ایک سرسری نظر، وقت نکال کر، شروع سے آخر تک کر گیا۔ توضیح صرف دو باتوں کی کر دینا چاہتا ہوں۔

۱۔ وہ مراسلہ بزمی بیچارہ کا ہرگز نہ تھا۔

۲۔ آپ کو کس طرح یقین دلاؤں کہ شورش صاحب کے اندر یا باہر ہونے کی ہرگز کوئی تحقیق، اُس مراسلہ کی اشاعت کے وقت نہ تھی۔ ان کی گرفتاری اور ان کے پریس کی ضبطی کی خبریں نظر سے گزری تھیں، پھر بھی کہیں پڑھ لیا تھا کہ پریس چھوٹ گیا اور خیال غالب یہ قائم تھا کہ وہ بھی چھوٹ گئے ہوں گے۔

باقی آپ نے جو چیزیں لکھی ہیں، ان کا فیصلہ آپ ہی کے مشورے کے مطابق بجائے آج کے، کل ہی پر چھوڑتا ہوں۔ والسلام۔

عبدالماجد

(۱۴)

اب مولانا دریابادی کی زندگی ہی سے مراسلت حکیم عبدالقوی دریابادی، مولانا کے بھتیجے اور داماد، سے شروع ہوتی ہے یہاں ان کے صرف ۳ خط شائع کیے جاتے ہیں۔

۲۱/۱/۱۹۶۸

مکرمی سلام مسنون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کا ۱۶ر نومبر کا کارڈ عم محترم مولانا دریابادی کے نام موصول ہوا۔ ان کے حسب ارشاد جواب میں لکھ رہا ہوں۔

چونکہ آپ نے خط میں تحریر فرمایا ہے کہ پچھلے مضمون کی اشاعت آپ کے نزدیک مناسب نہیں ہے اور آپ اس کے بجائے دوسرا مضمون ارسال کریں گے۔ اس لیے اس کی اشاعت روکسدی گئی ہے۔

مولوی رئیس احمد جعفری کی وفات سے سخت صدمہ ہوا۔ مرحوم میرے بھی بڑے کرم فرما تھے۔ انکے بھائی عقیل جعفری صاحب مقیم ڈرگ کالونی، کراچی کو میں نے تعزیتی خط لکھا ہے اور رئیس صاحب سے متعلق ایک تعزیتی مضمون میں نے روزنامہ قائد، لکھنو میں لکھا تھا، اس کا تراشہ بھی انھیں بھیج دیا ہے۔

نیازمند:
حکیم عبدالقوی

۲۵/۳/۷۶

(۱۴)

محترمی وعلیکم السلام۔ مزاج شریف

گرامی نامہ ملا۔ عم محترم کی طبیعت ماہ گذشتہ زیادہ خراب رہی تھی۔ بلڈ پریشر بڑھ گیا تھا۔ اب خدا کا شکر ہے کہ طبیعت بہتر ہے۔ لیکن افسوس کہ اب زیادہ دماغی کام لکھنے پڑھنے کا نہیں کر سکتے۔ صدق کی ذمہ داری اب ایک حد تک میری طرف منتقل کر دی ہے۔ صدق کے تازہ پرچہ میں جواب کی جمعہ کو ان شاء اللہ حوالہ ڈاک ہوگا، اپنی علالت کی تفصیل وہ اپنے قلم سے لکھیں گے۔ ان کے حافظے پر بھی خراب اثر پڑا ہے۔ جس مسئلہ پر آپ نے لکھا ہے، مرض کی اس حالت میں، اس پر اُن سے گفتگو تقریباً بیکار ہی ہے۔ بہر حال آپ کی رائے سے میں متفق ہوں۔ دعا کیجیے کہ ان کی طبیعت جلد اس قابل ہو جائے کہ میں آپ کی اس تحریر کو ان کے سامنے پیش کر سکوں۔

فروغ اردو والوں نے وہ کتابیں مجھے دے دی تھیں اور ان کے عوض مجھے مل گئے۔ آپ کے صدق کے چندہ میں یہ رقم شمار کر لی گئی ہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔ پہلے ۲۰ پیسہ کے ٹکٹ میں صدق پاکستان جاتا تھا۔ لیکن اب تین ہفتہ سے تیس پیسہ فی اخبار ٹکٹ لگنے لگا ہے۔ ۲۰ پیسے ٹکٹ والے جو پرچے ارسال کیے تھے، سب واپس آ رہے ہیں۔ اس لیے اب صدق کا چندہ پاکستانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خریداروں سے عدہ رہتے انہیں زائد رکھنا پڑے گا۔ لیکن ابھی پاکستان میں وصولی چندہ کا انتظام نہیں ہوسکا ہے۔

کتابوں کی تجارت ابھی بند ہے اور اس وقت ڈاک کا محصول بہت زیادہ ہے۔ اس لیے کتابوں کے سلسلہ میں فرمایش کی تعمیل فی الحال نہ ہوسکے گی۔ علاوہ ازیں اخباری کاغذ کی شدید گرانی و نایابی، عام گرانی اور عم محترم کی علالت کے باعث صدق انتہائی نازک مالی دور سے گزر رہا ہے۔ دعا فرمایئے۔

نیاز مند،
حکیم عبد القوی

پروفیسر محمد اشرف خاں (پشاور)

خط کے پہلے نمبر میں "سید صاحب" سے علامہ سید سلیمان ندوی مراد ہیں۔ دوسرے نمبر میں شیخ اشرف سے اشارہ لاہور کے انگریزی کتابوں کے مشہور پبلشر شیخ محمد اشرف کی طرف ہے۔

مکتوب الیہ اپنی انگریزی کتاب "انڈو عرب ریلیشنز" چھپوانا چاہتے تھے اس سلسلے میں مولانا دریابادی سے کسی مناسب پبلشر کے بارے میں دریافت کیا تھا تیسرے نمبر میں مولانا نے اپنا مفصل نظام اوقات تحریر فرمایا ہے۔ نمبر ۴ میں جس ادارے کے قیام کا ذکر ہے، وہ برائے نام قائم تو ضرور ہوگیا۔ اگرچہ سید صاحب کے شایانِ شان نہیں پانچویں اور آخری نمبر میں ڈاک خانے کی مہر میں "شبلی" کی اسپیلنگ میں غلطی کی درستگی کی طرف اشارہ ہے۔

مکتوب الیہ کا بیان ہے کہ اس غلطی کی طرف انھوں نے توجہ دلائی تھی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع ۱۲ر دسمبر
ختم ۱۴ر دسمبر

دریاباد، ضلع بارہ بنکی

عزیز مکرم و علیکم السلام

۱۔ سید صاحب سے میرے تعلقات یگانگت عزیزوں کے سے تھے۔ اس لیے جو اُن کا یگانہ ہوا وہ میرے لیے بیگانہ نہ رہا۔

۲۔ شیخ اشرف اچھے پبلشر ہے ضرور اپنی کتاب کے لیے ان سے مراسلت کیجیے۔

۳۔ اِس بے بضاعت کا نظام اوقات حسبِ استفسار بے تکلف عرض ہے۔

صبح تڑکے ایسے وقت اٹھنا کہ نماز فجر سے قبل ½ گھنٹہ چہل قدمی بھی کرلی اور اس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھوڑا بہت کچھ پڑھ بھی لیا۔ باوضو ہوتا ہوں واپس ہوتے ہی نماز فجر شروع کر دی ـــــ روزانہ کچھ نہ کچھ ورزش اپنے سن جثہ اور قویٰ کے متناسب لازمی ہے بہت دیر کے بعد اور بہت نقصان اٹھا کر یہ سبق سیکھ سکا۔ بعد فجر بر لتے نام کچھ پڑھا پڑھا یا کہ چند منٹ بعد ناشتہ آگیا۔ اب تک چائے کا عادی تھا اب چند روز سے بجائے چائے کے محض گرم پانی میٹھا کر کے شروع کیا نفع اس کا بھی وہی یعنی رفع قبض اور چائے کے مضرات سے نجات "ورکنگ ڈے" اسی وقت سے شروع ہو جاتا ہے۔ یعنی اخبار رسالہ وغیرہ ناشتہ کے ساتھ ساتھ پڑھتا جاتا ہوں اس کے بعد لڑکیاں سلام کو آئیں کچھ پڑھنے کا کام انھوں نے کیا اور کچھ باتیں ان سے عام تربیت کی ہوئیں۔ اب خط کے جوابات لکھے۔ اور متفرق کام (حوالہ کی کتابیں تلاش کر رکھیں جن کی دن میں ضرورت پڑے گی۔ وغیرہا) ساڑھے نو پر ڈاک روانہ کر دی تازہ وضو کے بعد بیوی بچوں سے مختصر ملاقات کرتا ہوں۔ دوسرے کمرے میں آیا جو اصل تصنیف گاہ ہے۔ یہاں دس سے دو بجے تک مسلسل لکھتا ہی رہتا ہوں۔ زیادہ تر قرآن مجید کے سلسلے میں کبھی دن کچھ اور۔ دو بجے نماز ظہر (دن کا کھانا وقت بچانے کے خیال سے سالہا سال سے ترک کر دیا ہے۔) بعد نماز ظہر ہلکا سا ناشتہ جو کام میں مخل نہ ہو۔ بعد ناشتہ پھر متفرق کام عموماً صدق کا جس زمانہ میں لڑکے اور لڑکیاں موجود ہوتے کوئی آدھ گھنٹے کے وقت ان کے لیے فرداً فرداً ان سے ہر قسم کی آزادانہ بات چیت اُن کے ذاتی مسائل (Problem) پر گفتگو۔ کبھی کبھی درس مثنوی بھی۔

اس کے بعد نماز عصر پھر تازہ ڈاک آگئی جس میں اخبارات اور رسالوں کی بھرمار ہوتی ہے انگریزی اور اردو روزنامے ہی ہندو پاکستان کے ملا کر ۲۵ ہوتے ہیں۔ سہ روزہ، ہفت روزہ ان کے علاوہ، سات آٹھ تو بغیر پڑھے ردی میں ڈال دیتا ہوں پھر بھی اچھے خاصے پڑھنے پڑتے ہیں۔ مغرب سے آدھا گھنٹہ قبل برآمدے میں بیٹھ جاتا ہوں وہ وقت عام ہوتا ہے ڈاک بھی ساتھ ساتھ دیکھتا جاتا ہوں۔

بعد مغرب فوراً ہی کھانے پر بیٹھ جاتا ہوں اور دانتوں کی خرابی کے باعث دیر تک کھاتا رہتا ہوں ضعف بصارت کے باعث رات کا پڑھنا لکھنا کئی سال سے موقوف ہے۔ کھانے کے بعد برلتے نام چہل قدمی چھت پر کر لی اور پھر نیچے آکر بیوی اور لڑکیوں کے پاس بیٹھ گیا۔ ان سے باطمینان ملنے کا یہی وقت ہوتا ہے لڑکیوں نے دن میں جو کچھ پڑھا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(حضرت تھانویؒ کے وعظ، مثنوی کے ترجمے کی برابر تاکید رہتی ہے) اُسے میرے سامنے دہراتی ہیں اور بہت سی باتیں کام کی بحمداللہ ہو جاتی ہیں۔ گھنٹہ سوا گھنٹہ کے بعد عشار کے لیے آیا۔ بعد نماز بیوی تھوڑی دیر کے لیے آجاتی ہے ان سے ملنے کا یہی وقت ہوتا ہے۔ وہ اُدھر گئیں اور ادھر میں سونے لیٹ گیا۔

یہ پروگرام ظاہر ہے کہ ہر ایک کے لیے قابل عمل نہیں تاہم بہ اختلافِ احوال کسی حد تک نمونہ کا کام انشاء اللہ دے سکے گا۔ حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کا جتنا احسان مند ہوں بس میرا دل ہی جانتا ہے دوسرے اہل ہمت تھے انھوں نے اُن سے دین لیا میں کم ہمت تھا میں نے دنیا اُن سے لی۔ انھوں نے زندگی بنادی تربیت اور تنظیم جو کچھ آئی ان ہی کے فیض سے ورنہ پہلے انتشار ہی انتشار تھا۔

دو ایک باتیں رہ گئی مہمانوں اور ملاقاتیوں کا ضرور نظم قائم کیا جائے۔ میرے ہاں کوئی عزیز بھی بغیر اطلاع سابق مہمان نہیں آسکتا ہر ایک سے وقت پہلے ہی طے ہو جاتا ہے دوستوں ملاقاتیوں کے لیے وہی قبل مغرب آدھ گھنٹہ کا وقت مقرر ہے خاص صورتوں میں وقت پہلے سے مقرر کیا جاتا ہے تنظیم اوقات میں وقت شروع میں ضرور ہوگی لیکن رفتہ رفتہ لوگ عادی ہو جائیں گے۔ اور اپنے کو انتہائی راحت ملنے لگے گی۔

لیجیے خط بہت ہی طویل ہو گیا۔ باقی باتوں کا مختصر جوابات دے کر ختم کیے دیتا ہوں۔

۴۔ سلیمان اکیڈمی کا خیال بہت ہی اچھا ہے لیکن محض خیال کی اچھائی کافی نہیں اصل اور اہم ترین سوال موزوں اور اشخاص کے ملنے کا ہے۔ اور پھر سرمایہ کا۔

۵۔ ڈاک خانے کی مہر کی اب اصلاح ہو گئی مدت دراز ہوئی کہ ایک ندوی نے جامعہ ملیہ سے اس پر توجہ دلائی میں نے فوراً اکیڈمی والوں کو لکھا۔ انھوں نے پوسٹ آفس سے مراسلت شروع کی، دفتری گھس گھس میں پورا ایک سال لگ گیا۔ اب خدا خدا کر کے تصحیح ہو پائی ہے۔ والسلام، دعاگو و دعاخواہ:

عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیغامات

مولانا ابوالکلام آزادؒ

سہ ماہی "اردو ادب"[1]، علی گڑھ کے مولانا آزاد نمبر کے لیے پروفیسر آل احمد سرور کے نام

۱۸ را اپریل ۱۹۵۸ء بسم اللہ

پیام

اردو ادب نے مولانا آزاد کی یاد میں جو خصوصی نمبر شائع کرنے کا ارادہ کیا ہے ہر طرح مبارک و قابل تحسین ہے۔ اس سے کم سے کم ایک ظلم کی تو کسی حد تک تلافی ہو جائے گی۔

اس دس بیس برس کے اندر اردو ادب کی تاریخ پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ آزاد نامے ایک بڑے ادیب و انشاء پرداز کی کوئی ہستی موجود ہی نہیں ہے! یہ کتنا بڑا ظلم ہوا ہے! یہ ظلم دو چار اور صاحبوں پر بھی ہوا ہے لیکن مظلوم اعظم آزاد ہی ہیں۔ مولانا کی دینی و سیاسی خدمات کا جائزہ تو دوسرے بھی لے سکتے ہیں۔ لیکن ان کی ادبی اور انشائی خدمات کا صراحت و تفصیل سے جائزہ لینا آپ کے رسالہ کا خاص موضوع ہونا چاہیے۔ اتنا وقت کہاں سے لاؤں کہ خود شرح و بسط سے لکھوں۔ کچھ نہ کچھ بہر حال صدق میں لکھ ہی چکا اور آپ کے علاوہ چار چار جگہوں سے اور فرمائشیں آئی ہوئی ہیں۔ آپ کے رسالہ نے اگر یہ کام کر دیا تو گویا سب کی طرف سے ایک ادبی فرض کفایہ ادا کر دیا اور تاریخ ادب کے دامن سے ایک بدنما دھبے کو دور کر دیا۔

مولانا کی انشا کے مختلف دور قائم کرنے لازمی ہیں، تین دور تو کھلے ہوئے ہیں اور شبلی اسکول سے ان کا تعلق واضح کرنا ضروری ہے۔ یہ ایک عجیب لطیفہ ہے کہ شبلی سے اتنا قریب اور متاثر ہو کر بھی مولانا ورا اور غیر متاثر رہے۔ والسلام

عبدالماجد

---

[1] اردو ادب، انجمن ترقی اردو (ہند) کا سہ ماہی علمی مجلہ، اس وقت علی گڑھ سے پروفیسر آل احمد سرور کی ادارت میں نکلتا تھا؛ اب دہلی سے ڈاکٹر خلیق انجم کی ادارت میں نکلتا ہے۔ یہ پیام سرور صاحب تک نہ پہنچ سکا۔ "مکتوبات ماجدی [illegible] میں شامل ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حکیم محمد اجمل خاں

پیام بہ موقع یادگار برسی حکیم اجمل خاں مرحوم بہ نام حکیم عبدالاحد پرنسپل طبیہ کالج، پٹنہ

دریاباد

۲۶ رجنوری ۱۹۵۹ء

اجمل خان کے "ذکرِ جمیل" سے اپنے کو تر زبان رکھنا خود اپنی خوش ذوقی اور احسان شناسی کا ثبوت دینا ہے اور اس کا اعلان کرنا ہے کہ آپ کا ادارہ حذاقتِ فن کا بھی قدردان ہے اور شرافتِ نفس اور صحیح انسانیت کا بھی۔

مرحوم کا مونوگرام (MONOGRAM) کاغذات پر چھپا ہوا تھا "افضل الاشغال خدمت الناس" اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کے دل پر کندہ تھا خدمتِ خلق میں دن رات لگے رہنا ان کا اوڑھنا بچھونا تھا اور یہی گویا ان کا ہمہ وقتی فریضہ۔

جلسہ یادگار کی صدارت کے لیے بھی انتخاب ڈاکٹر ذاکر حسین کا خوب رہا جمالِ شرافت سے اسی طرح آراستہ و پیراستہ۔

حکیم صاحب کی یادگار اگر اخلاص سے منانا ہے تو خصوصی توجہ ان تین چیزوں پر لازمی ہے۔

(۱) ان کے مدرسہ طبیہ دہلی کی ہر طرح تعمیر و ترقی انھیں کی قائم کی ہوئی بنیادوں پر۔

(۲) ہندو مسلم اتحاد کا فروغ گاندھی جی کے قائم کیے ہوئے خطوط پر۔

(۳) جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فلاح و ترقی اس کی قدیم خصوصیات کے ساتھ۔

والسلام

عبدالماجد

پروفیسر احتشام حسین

پیام نو، لکھنؤ کے لیے مضمون کی فرمایش پر اس کے ایڈیٹر مرزا جعفر حسین[1] ایڈوکیٹ کے نام

دریاباد۔

۴ اردسمبر ۱۹۷۲ء بسم اللہ

---

[1] مکتوب الیہ پرانے مسلم نیشنلسٹ لیڈر ہیں اور شیعہ پولٹیکل کانفرنس کے مدتوں جنرل سیکریٹری رہے ہیں۔ شیعہ سنی اتحاد کے زبردست حامی اور لکھنویات پر برابر "بنیادی" اور "آج کل" میں لکھتے رہتے تھے پروفیسر احتشام حسین مرحوم کے خاص دوستوں میں تھے۔ "پیام نو" کا ہفتہ وار پرچہ نکالتے تھے جو اس کے بعد بھی جاری رہا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احتشام مرحوم کے فکر و فن پر لکھنے والے تو بہت سے ہوں گے میں اپنی طویل ذاتی واقفیت کی بنا پر صرف دو باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

۱۔ وہ بڑے اچھے کارکن اور کارگزار اردو کے حق میں تھے لشکر اردو کے بہترین سپاہی اور سپہ دار اردو کے ہر محاذ پر معرکہ آرا خدا معلوم کتنی اردو کمیٹیوں اور اداروں کے وہ دل و دماغ بھی اور ہاتھ پیر بھی، بابائے اردو ڈاکٹر عبدالحق اردو کے بڑے بابا تو یہ چھوٹے بابا۔

۲۔ بہ حیثیت انسان بڑے ہی شریف النفس، شرافت کیا تھی ان کی کرامت تھی، سادگی، اخلاص حسن سلوک و احسان، مروت اور خدمتِ خلق کے گویا پتلے تھے اور حفظِ مراتب میں تو اپنی نظیر آپ تھے۔

وہ سلسلۂ تقریب والی میری تقریر جلسہ گاہ ہی سے "قومی آواز" والے اڑا لے گئے مجھے دیکھنے کو بھی نہیں ملی[1]

عبدالماجد

مولانا احسن مارہروی

پیام بنام ڈاکٹر انعام احسن صاحب، کراچی

دریاباد

۱۸ / فروری ۱۹۶۰ء بسم اللہ

مارہرہ کا خطہ یوں بھی مردم خیز ہے احسن مرحوم اس عموم میں ایک مرتبہ خصوصی رکھتے تھے۔

داغ کے شاگردِ رشید ہی نہیں زبان میں ان کے ہم زبان، غزل گوئی کے میدان میں فردِ ادب کے صاحبِ نظر استاد۔

ان کا یہ مقطع کبھی کا کان میں پڑا ہوا بھلانے سے بھی نہیں بھولتا ؂

اپنی تصویر کی تقدیر پہ کیوں رشک نہ آئے
وہ منگائی گئی احسن کو بلایا نہ گیا

والسلام عبدالماجد

---

[1] گنگا پرشاد ہال میں پروفیسر احتشام حسین صاحب کے انتقال پر تعزیتی جلسہ مولانا مرحوم کی صدارت میں ہوا اس موقع پر مولانا نے جو تقریر پڑھی اس کی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

افق لکھنوی

یوم افق کے موقع پر بشیشور پرشاد منور لکھنوی کے نام مولانا دریا بادی کا پیام

دریا باد

۱۱ر جولائی ۱۹۶۴ء

بسم اللہ

یوم افق

افق صاحب کا نام نامی کان میں اس وقت پڑا جب میں اسکول کے ساتویں آٹھویں درجے کا طالب علم تھا ان کی ایک نظم اُردو کورس میں داخل تھی غالباً کوئی مسدس "شہر آشوب" قسم کا تھا دو ایک مصرعے اب بھی حافظہ میں رہ گئے ہیں۔

دوشالہ اوڑھ کر چلے ہیں فصل گرما میں
ہے شربتی کا انگرکھا بدن پہ سرما میں

جب ذرا اور بڑا ہوا تو اودھ اخبار میں کہ وہی اپنے دور میں اردو کا سب سے زیادہ سربرآوردہ اخبار تھا۔ ان کے مضمون پر مضمون دیکھنے میں آئے۔ شاعر کا نام بھی جب ہی معلوم ہوا۔ ملک الشعراء کا لقب بھی ان کے نام کے ساتھ پڑھنے میں آیا۔ ان کی قدرت کلام کا اندازہ بھی اسی وقت ہوا۔ اس وقت وہ اودھ اخبار کے ایڈیٹر تھے اور یہ بجائے خود ایک امتیازی اعزاز تھا۔

مشہور یہ تھا کہ اردو مسلمانوں کی زبان ہے اس کلیہ کی تردید میں ایک ہجوم جس طرح ایک طرف کشمیری پنڈتوں (نسیم، سرشار وغیرہ) کا تھا اسی طرح دوسری طرف کائستھوں کا تھا اور کائستھ برادری کے صف اول میں ایک جوالا پرشاد برق تھے۔ اور دوسرے یہی دوارکا پرشاد افق تھے اور حضرت افق کی خوش نصیبی تھی کہ اپنا جانشین اپنے فرزند سعید اور شاگرد رشید کو چھوڑ گئے جو ہر طرح ان کے کام کو ترقی و تکمیل تک پہنچانے والے اور ان کے نام اور یاد کو "منور" رکھنے والے ہیں۔ ایسی خوش نصیبی کم ہی کسی کے حصہ میں آتی ہے۔

والسلام
عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکبر الہ آبادی

یوم اکبر کے سلسلے میں ناظم انجمن اردو پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور کے نام

دریا باد ــــ

۲۹ر دسمبر ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

پیام

اکبر کی عزت کرنا خود اپنی عزت بڑھانا ہے ع

مادح خورشید مدّاحِ خود است

دل خوش ہوا کہ آپ نے اکبر شناسی کا ثبوت دے کر اپنے عرفان نفس کے بھی مدارج طے کر لیے۔ اکبر کا پیام صحیح، لطیف، ذوق ادب کے ساتھ اسلام اور اسلامیت کے پیام کے سوا کچھ نہیں۔ مآلِ سخن و حاصلِ کلام کے لحاظ سے اکبر و اقبال بالکل ہم زبان ہیں، گو راستے دونوں کے الگ الگ ہیں۔

والسلام

عبدالماجد

(۲)

یوم اکبر الہ آبادی کے سلسلے میں اکبر مرحوم کے پوتے سید محمد مسلم رضوی، کراچی کے نام

دریا باد

۴ر ستمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

پیام

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی ہے جا جا کے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

اکبر کے زمانہ میں تو رپٹ اللہ کا نام لینے پر لکھائی جاتی تھی، مگر اب تو وہ وقت آ گیا ہے کہ خود حضرت اکبر کا نام لینا بھی رپٹ لکھانے کے قابل نظر آتا ہے۔ چہ جائیکہ ان کی یاد منانا اور یوم اکبر کی طرح منانا!

اکبر کا پیام اور تھا بھی کیا، بجز اسلام اور اسلامیت اور درس خودداری کے، دل روتا جاتا اور چہرے پر بجائے آنسوؤں کے تبسم کے آثار طاری رکھتے۔ مرثیہ کا مضمون نغمۂ طرب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی سلے میں ادا کرتے ۔
آفریں ہے آپ کی ہمت پر کہ آپ نے اس دور میں بھی ان کا پیام سنانے کی ٹھان لی ——————

دعاگو:

عبدالماجد

(۳)

یوم اکبر کے موقع پر محمد عصمت اللہ خاں سکریٹری اردو فارسی سوسائٹی، لکھنؤ کے نام

پیام

دریاباد

۱۵ مارچ ۱۹۴۷ء

کلام اکبر کی اگر آپ کو چاٹ پڑ گئی تو ایک ہی وقت میں ۔

۱ ۔ آپ نے اپنی زبان بھی درست کر لی ۔

۲ ۔ اردو کے ایک اچھوتے، لطیف، پیارے اسلوب بیان کے بھی رمز شناس ہو گئے ۔

۳ ۔ اپنی سخن گوئی، سخن فہمی، سخن سنجی کی بھی نوک پلک درست کر لی ۔

۴ ۔ توحید و معرفت کی بھی چاشنی چکھ لی ۔

۵ ۔ اپنے اندر مشرقیت، اسلامیت، غیرت ملی اور خود داری کی روح بھی جذب کر لی ۔

اکبر اور کلام اکبر پر سیکڑوں صفحے لکھ چکا ہوں اور پھر بھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کچھ بھی نہیں لکھا اللہ تکملہ آپ لوگوں کے ہاتھ سے کردے ۔

عبدالماجد

امجد حیدرآبادی

امجد حیدرآبادی پر مضمون کے مطالبے پر خواجہ حمیدالدین شاہد کے نام شاہد صاحب اس وقت حیدرآباد دکن میں تھے اب کراچی میں مقیم ہیں ۔

دریاباد

۴ جنوری ۱۹۵۵ء

بسم اللہ

"امجد" نامور ہوئی شان کے باب میں "ماجد" گم نام و بے نشان کا کچھ عرض کرنا سورج کو چراغ سے دکھانا ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شہد کو اور کون سی مٹھاس ڈال کر میٹھا کیا جاتا ہے۔ اور نمک میں اور کون سی نمکینی ڈال کر نمکین بنایا جاتا ہے؟

وہ میرے افضل التفضیل برائے نام ہی نہیں زندگی کے ہر صیغہ میں مجھ سے افضل، اکرم، اشرف، اور اکمل ہیں۔

اللہ ان کی عمر میں، کمالات میں، کرامات میں زیادہ سے زیادہ برکت عطا فرمائے۔

عبدالماجد

بابائے اردو مولوی عبدالحق

بابائے اردو کی جوبلی کے موقع پر سید ہاشمی فرید آبادی سکریٹری عبدالحق جوبلی کمیٹی، کراچی کے نام

دریاباد

۱۵ ردسمبر ۱۹۵۹ء

بسم اللہ

پیام

باباے اردو کی خدمات زبان وادب پر کچھ لکھنا لکھانا

سورج کو چراغ ہے دکھانا

جو چیز خود ہی آفتاب کی طرح روشن ہو اس پر کوئی روشنی کہاں سے لاکر ڈالے گا۔

یہ عظیم الشان تناور درخت جس کا نام انجمن ترقی اردو ہے اور جس کی شاخیں ہندوستان و پاکستان دونوں مملکتوں میں پھیلی ہوئی ہیں، خوب یاد ہے کہ ایک زمانہ میں کچھ بھی نہ تھا اور یہ سارا فیض ایک ہی ذات کی ان تھک آبیاری کا ہے۔ یہ انجمن ابتداءً محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے صرف ایک شعبہ کی حیثیت سے شعبۂ علمیہ کا نام رکھتی تھی۔ غالباً ۱۹۰۳ء میں قائم ہوا تھا پھر ۱۹۱۱ء میں مولوی عزیز مرزا مرحوم کی وفات سے بالکل مُردہ ہو گیا تھا ۱۹۱۲ء میں صاحب زادہ آفتاب احمد خاں مرحوم کی مردم شناس نگاہ نے اس کا سکتر مولوی عبدالحق صاحب کو منتخب کیا اور اسی گھڑی سے قالب بے جان میں جان پڑ گئی بلکہ نا لب تک نیا ہو گیا۔ موصوف حیدرآباد، اورنگ آباد، دہلی جہاں کہیں بھی رہے ہوں بس وہی اردو تحریک کا مرکز بن گیا اور اب قیام کراچی کے وقت سے جو کچھ کر رہے ہیں سب پر روشن اور آشکارا ہے۔ انجمن کو ایک مستقل قائم بالذات خود مختار ادارہ کس کی مسیحا نفسی نے بنایا۔ سیاسی، علمی، یا لسانی ہر محاذ پر یہی اردو کے لیے لڑائیاں لڑے اور شدید مخالف قوتوں کے باوجود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میدان پر میدان مار لیے۔
بس ایک دھن ہے خدمت اردو کی جو اُن کی زندگی کی رگ رگ میں بسی ہوئی ان کے عقیدے میں عبادت کا درجہ حاصل کیے ہوتے ہے۔
اللہ ان کی عمر میں برکت زیادہ سے زیادہ عطا فرمائے اور ان کی ہمت کو جو جوانوں کو شرمائے ہوتے ہے ہمیشہ جوان ہی رکھے! ان کی سرگرمیاں قابلِ رشک ہیں اور ان کی بلند ہمتی قابلِ صد تقلید و ہزار آفریں۔

والسلام، دعاگو و دعاخواہ: عبدالماجد

(۲)

روزنامہ صداقت، حیدرآباد (دکن) کے بابائے اردو نمبر کے لیے مضمون کے مطالبے پر، اس کے ایڈیٹر کے نام

دریاباد
۶ مئی ۱۹۶۰ء

بسم اللہ

بابائے اُردو

ہمارے مخدوم و مکرم مرزا محمد ہادی مرزا لکھنوی (رسوا نہیں مرزا، رسوا تو انہوں نے بدنامی سے بچنے کے لیے ایک نقاب ناول نویسی کے لیے تیار کر لیا تھا۔ ورنہ شاعری کی دنیا میں محض مرزا تھے) شعر بڑے مزے کے کہتے تھے ان کی ایک غزل کا شعر ہے ؎

ہو کوئی حوروں پہ فدا کوئی بتوں پہ ہو شہید
ڈھونڈھ ہی لیتا ہے انسان خدا ایک نہ ایک

سو ہمارے بزرگ بابائے اردو نے اپنا خدا اردو ڈھونڈھ نکالا ہے۔ وہی ان کا مرجع، وہی ان کا ملجا، وہی ان کا مقصود، وہی ان کا مسجود، وہی ان کی عبادت اور وہی ان کی ریاضت، وہی ان کا معبد اور وہی ان کا مصلیٰ۔ نہ بیوی نہ بچے۔ ساری خانگی الفتوں دلچسپیوں کا وہی ایک مرکز و محور ۱۹۱۲ء سے جب انجمن ترقی اردو اس کس مپرسی میں پڑی ہوتی ان کے حوالے ہوئی ہے یہی دیکھیے کیسی نکھر گئی ہے۔
اورنگ آباد ہو کہ حیدرآباد، دہلی ہو کہ کراچی، جہاں کہیں بھی رہے سوتے جاگتے یہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک دھن ان پر سوار۔ جوان سے ادھیڑ ہوتے اور ادھیڑ سے بوڑھے اسی ایک عشق میں۔ عجب نہیں کہ جب کبھی گنگناتے ہوں۔ تو اپنے اسی محبوب کو مخاطب کرکے۔

اے تو افلاطون و جالینوس ما

دولت لٹائی تو اسی کی خاطر، دست گدائی پھیلایا تو اسی کے لیے۔ آج اس سے لڑے، کل اس سے ملے۔ سب اسی پر جفا و پر وفا کے لیے۔ اتنے مجاہدے دین و مذہب کی خاطر کرتے تو عجب کیا کہ جنیدؒ و بایزیدؒ کی صف میں شمار ہوتے۔

آندھیاں اٹھیں اور گزر گئیں، انقلاب آتے اور ختم ہو گئے وہ بدستور اسی بساطِ اردو سے چمٹے ہوتے۔

ان کے کارناموں کو گنانا، ان کی تفصیل لکھنا دوسروں کا کام ہے۔ یہاں تو داد محض ان کی استقامت بلکہ کرامت کی دینا ہے جس کسی نے انھیں بابائے اردو کہا بہت خوب کہا۔ کچھ خیال ایسا پڑتا ہے سب سے پہلے شاید میر نیرنگ مرحوم کی زبان سے نکلا تھا یا شاید اس کے موجد خواجہ حسن نظامی ہوں۔

اللہ ان کی عمر و توانائی میں زیادہ سے زیادہ برکت دے اور خدمت اردو کے لیے ان کی جسمانی اور دماغی قوتوں کو سدا جوان رکھے۔

عبدالماجد

جگر مراد آبادی

یوم جگر کے مرتبع پر نادم سیتاپوری کے نام

دریاباد

۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۶۱ء

پیام

جگر اپنی غزل گوئی میں تو فرد تھے ہی۔ شخصیت بھی محبوب و دل آویز رکھتے تھے۔ اور یہ ادا تو ان کی کبھی بھولنے والی نہیں کہ سالہا سال کا زمانہ رندی میں گزرا اور بدمست اس مدت میں ایک بار بھی نہ ہوتے۔ شرافت کے حدود بہرحال قائم رکھے اور اسی وصف نے انھیں بہت بڑا انسان بنا دیا۔

اردو والوں پر فرض ہے کہ ان کی یاد کے ساتھ اپنی محبت اور عقیدت کا تعلق زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے زیادہ قائم رکھیں۔

والسلام عبدالماجد

مولانا حسرت موہانی

یوم حسرت موہانی کے موقع پر نصرت موہانی، کراچی کے نام

دریاباد
۱۴ مئی ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

پیام

یونانیوں اور بہت سی قدیم قوموں میں دستور یہ رہا ہے کہ صفات انسانی کے اعلیٰ اور مثالی درجہ تکمیل کے لیے ایک ایک دیوتا تراش لیا تھا۔ مثلاً شجاعت کا دیوتا، حسن و جمال کا دیوتا وغیرہ وغیرہ۔ ہمارے دین میں اگر یہ جائز ہوتا تو عجب نہیں، بے خوفی، لاطمعی اور سادگی کا دیوتا ہم حسرت موہانی کو قرار دیتے۔ ان اوصاف کے وہ مثالی پیکر تھے اور توکل علی اللہ سب پر مستزاد۔ ان کے شعری، ادبی اور تنقیدی کمالات کا باب ان اوصاف ملکوتی کے علاوہ ہے۔ ایسی ہستیاں اپنی صدی میں کہیں دو چار ہی ہوتی ہیں۔

والسلام عبدالماجد

(۲)

اُردو ہندی سنگم، لکھنؤ کے سکریٹری حیات وارثی کے نام مولانا کا پیام

دریاباد
۱۴ ستمبر ۱۹۶۶ء

پیام

حسرت موہانی سچے مسلمان تھے۔
" صاحب ایمان و عرفان تھے۔
" محبت کی جان اور اخلاص و ایثار کے مجسم نشان تھے
" قناعت اور توکل میں اپنی مثال آپ تھے۔
" ایک بہترین شاعر خصوصاً غزل گو تھے۔
" جرأت و ہمت میں لاثانی تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

" جاں بازی و بے خوفی میں فردِ فرید تھے۔
" ایک بہترین ناقد و ادیب تھے۔
اخلاق، کردار، عقل و ذہن کی خوبیوں کی جامعیت کے لحاظ سے ایک مکمل انسان تھے۔

عبدالماجد

خواجہ حسن نظامی

ماہنامہ منادی، دہلی کے لیے مضمون کی فرمائش پر، منادی کے ایڈیٹر خواجہ حسن ثانی نظامی کے نام

دریاباد

۷ر جولائی ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

البیلا انشا پرداز

خواجہ صاحب کی بزرگی و وزرگی کا حال تو کوئی بزرگ ہی بتا سکتا ہے۔ اپنا ایمان تو ان کی انشا پردازی پر ہے۔ صاحبِ قلم (یا انھیں کی زبان میں قلم کار) کی حیثیت سے فرد تھے۔ اور اس کی شہادت یہاں سے لے کر آخر تک میں دے سکتا ہوں کہ ان کا سا البیلا انشا پرداز نہ ان کے زمانے میں پیدا ہو سکا اور نہ آج تک پیدا ہوا ہے۔

وہ صحیح معنی میں انشا پرداز تھے۔ ساز سے زیادہ سوز کے مالک اور اس سے بڑھ کر تاریخِ ادب پر کوئی قلم نہیں کہ کتابوں پر کتابیں اور مقالوں پر مقالے نثر اردو کے ماہرین پر تیار کر دیے جائیں اور ان میں مرحوم کا نام بھی نہ آنے پائے۔

والسلام عبدالماجد

(۲)

یوم حسن نظامی کے سلسلے میں حلقۂ ادب پاکستان، لاہور کے صدر جناب عابد نظامی کے نام

دریاباد

۲۱ر مئی ۱۹۶۲ء

پیام

خواجہ صاحب کی دوسری حیثیتوں سے متعلق جو بھی رائے قائم کی جائے بہ حیثیت ادیب و انشا پرداز ان کا مرتبہ بالکل مسلّم ہے۔ سلاست، گھلاوٹ، شگفتگی کے وہ بادشاہ تھے، ایک مخصوص طرزِ انشا کے وہ مالک تھے۔ اس کے موجد بھی وہی، اس کے خاتم بھی وہی۔ فنِ بلاغت میں جسے سہلِ ممتنع کہا گیا ہے یہ انھیں کی انشا تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے اپنے ابتدائی دور میں ان کے قلم سے خاصا کسب فیض کیا ہے۔ حال میں جن لوگوں نے اردو ادب کی تاریخیں لکھی ہیں انھوں نے بڑا ظلم کیا ہے کہ خواجہ صاحب کا ذکر ہی سرے سے اڑا گئے ہیں۔ یہ ایسی ہی بات ہے کہ کوئی عشق و عاشقی کی تاریخ لکھے اور اس میں نام قیس عامری کا نہ آنے پائے۔

میں نے حال ہی میں ایک مضمون لکھا ہے عنوان ہے "اردو کے چند مظلوم ادیب" ان مظلوموں کی فہرست میں مولانا آزاد کے بعد ہی نام خواجہ صاحب کا لکھا ہے۔

ان کا قلم جامع تھا "آہ" اور "واہ" کا لیکن مسکراہٹوں سے بھی کہیں بڑھ کر آنسوؤں کے لیے موزوں تھا۔

ان کی ادبیت کی یاد منا کر آپ لوگ خود اپنے حسن ذوق کا ثبوت دے رہے ہیں۔

والسلام عبدالماجد

(۳)

یوم خواجہ حسن نظامی کے موقع پر جناب عابد نظامی کے نام مولانا دریابادی کا پیام

دریاباد

یکم اپریل ۶۵ء

البیلا ادیب

تاریخ زبان اردو کے پرچہ میں اگر یہ سوال آیا ہے کہ البیلا ادیب کون گزرا ہے تو جواب صرف ایک ہوگا:

خواجہ حسن نظامی

وہ مستوں کا مست، سرشاروں کا سرشار، دیوانہ بکار خویش ہشیار، ادب کا خادم ادیبوں کا مخدوم سب سے نرالا اپنی اداؤں میں البیلا، زبان دانوں کا پیارا ادب و انشاء کی آنکھوں کا تارا۔

والسلام عبدالماجد

حفیظ جالندھری

ماہنامہ افکار، کراچی کے حفیظ نمبر کے لیے۔ اس کے ایڈیٹر جناب صہبا لکھنوی کے نام

دریاباد

۳۰ر جولائی ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیام

جوش نمبر کے بعد حفیظ جالندھری نمبر۔ آتش سیال کے بعد دور جام اللحم کا اور شربت روح افزا کا! الحاد کو شہ دینے کے بعد تحسین اور پیشوائی اسلام کی! — حسن تلافی کا حسین و قابل دید نمونہ۔

شاہنامہ اسلام کا مصنف اور "سر چھر املاح" کا خالق۔ آپ کے ملک میں اندھیرے گھر کا چراغ۔ اکبر و اقبال دونوں کا جانشین۔

والسلام عبدالماجد

رفیع احمد قدوائی

روزنامہ سیاستِ جدید، کانپور کے قدوائی نمبر کے لیے مضمون کی فرمائش پر

مقامِ رفیع

ہندوستان کی تازہ تاریخ میں جو مقام رفیع رفیع احمد قدوائی مرحوم کو حاصل ہے اس سے انکار کسی دشمن کے لیے بھی ممکن نہیں دل خوش ہوا کہ اسی کا اعتراف سیاست جدید اپنا ایک خصوصی نمبر نکال کر کر رہا ہے۔ ایک سیاسی مخالف کی عظمت کا اعتراف خود ادارہ سیاست کی بھی شرافت کا ایک عملی ثبوت ہے۔

اپنی دوسری بے شمار خدمات کے علاوہ مرحوم نے ہندوستان کے ایک پیچیدہ ترین مسئلہ رزق کو جس طرح حل کر دکھایا اور رزاق مطلق کے نائب کی جو تجلی اس عالم ناسوت میں دکھا دی اس کے لحاظ سے اگر انہیں "میکائیل ہند" کہا جائے تو کیا بے جا ہے؟

"حسرت آیات" ایسی ہی وفات کو کہا جا سکتا ہے۔ مرحوم کی وفات کے وقت صدق نے جو کچھ عرض کیا تھا، اسے آج بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

عبدالماجد

ڈاکٹر محی الدین زور

ڈاکٹر زور پر محمد بن عمر کوئی نمبر یا کتاب مرتب کرنا چاہتے تھے۔ اس سلسلے میں مولانا دریابادی سے مضمون کی فرمائش کی تھی، مولانا نے درج ذیل جواب دیا۔

دریاباد

۴ دسمبر ۱۹۵۴ء بسم اللہ

(۱) مولانا محمد علی کے انتقال پر حفیظ صاحب نے ایک تعزیتی نظم اس عنوان سے کہی تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو "زور" مجسم ہے اس کی مدح و توصیف میں مجھ جیسا "کم زور" قلم اٹھا ہی کیا سکتا ہے۔
ادارۂ ادبیاتِ اردو کے تو خیر وہ بانی ہیں، باقی حیدرآباد دکن سے کون ایسی ادبی تحریک
ادھر ۲۵، ۳۰ سال میں اٹھی جس کے وہ روح رواں نہ تھے۔ کوئی لکھنے کو قلم اٹھائے تو کیا کیا لکھے
اور کہاں تک لکھتا جائے۔
ان کے کمالات کو سمجھ لینا اور ان کی داد پہ آمادہ ہو جانا یہ خود ہی ایک کمال ہے، آفتاب
کو روشن دیکھنا خود اپنی صحتِ بصارت کا اعلان کرنا ہے بہ قول عارف رومی

مادحِ خورشید مداحِ خود است
کیں دو چشم روشن نامرمدست

اس اجمال کے اندر آپ ساری تفصیل پڑھ سکتے ہیں۔

والسلام عبدالماجد

سید سلیمان ندوی

حضرت سید صاحب کی یادگار کے طور پر "سلیمان ہال" کے قیام پہ مولانا دریابادی کا پیام

دریاباد
۲۶ر دسمبر ۱۹۵۷ء
بسم اللہ

"سلیمان عصر" کی یادگار کے سلسلہ میں آپ لوگوں کا مجھ "مورِ ضعیف" کو یاد کرنا محض
آپ کی ذرہ نوازی۔
اور پھر ڈاکٹر ذاکر حسین جیسے علم دوست و جوہر شناس گورنر کے ورود کے موقع پہ
میر ان کے فرائض کی یاد دہانی کرانا بلکہ اس کی طرف اشارہ بھی کرنا۔

سورج کو چراغ ہے دکھانا
یا لقمان کو حکمت سکھانا۔

جو پروردگار کارسازان کے قدم وہاں لے آیا ہے وہی ان کے قلب و زبان پہ بھی
حکمراں ہے مجھے تو صرف دور سے دعا گوئی اور خوشخبری سننے کے لیے رہنے دیجیے۔

دعا گو، عبدالماجد

---

(۱) ڈاکٹر محی الدین زور صاحب جامعہ عثمانیہ اور اس کے بعد کشمیر یونیورسٹی میں اردو کے پروفیسر و صدر
شعبہ رہے پروفیسر صاحب موصوف ادارہ ادبیاتِ اردو کے بانی تھے ادارے نے خاصا علمی و ادبی کام
حیدرآباد میں کیا اور اب تک کر رہا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲)

ماہنامہ "نیلا ہی" کراچی کے ایڈیٹر الطاف ظہوری کے نام جنھوں نے رسالے کا سلیمان نمبر نکالنے کا عزم کیا تھا۔ یہ نمبر نکل نہیں سکا۔

دریاباد ــــــ

۲۱ رجنوری ۱۹۶۱ء

بسم اللہ

پیام

"سلیمان نمبر" کے لیے سلیمان کے شایان شان یہ "مور ضعیف" "پر و بال" کہاں سے لائے۔ مرحوم سے اس نیاز مند کے تعلقات ۴۰، ۴۵ برس تک رہے، گھرے بے تکلفانہ، عزیزانہ، طالب علمی سے لے کر سن کہولت تک، عمر کے ہر دور میں، شروع شروع میں ایک حد تک حریفانہ، معارضانہ، اخلاص نے ساتھ ہر دور میں دیا۔

اتنے طویل تجربے اور ساتھ میں ایسا شریف، ایسا متین، ایسا سنجیدہ کمتر ہی کوئی نظر آیا۔ صحیح معنی میں طالب علم ساری عمر رہے۔ علم کے پتلے کتاب کے کیڑے۔ علم و تحقیق کا ذوق، ہر دوسرے ذوق پر غالب۔ سیرت نبوی سے عشق ساری عمر رہا اور آخر عمر میں فنا فی الشیخ ہو کر رہ گئے تھے۔ ایک پیکر تواضع و خشوع۔ علمی معاملات میں اپنے چھوٹے سے بھی اپنے کو چھوٹا سمجھنے والے۔

والسلام عبدالماجد

علامہ شبلی نعمانی

مولانا اسد القادری صدر پاکستان اردو اکیڈمی، کراچی نے یوم شبلی منانے کا عزم کیا تھا۔ ان کی درخواست پر مولانا دریابادی نے یہ خط روانہ فرمایا۔ یہ یوم منایا نہیں جا سکا۔

۲۳ رجون ۱۹۶۵ء

بندہ نواز! وعلیکم السلام

یوم "شبلی" کی تحریک مولانا "اسد" کی طرف سے! بہت ہی خوب

مرے شیر شاباش رحمت خدا کی

پروگرام کی دفعات بکھری ہوئی مگر بڑی نکھری ہوئی نظر آئیں! دلکش، حسن موہنی، وجد آفریں! اہل قال سے بڑھ کر اہل حال کے قابل! یہ نیاز نامہ اسی کی خاطر ہے۔

والسلام

دعاگو و دعاخواہ: عبدالماجد دریاباد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاضی عبدالغفار

قاضی صاحب مرحوم کی یادگاری تقریب کے موقع پر خیر بھوروی کے نام مولانا دریابادی کا پیام

دریاباد

۱۰ر جنوری ۱۹۷۱ء

پیام

قاضی عبدالغفار مرحوم ظریف تھے۔

" " اور شریف تھے۔

ظرافت اور شرافت کا اجتماع لازمی نہیں قاضی صاحب دونوں کے جامع تھے۔ مسکراتے ہوتے مزاج میں جسے خوش طبعی کہہ لیجیے یا شوخ نگاری اردو میں ان کی ٹکر کا شاید کوئی مل سکے۔

وہ ابتذال اور رکاکت سے ناآشنا تھے اور پھکڑ کی تو شاید انھیں ہوا بھی نہ لگی تھی۔ وہ مہر و وفا کے پتلے تھے، بغض، دشمنی و دل آزاری سے کوسوں دور تھے۔ زندہ دلی کے ایک مجسم پیکر تھے۔ مدتوں مولانا محمد علی کے حاشیہ نشین رہنے صحافت کے ابتدائی سبق انھیں سے سیکھے علی گڑھ کے شیدائی تھے وہیں کی زمین اپنی ابدی خواب گاہ بنائی۔

اللہ جزائے خیر دے جناب خیر کو انھیں نے ان کی یاد ہم غافلوں کو دلادی۔

علی عباس حسینی

حسینی مرحوم کے یادگاری جلسے کے موقع پر انجمن اربابِ ادب لکھنؤ کے ایس اے احسن نقوی کے نام

دریاباد۔

۱۳ر دسمبر ۱۹۶۹ء

پیام

علی عباس حسینی کیا بہ حیثیت انسان اور کیا بہ حیثیت صاحب فن دونوں حیثیتوں سے بڑا امتیاز درجہ رکھتے تھے کہنے کو وہ ترقی پسند تھے لیکن میں کہا کرتا تھا کہ اگر ایسے ہی ترقی پسند سب ہو جائیں تو میں ان کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے لیے تیار ہوں اتنا صاف ستھرا قلم، اتنا شستہ ذوق، اتنی صحیح اور سلیس زبان، گندگی و بداطواری سے اتنا گریزاں ان کے طبقہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں شاید ہی کسی کے نصیب میں آیا ہو۔ امریکہ کے گندے جنسی ناولوں کے مطالعہ میں غرق رہتے لیکن کیا مجال جو اپنے قلم پذرا بھی ان کا عکس پڑنے دیں۔ زندگی کی عکاسی اور مصوری میں انھیں ملکہ حاصل تھا اور زبان و بیان پر پوری قدرت۔

بہ حیثیت صاحبِ قلم اگر شریف تھے تو بہ حیثیت انسان شاید شریف تر۔ جب انٹرمیڈیٹ کے طالب علم تھے تو منطق (۱۵۹۲ء) کے کچھ سبق مجھ سے پڑھ لیے تھے اس چند روزہ سرسری تعلق کا پاس آخر عمر تک کرتے رہے خود بوڑھے ہو چکے تھے مگر میرے سامنے اپنے کو طالب علم و شاگرد ہی سمجھتے رہے۔ یوں بھی منکسر، متواضع، صلح کل، خدمت گزار، مہمان نواز قسم کے آدمی تھے۔ آخر عمر میں عبادت و مذہبیت کا رنگ اور غالب آگیا گفتگو اکثر آیات قرآنی پر کرتے اور نماز کے لیے چوکی بسترِ علالت کے پاس لگی رہتی اتنی خوبیوں کے لوگ کمتر ہی نظر آتے ہیں۔

دُعاگو: عبدالماجد

اسداللہ خاں غالب

یوم غالب کے موقع پر غالب اکیڈمی، بنارس کے نثیر تجوردی کے نام

دریاباد

۱۳ر دسمبر ۱۹۶۲ء

بسم اللہ

پیام

غالب کی قدر کرنا خود اپنی سخن شناسی اور حسنِ ذوق کا ثبوت دینا ہے اہل بنارس قابل مبارک باد ہیں کہ انھوں نے اس "کارِ خیر" کو یاد رکھا۔

عبدالماجد

تلوک چند محروم

منشی تلوک چند محروم کی یادگاری تقریب کے موقع پر محروم کے نامور بیٹے جناب جگن ناتھ آزاد کے نام پیام

کلام محروم کے وسیع اور مکمل مطالعہ سے تو اب تک محروم ہی رہا ہوں۔ پھر بھی اس کا اچھا خاصا حصہ پڑھ لیا ہے۔ کبھی رسالوں میں کبھی خود ان کے مجموعۂ کلام میں اور ان کے نام نامی سے تو اپنے بچپن ہی سے روشناس رہا ہوں۔ اتنی بات تو ہانک پکار کر کہہ سکتا ہوں کہ جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں نے اُردو کو مسلمانوں کے ساتھ مخصوص سمجھ رکھا ہے ان کے اس سو فیصد غلط دعوے کے جواب میں جن مسلّم و معروف اکابر اردو کو پیش کیا جا سکتا ہے ان میں سرشار، چکبست، نسیم، برق، ہجر، فراق، ساحر، شاد، دُر اور منور لکھنوی کے ساتھ ایک نام محروم کا بھی یقیناً ہوگا۔ حیرت ہوتی ہے کہ ایک پنجاب اور وہ بھی پنجاب کے دیہات میں پیدا ہونے والے نے دہلی اور لکھنؤ کی معیاری زبان پر عبور کیسے حاصل کر لیا! پھر یہ قدرت زبان کسی ایک صنف کے ساتھ مخصوص نہیں محدود نہیں کیا غزل اور کیا قطعہ، کیا مثنوی اور کیا رباعی ہر جگہ

ہے قلم ان کا ابرِ گوہر بار
ہے زبان ان کی تیغِ جوہر دار

یہ تو ہوئی ان کے کلام کی ادبی، لفظی لطافت و ملاحت، رہی معنویت تو اُن کے زمزمۂ توحید و نغمۂ معرفت کو سن کر دھوکا بار بار کلام اقبال کا ہوتا ہے اور گمان یہ گزرنے لگتا ہے کہ یہ کوئی نیا اور البیلا شارح و مترجم سعدی و رومی کا نکل آیا ہے اور شرافت تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے کلام کی جان اور جوہر ہی ہے۔

اس مادیت، سطحیت، اخلاق بیزاری اور سفل پروری کے دور میں جس کسی نے محروم کی یادگار منانا چاہی وہ خود لائق صد احترام اور مستحق صد ستائش ہے اس نے ثابت کر دیا کہ روحانیت کے، اخلاص کے، شرافت کے، صحیح و لطیف ذوقِ شعر و ادب کے ماننے والوں سے، قدردانوں سے، احترام کرنے والوں سے ملک اب بھی خالی نہیں ہے۔

محسن کاکوروی

۱۹۶۸ء میں یوم محسن کاکوروی کے اہتمام کے موقع پر طاہر محسن علوی کے نام

اُردو والے قابل مبارک باد ہیں کہ مدتوں کے تغافل کے بعد اب انھیں محسن کی یاد آئی، اور اگر آداب محفل کے منافی نہ ہو تو اس محسن کے ساتھ اس محسن زادے کی یاد میں بھی ایک حرف کہتا چلوں جس کا لغت "نور اللغات" اس وقت تک کے چھپے ہوئے اُردو لغات میں مکمل اور سب سے زیادہ جامع و مستند ہے۔ یہ روشنی پھیلائی ہوئی اُسی کے دم کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بشیشور پرشاد منور لکھنوی دہلوی

یوم منور کے موقع پر راج نارائن، دہلی کے نام مولانا دریا بادی کا پیام

دریا باد۔
۱۷ اپریل ۱۹۶۷ء

بسم اللہ

پیام

منور صاحب ماشاء اللہ شاعر ابن شاعر ہیں۔ بلکہ یوں کہیے کہ ان کا گھرانا ہی شعر و شاعری کا گھرانا ہے۔ اسی کو کہتے ہیں:

ایں خانہ تمام آفتاب است

پہلے لکھنوی تھے اب تو دہلوی ہو گئے۔ آنکھیں کھولیں تو زبان و ادب کے ایک مرکز میں، اب چل پھر رہے ہیں اٹھ بیٹھ رہے ہیں ہنس بول رہے ہیں تو زبان و ادب کے دوسرے مرکز میں، آغاز بھی مبارک اور انجام بھی مبارک۔

کلام نام روشن کیے ہوتے آخر منور ہی نہیں روشن بھی اور دوسروں کے لیے روشنی بخش بھی، ہونہار شروع ہی سے تھے سن کے ساتھ کلام میں بھی پختگی آتی گئی اور اب تو نام و شمار استادوں میں ہے۔

جیتے رہیں کہ ان کے دم سے خدمتِ اردو کی ایک روایت کہن زندہ و تازہ ہے۔

عبدالماجد

میر تقی میر

دلی یونیورسٹی کے اردو میگزین کے میر نمبر کے لیے پیام پروفیسر نثار احمد فاروقی کے نام

میگزین کا میر نمبر آنعزیز کی رہبری میں نکلے گا انشاء اللہ سب میگزینوں کا "میر" ہی ہوگا۔ مضامین تحقیقی ہوں گے لیکن خشک نہیں، عمیق ہوں گے لیکن دقیق نہیں، لطیف و شگفتہ ہوں گے لیکن سپاٹ اور بے مغز نہیں۔ ندرت رکھیں گے لیکن غرابت نہیں۔

یہ سب باتیں بہ طور ایمان بالغیب پہلے ہی سے فرض کیے ہوتے ہوں۔ اور خدانخواستہ یہ سب کچھ نہ سہی جب بھی یہ جرأت کیا کچھ کم قابلِ داد اور مستحق آفریں ہے کہ میر تقی میر جیسے پرانے شاعر کی یاد آپ اس دورِ جدت پرستی میں منانے نکلے ہیں۔

ایسے باکمال کی یاد منانا خود اپنے حسنِ ذوق کا ثبوت پیش کرنا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دریاباد
۲۴ر جنوری ۱۹۶۲ء

والسلام
عبدالماجد

نیاز فتح پوری

نگار پاکستان، کراچی کے نیاز نمبر کے لیے مضمون کی فرمایش پر ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے نام

دریاباد
۹ر مارچ ۱۹۶۳ء

بسم اللہ

ایک "نیاز مند" کی فرمایش مدیر "صدق" سے کہ وہ مناقب "نگار و نیاز" پہ کچھ لکھے ستم ظریفی کا شاہکار!

عشق و مزدوریِ عشرتِ گہ خسرو کیا خوب!

"فرمان" کی تعمیل میں بس اتنا ہی عرض کر سکتا ہوں کہ نیاز صاحب سخن سنج اچھے ہیں، شعر کی پرکھ خوب رکھتے ہیں اور صاحب طرز ادیب ہیں۔

والسلام
عبدالماجد

وزیر لکھنوی

یوم وزیر لکھنوی کے موقع پر امین سلونوی سکریٹری انجمن فردوس، لکھنؤ کے نام

دریاباد
۲۵ر جولائی ۱۹۵۶ء

بسم اللہ

آپ لوگ بھی خوب ہیں کہ اس زمانے میں جبکہ ہر ہوا جو چلتی ہے اردو کے خلاف ہی چلتی ہے اور نہ کوئی بادشاہ کو پوچھتا ہے نہ وزیر کو — اردو ہی کے ایک شاعر وزیر نامی کو یاد منانے اور یادگار قائم کرنے کے لیے ڈھونڈھ نکالا ؎

ڈھونڈھ ہی لیتا ہے انسان خدا ایک نہ ایک

مبارک باد قبول کیجیے اور دعائیں لیجیے اس سے زیادہ یہ دعا گو اور کر ہی کیا سکتا ہے۔

والسلام
عبدالماجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ اقبال کی شاعری اور سیاسی افکار پر انکے اولین نقاد مولانا محمد علی کی ایک نایاب تحریر

علامہ اقبال اور مولانا محمد علی

مؤلفہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

حضرت علامہ کی شاعری انکے ملی پیغام انکے سیاسی فکر اور سیرت کا

دلآویز مرقع

۱۹۲۷ کے ہمدرد دہلی سے ماخوذ ایک طویل مقالہ

نیز

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری کے قلم سے

ہر دو اکابر کے تعلقات کے نشیب و فراز کی داستان اور افکار و سیرت کا تقابلی مطالعہ

مولانا محمد علی کی شخصیت مزاج اور انکے فکر و انشا کا تنقیدی تجزیہ

شخصیت کی عظمت سیرت کے محاسن اور خدمات کی جلالت کے حسن اعتراف کا ایک اچھوتا انداز

کاغذ سفید، کتابت و طباعت اچھی، قیمت ۲۰ روپے (پیپر بیک)

۲۵ روپے مجلد

ملنے کا پتہ

ادارۂ تصنیف و تحقیق پاکستان

علی گڑھ کالونی کراچی ۱۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاریخ ملتِ اسلامیہ ہند و پاکستان کے ایک اہم دور کی سب سے مستند کتب حوالہ

مولانا محمدؐ علی
اور
اُن کی صحافت

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری کے قلم سے

مولانا محمد علی شاعر، ادیب، خطیب، سیاستدان سب کچھ ہی تھے

لیکن

اُن کے ذہنی و فکری کمالات کا اظہار سب سے زیادہ صحافت کے میدان میں ہوا ہے

کامریڈ اور ہمدرد کے اجراء کی تاریخی سرگذشت

کامریڈ اور ہمدرد میں کام کرنے والے اہلِ قلم اور کارکنوں کے حالات کا مُرقع،

اور

کامریڈ اور ہمدرد کے مقالات افتتاحیہ اور ہمدرد کے تمام اہم مشمولات کے اشاریے!

اس آئینے میں آپ وقت کے اہم مسائل عکس اور ہند و مسلم سیاسی اہنماؤں کے افکار اور سیرت کے حقیقی خد و خال دیکھ سکینگے
شعر و ادب، تذکار و سوانح، صحافت و سیاست اور تاریخ ملک و قوم کے ہر پہلو اور

مولانا محمد علی کے افکار و سوانح پر تصنیف و تحقیق
کے لیے حوالے کی ایک ناگزیر کتاب

(ناشر)

ادارۂ تصنیف و تحقیق پاکستان پوسٹ بکس ۱۸۰۸۶ الحیدری کراچی

قیمت ۶۰ روپے — مجلد — سفید کاغذ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سرسیّد کی کہانی

ان کی اپنی زبانی!

مسلمانانِ ہند کی تاریخ میں مذہب، سیاست،
تعلیم اور زبان کے سب سے بڑے محسن کی
خود کشیدہ تصویر

الطاف حسین حالی کی روایت کے مطابق
سرسیّد کے اعترافات

ضیاء الدین لاہوری کی محققانہ تالیف جسے ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری کے طویل مقدمہ نے
سہ آتشہ بنا دیا ہے:

آپ اس تلخابہ شیریں کی لذت کو مدت دراز تک
فراموش نہ کر سکیں گے!

طباعت آفسٹ   جلد خوبصورت   صفحات ۱۱۲   قیمت ۱۵ روپے

ادارہ تصنیف و تحقیق پاکستان

۲۸۰۸۶ کراچی ۳۶

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر سید شفقت رضوی کے قلم اور ذوقِ تالیف و تحقیق کے دو شاہکار

سراج اورنگ آبادی

(شخصیت اور فکر و فن)

دکن کے نامور اُردو شاعر پر پہلی تحقیقی تصنیف

سراج کی زندگی اور فکر و فن کے جلی و خفی گوشوں پر قیمتی مواد، ناقدانہ نظر شگفتہ زبان اور دلکش اسلوبِ بیان

صفحات ۲۴۰ سفید کاغذ عمدہ چھپائی قیمت مجلد ۴ روپے غیر مجلد ۳ روپے

اُردو کے یورپین شعراء

اُردو شاعری میں اہل یورپ کی فکر و کاوش، ادبی خدمات، سوانح اور منتخب کلام کا

ایک حسین اور دلآویز گلدستہ

اردو کی ادبی تاریخ کا یہ گمشدہ باب پروفیسر سید شفقت رضوی کے ذوقِ تحقیق و تالیف کا نتیجہ اور دلکش اسلوبِ تحریر کا عمدہ نمونہ ہے

صفحات ۱۶۹، سفید کاغذ عمدہ چھپائی۔ قیمت ۳۰ روپے، مجلد ۳ روپے

مکتوباتِ رئیس الاحرار (سیاسی)

مرتبہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

مولانا محمد علی اور ان کی سیاست اور ان کے عہد کے سیاسی حالات کو سمجھنے کیلئے ایک نادر تاریخی دستاویز

خطوط کے پسِ منظر اور وضاحت طلب مقامات پر فاضل مرتب کے محققانہ حواشی تحریر کیے ہیں

اور

خطوط کی سیاسی و تاریخی اہمیت مولانا محمد علی کی سیرت، انکے افکار اور ان کے اسلوبِ تحریر پر مفصل اور فکر انگیز مقدمہ

آفسٹ پیپر عمدہ چھپائی ——— قیمت ۴۰ روپے مجلد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطبوعاتِ آزاد صدی

آزاد نیشنل کمیٹی پاکستان نے حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کے صد سالہ یوم پیدائش یعنی آزاد صدی کی تقریب سے جو یادگار پروگرام بنایا ہے اس کا خاص حصہ کتابوں کی اشاعت سے متعلق ہے۔ یہاں چند کتابوں کا مختصر تعارف کرایا جا رہا ہے جو شائع ہونگی۔ واضح رہے کہ یہ تمام کتابیں مختلف اہل علم کی تصنیف و تالیف اور مختلف اداروں کی مطبوعات میں شمار ہوں گی ان میں سے بعض کی اشاعت یا تالیف و تدریس میں کمیٹی کا صرف ایما، یا اخلاقی یا علمی تعاون شامل ہوگا۔

☆

اردو کا ادیبِ اعظم

مولانا ابوالکلام آزاد کے متعلق مولانا عبدالماجد دریابادی کے مضمون، تقریریں، شذرات اور دیگر تحریرات

مولانا ابوالکلام آزادؒ (شخصی مطالعہ)

ڈاکٹر شیر بہادر خان پنی

مولانا آزاد کی شخصیت، سیرت اور افکار کا مطالعہ

امام الہند مولانا آزاد

اور

مولانا امداد صابری

مولانا ابوالکلام آزاد کے سوانح، افکار، شخصیت و سیرت اور خدمات کا تذکرہ!

مولانا آزاد اور ان کے معاصر

(افکار و تعلقات)

سرسید احمد خان، علامہ شبلی، نواب صدر یار جنگ، حبیب الرحمٰن خاں شروانی، علامہ اقبال، سر عبدالقادر، مولانا عبیداللہ سندھی، بابائے اردو مولوی عبدالحق، مولانا سید سلیمان ندوی اور کئی دیگر اکابر قوم و میر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا ابوالکلام آزادؒ
(دیدوشنید)

پاکستان کے نامور اہلِ علم و اصحابِ فکر کے مضامین کا ایک نادر مجموعہ مضامین: چند لکھنے والے: چراغ حسن حسرت، حکیم احمد شجاع، حاجی لق لق، عبدالمجید سالک، مولانا غلام رسول مہر، عبداللہ بٹ، ملا واحدی، ضیاالدین برنی، پروفیسر محمد سرور، شورش کاشمیری، رئیس احمد جعفری، انجم فوقی بدایونی، ڈاکٹر عبادت بریلوی، پروفیسر محمد باقر، ڈاکٹر عبدالسلام خورشید، ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری، میرزا ادیب، ڈاکٹر شیر بہادر خان پنی، عبدالمنان شاہد وغیرہ۔

مولانا ابوالکلام آزادؒ
مطالعہ کی روشنی میں

مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت، سیرت اور خدمات کے مختلف پہلوؤں پر ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری کے مقالات

یگانۂ روزگار
ڈاکٹر ریاض الرحمٰن خاں شروانی

مولانا ابوالکلام آزاد سے ملاقاتوں کے تاثرات، مطالعے کے ثمرات، افکار و خدمات کے تذکار اور مولاناؒ کے اندوہناک حادثۂ انتقال اور ان کے تمام کے حالات میں مقالات کا مجموعہ نصف صدی کے مشاہدے اور مطالعے کی داستان

مولانا ابوالکلام آزادؒ
(یک جہانِ علم و فضل)
مولانا محمد شعیب عمری

مولانا آزاد کے علمی مقام اور دینی زندگی کے علمی و عملی پہلوؤں پر فاضل محقق کے معلومات افزا شاہکارِ قلم اور تحقیقات

مولانا ابوالکلام آزادؒ
اہل حدیث اربابِ علم کی نظر میں:

فاضل مرتب، پروفیسر محمد یامین محمدی، چند لکھنے والے مولانا نصراللہ خان عزیز، مولانا غلام رسول مہر، عبداللہ بٹ، مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا مسعود عالم ندوی، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، مولانا محمد حنیف ندوی اور دیگر اہلِ قلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقبال اور مولانا آزاد

ذہنی و فکری کمالات، علمی، مذہبی، فلسفیانہ افکار اور شخصیت و سیرت کے تقابلی مطالعے، لکھنے والے مولانا غلام رسول مہر، عتیق صدیقی، ڈاکٹر سید عبداللہ، ڈاکٹر ریاض الرحمٰن شروانی، پروفیسر قاضی افضل حق قرشی اور دیگر حضرات

ہندوستان میں ابن تیمیہ (شورش کاشمیری)

مولانا ابوالکلام آزاد کے متعلق شورش کاشمیری کے مضامین، منظومات، خصوصی سفرنامے اور شورش مرحوم کے نام متعدد مشاہیر علم و ادب کے خطوط!

مولانا ابوالکلام آزاد (شخصیت اور فن)

مولانا آزاد کی شخصیت اور فکر و فن کے خصائص و محاسن، خطابت کے کمالات اور ادب و صحافت، مذہب و سیاست، تعلیم و فلسفہ میں مولانا کے افکار و خدمات پاک و ہند کے اکابر اہل علم کے تحقیقی و تنقیدی مقالات کا مجموعہ

ابوالکلام و عبدالماجد (ایک معرکہ)

اصطلاحات و لغات کے باب میں مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا عبدالماجد دریابادی کے افکار و افادات، مباحثے کی تفصیل اور تنقیدی تجزیہ

مولانا آزاد اور ان کی صحافت (ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری)

لسان الصدق، الہلال، البلاغ، پیغام (کلکتہ)، کے مکمل اشاریے الندوہ (لکھنؤ) کے دورِ ادارت میں نیز البیان (عربی) اور متفرق رسائل میں مولانا آزاد کے مقالات کم شائع ہوں کے علاوہ حضرت مولانا کے رسائل کے اجراء کی تاریخ، مقاصد و خصائص کی تشریح اور ان رسائل کی علمی، ادبی، مذہبی، سیاسی خدمات، الہلال کے ارکانِ ادارہ اور صاحب الہلال کے عظیم الشان کارنامہ صحافت کا تعارف

مولانا ابوالکلام آزاد کی یاد میں

* **حضرت شیخ الہند کی سیاسی خدمات** — از مولانا سعید الرحمٰن علوی

ملک اور قوم کی آزادی کی جنگ اور ملت اسلامیہ پاک و ہند کی تعمیر اور ترقی کے حفظ و بقا میں زبدۃ اصحاب عزم امور اور سرخیل ارباب عزیمت و دعوت حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی کی عظیم الشان خدمات اور افکار کا دلآویز تذکرہ!

* **تحریکِ خلافت اور ترکِ موالات** — از (ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری)
* **خطوطِ ماجدی** — مولانا عبدالماجد دریابادی کے علمی، ادبی، لسانی اور رنج کے خطوط

وغیرہ وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البیرونی اور جغرافیۂ عالم

مولانا ابوالکلام آزاد کی آخری تصنیف

LIBRARY
Lahore
Islamic
University
Book No.
00016
91-Babar Block, Garden Town, Lahore

جو مولانا کے انتقال کے بعد ان کے کاغذات سے دستیاب ہوئی

البیرونی کی علمی شخصیت محققانہ حیثیت اور فنِ جغرافیہ میں اس کی مجتہدانہ نظر و بصیرت پر

مولانا آزاد کے قلم سے دلفریب تبصرہ

مولانا ابوالکلام آزاد کے محقق ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری کا مرتبہ پاکستانی ایڈیشن

متعدد اضافوں کے ساتھ

۱۔ پیش لفظ، جس میں مولانا آزاد کی اردو زبان کی خدمات کی تاریخ، لسان الصدق اور الہلال کی خدمات اور مولانا کے طرزِ املا و کتابت پر روشنی ڈالی گئی ہے ۲۔ مقدمہ "مولانا ابوالکلام آزاد" کے عنوان سے مقدمہ جس میں البیرونی اور جغرافیہ سے مولانا کی دلچسپی اور مطالعے کی پوری تاریخ ہے، طرزِ نگارش کی دلآویزیوں پر تبصرہ اور مولانا کی تحریر کے بعض دوسری خصائص کی نشاندہی کی گئی ہے ۳۔ اضافہ: ہندوستان اور حکیم ابوریحان بیرونی کے عنوان سے مولانا کا ایک نایاب مضمون اور دیگر ... اصطلاحاتِ علمیہ: کتاب میں مستعمل علمی اصطلاحات ... تصحیح ... مولانا آزاد کے طرزِ املا کے مطابق متن کی تصحیح ... قیمت ۱۲ روپے پیپر بیک، ۲۵ روپے مجلد

المکتبۃ الرحمانیہ ٹرسٹ
۹۹۔۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
06116
www.KitaboSunnat

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ